RESEARCH LIBRARY
INSTITUTE OF SINDHOLOGY
UNI: OF SINDH, JAMSHORO.
102879
19-3-99

سندھ میں عربی، فارسی، اردو، انگریزی

کے قرآنی تراجم وتفاسیر کا تحقیقی جائزہ

toobaafoundation.com

مقالہ نگار

حافظ منیر احمد خان

۱۴۱۸ھ - 1997ء

نگران

پروفیسر عبدالرزاق میمن

شعبہ ثقافت اسلامی وتقابل ادیان - سندھ یونیورسٹی - جام شورو

RESEARCH LIBRARY
INSTIT OF SINDHOLOGY
UNI: OF SINDH, JAMSHORO.

CERTIFICATE

Certified that Mr. Hafiz Munir Ahmed Khan S/o Dr. Siraj Ahmed Khan has carried out research on the topic

" THE INVESTIGATIVE AND CRITICAL STUDY OF THE ARABIC, PERSIAN, URDU AND ENGLISH TRANLATIONS AND COMMENTARIES OF THE HOLY QURAN IN SINDH "

under my supervision and that his work is original and distinct and his dissertation is worthy of presentation of the University of Sindh for award of the degree of Ph. D. in Islamic Culture.

A. R. Memon

(PROF. ABDUL RAZZAQUE MEMON)

GUIDE/SUPERVISOR
Department of Comparative Religion and Islamic Culture
UNIVERSITY OF SINDH
JAMSHORO.

toobaafoundation.com

اعتذار

چند ابواب کی ترتیب اس طرح بھی ہو سکتی ہے۔

۱- اسلام کی آمد سے پہلے سندھ کے حدودِ اربعہ۔

۲- سندھ اور اہل سندھ سے عرب اور اہلِ عرب کے تعلقات اور اُن کی نوعیت۔

۳- حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم سے، عرب کے مشرقی ساحل پر اہلِ سندھ کی ملاقات اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا سُندس کپڑے کا تحفہ قبول فرمانا۔

۴- سندھ میں صحابہ کرامؓ کی تشریف آوری۔

۵- سندھ میں صحابہ کرامؓ کا تبلیغ فرمانا۔ سندھ کے زط (جَٹ) قبیلے کا قبولِ اسلام۔

۶- سندھ کی زبان و ادب پر اسلام کے اثرات۔

۷- سندھ کی اہم اسلامی شخصیات۔

مقالے سے متعلق دو اہم باتیں عرض کرنا ضروری ہے:

(۱) محترم ڈاکٹر عبدالرزاق گھانگرو نے سندھی تراجم و تفاسیر پر کام کیا ہے، اس لیے بقیہ زبانوں کے تراجم و تفاسیر (یعنی عربی، فارسی، اردو، انگریزی) کو موضوع بنایا گیا۔ احتیاطاً ڈاکٹر موصوف نے جن کتابوں پر کام کیا ہے اُن کی نشان دہی بھی کردی ہے۔

(۲) میرے مقالے کا موضوع "سندھ میں --------" ہے۔ یعنی سندھ میں (اور موجودہ سندھ میں پاکستان بننے کے بعد بھی) جو کچھ کام اس موضوع پر ہوا تھا اور ہوا ہے اُن سب کا تحقیقی مطالعہ کیا گیا ہے (صرف سندھ کے تراجم و تفاسیر پر اکتفا نہیں ہے)

toobaafoundation.com

فہرست مضامین

مقدمہ

خلاصہ ابواب ۱۲

باب اول:

سندھ باب الاسلام ۱۸

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مشرقی ساحل کے علاقہ میں اہل سندھ سے ملاقات ۱۸

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سندھ کے نرم کپڑے سندس کا تحفہ قبول کرنا ۱۹

سندھ میں صحابہ کرام کی تشریف آوری ۲۱

سندھ کے زط (جت) قبیلے کا اسلام قبول کرنا ۲۱

اسلام کی آمد سے پہلے ۲۴

سندھ کا حدود اربعہ

سندھ واہل سندھ کی عرب واہل عرب سے تعلقات کی نوعیت ۲۵

ہندستان میں ۲۵ صحابہ کرام کی تشریف آوری اور ان کے اسمائے گرامی ۲۹

سندھ کی اہم اسلامی شخصیات "

کنبھ لوچن عرف مولانا اسلامی ۳۰

امام اوزاعی "

ابو معشر عبدالرحمن سندھی ۳۱

حافظ ابو محمد خلف بن سالم سندھی "

امام ابن علیہ ۳۲

ابو عطاء سندھی "

عبد بن حمید بن نصر الکسی السندی ۳۲

محمد بن احمد البیرونی السندی الخوارزمی "

ابراہیم بن سندھی بن شاہک ۳۳

شیخ ابو علی سندی (سندھی) "

ابو محمد دیبلی "

شعیب بن محمد دیبلی ۳۴

ابراہیم بن محمد دیبلی "

ابو جعفر محمد بن ابراہیم دیبلی "

علی بن موسیٰ دیبلی "

قاضی ابو محمد منصوری ۳۵

قاضی محمد ابن شوراب منصوری سندھی "

ابو العباس احمد محمد بن صالح التمیمی المنصوری "

خدوم ابو الحسن سندھی کبیر ۳۶

شیخ محمد حیات سندھی "

خدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی "

علامہ خدوم ملا معین ٹھٹھوی ۳۷

فقیر اللہ علوی (شکارپوری) "

خدوم عبدالواحد (سیوستانی) "

خدوم عبدالرحیم گرھوڑی "

خادیم کہڑا ۳۸

سندھ کی زبان و ادب اور تہذیب پر اسلامی تہذیب کے اثرات کا جائزہ ۳۹

مقامی زبان میں ۲۷۰ ھجری میں قرآن کا پہلا ترجمہ ہونا ۴۳

toobaafoundation.com

باب دوم:

علم تفسیر کی ضرورت واہمیت ۴۴

اور اس کے ارتقاء کی ضرورت

(الف) قرآن اور قاری ۴۵

متعلقات قرآن ۴۸

قاری کے لئے ضروری علوم ۵۰

قراءت سبعہ اور ان کی کتابت ۵۱

(ب) قرآنی تراجم و تفاسیر (ہیئت اور اسلوب) ۵۴

تفسیر کے آداب ۵۵

کتب التفسیر بالرای المحمود ۵۷

باب سوم:

عربی تفاسیر ۶۰

(قلمی) تفسیر الکشاف ۶۰

(قلمی) تفسیر مدارک التنزیل ۶۳

(قلمی) تفسیر الاکلیل ۶۴

(قلمی) تفسیر مجمع البحار ۶۷

(قلمی) تفسیر انوار الاسرار ۷۱

(قلمی) النظر علی تفسیر البیضاوی (حواشی) ۷۳

مولانا احمد بن محمود ہروی

(قلمی) تفسیر بیضاوی (حواشی) ۷۴

تفسیر بیضاوی (حواشی) از مولانا محمد عبد الرحمن ۷۶

تفسیر بیضاوی (افادات) از مولانا عبد الکریم کورائی ۷۹

قلمی تفسیر جلالین ۸۴

قلمی تفسیر جلالین ۸۶

قلمی تفسیر جلالین ۸۷

قلمی تفسیر عربی ۸۹

الہام الرحمن ۹۱

مشکلات القرآن ۹۳

شرح لغات القرآن ۹۵

احکام القرآن ۹۶

صفوت العرفان بمفردات القرآن ۹۸

ضمیمہ ۱۰۴

باب چہارم:

فارسی تراجم وتفاسیر ۱۰۵

(قلمی) قرآن مجید (مترجم) مخزونہ نیشنل ۱۰۵

میوزیم (قومی عجائب گھر) کراچی

(قلمی) ترجمہ قرآن مجید از حضرت سید محمد ۱۰۶

حسین المعروف پیر مراد شاہ (شیرازی) قدس سرہ

(قلمی) تفسیر مخزونہ سرکاری لائبریری - ٹھٹھہ ۱۱۰

(قلمی) قرآن مجید (صرف تفسیر حسینی) ۱۱۴

بغیر ترجمہ) مملوکہ سندھالوجی - جامشورو

(قلمی) تفسیر حسینی (فارسی) مملوکہ شاہ محمد ۱۱۶

شاہ ہنگورہ ضلع سکھر

(قلمی) تفسیر حسینی (زبدۃ التفاسیر دو جلدیں ۱۲۰

مخزونہ مدینۃ الحکمۃ) کراچی

(قلمی) فارسی تفسیر حسینی - مملوکہ میاں ۱۲۱

غوث محمد صاحب کوٹڑی کبیر

(قلمی) فارسی تفسیر حسینی مخزونہ مدینۃ الحکمۃ کراچی ۱۲۲

(قلمی) فارسی ترجمہ و تفسیر مملوکہ سید محمد ۱۲۳

شاہ صاحب ہنگورہ تحصیل پنوعاقل

قرآن مجید (مطبوعہ) مترجم حضرت مخدوم نوح ۱۲۹

toobaafoundation.com

(قلمی) قرآن مجید (فارسی مترجم) مخزونہ نیشنل میوزیم نمبر ۵۱ کراچی ۱۳۲

قلمی مترجم قرآن مجید مخزونہ نیشنل میوزیم نمبر ۸۵ کراچی ۱۳۴

قلمی (مترجم فارسی) قرآن مجید- مخزونہ نیشنل میوزیم نمبر ۱۲۰ کراچی ۱۳۶

قلمی قرآن مجید (مع فارسی ترجمہ و تفسیر) مملوکہ قدیر محمد شاہ جے پوری- حیدر آباد ۱۳۸

قلمی قرآن مجید (مترجم فارسی) مخزونہ نیشنل میوزیم نمبر ۱۳۰ کراچی ۱۴۵

قلمی قرآن مجید مع ترجمہ فارسی سندھالوجی جامشورو ۱۴۷

قرآن مجید (دو ترجمہ) مطبع کریمی- بمبئی ۱۵۰

قلمی قرآن (مترجم فارسی) مخزونہ نیشنل لائبریری نمبر ۱۶۳ کراچی ۱۵۱

قلمی قرآن مجید مترجم فارسی مخزونہ نیشنل میوزیم نمبر ۲۶۵ کراچی ۱۵۴

قلمی قرآن مجید مترجم فارسی مملوکہ مدرسہ پیر جو گوٹھ- خیر پور ۱۵۶

قلمی قرآن مجید مترجم فارسی مملوکہ نواز علی شوق (شعبہ سندھی- کراچی یونیورسٹی) ۱۵۹

قلمی قرآن مجید مترجم فارسی مخزونہ مدینتہ الحکمتہ لائبریری- کراچی ۱۶۲

قلمی قرآن مجید مترجم فارسی خیر پور سچل لائبریری ۱۶۵

قلمی قرآن مجید مترجم فارسی مدرسہ پیر جو گوٹھ- خیر پور ۱۷۰

تفسیر یعقوب چرخی (فارسی- قلمی) مملوکہ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان سندھ یونیورسٹی حیدر آباد ۱۷۳

قلمی فارسی ترجمہ قرآن مجید مخزونہ نیشنل میوزیم نمبر ۱۷۲ کراچی ۱۷۴

قلمی فارسی ترجمہ قرآن مجید- مخزونہ مدینتہ الحکمتہ- کراچی ۱۷۵

قلمی قرآن مجید مترجم- مخزونہ نیشنل میوزیم کراچی ۱۷۷

قلمی فارسی ترجمہ قرآن مجید مملوکہ حافظ اللہ ڈنو سولنگی- بدین ۱۷۹

قلمی ترجمہ قرآن مجید- مخزونہ نیشنل میوزیم نمبر ۲۱۳ کراچی ۱۸۳

قلمی قرآن مجید (مترجم) مملوکہ پروفیسر نواز علی شوق- کراچی ۱۸۵

قلمی تفسیر قرآن مجید- مخزونہ نیشنل لائبریری- کراچی ۱۸۸

قلمی قرآن مجید (فارسی مترجم) مملوکہ پیر بدیع الدین شاہ راشدی- سعید آباد ۱۹۰

قلمی قرآن مجید مترجم فارسی مخزونہ سندھیالوجی جام شورو ۱۹۵

قلمی (مترجم فارسی) قرآن مجید- مخزونہ نیشنل میوزیم نمبر ۲۲۷ کراچی ۱۹۸

قلمی ترجمہ فارسی قرآن مجید- قاضی احمد مسجد لائبریری- قاضی احمد ۳۰۰

قلمی قرآن مجید مترجم مخزونہ نیشنل میوزیم- کراچی ۲۰۲

قلمی قرآن مجید (فارسی مترجم) مخزونہ نیشنل میوزیم نمبر ۲۳۳ کراچی ۲۰۴

قلمی ترجمہ و تفسیر مخزونہ نیشنل میوزیم نمبر ۲۲۹- کراچی ۲۰۷

toobaafoundation.com

قلمی قرآن مجید (فارسی مترجم) مخزونہ نیشنل میوزیم ۲۰۹ - کراچی	۲۰۹
قلمی فارسی ترجمہ قرآن مجید مخزونہ مدینتہ الحکمۃ کراچی	۲۱۱
قلمی فارسی ترجمہ (مختصر حواشی کے ساتھ) مملوکہ مولانا عبدالرحمن - ٹھٹھہ	۲۱۳
قلمی فارسی ترجمہ قرآن مجید مملوکہ مولانا کریم بخش مگسی - میہڑ	۲۱۵
فارسی قلمی ترجمہ قرآن مجید قاضی احمد مسجد لائبریری - ضلع نواب شاہ	۲۱۷
قلمی فارسی تفسیر مملوکہ مولانا عبدالباری صاحب امام مسجد شاہجہانی مسجد ٹھٹھہ	۲۱۹
قلمی تفسیر مملوکہ میاں غوث محمد صاحب کوٹری کبیر ضلع خیرپور میرس	۲۲۲
قلمی قرآن مجید مترجم فارسی شاہ ولی اللہ اورنٹیل کالج منصورہ ضلع حیدرآباد	۲۲۴
قلمی قرآن مجید مع فارسی ترجمہ مملوکہ مدرسہ دارالفیوض ہاشمیہ سجاول	۲۲۸
قلمی فارسی ترجمہ قرآن مجید مملوکہ حاجی نبی بخش اوڈھو - محمد پور ضلع جیکب آباد	۲۳۰
قلمی قرآن مجید (فارسی ترجمہ) مملوکہ غلام رسول نظامانی ٹنڈو قیصر (ٹنڈو جام)	۲۳۳
قلمی اردو ترجمہ قرآن حاشیہ پر فارسی تفسیر مخزونہ مدینتہ الحکمۃ کراچی	۲۳۷
قلمی فارسی ترجمہ قرآن مجید مملوکہ مشتاق احمد صاحب و برادران کندھرا - ضلع سکھر	۲۳۹
قلمی فارسی ترجمہ مملوکہ محمد بخش صاحب جیکب آباد	۲۴۲
قلمی قرآن مجید (مترجم) مملوکہ پروفیسر نواز علی شوق - کراچی	۲۴۴
قلمی قرآن مجید (مترجم فارسی) مملوکہ نواب امداد علی لغاری - تاج پور ٹنڈوالہیار	۲۴۷
قلمی فارسی ترجمہ قرآن مجید مملوکہ حاجی نبی بخش اوڈھو، جیکب آباد	۲۴۹
قلمی فارسی ترجمہ مملوکہ حاجی محمد بخش - جیکب آباد	۲۵۱
قلمی فارسی ترجمہ قرآن مجید مملوکہ ماسٹر عزیز صاحب - حیدرآباد	۲۵۳
ضمیمہ	۲۵۷
باب پنجم:	
اردو تراجم و تفاسیر	۲۵۸
قلمی قرآن مجید مترجم اردو	۲۵۸
قلمی قرآن مجید	۲۶۱
قلمی مترجم (اردو قرآن مجید)	۲۶۳
قلمی قرآن مجید مترجم (اردو)	۲۶۵
القرآن الحکیم	۲۶۸
تفسیر اعجاز القرآن واسرار البیان	۲۷۰
تفسیر بیان القرآن	۲۷۳
المقام المحمود	۲۷۶
تعلیم الکتاب	۲۸۱
تفسیر معارف القرآن	۲۸۴
کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن	۲۸۸

toobaafoundation.com

تفسیر مظہری	۲۹۱
ترجمہ قرآن مجید (چار زبانوں میں)	۲۹۵
تفسیر تذکیر القرآن	۹۸
فیوض القرآن	۳۰۲
تفسیر سورۃ فاتحہ	۳۰۵
درس القرآن	۳۰۸
القرآن الکریم	۳۱۲
تفسیر تعارف القرآن	۳۱۶
قرآن حکیم مع تفسیر ثنائی	۳۳۵
تفسیر قرآن عزیز	۳۳۸
تفسیر ابن عباس	۳۴۱
القرآن الحکیم	۳۴۴
کشف الرحمٰن	۳۴۶
قرآن عظیم	۳۴۸
تفسیر ایوبی	۳۴۹
تفسیر حقانی	۳۵۰
تفسیر ابن کثیر	۳۵۸
قرآن مجید ترجمہ اردو - گجراتی	۳۶۳
مطالب القرآن	۳۶۵
قرآن مجید مترجم بمع حواشی فوائد ستاریہ	۳۶۸
القرآن الکریم	۳۷۰

باب ششم	
منظوم اردو تراجم	۳۷۲
مفہوم القرآن	۳۷۲
وحی منظوم	۳۷۶
نظم مقدس	۳۷۸
تاج قرآنی	۳۸۰
خزینۂ دین مبین	۳۸۲
ضمیمہ	۳۸۵
باب ہفتم:	
انگریزی تراجم و تفاسیر	
(1) Maariful Quran	۳۸۶
(2) The Noble Quran	۳۸۹
(3) The commentary of the Holy Quran	۴۰۱
(4) The Holy Quran (translated by Agha M. yaqoob)	۴۰۴
(5) The Holy Quran (translated from Kanzul-Iman)	۴۰۶
(6) Tafsir surah - al - Fateha:	۴۰۸
کتابیات (حواشی و حوالہ جات)	۴۰۹
خلاصہ ابواب (انگریزی)	۴۱۳
سندھی تراجم و تفاسیر	۴۱۹

toobaafoundation.com

مقدمہ

''سندھ میں عربی - فارسی - اردو - انگریزی تراجم و تفاسیر کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ'' یہ ایک ایسا موضوع ہے، جس کی اہمیت کئی اعتبار سے مسلمہ ہے۔ اس اعتبار سے بھی کہ برصغیر میں سندھ کو باب الاسلام کی حیثیت حاصل ہے۔ اسی علاقہ سے اسلام کی کرنیں برصغیر ہند تک پہنچیں، اس اعتبار سے بھی اس کی مسلمہ حیثیت ہے کہ اسلام کی آمد کے بعد سندھ کا رشتہ مقدس اسلامی مراکز سے اس طرح جُڑ گیا کہ عالم اسلام اور مکہ و مدینہ کی بڑی بڑی شخصیتیں سندھ کے علمی مرکزوں میں آکر لوگوں کو فیض پہنچانے لگیں اور خود سندھ کے علماء کو علوم تفسیر، علوم حدیث اور علوم فقہ میں اتنا تخصص حاصل ہوا کہ وہ مکہ، مدینہ و بغداد اور وسط ایشیا کے اسلامی مراکز میں جاکر وہاں ان علوم کی شمعیں روشن کرنے لگے۔

سندھ میں عربوں کی ڈھائی سو سال تک حکومت رہی۔ اس دوران منصورہ اور محفوظہ کے نام سے عربوں کے دو بڑے شہر آباد ہو چکے تھے۔ علم و فضل کے اعتبار سے یہ دو شہر کیا تھے؟ گویا بغداد ثانی تھے۔ سرزمین سندھ چونکہ اس وقت کے مخصوص سیاسی حالات کی وجہ سے امن اور پیار محبت کے لیے ترس رہی تھی اس لیے سندھ میں اسلام کی آمد لوگوں کی دلوں کی آواز بن گئی۔ چنانچہ صدیوں تک یہ علاقہ علماء و فضلا اور اہل اللہ کا مرکز رہا۔ علماء اور اہل اللہ کی کثرت اور ان کی دینی و مذہبی خدمات کی وجہ سے اس علاقہ کے لوگوں کے مزاج میں محبت، نرمی، خیر خواہی، انسانیت کی تکریم، مہمان نوازی وغیرہ صفات رچ بس گئیں۔ بعض انگریز مؤرخوں کے مطابق صرف ٹھٹہ میں کم از کم ایک لاکھ اہل اللہ کے مقبرے موجود ہیں۔ انہی مؤرخوں کا کہنا ہے کہ ٹھٹہ میں ایک زمانہ میں تین سو ساٹھ دینی درسگاہیں تھی۔

علماء و فضلا اور اہل اللہ کی اس کثرت کی وجہ سے یقیناً سندھ میں اسلامی علوم کی تدوین کا کام بڑے پیمانہ پر ہوا ہوگا۔ چونکہ قرآنی علوم اسلام کی پہلی بنیاد ہے۔ اس لیے قرآنی تفسیر و تفہیم اور قرآنی علوم کے حوالے سے سندھی علماء نے یقیناً کام کیا ہوگا۔ سندھ کے علماء کے قرآنی علوم کے اس کام کی تاریخ مرتب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس کی ضرورت اس لیے بھی ہے کہ جدید ترقی یافتہ قوموں

toobaafoundation.com

کے دیکھا دیکھی ہمارے ہاں بھی مادی تہذیب کے اثرات بڑھتے جارہے ہیں، جس کے نتیجہ میں زندگی روز بروز خیر، روشنی، ایمان و یقین، پاکیزہ صفات اور پاکیزہ تہذیب سے محروم ہوتی جارہی ہے۔ ظاہر ہے ہم اپنی نئی نسلوں کو مادی تہذیب کے رحم و کرم پر چھوڑ کر انہیں حقیقی مسرت مہیا نہیں کرسکتے. اس کی صورت صرف ایک ہے اور وہ یہ کہ ہمارے اسلاف نے اسلام کے بنیادی ماخذی کتابوں (جس میں قرآن و حدیث آجاتے ہیں) کو بنیاد بنا کر اپنی زندگی میں جو رنگ بھرا تھا اور اپنی سیرت و کردار میں جو بلندی و عزیمت اور پاکیزگی پیدا کی تھی، اس رنگ کو عام کرنے کی کوشش کی جائے۔ اس سلسلے میں سندھی علماء کی تفسیری خدمات اور کتاب اللہ کے علوم کی تفہیمی کاوشیں ہمارے لیے مشعلِ راہ ثابت ہوسکتی ہیں۔ اور ہماری نسلوں کے لیے زندگی کے نئے خطوط متعین ہوسکتے ہیں" اپنے اسلاف اور بزرگوں سے سب کو کسی نہ کسی حد تک تعلق خاطر ہوتا ہے، جو ایک فطری چیز ہے۔ چنانچہ بزرگوں کی علمی خدمات اور ان کی فکر کا اثر ذہنوں اور قلبوں کو اس حیثیت سے بھی متاثر کرتا ہے۔ اس ضرورت و اہمیت کے پیش نظر میں نے اپنے لیے یہ موضوع منتخب کیا ہے۔ میرے لیے اس مقالہ کی اہمیت اس لیے بھی زیادہ ہے کہ یہ دینی خدمت کی ایک عظیم سعادت ہے، میری کاوشوں سے اگر سندھ کے علماء کی قرآنی خدمات کی تاریخ مرتب ہوجائے اور نئی نسل کے لیے اپنے ہی بزرگوں کے حوالہ سے اسلامی نقطۂ نگاہ سے فکری خطوط متعین ہوجائیں تو یہ بڑی خوش بختی کی بات ہے۔ چنانچہ اس مقصد کے لیے مجھے سندھ کے دور دراز علاقوں میں جہاں بھی معلوم ہوا کہ پرانے بزرگ کے حواشی یا تفاسیر فلاں شخص کی لائبریری میں موجود ہیں، میں نے وہاں کا دورہ کیا۔ اس طرح تین سال تک میں نے کراچی اور اندرون سندھ کے متعدد تفصیلی دورے کیے۔ اس تحقیقی مطالعاتی دورے کے دوران خاص طور پر جن مقامات سے مجھے سندھی بزرگوں کے حواشی یا تفاسیر ملیں ان کے نام یہ ہیں:

(۱) کنڈیارو (۲) کوٹری کبیر (۳) پیر جو گوٹھ (۴) روہڑی (۵) خیر پور سچل لائبریری (۶) میر پور ماتھیلو (۷) گھوٹکی (۸) ہنگورا (پنو عاقل) (۹) شکارپور (۱۰) نیو سعید آباد (۱۱) پیر جھنڈو (نیو سعید آباد) (۱۲)

toobaafoundation.com

منصورہ (باروچو باغ) (۱۳) سونڈا (۱۴) سجاول (۱۵) ٹھٹہ (اسمٰعیل شاہ پاگارو) (۱۶) میرپور (۱۷) محمد پور (جیکب آباد) (۱۸) سنگرا (۱۹) کندھرا (روہڑی) (۲۰) دولت پور (نواب شاہ) (۲۱) بھر چونڈی شریف (۲۲) بدین (۲۳) مٹیاری (۲۴) سندھیالوجی لائبریری (جامشورو) (۲۵) سندھ میوزیم (حیدرآباد) وغیرہ

ان تمام کتب خانوں اور افراد کی ذاتی لائبریریوں کے قلمی نسخوں سے استفادہ کیا۔ ان کے بعض صفحات کے فوٹو لیے۔ اور مختلف نسخوں کا تقابلی مطالعہ کیا۔

(۱) عربی تفسیروں میں خیرپور، کوٹری کبیر، میرپور، روہڑی، دولت پور، ٹھٹہ، نیو سعید آباد، ہالیجی شریف کے نسخوں سے استفادہ کیا۔ مولانا حماد اللہ ہالیجوی صاحب کی شرح لغات القرآن۔ مولانا ظفر احمد صاحب کی احکام القرآن اور مولانا انور شاہ کشمیری کی مشکلات القرآن سے بھی استفادہ کیا۔

(۲) فارسی تراجم وتفاسیر میں نیشنل میوزیم (کراچی)، حضرت قطب الاقطاب، شاہ مراد ٹھٹھوی علیہ الرحمتہ کا ترجمہ جو مخدوم نوح علیہ الرحمتہ سے قریب ایک سو سال پہلے کا ہے یعنی ۸۹۳ھ سے بھی پہلے کا ہے۔ ٹنڈو قیصر، بدین، میرپور، ہنگورا، کوٹری کبیر، نیو سعید آباد، محمد پور، جیکب آباد، کندھرا (روہڑی)، ٹھٹھہ (تین کتب خانے)، منصورہ، سجاول وغیرہ کے قلمی نسخوں سے استفادہ کیا اور ضروری صفحات کا فوٹو بھی لیا۔

(۳) اردو تراجم وتفاسیر کے بیسیوں نسخے مختلف ذاتی لائبریریوں میں دیکھے اور استفادہ کیا۔ تین پانچ منظوم ترجمے بھی حاصل کیے۔

(۴) انگریزی میں کنز الایمان کا انگریزی ترجمہ۔ سید انور علی کی انگریزی کی تفسیر (گیارہ (۱۱) جلدوں میں)۔ آغا محمد کی تفسیر اور فخر الدین بلوچ کی تفسیر سے بھی استفادہ کیا۔ کل چھ نفا سیر سے استفادہ کیا۔

اگر میں یہ کہوں تو اس کہنے میں حق بجانب ہونگا کہ سندھ کے علماء کی قرآنی خدمات کے سلسلہ میں مجھے اپنی تلاش وتحقیق اور سندھ کے چپے چپے کے مشاہداتی دوروں سے جہاں سندھ کے باب الاسلام ہونے کے ایقان میں اضافہ ہوا ہے وہاں علمی، روحانی اور وجدانی طور پر بھی یہ تحقیق میرے لیے بہت زیادہ مفید ثابت ہوئی

toobaafoundation.com

ہے اور از حد مسرت خیز بھی۔ انشاءاللہ میری اس تحقیق سے ایک طرف تو علمی حلقوں کو سندھ کے قرآن مجید کے حوالہ سے یکجا بہت سارا قیمتی مواد حاصل ہوگا تو دوسری طرف اس مواد و تحقیق سے وہ روحانی بالیدگی اور قلبی طمانیت بھی محسوس فرمائیں گے۔

یہاں یہ وضاحت بھی ضروری ہے کہ اس مقالہ میں بعض ان تفاسیر کو بھی شامل کیا گیا ہے، جو اگرچہ سندھ سے باہر لکھی گئی ہیں، لیکن چونکہ سندھ میں ان کے قلمی نسخے مختلف پرانے خاندانوں کے ہاں موجود ہیں اور ان کا شمار نہایت ممتاز تفاسیر میں ہوتا ہے۔ اس لیے ہم نے تبرک کی خاطر ان کا بھی تعارف شامل کردیا ہے۔ اس طرح کی تفاسیر میں "کشاف"، "مدارک التنزیل"، "بیضاوی"، "جلالین"، "اکلیل" وغیرہ شامل ہیں۔

مقالہ میں قرآن مجید کے جو تراجم و تفاسیر ہم نے شامل کئے ہیں، اس میں قرآن مجید مطبوعہ یعنی شائع شدہ کے فوٹو عکس نہیں دیئے ہیں۔ اس لئے کہ وہ عام طور پر دستیاب ہیں۔ جب کہ قرآن مجید کے غیر مطبوعہ اور نایاب قلمی نسخوں کی تفصیلات کے ساتھ ہم نے ان کے فوٹو عکس بھی شامل کئے ہیں۔

میں اپنے نگران محترم جناب مولانا ابوالفتح صغیر الدین سابق صدر شعبہ اسلامیات سندھ یونیورسٹی کا دل سے دعاگوں ہوں کہ مقالہ کی تالیف میں مجھے مسلسل ان کی رہنمائی حاصل رہی۔ افسوس ہے کہ اب ان کا انتقال ہوگیا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ جگہ عطا فرمائے۔ آمین۔ میں پروفیسر عبدالرزاق میمن صاحب سربراہ شعبہ اسلامک کلچر سندھ یونیورسٹی کا بھی تہہ دل سے ممنون ہوں کہ موصوف نے مقالہ کی تیاری کے سلسلہ میں مجھے اپنے قیمتی مشوروں سے نوازا اور مقالہ کی بہتر سے بہتر ترتیب میں معاونت فرمائی۔

میں اپنے دادا حضرت ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان کا بھی ممنون ہوں کہ مواد کی تلاش اور مقالہ کی ترتیب میں ان کی جہاں دیدگی اور زندگی بھر کے تحقیقی تجربات میرے لیے مشعل راہ ثابت ہوئے۔

آخر میں اگر میں اپنے بہت بڑے محسن حافظ محمد موسیٰ بھٹو صاحب کے احسانات کو یاد نہ کروں تو

toobaafoundation.com

بہت بڑی ناشکر گذاری ہوگی میرے اس مخلص بزرگ نے سندھ کے چپے چپے میں میری معیت فرما کر اور علمی رہنمائی فرما کر میرے تمام مطالعاتی سفروں کو آسان فرمادیا بلکہ پورا مقالہ مطالعہ فرما کر مجھ پر اپنی شفقتوں کی انتہا کردی۔ اللہ تعالیٰ ہی ان کو اس کا اجر دے سکتا ہے۔

فجزاہ اللہ تعالیٰ احسن الجزاء

حافظ منیر احمد خان

۱۰ مارچ 1997ع

toobaafoundation.com

خلاصۂ ابواب

مقالے کے اس حصہ میں ہم کوشش کریں گے کہ سارے ابواب کا خلاصہ اور نچوڑ پیش کریں۔ "سندھ باب الاسلام" جو ہمارے مقالہ کا پہلا باب ہے۔ جو تیس صفحات پر مشتمل ہے۔ اس باب میں ہم نے برصغیر ہند بلکہ عالم اسلام میں سندھ کی اسلامی اعتبار سے اہمیت، صدر اول کی اسلامی شخصیتوں کی سندھ سے تعلق کی نوعیت، سندھ کے ایک بہادر قبیلہ زط (جت) کے بے شمار افراد کے قبول اسلام کی تفصیل، صحابہ کرام کی سندھ تشریف آوری، سندھ میں اسلامی علوم کی اشاعت اور دینی تعلیم کے مراکز، سندھی علماء و فضلا کی طرف سے علومِ قرآن، علوم حدیث اور علوم فقہ کی تعلیم و اشاعت کی خاطر عالم اسلام کے مراکز میں منتقل ہونا۔ الور کے راجا کے ایما پر مقامی زبان میں ۲۷۰ ھجری میں قرآن کا پہلا ترجمہ ہونا۔ نیز صدیوں تک سندھی علماء نے مختلف اسلامی علوم میں جو کارہائے نمایاں سرانجام دیئے اس کی تفصیلات پیش کی ہیں اور ممتاز سندھی علماء کے کام کا خلاصہ بھی بیان کیا گیا ہے۔

اس باب میں ویسے تو الحمدللہ سندھ کی اسلامی حیثیت کے حوالے سے کافی قیمتی معلومات موجود ہے (جو یکجا کسی مقالے، کتاب اور مضمون میں موجود نہیں) ہمارے اس باب سے جو خاص نکات ظاہر ہوتے ہیں۔ انہیں مختصر طور پر ذیل میں اس طرح بیان کیا جاسکتا ہے۔

(۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تجارت کی غرض سے مشرقی ساحل پر تشریف لائے تھے، وہاں سندھی قبیلوں سے آپ کا تعارف ہوگیا تھا۔ چنانچہ آپ نے ایک حدیث میں فرمایا ہے کہ (معراج کی) رات میں نے عیسیٰ، موسیٰ اور ابراہیم علیہم السلام کو دیکھا۔ حدیث کے آخری الفاظ یہ ہیں: موسیٰ گندم گوں لمبے سیدھے بال والے جیسے زط (جت قبیلہ) کے لوگ ہوتے ہیں۔

(۲) محمد بن قاسم کی آمد سے پہلے سندھ کے ہزاروں افراد مسلمان ہو چکے تھے، جن میں "جت قبیلے" کے افراد نمایاں ہیں۔ یہ لوگ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ایما پر اسلامی فوج کے سربراہ حضرت

toobaafoundation.com

ابوموسیٰ اشعری کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے تھے، جو بعد میں مستقل طور پر عراق میں آباد ہوئے۔ حضرت امام ابوحنیفہ نسلی طور پر اسی "جت قبیلہ" سے تعلق رکھتے ہیں۔

(۳) سندھ میں عربوں کی ڈھائی سو سال تک حکومت رہی، اس عرصے میں اور اس کے بعد بھی صدیوں تک سندھ کا مکہ و مدینہ، بغداد اور دوسرے اسلامی مراکز سے مستقل تعلق قائم رہا، اس تعلق کا ایک بڑا فائدہ یہ ہوا کہ بڑی بڑی اسلامی شخصیتیں سندھ کے مراکز منصورہ اور محفوظہ میں آتی رہیں اور قرآن، حدیث، فقہ اور دوسرے علوم کے درس و تدریس کا فریضہ سرانجام دیتی رہیں۔ ساتھ ساتھ سندھ کے ممتاز سندھی فضلا عالم اسلام کے مراکز میں جاکر اسلامی علوم کی تدریس کا کام کرتے۔ اس طرح سندھ تقریباً آٹھ سو سال تک اسلامی علوم کے لئے مرکز کی حیثیت سے مشہور ہوا۔ مختلف محققوں کی طرف سے اسلامی علوم کے حوالہ سے عالم اسلام کی اسلامی شخصیتوں کی صدیوں کی جو تاریخ مرتب ہوئی ہے، اس میں سندھ کے علماء و فضلا، مفسرین، و محدثین، فقیہوں اور مزکیوں کا کردار کافی تفصیل سے اور نمایاں طور پر دیا گیا ہے۔ یہ تاریخیں زیادہ تر عربی و فارسی میں ہیں۔ اس سے اسلامی خدمت کے اعتبار سے سندھ کی عظمت کا اندازہ ہوتا ہے۔

(۴) سندھ و اہل سندھ کے صدر اول کے مسلمانوں سے تعلق اور اسلامی شخصیتوں اور اسلامی مراکز کی کثرت اور خالص اسلامی فضا کی وجہ سے یہاں عوامی سطح پر جو نئی تہذیب وجود میں آئی، جس کے زبان، علم و ادب اور عمومی مزاج پر غیر معمولی اثرات مرتب ہوئے (وہ اثرات اب بھی نمایاں ہیں) وہ اوائلی اسلامی تہذیب ہے۔ جس میں سادگی، رواداری، محبت، اخلاقِ حسنہ، دنیا سے بے نیازی، سخاوت دوسروں کے لئے ایثار و قربانی، مہمان نوازی، تحمل، بردباری، نرمی، معافی وغیرہ کے جوہر و صفات موجود ہیں۔ اگرچہ مادیت پرستی پر مبنی عالمگیر جدید تہذیب کے اثرات نے دنیا بھر سے پاکیزہ تہذیب کے اثرات کو بڑی حد تک مضمحل کردیا ہے۔ تاہم سندھ کے عام لوگوں میں اب بھی اسلامی تہذیب کے یہ اثرات موجود ہیں۔ جو قرآنی علوم اور قرآنی علوم کی پیدا کردہ شخصتوں کا فیض ہے۔

دوسرا باب "علم تفسیر کی ضرورت و اہمیت اور اس کے ارتقا کی تاریخ" کے بارے میں ہے۔ اس باب میں قرآن کے نزول کے بعد اس کی کتابت کے سلسلہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے طریق کار

toobaafoundation.com

کی تفصیل، صحابہ کرام میں ممتاز حفاظ کرام کے نام، جنگ یمامہ میں کئی حفاظ کے شہید ہونے کے بعد حضرت زید بن ثابت کی قرآن کے ایک مکمل نسخہ کی کتابت کے کام کے لئے تقرری، بعد میں خلیفہ سوم حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف سے اس نسخے کی نقلیں مملکت کے دور و قریب علاقوں کو بھیجنا، قرآن کی قراءت کی قسمیں، قاری کے لئے ضروری علوم، سات قراءات کے راویوں کے ناموں کی تفصیل وغیرہ شامل ہے۔ لیکن اس باب میں قرآن کے ترجمہ و تفسیر کے سلسلہ میں سب سے زیادہ جس چیز پر زور دیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ قرآنی تفسیر کے لئے کن علوم کا ہونا ضروری ہے۔ ان علوم میں خاص طور پر ۱۵ علوم میں مہارت حاصل ہونا ضروری ہے۔ وہ ۱۵ علوم یہ ہیں۔ علم لغت، علم صرف، علم نحو، علم اشتقاق، علم معانی، علم بیان، علم بدیع، علم قراءت، علم اصول الدین، علم اصول فقہ، علم اسباب النزول، علم ناسخ ومنسوخ، علم فقہ، علم حدیث، نور بصیرت اور وہبی علم۔ خود رائے کے ذریعے قرآن کے الفاظ کی معنیٰ متعین کرنا اور تفسیر کرنا، یہ از حد خطرناک بات ہے۔ اس سے مسلم امت میں گروہ بندی اور فرقہ واریت پیدا ہونے اور اس کے مضبوط ہونے کا امکان رہتا ہے۔ چونکہ قرآن میں دین و مذہب، عقائد و اعمال اخلاق و معاشرت، تمدن و سیاست اور عدل و انصاف کے قانونی اخلاقی اور انسانی پہلو سب موجود ہیں۔ اس لئے قرآن کی تفسیر و تشریح میں ظاہری علوم میں مہارت و صلاحیت کے ساتھ باطنی علوم اور نور بصیرت کا ہونا بھی ضروری ہے۔ قرآن کے لفظوں کے معنیٰ کے تعین اور تفسیری نکات اخذ کرنے میں ایک یہ احتیاط بھی ضروری ہے کہ اعتقادی اور عملی مسائل اور دین کے نصب العین کے تعین میں جمہور اسلام اور اسلاف امت کے موقف اور تحقیق سے جداگانہ موقف اختیار نہ کیا جائے۔ اس طرح کی نئی تحقیق سے غیر سبیل المومنین کے زمرے میں آنے کا امکان موجود رہتا ہے جو از حد خطرناک ہے۔ غرض کہ اس باب میں اس طرح کے سارے ضروری اور اہم مسائل پر روشنی ڈالنے کی کوشش کی گئی ہے۔

باب سوم عربی تفاسیر کے تعارف اور جائزے پر مشتمل ہے اس حصے میں ہم نے ۱۹ عربی تفاسیر کا تذکرہ کیا ہے جن میں تفسیر الکشاف، تفسیر مدارک التنزیل، تفسیر الاکلیل، النظر علیٰ تفسیر البیضاوی، تفسیر بیضاوی، تفسیر مجمع البحار، تفسیر جلالین، تفسیر عربی، الحام الرحمن، مشکلات القرآن، احکام

toobaafoundation.com

القرآن، شرح لغات القرآن وغیرہ شامل ہیں۔ ان تفاسیر کے مختلف نسخوں کے تقابلی مطالعے کے ساتھ ساتھ ان کی نمایاں خصوصیات، علمی اعتبار سے ان کے مقام و مرتبہ اور حیثیت کا ذکر، جس تفسیر میں معتزلہ یا مسلمانوں کے دوسرے خاص مکتب فکر کی ترجمانی کی گئی ہے، اس کی نشاندہی بھی کی گئی ہے۔ بعض تفاسیر جن کی اہمیت زیادہ ہے ان کا ذکر مزید تفصیل سے کرنے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ ان کی اہمیت اجاگر ہو اور استفادے کی صورت پیدا ہو۔

باب چہارم فارسی تراجم و تفاسیر پر مشتمل ہے۔ اس باب میں ۵۹ فارسی تراجم و تفاسیر کا تعارفی جائزہ لیا گیا ہے اور ضروری تفصیل بیان کی گئی ہے۔ مقالے کے اس حصے میں بھی تراجم و تفاسیر کے سلسلے میں کوشش کی گئی ہے کہ نسخوں کے مواد کا ایک دوسرے سے تقابل کر کے مفسرین یا کاتبوں کے استفادے کے اصل ماخذوں کی نشاندہی کی جائے چونکہ اس زمانے میں قرآن مجید کے ترجمے پر مشتمل قلمی نسخے عام استفادے کے لئے کاتب کتابت کرتے تھے، اس لئے ترجمے یا تفسیری نکات کے اخذ میں مختلف ممتاز اور مشہور تراجم و تفاسیر سے استفادہ کا امکان موجود ہوتا ہے۔ یہ امکان اس طرح کے نسخوں میں ہوتا ہے جن نسخوں میں مترجم یا مفسر کا نام نہیں۔ ایسے نسخے کافی تعداد میں موجود ہیں۔ چنانچہ اس طرح ہمیں قلمی نسخوں کا باریک بینی سے تقابلی و تجزیاتی مطالعہ کر کے ان اصل تراجم و تفاسیر کی نشاندھی کرنی پڑی، جن سے یہ نسخے کتابت ہوئے ہیں۔ یا جن سے استفادہ کر کے کتابت کی گئی ہے۔

فارسی تراجم و تفاسیر کے باب میں ہماری ایک نئی تحقیق (جس سے الحمدللہ قرآن مجید کے اوائلی فارسی ترجمہ کی نشاندہی و انکشاف ہوتا ہے) وہ یہ ہے کہ حضرت مخدوم نوح علیہ الرحمۃ (متوفی ۹۹۸ھ) کے فارسی ترجمۂ قرآن سے تقریباً ایک سو سال پہلے حضرت قطب الاقطاب سید محمد حسین المعروف پیر مراد (شیرازی) متوفی (۸۹۳ھ) فارسی میں قرآن کا ترجمہ شروع کر چکے تھے، جو اگرچہ نامکمل ہے، لیکن قرآن مجید کے فارسی ترجمہ کی اولیت کا شرف انہیں کی ذات کو حاصل ہے۔ عالم اسلام میں غالباً فارسی میں قرآن مجید کا یہ پہلا ترجمہ ہے جس کی سعادت سندھ کی عظیم شخصیت حضرت پیر محمد مراد شاہ صاحب قدس سرہ کو حاصل ہے۔ حضرت پیر محمد مراد قدس سرہ کا یہ ترجمہ اتنا مشہور ہوا کہ اس ترجمے کے متعدد قلمی نسخے سندھ

toobaafoundation.com

کے مختلف مقامات پر موجود ہیں، جس کی اس حصے میں تفصیل بیان کی گئی ہے۔ الحمدللہ ہماری تحقیق کا یہ پہلو اتنا اہم ہے کہ اس پر مزید روشنی ڈالنے اور اس کو اجاگر کرنے کے لئے تحقیقی مقالے اور مضامین کا سلسلہ جاری رہے گا۔

پانچواں باب اردو تراجم و تفاسیر سے متعلق ہے جو سندھ میں لکھے جانے اور سندھ سے شائع ہونے والے تراجم و تفاسیر کے جائزے اور خلاصے پر مشتمل ہے یہ باب "فارسی" کے بعد ہمارے مقالے کا سب سے بڑا باب ہے جو ۱۲۵ صفحات سے زیادہ صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔ جس میں ۳۴ قرآن مجید کے تراجم و تفاسیر کا تعارف شامل ہے۔

عربی و فارسی میں تو قرآنی علوم و تفاسیر پر عظیم ذخیرہ موجود ہی ہے جو ۱۲ - ۱۳ سو سال سے تیار ہو رہا ہے لیکن اردو میں بھی پچھلے دو ڈھائی سو سال سے قرآنی علوم پر اتنا عظیم کام ہوا ہے کہ اس سے لائبریریاں بھر جاتی ہیں۔ سندھ میں اردو میں بڑی اہم اور قیمتی تفاسیر شائع ہوئی ہیں جن کے مطالعے سے اسلامی علوم کا ایک وسیع بلکہ لامتناہی سلسلہ سامنے آتا ہے اور مسلمان علماء و فضلاء کی دماغی کاوشوں، تلاش و تحقیق اور قرآن سے نکات اخذ کرنے کی غیر معمولی صلاحیت سامنے آتی ہے۔ قرآن مجید کی اردو تفاسیر کے اس حصے میں کچھ تفاسیر تو وہ ہیں، جن میں تصوف و احسان کا پہلو نمایاں ہے اور قرآن سے تزکیے و احسان کے نکات کو اجاگر کرنے اور تہذیب نفس اور فرد کی اصلاح اور دعوت کے پہلو کو غیر معمولی طور پر اہمیت دی گئی ہے۔ کچھ تفاسیر وہ ہیں جن میں مسائل حیات کے سلسلے میں قرآن کی رہنمائی والے پہلو پر زیادہ بحث کی گئی ہے اور معیشت، معاشرت، سیاست اور انفرادی و اجتماعی زندگی کے سلسلے میں اسلام جو احکام، تعلیمات اور قوانین پیش کرتا ہے۔ نیز تمدن کی بہتری اور سوسائٹی کی اجتماعی بھلائی اور بہتری کے لیے قرآن جو ہدایت دیتا ہے۔ اس پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ بعض تفاسیر قرآنی لغت اور علم و ادب کے اعتبار سے اہمیت کے حامل ہیں۔

ہم نے اس باب میں کوشش کی ہے کہ قرآن مجید کی ہر تفسیر کا اس طرح تعارف آجائے کہ متعلقہ تفسیر کا خلاصہ اور اس کی روح پیش ہو، جہاں جہاں اختصار کی وجہ سے ایسا نہ ہوسکا ہے، وہاں یہ کوشش

toobaafoundation.com

ضرور ہوئی ہے کہ متعلقہ تفسیر کی اہم اور نمایاں خصوصیات اجاگر ہوں اور عالم و شارح قرآن کی تفہیمی و تشریحی کاوشیں زیادہ بہتر طور پر سامنے آئیں۔

چھٹا باب منظوم قرآنی تراجم سے متعلق ہے:

الحمدللہ اردو زبان کو یہ سعادت بھی حاصل ہے کہ بعض ممتاز شعراء اور فاضل شخصیتوں نے اپنے خون جگر سے اشعار کی صورت میں قرآن کے ترجمے اور مفہوم کو منظوم کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس سلسلے میں اس باب میں پانچ ممتاز شعراء کے منظوم قرآنی تراجم کا تعارفی خاکہ پیش کیا گیا ہے ان میں آغا قزلباش کا "نظم مقدس" کے نام سے ترجمہ قرآن ہے۔ جو شاہ عبدالقادر محدث دھلوی کے نثری ترجمہ کا منظوم ترجمہ ہے۔ دوسرا سیماب اکبر آبادی کا مکمل منظوم ترجمہ قرآن ہے۔ تیسرا خواجہ محمد ادریس کا مفہوم القرآن کے نام سے منظوم ترجمہ ہے۔ دو نامکمل تراجم ہیں۔

ان منظوم تراجم کی ایک اہم خاصیت یہ ہے کہ ایک طرف تو فاضل شعراء نے اس بات کی ہر ممکن کوشش کی ہے کہ ترجمہ میں ممتاز مستند علماء کے ترجمہ اور مفہوم کی ترجمانی ہو اس سے انحراف نہ ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ پڑھنے والا یہ محسوس کئے بغیر نہیں رہتا کہ ان فاضلوں نے قرآنی پیغام اور فکر کو دل کی گہرائیوں میں اتارنے کے بعد اس پیغام کی پیشکش میں امکانی حد تک اپنی اندرونی کیفیات کو شامل کیا ہے۔

ساتویں باب میں ہم نے سندھ سے شائع ہونے والے چھ انگریزی تراجم و تفاسیر کا تعارفی جائزہ لیا ہے اور ان کی نمایاں خصوصیات کو اجاگر کیا ہے اور کمزور پہلوؤں کی نشاندہی کی ہے۔ ان تفاسیر کے نام یہ ہیں۔

Marifiul

(1) Marafiul Quran

(2) The Noble Quran

(3) The commentary of the Holy Quran

(4) The Holy Quran translated by Agha M. yaqoob

(5) The Holy Quran translated from Kanzul-Iman

(6) Tafsir surah - al - Fateh:

toobaafoundation.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم○

باب اول

سندھ باب الاسلام

کہا جاتا ہے کہ آریہ قوم نے جب سندھ کی وادی میں قدم رکھا تو اس کا نام سندھو رکھا۔ اس قوم کی زبان میں سندھو، دریا کو کہتے تھے۔ پھر اس دریائے سندھ کی مناسبت سے وہ لوگ پورے ملک کو سندھو اور پھر سندھ کہنے لگے۔ بلکہ انہوں نے جتنے ملک فتح کیے سب کا نام سندھ ہی رکھا۔ یہاں تک کہ وہ لوگ پنجاب کی سرحد سے بھی آگے بڑھ گئے، لیکن نام میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ البتہ جب گنگا پہنچے تو وہاں کے علاقے کا نام آریہ ورت رکھا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مشرقی ساحل کے علاقے میں اہل سندھ سے ملاقات

ایرانیوں نے سندھ کو اپنے لہجے میں ہند کہنا شروع کیا اور یونانیوں نے "ھ" کو اس کے قریب المخرج حرف "ہمزہ" سے تبدیل کرکے اندکردیا۔ رومن میں یہ لفظ انڈیا ہوگیا اور انگریزی زبان میں چونکہ دال نہیں ہے اس لیے اس زبان میں وہ انڈیا بن گیا۔ .....(۱) لیکن یہ کہنا کہ "ایرانیوں نے سندھ کو اپنے لہجے میں ہند کہنا شروع کیا" غالباً صحیح نہیں ہے، کیونکہ ابن حبیب (المتوفی ۲۴۵ھ) کی کتاب المحبر میں ایک باب "عرب کے میلے" ہے، اس میں سندھ اور سندھیوں کا ذکر ہے اور لکھا ہے کہ عرب کے مشرقی ساحل میں دبا نام کے مقام پر (جو نجیرہ نامی بندرگاہ کے شمال میں ہے) "سالانہ میلہ" فلاں تاریخ کو ہوتا تھا۔ "اس میں فلاں فلاں قسم کا سامان فروخت ہوتا تھا اور اس میلے میں شرکت کرنے والے لوگ ہندی، سندھی، چینی، رومی، ایرانی، مشرق والے اور مغرب والے ہوتے تھے۔" ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے اس بیان سے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ "حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم (بعثت سے پہلے) حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا مال تجارت لیکر دبا تشریف لے گئے ہوں گے تو وہاں سندھیوں کو دیکھا ہوگا اور ممکن ہے کہ اور آگے جاکر سندھ میں تجارت کے لیے تشریف لے گئے ہوں"۔ پھر ڈاکٹر صاحب نے ایک حدیث کا ذکر کیا ہے کہ ایک دن مدینہ منورہ میں کچھ لوگ دور سے آئے اسلام قبول کرنے کے لیے۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا "یہ

toobaafoundation.com

RESEARCH LIBRARY
INSTITUTE OF SINDHOLOGY
UNI: OF SINDH, JAMSHORO,

102879
19-3-99

کون لوگ ہیں جو ہندوستانیوں جیسے نظر آتے ہیں۔" یعنی اس ارشاد سے ظاہر ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہندوستانیوں کو (اور سندھیوں کو بھی) پہلے دیکھا ہوگا اور بہت ممکن ہے کہ اسی دبا کے میلے میں دیکھا ہوگا۔.....(۲)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سندھ کے نرم کپڑے کا تحفہ قبول کرنا

سندھ کے عظیم محدث، محقق اور عالم مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی اپنی کتاب "بذل القوۃ فی حوادث بعض النبوۃ" میں لکھتے ہیں "اس سال ۱۰ھ میں فروہ بن عمر الجذامی نے اسلام قبول کیا۔ وہ روم کے بادشاہ کی طرف سے شام کے علاقے بلغاء کے عامل تھے۔ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اپنے قبول اسلام کی اطلاع بھیجی۔ خط کے ساتھ درج ذیل چیزیں تحفہ کے طور پر ارسال کیں، فضہ کے نام سے کالا۔ سفید خچر، ظرف کے نام سے گھوڑا، یعفور کے نام سے حمار (یہ یعفور اس سے مختلف تھا جو مقوقس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں بھیجا تھا) سندس کی ایک قبا، جس پر سنہری کام کیا ہوا تھا۔ اس کے علاوہ کپڑے اور متعدد چیزیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تحائف قبول فرمائے، فروہ نے مسلمانی کی حالت میں وفات کی.....(۳)۔

اس روایت میں "سندس" کی قبا کا ذکر آیا ہے۔ لفظ "سندس" قرآن حکیم میں بھی تین مقامات پر آیا ہے۔

(۱) اولئک لھم جنت عدن تجری من تحتھم الانھر یحلون فیھا من اساور من ذھب ویلبسون ثیابا خضرا من سندس (الکھف ۳۱/)

(۲) علیھم ثیاب سندس خضر واستبرق وحلوا اساور۔ (الدھر۔۲۱/)

(۳) یلبسون من سندس واستبرق متقٰبلین۔ (الدخان۔۵۳/)

عام طور پر "سندس" کے معنی بہتر ریشمی کپڑے کے لیے جاتے ہیں۔ علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے اپنی کتاب "الاتقان فی علوم القرآن" میں اس لفظ کو غیر عربی الفاظ کی فہرست میں شمار کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

الجوالیقی کا کہنا ہے کہ سندس فارسی میں پتلے کپڑے کو کہا جاتا ہے۔ لیث کا قول ہے کہ اہل زبان ادیبوں اور مفسروں میں اس لفظ کے معرب ہونے میں کوئی اختلاف نہیں ہے، شیزلہ نے اسے ہندی لفظ کہا ہے۔"

معرب اس لفظ کو کہا جاتا ہے جو دوسری زبانوں سے عربی میں داخل ہوا ہو۔ علامہ سیوطی کی مذکورہ

toobaafoundation.com

عبارت سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ لفظ "معرب" ہے اور ہندی ہے۔ اس لیے ہم کہہ سکتے ہیں کہ لفظ "سندن" کی معرب صورت "سندس" ہے۔ موجودہ دور کے محققوں کی بھی یہی رائے ہے کہ "سندس" "سندن" کی معرب صورت ہے۔ حقیقت میں "سندن" سندھ کے پتلے اور نرم کپڑے "ململ" کو کہا جاتا تھا۔ جو دوسرے ممالک میں بہت پسند کیا جاتا تھا۔ سندھ کے اس کپڑے کو سندھ کی نسبت سے کہاہی "سندن" جاتا تھا۔ لفظ سندن توریت میں بھی آیا ہے اور عہدنامہ جدید میں بھی ملتا ہے۔.....(۴)

اس سے معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قبا کا جو تحفہ قبول فرمایا تھا وہ سندھ کے نرم اور عمدہ کپڑے سے تیار ہوا تھا۔.....(۵)

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے کہ آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے میری امت کے دو گروہوں کو جہنم کی آگ سے محفوظ رکھا ہے۔ ایک وہ گروہ جو ہندوستان میں جہاد کریگا۔ دوسرا وہ گروہ جو حضرت عیسیٰ بن مریم کا ساتھ دیگا۔ (سنن نسائی۔باب غزوۃ الہند) اس بشارت کی بنا پر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہندوستان میں جہاد کی شرکت کی آرزو کی اور جان و مال قربان کرنے کی پیشکش کی۔ مسند احمد اور سنن نسائی میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہم نے ہند میں جہاد کا وعدہ فرمایا ہے' اگر میں اس میں شریک ہوسکا' تو میں جان و مال قربان کردوں گا اگر مارا گیا تو بہترین شہید ہونگا' اگر میں زندہ لوٹ کر آیا تو میں جہنم کی آگ سے آزاد ابوہریرہ ہونگا۔ (سنن نسائی غزوۃ الھند)

یہ دونوں روایتیں سید آزاد بلگرامی نے اپنی کتاب "**سبحۃ المرجان فی آثار ہندستان**" میں تفصیل سے دی ہیں اور مولانا قاضی اطہر مبارک پوری نے اپنی کتاب "عرب و ہند عہد رسالت" میں بھی دی ہیں۔

ہندوستان (جس میں سندھ بھی شامل ہے) کی اس اہمیت کا نتیجہ ہے کہ صحابہ کرام اور دوسرے مسلمان تاجر سندھ میں دعوت اسلام کے فروغ کے لیے کوشاں رہے۔ ان کی کوششوں سے اہل سندھ کی زمین اسلام کے لیے مانوس ہوچکی تھی' چنانچہ محمد بن قاسم کے حملہ کے وقت مقامی لوگوں نے مقابلہ کی بجائے ان سے تعاون کیا' اس تعاون

toobaafoundation.com

کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ محمد بن قاسم کے حملہ کے وقت دیبل میں جو پہلا شخص مسلمان ہوا' وہ دیبل کے اس جیل کا نگران تھا جہاں بے گناہ مسلمان قیدیوں کو رکھا گیا تھا۔ اس حقیقت کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ جیل کا یہ نگران عالم اور ادیب تھا۔ جس کا ذکر اگلے صفحات میں آئیگا۔

سندھ میں صحابہ کرام کی تشریف آوری

مولانا غلام مصطفیٰ قاسمی صاحب نے مخدوم محمد ہاشم ٹتوی کی بیاض ہاشمی میں سے دو روایتیں سندھ کے متعلق نقل کی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "دو وفد' ایک سندھ سے اور دوسرا افریقہ سے' ایک ہی دن میرے پاس پہنچے' جنہوں نے اپنی خوشی سے اسلام قبول کیا"۔ یہ روایت محمد بن علیؓ بن ابی طالب کی ہے اور یہ محمدؓ قبیلہ بنو حنیف کی سندھی والدہ کے بطن سے تھے' اسی لیے انہیں حنیفہ کہا جاتا ہے۔.....(۶) دوسری روایت ہے کہ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پانچ صحابہ کرام کو اپنے خط کے ساتھ سندھ کے لوگوں کے پاس بھیجا۔ جب وہ سندھ میں قلعہ نیرون (حیدر آباد) کے پاس پہنچے تو سندھ کے کچھ لوگوں نے ان کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا۔ کچھ عرصے کے بعد دو صحابہ کرامؓ اپنے سندھی میزبانوں کے ساتھ واپس چلے گئے' جب کہ تین صحابہ کرام سندھ میں ٹھہر گئے۔ ان کی تبلیغ سے بہت سے سندھیوں نے اسلام قبول کرلیا۔ ان تینوں صحابہ کرام نے سندھ میں نئے نئے مسلمانوں کی مذہبی تعلیم کو جاری رکھا اور آخر کار ان کا وصال بھی سندھ میں ہوا۔ ان کی قبریں بھی یہاں موجود ہیں".....(۷)

تاریخ کے مطالعہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری تک سندھ اور حجاز کی نمایاں قومیں ایک دوسرے سے متعارف ہوچکی تھیں۔ اس لیے کہ سندھ اور عرب کے تجارتی تعلقات اسلام سے پہلے ہی قائم ہوچکے تھے۔ سندھ کے تاجر بحری راستے سے عدن تک اپنا تجارتی سامان پہنچاتے تھے۔ یہاں کپڑے' مرغی' پالہ اونٹ (فالج) جس کی نسل سے عرب کا بختی اونٹ ہوا' قسط' بانس اور بید کی لکڑیاں بھیجی جاتی تھیں۔ عنبر' مشک اور عود بھی جاتا تھا۔ ان تجارتی تعلقات کی وجہ سے خاص طور پر جت قوم کے افراد عرب میں کافی متعارف ہوچکے تھے۔

سندھ کے ز ط (جت) قبیلے کا اسلام قبول کرنا

چنانچہ احادیث کی کتابوں میں اس کے بارے میں کافی مواد ملتا ہے۔ صحیح بخاری میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت منقول ہے۔ حدیث کے الفاظ ہیں:

toobaafoundation.com

عن ابن عمر قال' قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم رایت عیسی و موسی و ابراہیم فا ما عیسیٰ ی فا حمر جعد عریض الصدر' وا ما موسی فادم جسیم سبط کانہ من رجال الزط.....(۸)

یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے (معراج کی رات) عیسیٰ' موسیٰ اور ابراہیم کو دیکھا' عیسیٰ سرخ رنگ کے گھنگھریالے بال والے چوڑا سینہ رکھتے تھے اور موسیٰ گندم گوں لمبے سیدھے بال والے' جیسے زط (جت قبیلہ) کے لوگ ہوتے ہیں۔

لغت کی مشہور کتاب القاموس المحیط میں "الزط" کے متعلق مرقوم ہے:

الزط با الضم حیل من الھند معرب جت با الفتح و القیاس یقتضی فتح معربہ ایضا الواحد زطی.....(۹)

یعنی الزط ھند (سندھ) کا ایک قبیلہ ہے' جو جت کا معرب ہے عقل کے تقاضے کے مطابق الزط زا کی فتح سے ہونا چاہئے۔ اس کا واحد زطی ہے۔

سندھی صحابہ کرام کے زمانے میں یعنی پہلی صدی ہجری میں ہی سندھ سے منتقل ہو کر عراق میں آباد ہو گئے تھے۔ سندھیوں کا مذکورہ جت قبیلہ (الزط) پہلی صدی ہجری میں ہی بصرہ کے قریب بطاع میں آباد ہو گیا تھا اور زراعت کا پیشہ اختیار کرنے لگا۔.....(۱۰)

یہ جت بہادر سپاہی بھی تھے' ان میں کچھ حاذق حکیم بھی تھے۔ امام بخاریؒ لکھتے ہیں:

ایک بار ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیمار ہو گئیں ان کے بھتیجوں نے ایک جت طبیب کو علاج کے لیے بلوایا۔.....(۱۱)

جت قوم کے بارے میں اسلامی تاریخ کے مشہور مورخ مولانا اکبر شاہ خان نجیب آبادی کی جو تحقیق ہے وہ قابل ذکر ہے' چونکہ جت قوم کے حوالہ سے اہل سندھ کی صحابہ کے ہاتھوں مسلمان ہونے کی زریں تاریخ وابستہ ہے اس لیے ہم یہاں اس سلسلہ میں مولانا اکبر نجیب آبادی کا تفصیلی حوالہ دے رہے ہیں:

" جنگ قادسیہ اور جنگ نہاوند کے درمیانی زمانہ کا واقعہ ہے کہ اہواز کے ایرانی گورنر ہرمزان کے یزدجرد کے مداین کی جانب فرار ہونے کے بعد اپنی خود مختار حکومت قائم کرلی اور ایرانیوں کے علاوہ جاٹوں کو بھی اپنی فوج میں

toobaafoundation.com

بھرتی کیا اور سندھ کے راجہ سے اعانت طلب کی' اسلامی لشکر نے اس طرف توجہ کی' مقابلہ ہوا' ہرمزان شکست کھا کر مقام تشتر میں پہنچا' وہاں کے قلعہ کو مضبوط کرا کے دوبارہ مقابلہ کی تیاری کی۔ تشتر کی جانب جو اسلامی فوج روانہ ہوئی اس کے سپہ سالار حضرت ابو موسیٰ اشعری تھے انہوں نے تشتر کا محاصرہ کیا۔ اس محاصرہ کے دوران میں سندھی فوج یعنی جاٹوں کے سردار نے حضرت ابو موسیٰ اشعری کے پاس پیغام بھیجا کہ ہم تمہارے مذہب میں داخل ہونا چاہتے ہیں' مگر شرط یہ ہے کہ ہم تمہارے ساتھ شامل ہو کر ایرانیوں سے تو لڑیں گے' لیکن اگر تم کسی وقت آپس میں دو گروہ ہو کر لڑنے لگو تو ہم غیر جانبدار رہیں گے دوسری شرط یہ ہے کہ اگر عرب لوگ ہم پر حملہ کریں تو تم ہم کو ان کے حملے سے بچاؤ گے اور ہماری حفاظت کرو گے۔

تیسری شرط یہ ہے کہ ہم کو اختیار حاصل ہو گا کہ ہم جہاں چاہیں' سکونت اختیار کریں اور عربوں کے جس قبیلے سے چاہیں اتحاد کریں۔ چوتھی شرط یہ ہے کہ ہمارے وظائف اور تنخواہیں اعلیٰ درجہ کی ہوں یعنی ہم کو عربوں کے مانند ہر قسم کے حقوق میسر ہوں۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری نے اس کے جواب میں کہلا بھیجا کہ ہم تو نو مسلموں کے معاملہ میں یہی جانتے ہیں کہ ہر ایک نو مسلم کے حقوق باقی تمام مسلمانوں کے برابر ہوا کرتے ہیں۔ یہ مختصر اور مجمل جواب جاٹوں کے لیے موجب تسکین نہ ہوا اور وہ مسلمان ہونے سے باز رہے۔ اس کی اطلاع فوراً امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بھیجی گئی انہوں نے بلا تامل حکم بھیج دیا کہ ان لوگوں کی پیش کردہ شرائط قبول کر لی جائیں۔ چنانچہ حضرت ابو موسیٰ اشعری نے جاٹوں کے پاس پیغام بھیجا کہ تمہاری تمام شرطیں ہم کو منظور ہیں' دربار خلافت سے ہم نے منظوری منگوالی ہے۔ یہ سنتے ہی تمام جاٹ اور تھوڑے سے راجپوت بھی جو ان کے ہمراہ تھے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر مسلمان ہو گئے۔ ہرمزان بھی گرفتار ہوا اور حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ نے اس کو مدینہ منورہ میں فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بھیج دیا جو وہاں جا کر فاروق اعظم کا طرز عمل دیکھ کر بخوشی مسلمان ہو گیا' ان جاٹوں نے مسلمان ہو کر اور اپنے ان بھائیوں کے ساتھ ملکر جو ۱۲ھ میں مسلمان ہو چکے تھے' ملک عراق میں سکونت اختیار کی اور عرب قبائل کے ساتھ دوستی و مواخاۃ قائم کر لی۔ یہ لوگ قوم زط کے نام سے مشہور ہوئے۔ مسلمانوں نے اپنے ان نو مسلم بھائیوں کی بڑی عزت کی اور ان کو بڑے بڑے عہدے دیئے۔ حضرت علی

toobaafoundation.com

کرم اللہ وجہ کے عہد خلافت میں بصرہ کے خزانہ کا محافظ دستہ اسی قوم زط (جاٹ) کے افراد پر مشتمل تھا۔ ان لوگوں میں بڑے بڑے علماء اور صلحاء بھی پیدا ہوئے' اس زط قوم کا تذکرہ تاریخوں میں بار بار آیا ہے حتیٰ کہ معتصم باللہ عباسی کے زمانے تک زط قوم کو عراق میں قابل ذکر اہمیت حاصل تھی۔ حضرت امام ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ جو امام اعظم کے نام سے عالم اسلام میں عام شہرت رکھتے ہیں ان کی نسبت کہا جاتا ہے کہ وہ اسی قوم زط سے تعلق رکھتے تھے۔ حضرت امام ابو حنیفہؒ ۸۰ھ میں پیدا ہوئے۔ جس وقت محمد بن قاسم نے سندھ پر حملہ کیا اس وقت امام اعظمؒ کی عمر بارہ تیرہ سال تھی۔ مذکورہ بالا تصریحات سے ثابت ہوا کہ ہندو قوموں میں اسلام' محمد بن قاسم کے زمانے سے پہلے ہی داخل ہو کر نشوونما حاصل کر چکا تھا۔.....(۱۲)

اسلام کی آمد سے قبل
سندھ کا حدود اربعہ

اسلام کے فیوض و برکات سے مستفیض ہونے سے قبل سندھ کا حدود اربعہ یہ تھا:

شمال مشرق کی طرف راجہ کشمیر کے ملک سے سرحد ملتی تھی۔ جنوب مغرب کی طرف مکران کا صوبہ اس کا حد فاصل تھا۔ مغرب کی جانب کوہستان کروان' قیقان اور قلات تھے اور جنوب میں بحر عرب اور مشرق میں ریگستان اور ہندوستان۔ اس وقت سندھ کے پانچ صوبے تھے:۔

(۱) برہمن آباد جس کے اضلاع نیرون' دیبل' لوہانہ' لکھا اور سمّہ تھے۔

(۲) سیوستان جس میں بودھیہ (بودھی ممالک) جھنکان' کوہستان روجیان (یعنی کوہ پایہ)' سرحد مکران کے اضلاع تھے۔

(۳) اسکلندہ۔ یہاں والی پابیا تھا جس کی حکمرانی تلواریہ' بچ پور اور اضلاع بودھ پور کے کچھ حصے پر تھی۔

(۴) ملتان۔ اس کے ماتحت سکہ' برہماپور' کرور' اشہار (شاہار) اور کمبھ تھے۔ اس صوبے کی سرحد کشمیر سے ملتی تھی۔

(۵) ارور (الور)۔ یہاں کا والی راجہ ساہ سی کا بیٹا شری ہرش تھا۔ پائے تخت بھی یہی شہر تھا۔ اور راجہ کی حکمرانی کروان' قیقان اور نیرباس تک ہوتی تھی۔

ارور کا راجہ عیش و عشرت میں مبتلا رہتا تھا اور اس کا وزیر رام نامی تمام امور سلطنت انجام دیتا تھا۔ ایک مرتبہ الور کے پجاری سلاج (سلائج) کا بیٹا چچ کے دربار میں آیا۔ وزیر اور راجہ اس کی قابلیت اور ذہانت سے بہت متاثر ہوئے۔ راجہ فوت ہوا تو اس کی رانی سوبھن دیوی نے بڑی چالاکی کے ساتھ شاہی خاندان والوں کو نظر بند کرا دیا اور چچ کو گدی پر

toobaafoundation.com

بٹھادیا اور اس نے اپنا رشتہ بھی کرلیا۔(یہ واقعہ سنہ ۱ ہجری کے پہلے سال کا ہے) اور اسی زمانے سے چچ نے گردو پیش کے تمام علاقوں پر فوج کشی شروع کردی اور سندھ کی حدود کو وسیع کردیا۔

چچ نے چالیس برس حکومت کی اور ۶۶۰ء میں فوت ہوا۔ اس کے بعد اس کا بھائی چندر گدی پر بیٹھا۔ وہ بڑا طاقتور راجہ تھا۔ لیکن آٹھ سال کے بعد وہ بھی فوت ہوگیا تو طوائف الملوکی شروع ہوگئی اور ارور (الور) کی گدی پر چچ کا چھوٹا بیٹا داہر بیٹھ گیا۔ ۵۹ھ میں راجہ رن مل کچھ کی طرف سے داہر پر حملہ آور ہوا تو کچھ عربوں نے جو اسلامی ممالک سے آکر راجہ داہر کی ریاست میں امن کے ساتھ زندگی گزار رہے تھے۔ قریب پانچ سو سواروں کے ساتھ رن مل کی فوج پر شب خون مار کر غلبہ حاصل کیا۔ داہر بہت خوش ہوا اور عافیت کے ساتھ حکمرانی کرنے لگا۔ یہاں تک کہ ۴۳ برس کی حکومت کرنے کے بعد خلافت عرب سے اس کی ان بن ہوگئی اور محمد بن قاسم نے اس پر حملہ کرکے اس کی حکومت کا تختہ الٹ دیا۔ راجہ داہر ۹۳ھ ۷۱۱ء میں مارا گیا۔

سندھ واہل سندھ کے عرب واہل عرب سے تعلقات کی نوعیت

یہاں سندھ کے اس دور کی تاریخ پیش کرنے کی ضرورت نہیں لیکن بے محل بھی نہ ہوگا اگر ہم ابتدائے اسلام سے سندھ کے بعض تعلقات کا اجمالاً ذکر کردیں۔

حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے میں عثمان بن ابی عاص ثقفی ۱۵ھ میں بحرین اور عمان کے گورنر مقرر ہوئے تو انہوں نے ایک بحری بیڑا تیار کیا اور اسے ہندوستان روانہ کیا۔ وہ تھانہ بندرگاہ پہنچا، جو گجرات اور کوکن بمبئی کی سرحد پر واقع ہے۔ پھر انہوں نے اپنے بھائی مغیرہ کو ایک بحری بیڑے کے ساتھ دیبل (یا دیول جو بدھ مذہب والوں کا مرکز تھا) بھیجا۔ یہ سندھ پر پہلا حملہ تھا۔ پھر جب مسلمانوں نے ایران فتح کرکے مکران، کرمان اور سیستان تک اپنی مقبوضات کا اضافہ کیا تو سندھ کی سرحدیں وہاں سے مل گئیں۔ ۲۲ھ میں ایران فتح ہوا تھا اور عبداللہ بن عامر ہی نے کرمان اور مکران کو فتح کیا تھا۔ لیکن وہ جب یہاں سے واپس ہوئے تو یہ علاقے پھر خود مختار ہوگئے۔ لیکن پھر اسلامی فوجوں نے ان پر قبضہ کرلیا اور ان فتوحات کے مال غنیمت میں سے پانچواں حصہ لیکر صحار عبدی جب مدینہ منورہ پہنچے تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مکران کا حال دریافت فرمایا، انہوں نے جواب دیا: "امیر المومنین! یہاں پانی کی بے حد قلت ہے اور یہاں کے لوگ ڈاکو ہیں، تھوڑی فوج جائے لوٹ لی

toobaafoundation.com

جائے اور زیادہ جائے تو پیاسوں مرجائے"۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ تم وہاں کے حالات بیان کر رہے ہو یا شاعری کر رہے ہو؟۔ آپ نے عرض کیا کہ یہ بات اسی طرح ہے۔ تو پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مسلمانوں کو آگے بڑھنے سے منع فرمادیا۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے میں حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ بن حبیب (صحابی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے موجودہ بلوچستان کے ان علاقوں پر قبضہ کرلیا جو زرنج اور کش کے درمیان تھے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے میں ربعی بن کاس عنبری نے سیستان پر قبضہ کیا اور ثاغر بن دعورا نے قیقان پر قبضہ کیا اور زیاد نے خراسان کا انتظام درست کیا۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے میں حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ نے سیستان سے آگے بڑھکر کابل تک قبضہ کرلیا۔ پھر شہربست، رزان، رخج، زابلستان (غزنہ) اور قندھار تک مسلمانوں کے زیر نگیں آگیا۔ ادھر سواحل ہند کے سرکشوں کی سرکوبی کے لیے عبداللہ بن سوار عبدی روانہ ہوئے۔ مکران میں کئی ماہ قیام کیا۔ پھر قیقان والوں کی سرکوبی کی اور مال غنیمت لیکر دربار امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں پہنچے اور قیقانی گھوڑے بھی پیش کیے۔ پھر وہ دمشق گئے اور جب ایک بار پھر قیقان آنا ہوا تو وہاں شہید ہوگئے۔ ان کی شہادت کے بعد سنان بن سلمہ نے مکران کا علاقہ دوبارہ فتح کیا اور مقام بدھا تک پہنچ گئے لیکن وہیں شہید ہوئے ان کے بعد ابوالاشعث منذر نے ان علاقوں پر ایک بار پھر تسلط قائم کیا۔ ۶۵ھ میں خلیفہ عبدالملک بن مروان تخت نشین ہوا لیکن اسے سرحدی معاملات سے کوئی دلچسپی نہیں تھی لیکن جب ۷۵ھ میں حجاج بن یوسف ثقفی، مشرقی ممالک کا اعلیٰ حاکم مقرر ہوا تو اس نے سعید بن اسلم بن زرعہ کو مکران اور سرحد سندھ کا حاکم مقرر کیا۔ اس وقت سے سندھ سے مسلمانوں کے تعلقات زیادہ قریبی ہوگئے اور ولید بن عبدالملک کے زمانے میں وہ واقعہ پیش آیا جس کی وجہ سے عربوں نے سندھ کی طرف پیش قدمی کو ضروری سمجھا۔ یعنی اس زمانے میں جب کہ مسلمانوں کی فتوحات کا شہرہ ہر جگہ ہو رہا تھا اور دنیا کا ہر حکمران، مسلمانوں کے خلیفہ سے دوستی کا متمنی تھا تو اتفاقاً لنکا میں ایک مسلمان فوت ہوگیا۔ اس کی بیوہ اور یتیم بچے تھے۔ جن کو آرام سے خلیفہ تک پہنچانے کے لیے لنکا کے راجہ نے انتظام کیا۔ ان کا جہاز جب سندھ کی بندرگاہ دیبل کے قریب پہنچا تو وہاں کے قزاقوں نے اسے لوٹ لیا اور سب مسافروں کو قید کرلیا۔ ان قیدیوں میں سے ایک عورت بے اختیار پکار اٹھی

toobaafoundation.com

کہہ "فریاد اے حجاج"۔ جب یہ خبر حجاج کو پہنچی تو وہ غصے کے مارے کانپ اٹھا اور انتہائی جوش سے کہنے لگا کہ "ہاں میں آیا"۔ بس یہیں سے سندھ پر حملے کی تیاری شروع ہوئی۔ محمد بن قاسم اور سندھ کی تاریخ بھی یہیں سے شروع ہوتی ہے۔

حجاج نے راجہ داہر کو لکھا کہ ان قیدیوں کو حفاظت کے ساتھ میرے پاس بھجوادو۔ راجہ نے معذرت کی کہ یہ کام دریائی ڈاکوؤں نے کیا تھا اور وہ لوگ میرے قبضے سے باہر ہیں۔ اسی دوران میں وہ واقعہ بھی پیش آیا تھا کہ مکران سے کچھ عرب مجرم اور باغی لوگ بھاگ کر سندھ میں پناہ گزیں ہوگئے تھے اور انہوں نے راجہ داہر کی ماتحتی میں اپنا ایک جتھا بنالیا تھا۔ اس واقعے نے بھی حجاج کو مشتعل کیا تھا۔ چنانچہ اس نے اپنے نوجوان بھتیجے محمد بن قاسم کی سرکردگی میں شیراز سے چھ ہزار فوج سندھ روانہ کی۔ کچھ فوج دریائی راستے سے بھی بھیجی۔ ۹۳ھ میں محمد بن قاسم سندھ پہنچے اور تین برس کے عرصے میں "چھوٹے کشمیر" (یعنی پنجاب) کی سرحد (ملتان) سے لیکر کچھ تک اور اُدھر مالوہ کی سرحد تک قبضہ کرلیا اور پورے سندھ میں عدل و انصاف اور امن کی سلطنت قائم کردی۔ ۹۶ھ میں دمشق کے والی ولید اموی کی وفات ہوئی۔ اس کی جگہ تخت پر سلیمان بیٹھا۔ اس کو حجاج اور اس کے خاندان والوں اور کارندوں سے ذاتی عداوت تھی۔ اس لیے اس نے حجاج کے مقرر کردہ افسروں کے ساتھ محمد بن قاسم کو بھی سندھ سے واپس بلالیا اور اپنے ذاتی انتقام کے نشے میں ان کو قتل کرادیا۔ سندھ میں محمد بن قاسم کی مقبولیت کا اندازہ اس واقعے سے ہوسکتا ہے کہ جب وہ سندھ سے واپس ہونے لگے تو یہاں رعایا نے ان کی جدائی میں آنسو بہائے اور ان کی یادگار میں ان کا بُت بنا کر کھڑا کیا۔

محمد بن قاسمؒ تابعینؒ میں سے تھے۔ طائف ان کا وطن تھا جہاں صحابہ کرامؓ کا قیام تھا۔ وہ سندھ کیا آئے کہ باب الاسلام کھل گیا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کے مطابق کہ "**خیر القرون قرنی ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم**" محمد بن قاسمؒ کا زمانہ بھی خیر و فلاح کی علامت ہے۔ دیبل کے قریب **بھنبھور** میں جو مسجد ہے وہ انہی لوگوں کی بنوائی ہوئی ہے۔ سکھر کے قریب اروڑ (الور) میں جو کھنڈر ہیں کہا جاتا ہے کہ وہ مسجد محمد بن قاسم کے آثار ہیں۔ **بھنبھور** کی مسجد میں ایک کتبہ ۱۹۰ھ (۷۲۷ء) کا ملا ہے جو ظاہر ہے کہ محمد بن قاسم کی وفات کے بعد چند سال میں

toobaafoundation.com

تیار ہوا ہوگا۔ وہیں ایک دوسرا کتبہ ۲۹۴ھ (۹۰۷ء) کا بھی ملتا ہے۔ پہلا کتبہ اس طرح ہے:۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم○

مما امر بہ الامیر مروان

بن محمد مولی امیر المومنین اعزّہ

اللہ علی ید ی علی بن موسی (؟) مولی امیر

المومنین اکرمہ اللہ سنۃ تسع ومایۃ (؟) مائۃ

انگریزی میں اس کتبے کا ترجمہ اس طرح کیا گیا ہے:۔

In the name of Allah the 'Benevolent' the 'Merciful'. What Amir

Marwan () ibn Muhammad Mawla

Amirul Mu'minin (may Allah make him glorious) ordered about

its (erection) through the agency of ibn Musa() Mawla Amirul

Mu'minin (may Allah make him illustrious) in the year 109 A.H.

دوسرا کتبہ اس طرح ہے:۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم○ لا الہ الا اللہ (وحدہ) وان محمد رسولہ وعبدہ' انما یعمر مسا (جد) اللہ من

امن باللہ والیوم الاخر واقام (الصلواۃ واتی) الزکواۃ ولم یخش الا اللہ فعسا (اولئک)

ان یکونوا من المھتد ین۔ ھذا مما امر بنعبہ الا میر محمد بن عبدالر (فی ذی) القعدہ (؟) سنۃ اربع و تسعین

ومائتین۔

بھنبھور کے عجائب خانے میں بہت سے سکّے بھی محفوظ ہیں۔ چاندی کے دو سکّے خلیفہ ولید بن عبدالملک

کے زمانے کے ہیں اور دونوں پر ۹۵ھ کندہ ہے۔

بھنبھور میں اس زمانے کے (پانی کے) مٹکے شکستہ حالت میں موجود ہیں۔ قریب ہی کچھ قبریں بھی تھیں جن کو نکال کر شیشے میں رکھا گیا اور اس طرح ان میں شکستگی پیدا ہو گئی ہے۔ بہت ممکن ہے کہ ان قبروں میں سے صحابہ کرامؓ کی قبریں بھی ہوں۔ یہ شہر اسلام سے پہلے بھی تھا۔ لیکن بعد میں شاید شدید زلزلے کا شکار ہوا، کیونکہ بعض نعشوں کے رخ مختلف سمتوں میں پائے جاتے ہیں۔

toobaafoundation.com

ہندستان میں ۲۵ صحابہ کرام کی آمد اور ان کے اسمائے گرامی

جناب محمد اسحٰق بھٹی نے فقہائے ہند۔ جلد اول۔ صفحہ ۱۱۔ ۱۳ (لاہور ۱۹۷۴ء) میں فرمایا ہے کہ ہندوستان میں ۲۵ر صحابہ کرامؓ..... تشریف لائے تھے۔ ان کا مبارک ذکر بھی ہماری فلاح کا ذریعہ ہے۔ وہ یہ ہیں:

عہد فاروقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:۔

(۱) حضرت عثمان بن ابی العاص ثقفی ——— انہوں نے بلاد ہند میں تین جنگیں لڑیں۔
(۲) حکم بن ابی العاص ثقفیؓ بندرگاہ تھانہ اور براچ فتح کیے۔
(۳) مغیرہ بن ابی العاص ثقفیؓ دیبل فتح کیا
(۴) ربیع بن زیاد حارثی مذحجیؓ کرمان اور مکران کے علاقوں میں جہاد کیا۔
(۵) حکم بن عمرو بن مجدع ثعلبی غفاریؓ فاتح مکران۔
(۶) عبداللہ بن عبداللہ بن عتبان انصاریؓ فتح مکران میں شامل تھے۔
(۷) سہل بن عدی بن مالک خزرجی انصاریؓ جنگ مکران میں شریک تھے۔
(۸) شہاب بن مخارق بن شہاب تمیمی یا مازنیؓ (مدرک تھے) فتح مکران میں شریک تھے۔
(۹) صحار بن عباس عبدیؓ جنگ مکران میں شریک تھے۔
(۱۰) عاصم بن عمرو تمیمیؓ نواحی سندھ، سجستان کے علاقے فتح کیے۔
(۱۱) عبداللہ بن عمیر اشجعی اشجعی بلاد سندھ (بعض) فتح کیے۔
(۱۲) تمیم بن زید بن ثور عجلیؓ (مخضرم تھے)۔ بلوچستان کا کچھ حصہ فتح کیا۔

عہد عثمانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:۔

(۱۳) حلیم بن جبلہ عبدیؓ (مدرک) بلاد ہند کے پہلے سیاح۔
(۱۴) عبیداللہ بن معمر بن عثمان قرشی تمیمیؓ فاتح مکران اور اس کے امیر۔
(۱۵) عمیر بن عثمان بن سعدؓ امیر مکران۔
(۱۶) مجاشع بن مسعود بن ثعلبہؓ فاتح بلوچستان۔
(۱۷) عبدالرحمٰن بن سمرہ بن حبیب قرشی عبشمیؓ سجستان اور کابل وغیرہ فتح کیے۔

عہد حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:۔

(۱۸) خریت بن راشد ناجی سامیؓ وارد مکران ہوئے۔
(۱۹) عبداللہ بن سوید تمیمی شقریؓ (مخضرم) غزوہ سندھ میں شامل تھے۔
(۲۰) کلیب بن ابو وائلؓ (صحابی یا تابعی تھے) ہندوستان میں انہوں نے ایک سرخ پھول دیکھا جس پر سفید حروف میں

(۱) مخضرم، جس نے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پایا لیکن حضور ﷺ کی صحبت نہیں پائی گو کہ بعد میں اسلام قبول کیا۔
(۲) مدرک جس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پایا لیکن اس زمانے میں یا بعد میں اسلام قبول کر لیا۔

toobaafoundation.com

محمد رسول اللہ لکھا ہوا تھا۔

عہد امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ:۔

(۲۱) مہلّب بن ابو صفرہ ازدی عتکیؓ (مدرک) بنوں' لاہور اور سندھ میں جنگ کی۔
(۲۲) عبداللہ بن سوار بن ہمام عبدیؓ (مدرک) بعض غزوات ہند میں شریک ہوئے اور شہید ہوئے۔
(۲۳) یاسر بن سوار عبدیؓ (مدرک) قلات کی جنگ میں شریک ہوئے۔
(۲۴) سنان بن سلمہ بن محبق ہذلیؓ ہند کے مفتوحہ علاقوں کے والی مقرر ہوئے۔

عہد یزید بن معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ:۔

(۲۵) منذر بن جارود عبدیؓ بوقان اور قلات وغیرہ کی جنگوں میں شریک ہوئے اور وہیں وفات پائی۔

دو تبع تابعین ابو موسیٰ اسرائیل بن موسیٰ اور ربیع بن صبیح نے سندھ کو اپنا مسکن بنایا۔ ابو موسیٰ صحیح بخاری کے راویوں میں شامل ہیں اور ربیع بن صبیح علم حدیث کے بڑے امام تھے۔ خلیفہ چلپی "کشف الظنون" میں لکھتے ہیں:
"**ھو اول من مصنف فی الاسلام**" وہ پہلا شخص ہے جس نے سب سے پہلے اسلام میں تصنیف و تالیف کا کام شروع کیا" یہ مستقل یہیں رہے اور "السندی" کے نام سے مشہور ہوئے۔ ۱۶۰ ہجری میں سندھ میں ہی وفات پائی۔.....(۱۴)

کنبھ لوچن عرف مولانا اسلامی

محمد بن قاسم کی آمد کے ساتھ ہی یہاں جس پہلے سندھی عالم کا نام ملتا ہے وہ "کنبھ لوچن" عرف مولانا اسلامی ہے۔ وہ اصل دیبل کا باشندہ تھا اور سندھی برہمن تھا۔ وہ سنسکرت کا تو پہلے ہی ماہر تھا۔ محمد بن قاسم کی طرف سے دیبل کی فتح سے پہلے وہ دیبل میں بڑے عہدے پر فائز تھا۔ عرب قیدی انہی کے حوالہ تھے' جنہیں اس نے تکریم کے ساتھ رکھا تھا۔ دیبل کی فتح کے بعد وہ مسلمان ہوا' عربی میں مہارت حاصل کی' اسلامی فقہ میں اسے ممتاز مقام حاصل ہوا۔ عالم بننے کے بعد اسے مولانا اسلامی کے نام سے موسوم کیا جانے لگا۔ اس کی قابلیت کے پیش نظر محمد بن قاسم نے دیبل پورٹ کے رونیو کا حاکم اعلیٰ بنایا۔ محمد بن قاسم نے راجا داہر کی طرف جو وفد روانہ کیا تھا' اس کی قیادت مولانا اسلامی نے کی تھی راجہ داہر کے دربار میں داخلہ کے بعد مولانا اسلامی پہلے کی طرح آداب نہیں بجالائے البتہ اسلامی طور پر سلام کیا' جس پر راجہ داہر سخت نالاں ہوا اور کہا کہ تم پہلے کی طرح آداب کیوں نہیں بجالائے انہوں نے جواب دیا کہ اب میں نے اسلام قبول کرلیا ہے آداب کا وہ طریقہ چونکہ اسلام کے خلاف ہے اس لیے میں اب اس طریقہ کا قائل نہیں' راجہ داہر نے کہا اگر تم نمائندہ بن کر نہ آتے تو سزا دیتا۔ مولانا اسلامی' پہلی صدی ہجری یعنی ساتویں صدی عیسوی کے سندھی عالم تھے۔.....(۱۵)

امام اوزاعی

امام اوزاعی بھی سندھ کی پہلی ہجری کی شخصیت ہیں۔ ان کے والد غلام بن کر بغداد آئے تھے۔ امام اوزاعی کا

toobaafoundation.com

اصل نام عبدالرحمٰن ہے والد کا نام عمرو ہے یہ شیخ الاسلام عبدالرحمٰن بن عمرو اوزاعی کے نام سے مشہور ہیں۔ ان کی پیدائش بغداد کے قریب ایک گاؤں میں ۸۸ھ میں ہوئی۔ امام اوزاعی فقہ کے ایک مذہب کے بانی تھے شام اور اسپین میں ایک عرصہ تک ان کے پیروکاروں کی بڑی تعداد موجود رہی۔ امام مالک' سفیان ثوری' عبداللہ بن مبارک' یحییٰ بن سعید قطان جیسے جلیل القدر محدث ان کے شاگردوں میں شمار کیے جاتے ہیں۔ امام احمد بن حنبل' امام ابو اسحاق فزاری' اسماعیل بن عباس' عبداللہ بن مبارک اور سفیان ثوری نے ان کا ذکر کیا ہے۔ امام اوزاعی امام اعظم کے ہم عصر تھے۔ امام اعظم ان کے علم کے معترف اور قدردان تھے۔.....(۱۶)

ابن مہدی کہتے ہیں کہ شام میں اوزاعی سے زیادہ حدیث کو سمجھنے والا کوئی نہیں' ایک بار سفیان ثوری اور امام اوزاعی' امام مالک کی خدمت میں پہنچے انہوں نے فرمایا یہ دونوں علم میں ایک دوسرے سے بڑھکر ہیں لیکن اول الذکر علم و مذہب میں امامت کی صلاحیت کے حامل نہیں' جب کہ دوسرے امامت کی صلاحیت سے بہرہ ور ہیں امام اوزاعی کی وفات ۱۵۶ھ میں بیروت میں حمام میں اچانک آگ لگنے سے ہوئی۔.....(۱۷)

ابو معشر بن عبدالرحمٰن سندھی:۔

آپ کا شمار حدیث کے راویوں میں ہوتا ہے آپ نے حضرت ابو امامہ سہل بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زیارت کی ہے۔ ان کی متعدد روایتیں صحاح ستہ کی مشہور کتاب ترمذی شریف میں موجود ہیں۔ حدیث مغازی اور فقہ میں آپ کو کمال حاصل تھا' بالخصوص مغازی کے فن میں امام کی حیثیت حاصل تھی ان کی تصانیف "**المغازی**" کو ممتاز مقام حاصل ہے آپ نے یہ کتاب مدینہ منورہ میں ۱۷۰ھ میں لکھی۔ ابن ندیم نے "**الفہرست**" میں اس کا ذکر کیا ہے۔ امام سفیان ثوری' علامہ ذہبی' امام احمد بن حنبل' خطیب بغدادی اور ابو نعیم خلیل نے ان کے علم و فضل کی تعریف کی ہے۔ آخر میں ان کا حافظہ کمزور ہو گیا تھا چنانچہ علامہ ذہبی کہتے ہیں:

ابو معشر حافظہ کی کمزوری کے باوجود علم کے مخزن ہیں۔.....(۱۸)

خلیفہ مہدی نے آپ کو ایک ہزار دینار کے معاوضہ پر مدینہ منورہ سے بغداد بلا لیا۔ آپ کی وفات ۱۷۰ھ میں ہوئی' خلیفہ ہارون الرشید نے نماز جنازہ پڑھائی۔

حافظ ابو محمد خلف بن سالم سندھی:۔

یہ سندھ سے بغداد آئے یہاں آل مہلب کے غلام بن کر رہے بغداد کے علمی مراکز سے علم حدیث حاصل کیا۔ ان کے استادوں میں **ہشیم**' ابن بشر' یحییٰ بن سعید قطان' عبدالرحمٰن بن مہدی' اسماعیل بن علیہ' سعد بن ابراہیم بن سعد' یعقوب بن ابراہیم' عبدالرزاق بن ہمام وغیرہ ہیں جبکہ شاگردوں میں چند نمایاں شاگرد یہ ہیں اسماعیل بن ابی حارث' حاتم بن لیث' یعقوب بن شیبہ' جعفر طیالسی' یعقوب بن یوسف مطوعی' حسن بن علی معمری' احمد بن حسن بن عبدالجبار صوفی وغیرہ ہیں۔ امام احمد بن حنبل' امام نسائی اور خطیب و ابن حجر نے آپ کا ذکر کیا ہے ابن حجر عسقلانی نے آپ کو حافظ الحدیث قرار دیا ہے۔ خلف بن سالم کے بارے میں ذہبی نے الحافظ المسجود کے ساتھ یہ بھی لکھا ہے **من اعیان اھل البغداد**' بغداد کے اعیان المحدثین میں سے تھے۔ ایک بار امام احمد بن حنبل سے خلف بن

toobaafoundation.com

سالم کے بارے میں دریافت کیا گیا تو فرمایا: ان کے صدق میں شک نہیں کیا جاسکتا۔.....(۱۹) ان کا انتقال ۲۳۱ھ میں ۶۱ر سال کی عمر میں ہوا۔

امام ابن علیہ:۔

آپ کے دادا سندھ کے علاقہ قیقان کے باشندے تھے۔ وہ جنگی قیدی بن کر کوفہ گئے۔ امام ابن علیہ اپنی والدہ علیہ بنت حسان کی نسبت سے "ابن علیہ" کی کنیت سے مشہور ہیں۔ آپ کی پیدائش ۱۱۰ھ کی ہے۔ آپ کے اساتذہ اور شیوخ میں سے کچھ کے اسمائے گرامی یہ ہیں: عبداللہ بن عدون بن ارطبان' ایوب بن ابو القسیمہ سختیانی' سلیمان بن طرفانی تیمی' ابوبکر داؤد بن ابوہند' سہل بن ابو صالح' ابو ریحانہ عبداللہ بن سطر وغیرہ۔ ان حضرات کے علاوہ خلق کثیر سے انہوں نے حدیث کی روایت کی ہے۔.....(۲۰) امام ابن علیہ سے جلیل القدر آئمہ نے روایت کی ہے جن میں امام احمد بن حنبل اور امام شافعی بھی شامل ہیں۔ ان کے اساتذہ و شیوخ میں سے امام شعبہ اور ابن جدیج اور معاصرین میں سے حماد بن زید نے ان سے تعلیم حاصل کی۔ امام ابن علیہ نے ۱۳ر ذوقعہ ۱۹۳ھ میں بغداد میں وفات پائی۔ ان کا خاندان بیت العلم تھا صدیوں تک اس میں فقہاء اور محدثین پیدا ہوتے رہے۔.....(۲۱)

ابو عطاء سندھی:۔

ان کا نام افلح یا مرزوت بن یسار تھا ان کا شمار عباسی دور کے بلند پایہ شعراء میں ہوتا تھا۔ سندھ اور ہند کے عربی شعراء میں جو شہرت و ناموری ان کو نصیب ہوئی کسی دوسرے کو نہیں ملی۔ ابو عطاء سندھی کو بڑے بڑے امیروں اور بادشاہوں کی طرف سے انعامات دیئے گئے۔ دیوان الحماسہ کے باب الحماسہ اور باب الطراثی میں ان کے اشعار درج ہیں عجمی ہونے کی وجہ سے ان کے تلفظ کی ادائیگی صحیح نہ تھی' ہجرت کو ہزرت کہتے تھے اور ش کو س کہتے تھے۔ چنانچہ انہوں نے سلمان بن سلیم سے ایک غلام لیکر اس کا نام عطار کھا اور اسے بیٹا بنا کر خود کو ابو العطاء کی حیثیت سے متعارف کیا ابو العطاء کے اشعار وہ "عطاء" ہی پڑھتے تھے۔.....(۲۱)

عبد بن حمید بن نصر الکسی السندی

ان کا نام حمید الکسی تھا ذہبی اپنی کتاب تذکرۃ الحفاظ میں لکھتے ہیں: وہ زبردست امام و حافظ الحدیث تھے ان کی کنیت ابو محمد تھی۔ ان کی تالیفات میں "مسند کبیر" اور "تفسیر" مشہور ہیں انہوں نے یزید بن ہارون' محمد بشیر العبدی' علی بن عاصم' حسین بن علی جعفی' ابو اسامہ اور عبدالرزاق سے حدیث پڑھی۔ ان کے شاگردوں میں امام مسلم' ابراہیم بن خزیمہ الشاشی مشہور ہیں۔ امام بخاری نے ان سے تعلیق لی ہے۔ انہیں حدیث کے بڑے اماموں میں تسلیم کیا گیا ہے' ان کی وفات ۲۴۹ھ میں ہوئی۔.....(۲۲)

محمد بن احمد البیرونی السندی الخوارزمی

تاریخ آداب اللغۃ میں ہے: ابو ریحان البیرونی کی نسبت بیرون کی جانب ہے جو سندھ کا ایک شہر ہے وہ خوارزمہ

toobaafoundation.com

(خیوا) میں ۳۶۲ھ میں پیدا ہوئے۔ جب سلطان محمود غزنوی نے ۴۰۷ھ میں خوارزم فتح کیا تو وہ انہیں اپنے ساتھ غزنی لے آیا۔ یہاں انہوں نے سائنس اور ریاضی کے کئی شعبوں میں تحقیق شروع کی۔ وہ جغرافیہ کے بھی ماہر تھے' فلسفی تھے اور سیاح بھی۔ ان کی کتابیں بہت مشہور ہوئیں اہم اور نمایاں کتابوں میں کچھ کتابیں یہ ہیں۔ (۱) **آثار الباقیہ عن القرون الخالیہ** یہ کتاب تقویم پر ہے اس کا انگریزی میں بھی ترجمہ ہوچکا ہے۔ (۲) کتاب **الھند** اسے "سخاؤ" نے انگریزی میں ترجمہ کیا ہے۔ (۳) **التفھیم لاوائل صناعتہ التنجیم** یہ ہندسوں' فلکیات اور نجوم کے بارے میں ہے اس کے نسخے انگلینڈ' جرمنی اور مصر میں موجود ہیں۔ (۴) **القانون المسعودی فی ھیتہ و النجوم**' یہ کتاب جرمنی اور انگلینڈ میں موجود ہے۔ (۵) **رسالتہ فی الاسطرلاب** یہ کتاب فرانس اور جرمنی میں موجود ہے۔ (۶) **متیعاب وجوہ الممکنتہ فی صنعتہ الاسطرلاب**' یہ کتاب جرمنی اور فرانس میں موجود ہے۔ (۷) **استخراج الاوتار**' یہ کتاب لندن میں موجود ہے۔ (۸) **رسالتہ فی لاسیکاۃ الھند**' یہ بھی لندن میں موجود ہے۔ (۹) **مبحث فی مبادالعلوم** یہ فارسی میں تحریر کیا تھا اس کے عربی کے ترجمے کا ایک نسخہ پیرس میں موجود ہے۔ (۱۰) **رسالتہ فی سہم السعادتہ و الغیب** یہ کتاب لندن میں موجود ہے۔ (۱۱) **کتاب الجماھر فی معرفتہ الجواھر**' یہ کتاب مصر میں موجود ہے۔ ابو ریحان البیرونی کا انتقال ۴۴۰ھ میں ہوا۔.....(۲۳)

ابراہیم بن السندی بن شاھک

یہ سندھی قیدیوں میں سے تھے۔ حکومت عباسیہ میں ملازم تھے۔ ان کے والد سندھی بن شاہک قاضی تھے۔ حافظ لکھتے ہیں: ابراہیم کی شخصیت ایسی ہے جس کی مثال ملنا مشکل ہے وہ زبردست خطیب ہیں اور انساب کے ماہر بھی۔ وہ اعلیٰ پائے کے محدث' فقیہ' نحوی اور شاعر بھی تھے۔ اس کے ساتھ ساتھ نجوم اور طب کے ماہر بھی تھے۔ انہیں فلسفیوں کا سردار کہا جاتا تھا۔ سوتے کم تھے۔ حافظہ غیر معمولی طور پر تیز تھا انہوں نے عبداللہ بن صالح' عباس بن محمد' اسحاق بن عیسیٰ' اسحاق بن سلیمان اور ایوب بن جعفر سے علم حاصل کیا تھا۔.....(۲۴)

شیخ ابو علی (سندی) سندھی

یہ تیسری صدی کے سرخیل صوفیاء میں سے تھے۔ ان کی جلالت شان اور علو مرتبت میں یہ امر کیا کم ہے کہ وہ حضرت بایزید بسطامی متوفی ۲۶۱ھ کے شیخ و مرشد ہیں۔ حضرت بایزید بسطامی کا بیان ہے کہ میں نے ان سے فنا اور توحید کا علم سیکھا اور انہوں نے مجھ سے الحمدللہ اور قل ھواللہ احد سیکھا ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ میں ان کو فرائض اور واجبات کے بارے میں بتاتا تھا وہ مجھے توحید و حقائق کی تعلیم دیتے تھے۔ بایزید بسطامی کا بیان ہے کہ ایک دن شیخ ابو علی سندی میرے پاس اس حال میں آئے کہ ان کے ہاتھ میں ایک زنبیل تھی' انہوں نے اسے میرے سامنے جھاڑ دیا تو انواع و اقسام کے جواہر بکھر گئے' میں نے پوچھا کہ یہ جواہر کہاں سے ملے؟ فرمایا کہ میں ایک مقام سے گزر رہا تھا راستہ میں یہ چراغ کی طرح چمک رہے تھے' میں نے ان کو اٹھالیا میں نے پوچھا' اس وقت آپ کس حال میں تھے فرمایا فترت کا وقت تھا۔.....(۲۵)

ابو محمد دیبلی

toobaafoundation.com

ابو محمد دیبلی بھی سندھ کے بڑے پایہ کے بزرگوں میں شمار ہوتے ہیں۔ خطیب بغدادی نے شیخ ابو محمد جریدی (احمد بن محمد بن حسین جریدی متوفی ۳۱۱ھ) کے حال میں ان کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ حضرت جنید کی وفات کے وقت میں نے ان سے دریافت کیا کہ آپ کے بعد ہم سلوک و معرفت کے لیے کس کے پاس جائیں تو فرمایا "ابو محمد جریری کے پاس جانا"۔ اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ شیخ ابو محمد دیبلی حضرت جنید (متوفی ۲۹۷ھ) کے مقربین میں سے تھے اور مسترشدین میں ان کو خصوصیت حاصل تھی۔.....(۲۶)

سندھ کی فتح کے بعد جو شہر اسلامی علوم و فنون کا اعلیٰ مرکز شمار ہونے لگا وہ دیبل تھا۔ دیبل میں ابو العباس احمد بن عبداللہ، ابوبکر احمد بن ہارون، ابراہیم بن محمد، ابو محمد حسن حامد، ابوالقاسم حسین بن محمد، خلف بن محمد، شعیب بن محمد، علی بن احمد، علی بن موسیٰ، ابو جعفر، محمد بن ابراہیم دیبلی ثم مکی وغیرہ محدث اور مفسر پیدا ہوئے جن میں کچھ صحاح ستہ کے مترشدین، بعض جامعین کے اساتذہ ہیں یہاں دیبل کے کچھ علماء کا ذکر کیا جاتا ہے۔

شعیب بن محمد دیبلی

ابوالقاسم شعیب بن محمد بن احمد بن شعیب بن شوذب دیبلی، یہ ابن ابی قطران کے نام سے مشہور تھے۔ طلب علم کے لیے دیبل سے مصر گئے، جہاں وہ علوم حدیث کے ماہر ہوئے۔ شیخ ابو سعید بن یوسف نے ان سے حدیثیں قلمبند کی ہیں۔

ابراہیم بن محمد دیبلی

شیخ ابراہیم بن محمد بن اھیم بن عبداللہ دیبلی یہ چوتھی صدی کے مشہور عالم اور محدث ہیں انہوں نے موسیٰ بن ہارون اور محمد علی بن الصاذغ الکبیر سے حدیث کی روایت کی ہے۔ سمعانی نے "کتاب الانساب" میں اور یاقوت حموی نے معجم البلدان میں ان کا ذکر کیا ہے۔

ابو جعفر محمد بن اہیم دیبلی

یہ تیسری صدی ہجری کے مشہور محدث ہیں، عراق میں رہتے تھے ان کا اہم کام یہ ہے کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خطوط کا مجموعہ "مکاتیب الرسول" کے نام سے مرتب کیا ہے۔

علی بن موسیٰ دیبلی

شیخ علی بن موسیٰ دیبلی چوتھی صدی ہجری کے بزرگ ہیں۔ اصحاب حدیث میں سے ہیں اور عالم الحدیث کے نام سے مشہور ہیں۔ ان سے شیخ خلف بن محمد موازینی دیبلی نے روایت کی ہے۔.....(۲۷)

منصورہ: منصورہ جو سندھ کا دارالحکومت تھا۔ علم و فضل کے اعتبار سے اس کی حیثیت پوری اسلامی دنیا میں نمایاں تھی۔ یہاں منصورہ کی کچھ علمی حیثیت اور اس کے کچھ ممتاز علماء و فضلاء کا ذکر کیا جاتا ہے۔ منصورہ کی علمی اور

toobaafoundation.com

مذہبی حالت کے بارے میں بشاری مقدسی "احسن التقاسیم" میں لکھتے ہیں: منصورہ سندھ کا سب سے بڑا شہر ہے اور اس کا دارالحکومت ہے 'یہاں کے باشندے نہایت لائق اور بامروت ہیں' ان کے اندر اسلامی صفات موجود ہیں یہاں اہل علم کی تعداد بہت زیادہ ہے لوگوں میں ذہانت اور ذکاوت موجود ہے۔ یہاں لوگ صحیح مسلک پر قائم ہیں' نیک اور پاک دامن لوگ ہیں۔.....(۲۸)

قاضی ابو محمد منصوری

یہاں کی سب سے اہم شخصیت شمار ہوتی تھی ان کے بارے میں بشاری مقدسی لکھتے ہیں: میں نے یہاں قاضی ابو محمد منصوری کو دیکھا جس کا داؤدی (ظاہری) مذہب تھا۔ اپنے مذہب (مسلک) میں امام کا درجہ حاصل تھا درس کا حلقہ نہایت وسیع ہے بہت ساری تصانیف موجود ہیں جن میں کچھ کتابیں تو نہایت عمدہ ہیں منصورہ میں قاضی ابو محمد کے ہاں ایک مدرسہ کا بھی پتہ چلتا ہے۔.....(۲۹)

قاضی محمد ابن شوراب منصوری سندھی

۲۸۳ ھجری میں منصورہ میں سندھ میں قاضی القضاۃ (چیف جسٹس) کی حیثیت سے مقرر ہو کر آئے۔.....(۳۰) ممتاز اور لائق انسان تھے۔ خلیفہ بغداد اور اس کے شہزادے ان کی صحبت سے مستفیض ہوتے تھے۔ چھ ماہ تک اپنے عہدے پر رہے ۲۸۳ھ کے آخر میں انتقال کر گئے۔ ان کی اولاد نے منصورہ میں مستقل طور پر سکونت اختیار کی۔

ابو العباس احمد بن محمد بن صالح التمیمی المنصوری

منصورہ کے باشندے تھے۔ بعد ازاں عراق میں جا کر آباد ہوئے۔ ابو العباس کنیت تھی۔ سمعانی "کتاب الانساب" میں لکھتا ہے داؤد الاصفہانی مذہب (مسلک) کے مشہور امام تھے۔ فارس جا کر انہوں نے الاثرم اور اس کے طبقہ سے حدیث کی سماعت کی۔ ان سے الحاکم ابو عبید اللہ الحافظ (صاحب مستدرک) نے حدیث روایت کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ انہوں نے جو عالم دیکھے ہیں ان میں وہ سب سے زیادہ ظریف الطبع تھے۔.....(۳۱)

المنصوری کے عنوان کے تحت ابن ندیم ان کے بارے میں لکھتا ہے کہ: ابو العباس کنیت تھی۔ داؤدی مسلک کے جید عالموں میں شمار ہوتا تھا۔ ان کی کتابوں کے نام یہ ہیں:(۱) المصباح الکبیر (۲) کتاب الھادی (۳) کتاب السیر

سندھ کے ممتاز عالم مخدوم امیر احمد نے سندھی علماء اور ان کی عربی تصانیف کے نام سے اپنے ایک مقالہ میں کچھ نامور سندھی علماء کا ذکر کیا ہے یہاں ان میں سے کچھ علماء کا ذکر کیا جاتا ہے مخدوم صاحب لکھتے ہیں:

چوتھی صدی ہجری کے آخر میں سندھ سے عربوں کی حکومت کا خاتمہ ہوا' اس لیے عربی کا رواج کم ہونا شروع ہوا۔ تاہم سندھ میں علماء کرام کا طبقہ موجود رہا' جو عربی اور دینی علوم کی خدمت کرتا رہا' ان کا علمی پایہ نہایت بلند تھا۔ چنانچہ عرب کے معاصر علماء ان کے علمی تبحر کے معترف تھے۔ بلکہ عربی علماء ان کی شاگردی بھی اختیار کرتے

toobaafoundation.com

رہے۔ مثلاً دسویں صدی ہجری کے آخر میں مخدوم رحمتہ اللہ علیہ سندھی تھے' جنہوں نے حجاز میں شیخ الحرمین الشریفین (مکہ و مدینہ کے عالموں کے استاذ) کا لقب حاصل کیا۔ اس کے بعد مخدوم ابن الحسین بن محمد بن عبدالھادی سندھی تھے جنہوں نے "صحاح ستہ" کی حدیث کی مشہور کتابوں کی عربی میں شرح لکھیں یہ شرحیں اب تک علماء میں معتبر اور مستند سمجھی جاتی ہیں۔ اس میں بخاری شریف اور نسائی کی شرح مصر اور ہندوستان سے شائع ہوئی ہیں۔.....(۳۲)

مخدوم ابوالحسن سندھی کبیر

یہ ٹھٹھہ میں پیدا ہوئے۔ مقامی علماء سے تحصیل علم کے بعد مدینہ منورہ میں مستقل طور پر آباد ہوئے۔ وہاں الشفاء کے نام سے مدرسہ قائم کیا۔ جو آج بھی موجود ہے' مدرسہ سے منسلک ایک کتب خانہ بھی موجود ہے مخدوم صاحب حدیث کے محقق اور حافظ تھے۔ موصوف نے صحاح ستہ پر حاشیہ لکھے ہیں۔ مسند امام احمد بن حنبل اور اذکار نوویہ پر بھی انہوں نے حاشیے تحریر کیے ہیں موصوف نے علامہ ابن حجر کی کتاب شرح نخبۃ الفکر پر بھی حاشیہ تحریر کیا ہے ان کا انتقال مدینہ منورہ میں ہوا۔.....(۳۳)

شیخ محمد حیات سندھی:

شیخ محمد حیات بن ابراہیم چاچڑ قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے۔ عادل پور ضلع سکھر کے باشندے تھے۔ ان کی ولادت مدینہ منورہ میں ہوئی۔ انہوں نے ابتدائی تعلیم سندھ میں حاصل کی۔ بعد میں حجاز مقدس میں مستقل سکونت اختیار کی۔ وہاں شیخ ابوالحسن کبیر' شیخ عبداللہ بن سالم البصری' شیخ ابو طاہر کورائی اور شیخ حسین عجمی جیسے فاضل علماء سے فیض حاصل کیا۔ شیخ ابوالحسن کی رحلت کے بعد ۳۴ سال تک ان کی مسند پر بیٹھ کر حدیث کا درس دیتے رہے۔ ان کی تصنیفات درج ذیل ہیں۔ منذری کی کتاب "الترغیب والترھیب" کی مختصر دو جلدیں۔ امام نووی کی کتاب اربعین کی شرح' تحفۃ الانام فی العمل بحدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور رسالہ ردبدعۃ تعزیہ وغیرہ۔ شیخ کے شاگردوں کی فہرست طویل ہے جن میں شیخ عبدالقادر کوکبانی' شیخ محمد سویدی' شیخ ابوالحسن صغیر سندھی' سید غلام علی آزاد بلگرامی' اور فاخر الہ آبادی جیسے جلیل القدر علماء شامل ہیں۔ شیخ نے ۱۱۶۳ھ میں وفات پائی اور جنت البقیع میں دفن ہوئے۔.....(۳۴) بعض محققوں نے محمد حیات سندھی کو سعودی عرب کے فکری شیخ جناب محمد عبدالوھاب نجدی (المتوفی ۱۲۰۶ھ) کے استادوں میں شمار کیا ہے۔.....(۳۵)

مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی:

مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی کو اپنی ہمہ جہتی خوبیوں' صلاحیتوں اور دینی خدمات کی بناء پر وہ مقام حاصل ہے جو برصغیر ہند میں شاہ ولی اللہؒ کو حاصل تھا۔ مخدوم صاحب نے مختلف علوم مثلاً ادب' تاریخ' فقہ' تصوف' علم کلام'

toobaafoundation.com

تفسیر، حدیث وغیرہ پر ساڑھے تین سو کتابیں لکھی ہیں۔.....(۳۶) مخدوم صاحب کی سندھی، فارسی اور عربی میں کتابیں لکھی ہوئی ہیں۔ زیادہ تر کتابیں عربی مین ـــــ ہیں ان کی متعدد عربی، فارسی اور سندھی کی کتابوں کو ایڈٹ کرکے محققوں نے پی ایچ ڈی کی ڈگریاں حاصل کی ہیں۔ مخدوم صاحب نے ۱۱۷۴ ہجری میں انتقال فرمایا۔

علامہ مخدوم ملا معین ٹھٹھوی:

یہ بزرگ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے شاگرد تھے اور اپنے دور کے ممتاز عالم تھے۔ یہ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی کے استاد بھی تھے تو معاصر بھی۔ ان کی حدیث کی کتاب "دراسات اللبیب" بلند پایہ کی کتاب ہے دوسری کتابوں میں "قرۃ العین فی البکاء علی الحسین" مشہور ہے۔ یاد رہے کہ یہ بزرگ شاہ عبداللطیف بھٹائی کے دوست اور ساتھی تھے۔ "لطیف" ان کے ہاں بہت زیادہ آتے تھے۔ ملا معین نے وصیت کی تھی کہ ان کی نماز جنازہ شاہ عبداللطیف بھٹائی پڑھائینگے، چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

فقیراللہ علوی (شکارپوری):

یہ بزرگ بھی اپنے دور کے ممتاز فاضل تھے، یہ سلطان الاولیاء مخدوم محمد زمان لواری کے حلقہ سے وابستہ تھے۔ ان کی بہت ساری تصنیفات ہیں، جو لواری شریف کے کتب خانے میں موجود ہیں ان کی سب سے مشہور کتاب فقہ حنفی کی کتاب الدر المختار کی شرح "طوالع الانوار" کے نام سے ہے، یہ چار ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے۔ جس میں فقہ حنفی کے ہر مسئلہ کو قرآن و حدیث سے ثابت کیا گیا ہے۔ اس شرح کا ایک نسخہ مدینہ منورہ میں ہے دوسرا نسخہ لواری کے کتب خانہ میں موجود ہے۔.....(۳۷)

مخدوم عبدالواحد سیوستانی:

سیہون کا یہ ممتاز عالم "نعمان ثانی" کے نام سے مشہور ہے۔ یہ بزرگ اپنے دور کے بڑے فقیہ تھے۔ ان کی کتاب "بیاض واحدی" اسلامی دنیا میں مستند اور مشہور کتاب ہے اس کا پہلا حصہ مولوی محمد قاسم گڑھی یاسین والے نے چھپوایا تھا۔ بیاض واحدی کی اصل کتاب کافی مقامات پر موجود ہے۔.....(۳۸)

مخدوم عبدالرحیم گرھوڑی:

مخدوم صاحب ظاہری اور باطنی دونوں علوم میں یکتائے روزگار تھے۔ ان کی درج ذیل تصانیف

toobaafoundation.com

ہیں: "شرح ابیات سندھی" یہ مخدوم صاحب کی عربی تصنیف ہے جس کا سندھی ترجمہ ڈاکٹر علامہ داؤد پوتہ صاحب نے اصل ابیات کے ساتھ ۱۹۳۹ء میں شائع کیا تھا۔ دوسری کتاب ان کے سندھی کلام پر مشتمل ہے۔ جس میں انہوں نے پیغام پیش کیا ہے اس کتاب کو پروفیسر علی نواز جتوئی صاحب نے مرتب کر کے ۱۹۸۴ء میں شائع کیا ہے۔ مخدوم صاحب کی تیسری تصنیف رسالہ "گل نما" کے نام سے ہے چوتھی کتاب "فتح الفصل" کے نام سے ہے۔ مخدوم صاحب ایک ہندو سوامی سے جہاد کرتے ہوئے ۱۷۷۸ء میں شہید ہو گئے تھے۔

مخادیم کھڑا:

کھڑا ضلع خیرپور کے مخدوم علمی اور دینی خدمات کے اعتبار سے مشہور ہیں۔ مخدوم امیر احمد صاحب ان کے ذکر میں لکھتے ہیں: سندھ میں کچھ خاندان ایسے ہیں جن کے ہاں دینی اور عربی علوم و فنون نسل در نسل ورثے کے طور پر چلتے رہے ہیں اور وقت کے حکمرانوں کی طرف سے قضا اور فتویٰ کی ذمہ داریاں بھی ان کے سپرد رہی ہیں۔ ایسے خاندانوں میں کھڑوں کا مخدوم خاندان بھی شامل ہے۔ یہ خاندان تیسری ہجری میں عرب سے دین کی خدمت اور دعوت و تبلیغ کے سلسلہ میں سندھ میں آیا تھا۔ اس وقت سے میروں کے دور حکمرانی تک فتویٰ، قضا اور تبلیغ دین کے فرائض سرانجام دیتا رہا ہے۔

اس خاندان کے بزرگوں اور ان کی دینی خدمات کا تفصیلی ذکر فارسی کتاب "تذکرہ مخادیم کھڑا" میں موجود ہے۔ اس خاندان کے کتب خانے میں عجیب و غریب کتابیں ہوتی تھیں۔ اس کتب خانہ میں شاہ عبداللطیف بھٹائی کے رسالہ کی عربی زبان میں شرح بھی موجود ہے۔ اس طرح مخدوم عبدالخالق کی بیاض "معدت المسائل" فقہ، حدیث، تفسیر، تصوف اور اخلاق وغیرہ موضوعات پر کافی تحقیقی کتابیں موجود ہیں۔.....(۳۹)

سندھ کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام اور تابعین سے تعلقات اور سندھ کی قرآنی اور اسلامی علوم کی ممتاز فاضل شخصیتوں کا جو تعارفی خاکہ یہاں پیش کیا گیا ہے۔ وہ مختصر تعارفی خاکہ ہے یہ نہایت تفصیل طلب موضوع ہے جس کی تفصیلات ضخیم کتاب میں ہی سمائی جا سکتی ہیں۔ ہم نے کوشش کی ہے کہ باب الاسلام سندھ کے

toobaafoundation.com

حوالہ سے اسلام کے ابتدائی دور کی مقدس شخصیات اور پاکیزہ اسلامی مراکز کے ساتھ سندھ کے تعلق اور سندھ میں ابھرنے اور نمایاں ہونے والی دینی اور علمی شخصیات کا اس طرح ذکر کیا جائے کہ سندھ کے باب الاسلام کی حیثیت اجاگر ہوسکے۔

سندھ کی زبان و ادب اور تہذیب پر اسلامی تہذیب کے اثرات

یہاں یہ جائزہ لینا اور دیکھنا بھی ضروری ہوگا کہ سندھ میں قرآنی علوم کے حاملین اور عربوں کی حکومت اور علماء و فضلاء کی کثرت کی وجہ سے سندھ کی زبان' تہذیب اور انداز فکر پر کیا اثر پڑا اور قرآنی اسلامی علوم نے سندھ و اہل سندھ کو کس طرح متاثر کیا اور اہل سندھ کے اسلامی مزاج میں کس طرح پختگی پیدا ہوتی رہی۔

اس سلسلہ میں ہم یہاں بعض ممتاز محققوں کے اقتباسات پیش کرتے ہیں "ڈاکٹر نبی بخش بلوچ صاحب لکھتے ہیں: سندھ میں عربی دور کے ابتدا سے عربوں کی آبادیاں قائم ہوگئی تھیں۔ اہل سندھ کے عرب ملازموں' ماہروں اور عالموں سے گہرے معاشرتی تعلقات پیدا ہوگئے۔ عربوں نے سندھ کو اپنا وطن بنایا' ان کی دائمی رہائش کی وجہ سے عربوں اور سندھیوں کے درمیان شادیاں ہوئیں اور رشتہ داری کے تعلقات قائم ہوئے۔ عرب اور سندھی آپس میں اتنے قریب ہوئے کہ اہل سندھ کی سماجی زندگی پر اس کا اثر پڑا۔ اسلام کے اثرات نے عام لوگوں کی روزمرہ زندگی کو غیر معمولی طور پر متاثر کیا"۔

"اس اجتماعی نفسیات کا زبان کی نفسیات پر بھی گہرا اثر پڑا۔ بے شمار عربی الفاظ سندھی زبان میں داخل ہوئے۔ چنانچہ زبان کی لغت میں اضافہ ہوا۔ ان میں مذہب' معاشیات' معاشرتی زندگی' زراعت' تجارت' ابلاغ' صنعت' مواصلات' جنگ' انتظامی امور اور دوسرے کئی الفاظ داخل ہوئے اسلامی حکومت کے اثرات کی وجہ سے جہاں عربی زبان کے ہزاروں الفاظ سندھی لغت کا حصہ بنے۔ وہاں دونوں تہذیبوں کے اتصال سے کئی سندھی الفاظ عربی زبان میں شامل ہوئے۔ عرب سیاحوں اور محققوں نے دوران سفر سندھ میں بیشمار سندھی الفاظ عربی زبان میں استعمال ہوتے ہوئے سنے۔ سندھی زبان میں اس طرح کے الفاظ کے عربی میں استعمال کا خاص سبب یہ تھا کہ بہت ساری پنسار کی چیزیں اور روزمرہ کے استعمال کی عام چیزیں تھوم' گرم مصالح' کپڑے' ستیاں' بھکیاں وغیرہ سندھ کی منڈیوں سے عربستان' ایران اور دوسرے ملکوں کی طرف بھیجی جاتی تھیں' سندھی حکیموں اور ماہروں نے طب کی کتابوں اور ویدوں

toobaafoundation.com

کا عربی میں ترجمہ کیا۔۔۔۔۔۔(۴۰)

اس کے بعد ڈاکٹر بلوچ صاحب نے وہ سندھی الفاظ دیئے ہیں جو آج بھی عربی میں مستعمل ہیں: "زراعت میں "ھاری" اور "مجیری" کے بنیادی نام، عربی لغت اور اس کے زیر اثر سندھی زبان کا حصہ بنے۔ "ھاری" اگر "ھر" سے اسم فاعل ہے تو بھی عربی زبان کے زیر اثر اور اگر "حارث" سے مشتق ہے تو بھی عربی کے زیر اثر۔ "ھرلی" یا چرخہ کیلئے عربی لفظ "ناعورہ" سے سندھی میں "نار" کا نام رائج ہوا۔ اور نار یعنی چرخہ چلانے والے کو ابتدائی دور میں اسم فاعل کی ترکیب کے موجب ناری یعنی چرخہ چلانے والا کہا گیا۔ جس کی تمثیل آج تک "ھاری ناری" کی اصطلاح میں موجود ہے۔ "مجیری" (عربی تلفظ "یجیر" سے مشتق) کے معانی ہیں نگرانی یا حفاظت کرنے والا۔ عراق کی زرخیز و قابل کاشت اراضی کی طرح سندھ کی اراضی کی پیمائش کرنے کے لئے "جریب" کا قدیم عربی لفظ سندھی زبان میں اور اردو میں بھی مروج ہوگیا۔ موجودہ سکھر بیراج کی طرح خلیفہ معتصم باللہ کے دور حکومت میں سندھ کے گورنر موسیٰ بن عمران نے زراعت کی ترقی کے لئے ایک ڈیم یا بند تعمیر کیا۔ جس کا نام رکھا گیا تھا "سکر المید" یعنی میدیا میر بحروں کا پشتہ۔ عربی میں "سکر" کے معنی ہیں بند یا حفاظتی پشتہ کے۔ سکھر شہر کا نام شاید اسی قدیم حفاظتی پشتہ کے نام کی مناسبت سے ہے۔ دریاؤں اور نہروں کے کناروں پر آمدورفت جاری رکھنے کی غرض سے سندھ میں کچے پل بنائے گئے جن کو "پھڑ" کہا جاتا ہے۔ یہ لفظ عربی زبان کے لفظ "فرضۃ" سے ماخوذ ہے۔ اناج کو ناپنے کے لئے سندھی میں لفظ "کاسو" استعمال ہوتا ہے، فارسی میں قاشق چمچے کو بولتے ہیں۔ عوام "کاسو" بولتے ہیں، جو عربی لفظ "کاسد" (برتن) کی یادگار ہے۔ سندھی لفظ "چوتھائی" عربی لفظ "ربع" کا ترجمہ ہے اور خرار جس میں ۲۰ من ہوتے ہیں یہ لفظ دراصل فارسی کا ہے جو عربی سے منتقل ہو کر سندھی میں مشہور و متعارف ہوا۔ پیشہ آہنگری میں مترکہ کا لفظ بہت مشہور ہے، جسے عربی میں "مطرقہ" کہا جاتا ہے۔ اسی طرح سنداڑ کو عربی میں سندان کہا جاتا ہے۔ یہ دونوں الفاظ عربی زبان کی یادگار ہیں۔ جہازرانی میں یہ الفاظ عربی سے سندھی میں وارد ہوئے: "مکڑی" (عربی "مخری" یعنی کشتی کا پانی کی سطح کو چیرتے جانا یا بمعنی کشتی کے) ملاح (عربی میر بحر) زورق (چھوٹی کشتی) وبجھ (فارسی کا لفظ جو عربی سے سندھی میں داخل ہوا) "سکان" (عربی سکان) وغیرہ۔ کسائی کے پیشہ میں لفظ "کاساٹي" (عربی قصاب) کاتي (عربی قاطع) حلیوان۔ چھوٹا بکرا، ذبح، حلال، حرام اور تکبیر، تجارت میں دکان (عربی کے ذریعہ فارسی سے) ساھی، دلال، منیب، بیعانو (عربی بیعانہ) کاپاڑو (عربی قبالہ) کریو یا کرچین (عربی خرج) بقریا باقری (عربی بقال) بجاج (عربی بزاز) حلوو (عربی حلو) قرص، تھوم، بصل (بصر) وغیرہ۔

اھل عرب اور اھل سندھ کے گہرے سماجی و معاشرتی تعلقات کی وجہ سے عام لوگوں کے ناموں کی نوعیت میں بھی تبدیلی واقع ہوئی۔ دشمنوں پر رعب جمانے کے لئے اہل عرب اپنے لوگوں اور

toobaafoundation.com

قبیلوں کے نام کڑوی چیزوں پتہ اور خطرناک جانوروں جیسے نام رکھتے تھے، مثلاً آدمی کا نام حنظلہ (ٹوھ) قبیلے کے نام بنواسد (شیر کے بچے) وغیرہ رکھتے تھے، یہی اثر سندھی ناموں پر پڑا۔ سندھی زبان میں لوگوں کے نام مثلاً ٹوھہ، کوڑو، اک، نر، شینھڑو، سگھو، شیڙ "دگانو، لوھہ، مروڙ وغیرہ اور ذاتوں کے نام ناھر، بگھیاڙ، شبنھڑا، واسینگ وغیرہ عربی نہج پر مگر خاص سندھی زبان میں مروج ہوئے۔ روزمرہ کے استعمال کے لباس میں بھی خاصی تبدیلی واقع ہوئی۔ کپڑوں کے عربی نام سندھی زبان میں جذب ہوگئے۔ مثلاً رئو (عربی رداہ) پوتی (عربی فوطہ) گج (کز) گنڈی (عربی غریطاء) اور صدری۔ گھریلو زندگی میں ابو، امان، دلو، دبکی، تاک، (طبق، طباق) وغیرہ عربی الفاظ سندھی زبان کے حصہ بنے۔

اھل عرب اور اھل سندھ کے معاشرتی تعلقات کا اثر شہروں سے باہر دیہاتی زندگی کے اٹھنے بیٹھنے کے طور طریقوں بالخصوص مویشیوں کی پرورش اور اونٹوں، گھوڑوں بھیڑ، بکری، گائے وغیرہ کو پالنے کے پیشہ پر بھی واقع ہوا۔ مویشی کے مالکان نے اپنے جانوروں کی پہچان کے لئے عربوں کی قدیم رسم سے متاثر ہوکر ان کو داغنا شروع کیا۔ مویشیوں کو داغنے کا سلسلہ جس قدر عرب، ایران اور سندھی قبائل میں مکمل طور پر مروج نظر آتا ہے، اتنا دنیا کے کسی اور قوم میں نہیں ملتا۔ سندھ میں عربی گھوڑوں اور اونٹوں کے نسل کی افزائش اور پرورش کا سلسلہ شروع ہوا۔ یمن کے قبیلہ "مھرۃ بن حیدان" کے اونٹوں کی نسل سے سندھ میں مھری اونٹوں کی نسل وجود پذیر ہوئی اور اچھے اونٹوں پر مھری کا نام پڑ گیا۔ گھوڑوں میں سے "ابلق" "کمیت" کی بنیاد غالباً عراقی نسل کے عربی گھوڑوں سے پڑی اور سواری کے گھوڑوں کا نام "عیراق" پڑ گیا۔ جس طرح شاہ صاحب فرماتے ہیں:

"ڪڏھن پُرن پيادا پَت تي، ڪڏھن آڻيندن عراق"

(ڪيڙ شاھہ)

جس طرح عربی زبان میں اونٹوں اور گھوڑوں کی اقسام، رنگوں، مناصلہ، امراض، علاج معالجہ کے لحاظ سے کے جدا جدا نام تھے اسی طرح سندھی زبان میں بھی جدا جدا نام مشہور ہوئے۔ اونٹ کے پیدائش سے ہر سال کی عمر کے حساب سے نام جدا جدا متعارف ہوئے۔ پیدا ہوتے وقت گونڑ یا مزات (عربی ما + زاد) دو سال کا بھاٹ۔ تین سال کا تھاٹ۔ چار پانچ سال کا چڑھٹ۔ چھ سال کا دئوک۔ سات سال کا چوگو۔ آٹھ سال کا چھگو اور نو سال نیش (یعنی نو سال کا جوان اونٹ جو بالکل عربی لفظ بازغ کے ہم معنی ہے) اس کے بعد ۹ سے ۱۲ سالوں تک بنیش اور ۱۲ سال کے بعد رموش کہا جاتا ہے۔ اسی طرح عمر کے حساب سے گھوڑوں کے نام مشہور ہیں۔ وچیرو، سَرل، دوڪ، چوسال، پانجاریو، وغیرہ۔ رنگ کے مطابق گھوڙو وري، ڪميت، جابون، نيرو، بور، مشڪي، چينو، نقرو، ڀگلو، ابلق، سنجاف، سرخو، مڪڙو، سمند، پنج ڪلياڻ، ڪبوترو، ديناري وغيره

بعینہ دیگر مویشیوں اور اشیاء کے نام عربی سے سندھی زبان میں منتقل ہوکر مروج اور زبان زدعام وخاص ہوگئے۔

toobaafoundation.com

مخدوم امیر احمد صاحب لکھتے ہیں: یہ تاریخی حقیقت ہے کہ ۹۳ ہجری میں جب عربوں نے سندھ فتح کیا تو وہ اپنے ساتھ عربی زبان اور عربی تہذیب بھی لے آئے۔ جس طرح انہوں نے مصر' افریقہ اور دوسرے قریبی ملکوں کو عربی تہذیب میں رنگ کر عرب کا جزو بنایا' اسی طرح سندھ میں بھی ہیں' پچیس سالوں کے مختصر عرصہ میں عربی کا اتنا چرچا ہونے لگا کہ ابن بطوطہ کے بقول عام دیہاتی بھی عربی بولتے رہے' سندھی ادیبوں نے عربی زبان میں اتنی صلاحیت پیدا کرلی تھی کہ خالص عربی ادیبوں اور شاعروں کی صف میں کھڑے ہوگئے۔ ان کے نام عربوں کی پہلی صف کے شاعروں اور ادیبوں میں شامل ہونے لگے۔ مثلاً ابوالعطاء سندھی' جن کے کئی شعر ابن اثیر نے اپنی تاریخ میں نقل کیے ہیں اور "ابو تمام طائی" نے دیوان حماسہ میں درج کیے ہیں۔ ابوالعطاء سندھی کا دیوان ڈاکٹر نبی بخش بلوچ صاحب نے مرتب کیا ہے جسے سندھ ادبی بورڈ نے شائع کیا ہے۔.....(۴۱)

سندھ میں تقریباً ڈھائی سو سال تک عربوں کی حکومت رہی۔ اس دوران سندھ میں سندھی اور عربی دونوں زبانیں رائج تھیں۔ اور عوامی سطح پر بولی اور سمجھی جاتی تھیں۔ ابن حوقل نے ۳۶۷ ہجری میں اپنا سفرنامہ مرتب کیا جس میں سندھ اور اس سے متصل علاقوں کے حالات کی تفصیل بیان کی ہے وہ لکھتا ہے: اہل منصورہ اور اہل ملتان کی زبان عربی اور سندھی ہے۔ اسی طرح بشاری مقدسی ۳۷۵ ھجری میں سندھ آیا تھا اس کی تحقیق بھی یہی ہے۔ اصطخری کا بیان ہے کہ: "منصورہ (موجودہ سندھ) ملتان اور اس کے اردگرد کے علاقوں کی زبان عربی اور سندھی ہے اور اہل مکران (بلوچستان) کی زبان فارسی اور مکری (بلوچی) ہے۔.....(۴۲)

اسلامی فتح کے بعد سندھ اسلامی علوم کے اعتبار سے بغداد ثانی بن گیا تھا۔ عالم اسلام کی بڑی بڑی علمی شخصیتیں سندھ کے علمی مرکزوں میں آکر لوگوں کو فیض دینے لگیں۔ اس کے ساتھ ساتھ سندھی عالم بھی مکہ' مدینہ' بغداد اور وسط ایشیا کے علاقوں میں جاکر وہاں علم و فضل کی مسندوں پر فائز ہوکر علم اور ایمان و یقین کی روشنی پھیلاتے رہے۔

toobaafoundation.com

اس طرح سندھ میں اسلامی علوم اور اسلامی فکر نے ذہنوں اور مزاج کی اسلامی بنیادوں پر اس طرح تشکیل کردی تھی کہ اسلامی روایات' سندھی مزاج میں رچ بس گئی تھیں۔ اسلام اور اسلامیت کے ساتھ سندھ کی وابستگی اور محبت کا مزید اندازہ کچھ انگریز مصنفوں کی تحریروں سے لگایا جاسکتا ہے۔ ایک انگریز مصنف ڈاکٹر برنس (جو میر حکمرانوں کے آخری دور میں میروں کے علاج کے سلسلہ میں سندھ آیا تھا) وہ لکھتا ہے: سارے ایشیا میں بلکہ ساری دنیا میں اتنی ملائیت (یعنی اسلامی رنگ میں رنگا ہوا) دوسرا کوئی ملک موجود نہیں' یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہاں کم از کم ایک لاکھ بزرگوں کے مقبرے ہیں مکمودو کا کہنا ہے کہ حکومت کی آمدنی کا تیسرا حصہ مذہبی شخصیتوں (مذہبی اداروں) کے حوالہ ہوجاتا ہے وہ مزید لکھتا ہے: سندھ میں اسلام کی تبلیغ کے علاوہ کسی کام میں جوش و خروش نہیں' خوشیاں منانے کے علاوہ کوئی کام نہیں' سیدوں کو کھلانے کے علاوہ دوسرا کوئی شغل نہیں' پرانے مقبروں کو سجانے کے علاوہ دوسرا کوئی شوق نہیں۔.....(۴۳)

مقامی زبان میں ۲۷۰ ہجری میں قرآن کا پہلا ترجمہ ہونا

یہاں آخر میں عراق کے سندھی عالم کے اس ترجمہ قرآن کا ذکر کرنا ضروری ہے جو ۲۷۰ ہجری میں لکھا گیا۔ یہ واقعہ مختلف محققوں نے مختلف انداز سے لکھا ہے۔ علامہ سید سلیمان ندوی رح اپنی کتاب "عرب وہند کے تعلقات" (الٰہ آباد سنہ ۱۹۳۰ء۔ صفحہ ۲۴۱) میں عجائب الہند (بزرگ بن شہریار) کے حوالے سے لکھتے ہیں: "سنہ ۲۷۰ھ میں الرا (الور) کے راجہ مہروگ نے جس کا راج، کشمیر بالا (کشمیر) اور کشمیر زیریں (پنجاب) کے بیچ میں ہے اور جو ہندوستان کے بڑے راجاؤں میں ہے، اس نے منصورہ (واقع سندھ) کے امیر عبداللہ بن عمر کو لکھ بھیجا کہ کسی ایسے شخص کو میرے پاس بھیجئے جو ہندی میں ہم کو اسلام کا مذہب سمجھا سکے۔ منصورہ میں عراق کا ایک مسلمان تھا جو بہت تیز طبیعت، سمجھ دار اور شاعر تھا اور چونکہ وہ ہندوستان میں پلا تھا، اس لیے یہاں کی مختلف زبانیں جانتا تھا۔ امیر نے اس سے راجہ کی خواہش ظاہر کی۔ وہ تیار ہوا اور اس نے ان کی زبان میں ایک قصیدہ لکھ کر راجہ کو بھیجا۔ راجہ نے اس قصیدہ کو سنا تو بہت پسند کیا اور اس کو سفر خرچ بھیج کر اپنے پاس بلوالیا۔ وہ راجہ کے دربار میں تین برس رہا اور اس کی خواہش سے اس نے قرآن کا ہندی زبان میں ترجمہ کیا۔ راجہ روزانہ ترجمہ سنتا تھا اور اس سے بے حد متاثر ہوتا تھا۔

محترمہ ڈاکٹر نبی بخش بلوچ صاحب نے انٹرنیشنل قرآن کانگریس نیودہلی سنہ ۱۹۸۲ء میں اپنے فاضلانہ مقالے میں اس راجہ مہروک بن رایق کے ترجمہ قرآن کے سننے اور اسلام لانے کے واقعات تفصیل سے لکھے ہیں اور محمد بن قاسم نے جو ہمارے علاقے میں متعدد مسجدیں تعمیر کرائی تھیں ان کی تفصیل بھی دی ہے۔

toobaafoundation.com

باب دوم

علم تفسیر کی ضرورت واہمیت اور اس کے ارتقاء کی تاریخ

علم تفسیر کی ضرورت واہمیت کیونکر ہے؟ اس کی ضرورت اس لئے ہے تاکہ اللہ کے کلام کی روشنی میں ہر دور اور ہر ذہنی سطح کے لوگوں کی عملی زندگی میں رہنمائی کی جائے۔ چونکہ کلام اللہ قیامت تک انسانوں کی ہدایت ورہنمائی کی کتاب ہے، اس لئے اس کتاب میں ہدایت ورہنمائی کے ابدی اور بنیادی اصول بھی موجود ہیں جو حالات کے تغیر اور زمان ومکان کی تبدیلی سے پیدا ہونے والے مسائل کے سلسلے میں رہنمائی کرتے ہیں تو ذہن انسانی کے ارتقا کی وجہ سے علم وتحقیق کے میدان میں جو مسائل پیدا ہوتے ہیں، ان مسائل سے عہدہ برآ ہونے کیلئے نکات واشارے بھی موجود ہیں، کلام اللہ میں غور وفکر کے ذریعہ علوم و فنون کے ہزارہا گوشے اور پہلو واضح ہو کر سامنے آتے ہیں، اس لئے قرآن کریم میں فرمایا گیا ہے: کتاب انزلنه الیک مبارک لیدبروا آیاته ولیتذکر اولوا الالباب (یہ کتاب بہت مبارک ہے جو ہم نے تم پر نازل کی ہے۔ اس لئے کہ اس کی آیتوں میں فکر کریں اور صاحب عقل لوگ اس میں غور کریں (سورۃ ص آیت ۲۹)

چنانچہ کلام اللہ کے عالموں اور مفسروں نے ہر دور میں قرآن کے اعجاز وصداقت کو ثابت کرنے کیلئے علوم وفنون، فکر انسانی کی ترقیوں، نئے نئے انکشافات ومعلومات کے پس منظر میں قرآن پر اتنا عظیم الشان کام کیا ہے کہ تفسیر قرآن سے متعلق علوم سے لائبریریاں بھر گئی ہیں، ہدایت ورہنمائی کی ابدی کتاب کی صداقت کے اثبات کیلئے اس طرح کا انتظام اللہ کی مشیت ومنشا کے عین مطابق ہے۔ علم تفسیر کے موضوع پر فقہاء نے بہت قیمتی علمی اور فنی بحث کی ہے۔ تفصیل سے بچنے کی خاطر ہم اس بحث سے صرف نظر کرتے ہیں۔

toobaafoundation.com

(الف) قرآن اور قاری

وانزلنا الیک الذکر لتبین للناس ما نزل الیھم ولعلھم یتفکرون

انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحفظون (الحجر ۹)

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، وحی نازل ہونے کے فوراً بعد اُسے بڑی احتیاط سے لکھوا دیا کرتے تھے۔ عبداللہ بن مسعود رضؓ، زید بن ثابت، سالم بن معقل، معاذ بن جبل، ابی بن کعب، ابوزید بن السکن، اور ابوالدرداء (رضی اللہ عنہم) کاتبان وحی تھے۔ چاروں خلفائے راشدین اور یہ سب کاتبین حافظ بھی تھے اور ایک ایک حرف اور لفظ کو محفوظ رکھتے تھے۔ دوسرے مشہور حفاظ یہ تھے: زبیر بن العوام، معاویہ بن ابی سفیان، محمد بن مسلمہ، الارقم بن ابی الارقم، سعید العاص اور ان کے بھائی ابان پھر ثابت بن قیس، خالد بن ولید، عبداللہ بن ارقم، العلاء بن عقبہ، المغیرہ بن شعبہ۔ صحابہ ایک دوسرے سے فخر کے طور پر کہتے تھے کہ میں نے آج اتنا حفظ کیا۔ بیوی اور بچوں کو بھی حفظ کراتے تھے۔

پتّوں، پتھروں، لکڑیوں، ہڈّیوں کے ٹکڑوں، اونٹ کی کھال پر لکھتے جاتے تھے۔ قرآن مکمل تھا لیکن متفرق چیزوں پر لکھا ہوا تھا جو حفاظ نے مرتب کیا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد جنگ یمامہ میں کئی حفاظ شہید ہوئے تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے یہ کام زید بن ثابتؓ کے سپرد کیا کہ متفرق چیزوں میں سے قرآن جمع کر کے ایک کتاب میں منتقل کردیں۔ انہوں نے عرض کیا کہ اگر مجھے پہاڑ کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کو کہا جاتا تو وہ میرے لیے آسان تھا۔ اس بات سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک قرآن کی قدر و منزلت کیا تھی لہذا اس میں تحریف و تغیر کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ وہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے معتمد بھی تھے اور ہر سال جتنا قرآن نازل ہوجاتا تھا وہ باقاعدہ حفظ کر کے حضور ﷺ کو سنادیتے تھے، پھر جب قرآن مکمل ہوا تو مکمل قرآن بھی حضور ﷺ کو سنادیا تھا۔ چنانچہ حضرت زید بن ثابتؓ نے چند معاونین کو ساتھ لے کر پورے قرآن کو لکھ کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو پیش کیا۔ ان کے بعد وہ قرآن حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی

toobaafoundation.com

تحویل میں رہا- اور ان کے بعد وہ ان کی صاحبزادی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا (حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ) کے پاس رہا- پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس کی نقلیں مملکت کے دور اور قریب علاقوں میں بھیج دیں- لیکن یہ اہتمام فرمایا تھا کہ حضرت زید بن ثابت کی سربراہی میں ہر آیت کو دو گواہوں کی شہادت پر قلمبند کیا جائے، اور جتنے لوگوں نے اس آیت کو سنا تھا یا پڑھا تھا، یا حفظ کیا تھا انھیں بھی حاضر کیا جاتا تھا اور متفقہ فیصلے کے بعد اسے صحیح ترتیب کے ساتھ قرآن پاک میں شامل کیا جاتا تھا- یہ کام سنہ ۲۵ھ میں ہوا-

قرآنی اعراب حضرت علی رضی اللہ عنہ کے شاگرد ابوالاسود دوئلی اور ان کے شاگرد (۱) نصر بن عاصم اور (۲) یحییٰ بن یعمر نے لگائے- اس بات کا صحیح اندازہ نہیں ہے کہ انھوں نے اس مبارک کام میں کس قدر حصہ لیا- بعض حضرات قرآنی اعراب کو حجاج بن یوسف کی طرف منسوب کرتے ہیں یہ درست نہیں- قرآنی اعراب کی آخری شکل عباسی دور کے ایک بہت بڑے عالم خلیل بن احمد نے دی جو آج تک بدستور قائم ودائم ہے(۱)

اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو دو نعمتیں ایسی عطا فرمائی ہیں کہ جن کا ازل سے ابد تک کوئی جواب نہیں اور جتنا شکر ادا کیا جائے وہ کم ہے- ایک نعمت قرآن حکیم ہے اور دوسری نعمت اس قرآن کی عملی تفسیر یعنی حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی-

سورۃ البقرہ (۲۳) میں ارشاد ہے کہ:

(۱) وان کنتم فی ریب مما نزلنا علیٰ عبدنا فاتوا بسورۃ من مثلہ وادعوا شہداءکم من دون اللہ ان کنتم صٰدقین-

- اور اگر تم اس سے شک میں ہو جو چیز ہم نے اپنے بندے پر اتاری ہے، تو اس کی مثل کوئی سورۃ لے آؤ اور اللہ کے سوا اپنے گواہوں کو بلا لو اگر تم سچے ہو-

---

(۱) ڈاکٹر حافظ فیوض الرحمٰن - تعارف قرآن (مکتبہ مدنیہ، اردو بازار، لاہور- سال درج نہیں، صفحہ ۹۱-۹۲)

toobaafoundation.com

سورۃ بنی اسرائیل (۸۸) میں ارشاد ہے کہ:

(۲) قل لئن اجتمعت الانس والجن علیٰ ان یاتوا بمثل هذا القرآن لایاتون بمثله ولو کان بعضهم لبعض ظهیرا-

= آپ فرمادیں کہ اگر انسان اور جن اس پر جمع ہوجائیں کہ اس قرآن جیسی کتاب بنائیں تو نہیں بنا سکتے، اگرچہ وہ ایک دوسرے کے مددگار ہوجائیں-

پھر یہ بھی اطمینان اور یقین دلوادیا کہ یہ قرآن ہمیشہ محفوظ رہے گا-

سورۃ الحجر (۹) میں فرمایا ہے کہ:

(۳) انا نحن نزلنا الذکر وانا له لحفظون-

= بے شک ہم نے یہ ذکر (یعنی قرآن) اتارا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں-

اور اس قرآن کی شان یہ ہے کہ:

(۴) ذالک الکتٰب لاریب فیه (۲/۲)

یعنی یہ ایسی کتاب ہے جس میں کسی طرح کا شک نہیں ہے، اور:

(۵) لایاتیه الباطل من بین یدیه ولا من خلفه (۴۲/۴۱)

یعنی اس کے (قرآن کے) پاس باطل نہیں آتا- نہ اس کے سامنے سے، نہ اس کے پیچھے سے- احادیث مبارکہ میں بھی اس کے بکثرت فضائل ہیں- مثلاً:

(۱) خیرکم من تعلم القرآن وعلمه (بخاری)

= تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے-

(۲) یقال لصاحب القرآن اقرا وارتق ورتل کما کنت ترتل فی الدنیا فان منزلک عند آخر آیة تقراها (احمد ترمذی- نسائی)

= (قیامت کے دن) قرآن (پڑھنے اور اس پر عمل کرنے والے کو کہا جائیگا کہ) پڑھ اور درجہ حاصل کر اور سنوار کر پڑھ جیسا کہ تو دنیا میں پڑھتا تھا، کیونکہ تیرا درجہ اس آیت کے ختم پر ہے جس کو تو پڑھے-

toobaafoundation.com

یعنی وہ جس قدر آیات کی تلاوت کرے گا اسی قدر اس کو درجات عطا فرمائے جائیں گے۔

(۳) ان الذی لیس فی جوفہٖ شیءٌ من القرآن کالبیت الخرب (ترمذی، دارمی)

= بے شک وہ شخص جس کے جوف (قلب) میں قرآن بالکل نہ ہو وہ اجڑے ہوئے گھر جیسا ہے۔

(۴) من قرا حرفا من کتاب اللّٰہ فلہٗ حسنۃ والحسنۃ بعشر امثالھا (ترمذی۔ دارمی)

= جس نے قرآن پاک کا ایک حرف پڑھا اس کے لیے ایک نیکی ہے اور ایک نیکی دس گنی ہوتی ہے۔

(۵) من قرا القرآن فاستظھرہٗ فاحل حلالہٗ وحرم حرامہٗ ادخلہ اللّٰہ الجنۃ وشفعہٗ فی عشرۃ من اھل بیتہٖ کلھم قد وجبت لہُ النار (احمد، ترمذی، ابن ماجہ، دارمی)

= "جس شخص نے قرآن پڑھا اور اس کو یاد کیا اور اس کے حلال (بتائے ہوئے) کو حلال اور اس کے حرام (بتائے ہوئے) کو حرام سمجھا (یعنی عمل کیا) تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کرے گا اور اس کے گھر کے ایسے دس آدمیوں کے بارے میں اس کی شفاعت قبول کرے گا جن کے لیے دوزخ ضروری ہو چکی"۔

اس طرح اور بھی احادیث مبارکہ ہیں جن میں قرآن کے پڑھنے، اس کے سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی ترغیب ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمانوں نے ہر دور میں اس قرآن کو اپنے سینوں سے لگایا اور اسے پڑھنے، سمجھنے اور عمل کرنے کی کوشش میں اپنی عمریں بھی صرف کر دیں، پھر بھی یہ حق ہے کہ اس کا حق ادا نہیں ہو سکتا۔ تحسین قراءت اور تزئین کتابت وغیرہ بھی قرآن سے شغف رکھنے کے ذیل میں ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی سعی کو مشکور فرمائے۔ آمین۔

toobaafoundation.com

متعلقات قرآن

متعلقات قرآن کا دائرہ بہت وسیع ہے جس میں ترجمہ، تفسیر، تخریج آیات، ضبط الفاظ قرآنی، قرآنی بدائع وصنائع، اعراب، کتابت اور قراءت سبع وغیرہ بکثرت علوم بھی آجاتے ہیں پھر ناسخ ومنسوخ کا مسئلہ بھی بہت اہم ہے، لیکن حضرت شاہ ولی اللہ نے الفوز الکبیر میں خوب فرمایا ہے کہ تمام علوم قرآنیہ کے پانچ علم، جامع ہیں جن پر گویا تمام مضامین واصول دائر ہیں اور یہ علوم پنجگانہ ان سب کو احاطہ کیے ہوئے ہیں۔ یعنی (۱) علم الاحکام (۲) علم التذکیر بآلاءاللہ (۳) علم التذکیر بایام اللہ (۴) علم المخاصمہ (۵) علم التذکیر بالموت۔ پھر ان علوم سے علمائے اسلام نے بکثرت علوم استنباط کیے ہیں جن کی تفصیل مختلف کتابوں میں ملتی ہے۔ یعنی:

علم بدء الخلق، علم التوحید، علم فلسفہ الہٰیات، علم المجردات وملائکہ وارواح، علم الزہد والرقاق، علم احکام الحلال والحرام۔ علم الفرائض والمیراث، علم المناسک، علم القصص، علم الامثال، علم المجاز، علم المحکمات والمتشابہات، علم التفسیر، علم اصول التفسیر، علم القراءت، علم الحدیث والاصول، علم الرجال، علم التصوف، علم الفقہ، علم اصول الفقہ، علم الکلام، علم اللغۃ، علم الصرف والنحو، علم الفصاحۃ والبلاغۃ، علم الجدل والخلاف (یعنی علم مناظرہ) علم جغرافیہ، علم تاریخ، علم فلسفہ تاریخ، علم فلسفہ طبیعیات، علم ریاضی، علم النجوم والافلاک۔

ان علوم کے ذیل میں اجمالی طور پر (۱) ناسخ ومنسوخ (۲) تخریج آیات (۳) قاری کے لیے ضروری علوم (۴) قرآن کے صوتی اعجاز کے متعلق بھی عرض ہے۔

(الف) ناسخ ومنسوخ سے واقفیت کے بغیر مطالب قرآنی اور احکام الٰہی کو صحیح طور سے سمجھنا ممکن نہیں اس سلسلے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ایک واقعہ ہے کہ وہ کوفے کی مسجد میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ ابو موسیٰ اشعریؓ کا ایک شاگرد عبدالرحمن، قرآن کی تفسیر کے متعلق بیان کررہا ہے، آپ نے اس سے پوچھا کہ تم

toobaafoundation.com

ناسخ و منسوخ کو جانتے ہو؟ اس نے کہا کہ نہیں۔ آپ نے اس کے کان مروڑے اور فرمایا کہ اب ہماری مسجد میں بیان نہ کرنا۔

نسخ کے معنیٰ ازالہ اور نقل کرنے کے بھی ہیں یعنی ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کو بھی کہتے ہیں۔ بعض کے نزدیک محض امر و نہی والی باتوں میں نسخ واقع ہوا ہے اور بعض کے نزدیک امر و نہی کے علاوہ وعد، وعید اور ایسی خبروں پر بھی واقع ہوا ہے جس کا تعلق امر و نہی سے ہے۔ علماء کے نزدیک نسخ کی چار قسمیں ہیں:

(۱) نیا حکم جو نافذ کیا گیا وہ منسوخ شدہ حکم سے زیادہ بھاری اور شاق ہو، مثلاً: روزہ اور فدیہ کے درمیان، اختیار کو منسوخ کر کے وجوب صوم کا حکم۔

(۲) جو حکم منسوخ کیا گیا ہے اس کا کوئی بدل متعین نہ ہو۔

(۳) جو حکم نازل کیا گیا ہو وہ منسوخ شدہ حکم سے ہلکا ہو۔ جیسے کہ پہلے جہاد میں مسلمانوں کو مخالفین کی دس گنی تعداد کا مقابلہ کرنا ضروری تھا، پھر یہ حکم ہوا کہ صرف دوگنی تعداد سے مقابلہ کرنا لازمی ہے۔

(۴) جو حکم نافذ کیا گیا وہ ویسا ہی ہو جیسا کہ منسوخ شدہ حکم تھا۔ جیسے پہلے بیت المقدس کو قبلہ قرار دیا گیا تھا۔ بعد میں اس حکم کو منسوخ کر کے کعبہ کو قبلہ مقرر کیا گیا۔

(۱) کتاب کا نسخ کتاب سے (۲) کتاب کا نسخ سنت سے (۳) سنت کا نسخ سنت سے اور (۴) سنت کا نسخ کتاب سے ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں دوسری تفصیل بھی آتی ہے۔

جو شخص ناسخ و منسوخ، خاص و عام، محکم و متشابہ، مکی و مدنی، اسباب نزول وغیرہ سے واقف نہیں وہ قرآن کا عالم نہیں۔

(ب) تخریج آیات۔ یعنی مطلوبہ آیت کس طرح تلاش کی جائے۔ اس کا طریقہ اس طرح بھی تھا کہ آیات کی ترتیب، ابتدائی حروف کے اعتبار سے یا آخری حروف کے اعتبار سے ہو، آیت کو تلاش کرنے والے کو اگر ابتدائی یا آخری الفاظ یاد ہیں، تو وہ آسانی سے اپنی ضرورت کی آیت کو تلاش کر سکتا ہے۔ بعض نے جدول بنائی تھی جس میں آیت، سورۃ، رکوع پارہ اور ربع پارہ دیا تھا۔

toobaafoundation.com

(ج) قاری کے لئے ضروری علوم

ایک قاری مقری کے لیے چار علوم کا جاننا ضروری ہے:

(۱) علم تجوید یعنی حروف کے مخارج اور صفات کا جاننا۔

(۲) علم وقف یعنی کس کلمے پر کس طرح وقف کرنا چاہیے۔ اور کس طرح نہ کرنا چاہئے۔ اور کہاں معنی کے اعتبار سے قبیح اور حَسَن ہے اور کہاں لازم اور غیر لازم ہے۔

(۳) رسم عثمانی۔ یعنی کس کلمے کو کہاں پر کس طرح لکھنا چاہیے۔ کیونکہ کہیں تو رسم، تلفظ کے مطابق ہے اور کہیں غیر مطابق۔ اگر غیر مطابق کو رسم کے مطابق تلفظ کیا تو بہت بڑی غلطی ہوجائے گی، مثلاً رحمٰن بغیر الف لکھا جاتا ہے۔ سورۃ ذاریٰت میں بِاَیْدٍ دو ی سے لکھا جاتا ہے۔ لا الی اللہ تحشرون۔ لا اوضعوا۔ لا اذ بحنہ۔ لا انتم۔ ان چار مقامات میں لام تاکید کا ہے اور لکھنے میں لام الف ہے۔ اگر ان مقامات میں رسم کے مطابق (لام تاکید کو) پڑھیں گے تو لفظ مجمل اور مثبت، منفی ہوجاتا ہے لیکن اس کے خلاف لکھنا جائز نہیں۔ کیونکہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں جس وقت قرآن شریف نازل ہوتا تھا، اسی وقت لکھا جاتا تھا۔ صحابہ کرامؓ کے پاس متفرق طور پر لکھا ہوا تھا۔ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے زمانے میں سب کا سب ایک جگہ جمع کیا گیا۔ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانے میں نہایت اہتمام اور اجماع صحابہؓ سے متعدد قرآن شریف لکھوا کر جا بجا بھیجے گئے۔ جمع اول اور جمع ثانی میں اتنا فرق ہے کہ جمع اول، غیر مرتب تھا اور جمع ثانی میں سورتوں کی ترتیب کا لحاظ بھی رکھا گیا۔ عرصۂ اخیرہ یعنی حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبریل علیہ السلام کے ساتھ جو آخری مرتبہ قرآن پاک کا دور فرمایا تھا اسی کے مطابق (اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ارشاد کے مطابق) حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے قرآن پاک کو جمع کیا۔ وہ کاتب وحی بھی تھے اور عرصۂ اخیرہ کے شاہد بھی تھے، بہرحال، رسم عثمانی، حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے امر اور املا کے عین مطابق ہے۔

toobaafoundation.com

(۴) چوتھا علم قراءت ہے- یہ وہ علم ہے جس سے الفاظ وحی کے اختلافات معلوم ہوتے ہیں- اور ان کا پڑھنا صحیح اور ان کی قرآنیت کا اعتقاد کرنا ضروری اور لازمی ہے اور ان کا انکار یا استہزاء گناہ اور کفر ہے (۱)

(د) قراءت سبعہ اور ان کی کتابت

حدیث شریف میں ہے کہ انزل القرآن علیٰ سبعة احرف-

اس سے واضح ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم پر مختلف طریقوں اور کیفیتوں کے ساتھ قرآن پاک نازل ہوا ہے جو قراء سبعہ اور قراء عشرہ سے ہم تک پہنچا ہے-

قراءت سبعہ کے تواتر میں کسی کو اختلاف نہیں اسی لیے ان میں سے کسی قراءت اور کسی روایت کے ساتھ قرآن پڑھا جائے تو اس سے نماز ہوجاتی ہے-

قراء سبعہ اور ان کے رواۃ یہ ہیں:

(۱) حضرت امام نافع مدنی رح (۷۰ھ تا ۱۶۹ھ) آپ کے پہلے راوی قالون (۱۲۰ھ تا ۲۲۰ھ) ہیں اور دوسرے راوی ورش (۱۱۰ھ تا ۱۹۷ھ) ہیں-

(۲) حضرت امام ابن کثیر مکی رح (۴۵ھ تا ۱۲۰ھ) آپ کے پہلے راوی بزی (۱۷۰ھ تا ۲۴۰ھ) ہیں اور دوسرے راوی قنبل (۱۹۵ھ تا ۲۹۱) ہیں-

(۳) حضرت امام ابو عمرو بصری رح (۶۸ تا ۱۵۴ھ) آپ کے پہلے راوی دوری (۱۵۰ھ تا ۲۴۶ھ) ہیں اور دوسرے راوی سوسی (م ۲۶۱ھ) ہیں-

(۴) حضرت امام ابن عامر شامی رح (۲۱ھ تا ۱۱۸ھ) آپ کے پہلے راوی ہشام (۱۵۳ھ تا ۲۴۵ھ) ہیں اور دوسرے راوی ابن ذکوان (۱۷۳ھ تا ۲۴۲ھ) ہیں-

(۵) حضرت امام عاصم کوفی رح (۹۵ھ تا ۱۲۷ھ) آپ کے پہلے راوی شعبہ (۹۵ھ تا ۱۵۳) ہیں اور دوسرے راوی حفص (۹۰ھ تا ۱۸۰ھ) ہیں-

---

(۱) ان چاروں علوم کے متعلق تفصیل قاری عبدالرحمن مکی کے فوائد مکیہ کے آخر میں ہے-

toobaafoundation.com

(۶) حضرت امام حمزہ کوفی (۸۰ تا ۱۵۶ھ) آپ کے پہلے راوی خلف (۱۵۰ھ تا ۲۲۹) ہیں اور دوسرے راوی خلاد ہیں (ان کے سنین معلوم نہیں)

(۷) حضرت امام کسائی کوفی (۱۱۹ھ تا ۱۸۹ھ) آپ کے پہلے راوی ابو الحارث (م ۲۴۰ھ) ہیں اور دوسرے راوی دوری ہیں جو حضرت ابو عمرو بصری رح کے بھی راوی ہیں۔

ان کے علاوہ (۱) حضرت ابو جعفر یزید مدنی رح (۲) حضرت یعقوب حضرمی رح اور (۳) حضرت خلف کوفی رح ہیں۔ ان تینوں کو شامل کرنے سے قراء عشرہ ہوجاتے ہیں۔ قراءت ثلثہ کے تواتر میں بعض نے اختلاف کیا ہے لیکن قول صحیح یہی ہے کہ یہ بھی متواترہ ہیں۔ بہر حال قرآن پاک کی سات قراءتیں بلا اختلاف مستند ہیں۔ برصغیر پاک وہند کے بھی بہت سے قراء نے اس فن پر کتابیں لکھی ہیں اور اس فن کو آسان طریقے سے بیان کرنے کی کوشش کی ہے۔ مولانا اشرف علی تھانوی جو قاری عبدالرحمن مکی رح کے بڑے بھائی قاری عبداللہ کے شاگرد تھے انھوں نے وجوہ المثانی مع توجیہ الکلمات والمعانی لکھی ہے۔ وجہ تصنیف خود ہی بیان کی ہے کہ "عرصے سے میرے ذہن میں یہ بات تھی کہ ایک رسالہ مرتب کیا جائے جس میں قرآن پاک کی ساتوں قراءتوں کا بیان ہو اور ان اعراب اور توجیہات کا ذکر ہو تاکہ ہندوستانی طلبہ کے لئے ان سے استفادہ آسان ہو اور ان کو اس فن کے سیکھنے میں مدد ملے۔

اس کتاب کا انداز یہ ہے کہ وہ سب سے پہلے قرآن کا لفظ یا عبارت لکھتے ہیں پھر اختلاف بیان کرتے ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ راوی یا شیخ کا تذکرہ بھی کرتے ہیں۔ اس کے بعد صرفی ونحوی باتوں پر بحث کرتے ہیں۔ کتاب کے آخر میں ایسے اصول بھی بیان کئے ہیں جن کی ضرورت قراءت میں پڑتی ہے۔

ملک یوم الدین کی قراءت کے متعلق لکھتے ہیں کہ:

اسمیں دو قراءتیں ہیں۔ ایک میم کے بعد الف یعنی مالک (۱)

یہ عاصم اور کسائی کی قراءت ہے۔ دوسری ملک؛ بغیر الف کے یہ باقی قراء کی قراءت ہے۔ سورۃ البلد میں

---

(۱) اسی طرح ہاروت اور ماروت کو جزری الف کے ساتھ لکھتے ہیں اور اہل مدینہ (نیز شاطبی اور سیوطی) بغیر الف کے لکھتے ہیں۔

toobaafoundation.com

"فک رقبۃ او اطعام مسکین" کے بارے میں لکھا ہے:

اس میں دو قراءتیں ہیں - پہلی قاف پر رفع اور رقبۃ پر جر-طعام کے ہمزہ پر زیر-اس کے بعد الف- عین پر زبر
پھر میم پر رفع- یہ نافع ابن عامر، عاصم اور حمزہ کی قراءت ہے- دوسری قراءت ہے کہ کاف پر اور رقبۃ پر نصب-اطعام کے ہمزہ اور عین اور میم پر زبر-اور عین اور میم کے درمیان الف نہیں ہے(۱)

---

(۱) اسی طرح تمام اختلافات کو بیان کیا ہے اور قراءت سبعہ کے اجراء کے لئے انھوں نے علیحدہ ایک رسالہ تنشیط الطبع فی اجراء السبع بھی لکھا ہے-

toobaafoundation.com

(ب) قرآنی تراجم و تفاسیر - (ہئیت اور اسلوب)

ایک زبان کے الفاظ اور عبارت کو دوسری زبان کے الفاظ اور عبارت میں منتقل کرنا ترجمہ کہلاتا ہے- لغت میں ایک ہی لفظ کے کئی کئی معنی ہوتے ہیں اس لیے ضروری ہوتا ہے کہ ترجمے میں وہی معنی لیے جائیں جو کہنے والے کا مقصد اور مراد ہو- تو جب عام ترجموں میں یہ احتیاط کی جاتی ہے تو ظاہر ہے کہ سب سے زیادہ برگزیدہ کلام یعنی قرآن پاک کے ترجمے میں کتنی ہی زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے چنانچہ علامہ الطبری رح اپنی تفسیر جامع البیان میں لکھتے ہیں:

"الفاظ قرآنی کے معانی معلوم کرنے کے لئے تو کتب لغت کی طرف رجوع کیا جائے- مگر آیات کے مفہوم کا پتا چلانے کے لئے کتب لغت کی بجائے وحی الٰہی اور سنت نبوی ﷺ سے رہنمائی حاصل کرنا ضروری ہے جس کی طرف قرآن کریم نے "لتبین للناس ما نزل الیھم کہکر اشارہ فرمایا ہے- مثلاً کسی اہل زبان (عرب) کے سامنے جب آیات کریمہ واذا قیل لھم لا تفسدوا فی الارض قالوا انما نحن مصلحون" کی تلاوت کی جائے تو جس حد تک لفظ افساد اور اصلاح کے معنی لغویہ کا تعلق ہے اسے وہ خوب سمجھ سکتا ہے مگر وہ نہیں بتا سکتا کہ کون سے امور موجب اصلاح ہیں اور کون سے موجب افساد- یہ بات تو وہی بتا سکتا ہے جس پر قرآن نازل ہوا- " اس لئے قرآن پاک کے ترجمے میں سخت احتیاط کی ضرورت ہے کہ وحی الٰہی اور سنت نبوی ﷺ سے بال برابر بھی کوئی بات ہٹ کر نہ کی جائے- پھر عربی زبان وہ بھی قرآنی زبان کی فصاحت و بلاغت اس کے اشتقاقات اور مترادفات کی جامعیت" بیان و بدیع کے محاسن وغیرہ اس قدر گراں مایہ ہیں کہ فاتوا بسورۃ من مثلہ کے چیلنج کے آگے کسی کا یارا نہیں- یہی وجہ ہے کہ صرف وہی ترجمہ مقبول خلائق ہوا ہے جس میں مذکورہ بالا رعایتیں ملحوظ رہی ہیں اور وانا لہ لحفظون کی جس کو سند ملی ہے- پھر محکمات کے علاوہ متشابہات بھی ہیں جن کے اندر علوم کا خزانہ پوشیدہ ہے اور جس پر علامہ سیوطی رح نے الاتقان کی تینتالیسویں نوع کے ذیل میں تفصیل سے بحث کی ہے اور تفسیر کی ضرورت و فضیلت اور شروط

toobaafoundation.com

وآداب وغیرہ کا بیان بھی دیا ہے۔

تفسیر کے معنیٰ ہیں کسی چیز کو کھولنا، ظاہر کرنا، بیان کرنا۔ یعنی قرآن حکیم کے معانی کو بیان کرنا اور مراد خداوندی کی تعیین کرنا، تاویل کے معنیٰ ہیں پھیرنا، لوٹانا۔ یعنی قرآن حکیم کے الفاظ اور جملوں کو ان کی اصل مراد کی طرح لوٹانا۔

بعض اہل علم کے نزدیک مقرر الفاظ کی تشریح کو تفسیر کہتے ہیں اور جملوں کے مفہوم کو بیان کرنے کو تاویل کہتے ہیں۔ اور بعض فرماتے ہیں کہ جو مفہوم منقول ہو وہ تفسیر ہے اور جو مفہوم اجتہاد و استنباط سے تعلق رکھتا ہو وہ تاویل ہے۔ خلاصہ یہ کہ "علم تفسیر اس علم کو کہتے ہیں جس میں قرآن حکیم کے معنیٰ بیان کیے جائیں اور اس کے احکام اور حکمتوں کو کھول کر بتایا جائے۔ چنانچہ قرآن حکیم کے معنیٰ بیان کرنے میں ذرا سی لغزش اور سہل انگاری سنگین جرم ہے۔ پھر جب یہ یقین ہے کہ اس کتاب میں دین و مذہب، عقائد واعمال، اخلاق و معاشرت تمدن وسیاست اور عدل وانصاف کے قانونی اخلاقی اور انسانی پہلو سب موجود ہیں تو پھر اس کی تفسیر و تشریح میں ذرا سی بے احتیاطی کس قدر خطرناک ہے۔

سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے کسی نے قرآن پاک کے کسی لفظ کے معنیٰ دریافت کیے تو آپ نے فرمایا، مجھے کونسی زمین اٹھائے گی اور کونسا آسمان مجھ پر سایہ فگن ہوگا۔ اگر میں کتاب اللہ کے بارے میں ایسی بات کہوں جس کا مجھے علم نہیں۔

علماء نے ایسے شخص کو تفسیر لکھنے کا اہل کہا ہے جس کو ان ۱۵ علوم میں مہارت ہو:

علم لغت۔ علم صرف۔ علم نحو۔ علم اشتقاق۔ علم معانی۔ علم بیان۔ علم بدیع۔ علم قراءات۔ علم اصول الدین۔ علم اصول فقہ۔ علم اسباب النزول۔ علم ناسخ و منسوخ۔ علم فقہ۔ علم حدیث۔ نور بصیرت اور وہبی علم۔

تفسیر کے آداب: تفسیر کے ماخذ میں سب سے پہلے خود قرآن ہے۔ اس لیے کسی آیت کی تفسیر کے لیے ضروری ہے کہ اس آیت کے مضمون کے لیے دوسری آیات بھی مد نظر رہیں۔ دوسری شرط یہ ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے قول و فعل اور سنت کو پیش نظر رکھا جائے تاکہ کوئی بات ایسی نہ ہو جو

toobaafoundation.com

سنت ثابتہ کے خلاف ہو- پھر صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) کی عملی تفسیر کے خلاف بھی نہ ہو، کیونکہ نزول وحی اور اس کی عملی تشکیل کے وہی عینی شاہد ہیں- تفسیر لکھنے والا شخص اہل حق کے عقائد واعمال واخلاق کا بھی پابند ہو اور ہر قسم کی بدعت اور کج روی سے پاک ہو- تفسیر بالراء سے بھی اجتناب کرتا ہو- کیونکہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

۱- من قال فی القرآن بغیر علم فلیتبوا مقعدہ فی النار

(جو شخص قرآن کے معاملے میں علم کے بغیر کوئی بات کہے وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنائے)

۲- من تکلم فی القرآن برایہ فاصاب فقد اخطا

(جس شخص نے قرآن میں اپنی رائے سے کوئی بات کہی اس نے اگر کوئی بات صحیح بھی کہی تب بھی غلطی کی)

اس لئے ترجمہ میں بھی سخت احتیاط کی ضرورت ہے ترجمہ بالکل لفظی ہو اس کی تشریح میں ضروری مطالب بیان کیے جاسکتے ہیں پھر یہ ضروری ہے کہ جمہور اسلام جس مسئلے پر اعتقادی اور عملی طور پر متفق ہوں، اس کو چھوڑ کر تحقیق کی نئی راہ اختیار نہ کی جائے(۱)

پروفیسر غلام احمد حریری نے اپنی کتاب "تاریخ تفسیر و مفسرین" میں مذکوہ بالا مباحث پر بہت تفصیل لکھی ہے (۲) حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک سے لیکر ابھی تک کی اہم تفسیروں کا جائزہ لیا ہے جن میں خاص یہ ہیں (الف) کتب التفسیر بالماثور-

۱- جامع البیان فی تفسیر القرآن (ابن جریر طبری) ۲- بحر العلوم (ابواللیث سمرقندی) ۳- الکشف والبیان عن تفسیر القرآن (ابواسحق ثعلبی) ۴- معالم التنزیل (حسین بن مسعود بغدادی) ۵- المحرز الوجیز

---

(۱) رسالہ بینات (کراچی- بابت فروری سنہ ۱۹۸۵ع) میں مولانا محمد یوسف لدھیانوی مدظلہ کے مضمون "تفسیر قرآن کے آداب" سے ماخوذ-

(۲) شائع کردہ ملک سنز فیصل آباد سنہ ۱۹۷۸ع

toobaafoundation.com

فی تفسیر الکتاب العزیز (ابن عطیہ اندلسی) ۶- تفسیر القرآن العظیم (عماد الدین ابن کثیر) ۷- الجواہر الحسان (عبدالرحمن ثعالبی) ۸- الدر المنثور (جلال الدین سیوطی) ۹- تنویر المقباس من تفسیر ابن عباس (ابوطاہر فیروز آبادی)

(ب) کتب التفسیر بالرای المحمود

۱۰- مفاتیح الغیب (امام رازی) ۱۱- انوار التنزیل واسرار التاویل (بیضاوی) ۱۲- مدارک التنزیل وحقائق التاویل (نسفی) ۱۳- لباب التاویل فی معانی التنزیل (خازن) ۱۴- البحر المحیط (ابوحیان) ۱۵- الجلالین (جلال الدین محلی وجلال الدین سیوطی) (۱)

۱۶- غرائب القرآن ورغائب الفرقان (نیساپوری) ۱۷- السراج المنیر (خطیب شربینی) ۱۸- ارشاد العقل السلیم (ابوالسعود)

۱۹- روح المعانی (آلوسی)

(ج) کتب التفسیر المعتزلہ

۲۰- تنزیہ القرآن عن المطاعن (قاضی عبدالجبار) ۲۱- امالی الشریف المرتضیٰ (شریف مرتضیٰ) ۲۲- الکشاف (زمخشری)

(د) کتب تفسیر امامیہ اثنا عشریہ

۲۳- مقدمہ مراۃ الانوار (عبداللطیف گازرانی) ۲۴- تفسیر العسکری (حسن عسکری) ۲۵- مجمع البیان (ابوعلی طبری) ۲۶- الصافی (ملا حسن کاشی) ۲۷- تفسیر القرآن (سید عبداللہ علوی) ۲۸- بیان السعادۃ (سلطان خراسانی)

(ہ) کتب تفسیر زیدیہ

۲۹- فتح القدیر (شوکانی)

---

(۱) مولانا فیض الحسن سہارنپوری (م سنہ ۱۳۰۴ھ) نے تعلیقات الجلالین لکھی تھی جو علی گڑھ سے سنہ ۱۲۸۷ھ میں شائع ہوئی ہے۔

toobaafoundation.com

(و) کتب التفسیر خوارج-

۳۰- ہمیان الزاد الی دار المعاد (محمد اطفیش)

(ز) کتب تفسیر صوفیہ

۳۱- تفسیر القرآن الکریم (سہل تستری) ۳۲- حقائق التفسیر (ابو عبدالرحمن سلمی) ۳۳- عرائس البیان (ابو محمد روزبہان) ۳۴- التاویلات النجمیہ (نجم الدین دایہ) ۳۵- تفسیر ابن عربی (عبدالرزاق قاشانی)

(ح) کتب تفسیر فقہاء

۳۶- احکام القرآن (الجصاص) ۳۷- احکام القرآن (الکیا الہراسی) ۳۸- الاکلیل فی استنباط التنزیل (جلال الدین سیوطی) ۳۹- احکام القرآن (ابو بکر بن العربی) ۴۰- الجامع لاحکام القرآن (قرطبی) ۴۱- کنز العرفان فی فقہ القرآن (مقداد الیسوری) ۴۲- الثمرات الیانعہ (یوسف الشلاش)

(ط) جدید تفاسیر

۴۳- الجواہر فی تفسیر القرآن الحکیم (طنطاوی جوہری) ۴۴- الہدایۃ والعرفان (ابو زید الدمنہوری) ۴۵- تفسیر جزء عم (شیخ محمد عبدہ) ۴۶- تفسیر سورۃ الفاتحہ (شیخ محمد عبدہ) ۴۷- سور من خواتیم القرآن (سید رشید رضا) ۴۸- الدروس الدینیہ (محمد مصطفیٰ المراغی)

ایسی دوسری تفسیروں کا ذکر بھی مختلف کتابوں میں ملتا ہے- برصغیر پاک و ہند کے بعض کتب خانوں میں بھی چند تفسیریں محفوظ ہیں جو سندھ کی بعض تفسیروں سے پہلے کی ہیں- مثلاً:

— احمد آباد (گجرات) میں پیر محمد شاہ لائبریری میں تفسیر غرائب القرآن محفوظ ہے جو نظام اعرج نے عربی میں سنہ ۷۲۸ھ میں لکھی تھی- تفسیر ابی سعید عمادی کی تفسیر بھی ہے جو سنہ ۹۷۳ھ میں دو جلدوں میں لکھی گئی تھی- تفسیر بیضاوی (مصنفہ سنہ ۶۸۵ھ) کا ایک قلمی نسخہ ہے جو مولانا وجیہ الدین گجراتی (م سنہ ۹۷۸ھ) نقل کیا تھا- شرح فی معانی بعض الایات القرآنیہ بھی اسی لائبریری میں موجود ہے جو کابل کے مشہور عالم ملا محمد صادق حلوائی رح کی تالیف ہے- یہ حضرت خواجہ باقی باللہ (م سنہ ۱۰۱۲ھ) اور بادشاہ

toobaafoundation.com

اکبر کے بھائی حکیم مرزا کے استاد تھے(۱)

سندھ کی عربی تفاسیر سے پہلے تفسیر مظہری بھی برصغیر میں لکھی گئی- قاضی ثناء اللہ پانی پتی رح(م سنہ ۱۲۲۵ھ) اس کے مصنف ہیں-

---

(۱) پروفیسر محمد اسلم صاحب نے اپنی کتاب تاریخی مقالات (لاہور سنہ ۱۹۷۰) کے صفحہ ۸۷-۸۸ میں ان عربی تفاسیر کا ذکر کیا ہے جو احمد آباد کی مذکورہ بالا لائبریری میں موجود ہیں-

toobaafoundation.com

عربی تفاسیر

تفسیر الکشاف

(قلمی) عربی تفسیر الکشاف، از جاراللہ محمود بن عمر خوارزمی معتزلی (خیرپور سچل لائبریری)

مخطوط از کتابت جمال الدین، سنہ ۱۱۱۲ھ-تین جلدیں:- (۱) سورۃ الفاتحہ تا سورۃ الانعام صفحات ۵۶۲- (۲) سورۃ الاعراف تا سورۃ المؤمنون صفحات ۴۶۲ (۳) سورۃ نور تا ناس- صفحات ۸۳۸- سائز ۱۲X ۸ سطریں فی صفحہ ۲۱- الفاظ فی سطر ۱۳

آپ زمخشر (علاقہ خوارزم) میں سنہ ۴۶۷ھ میں پیدا ہوئے تھے، اس لیے اس تفسیر کو تفسیر زمخشری بھی کہتے ہیں. شب عرفہ سنہ ۵۳۸ میں مقام جرجانیہ (خوارزم) میں وفات پائی اور چند ماہ پہلے یہ تفسیر مکمل ہوئی، جو گران قدر ضرور ہے، لیکن اس میں اگر ان کے مسلک کے خلاف کوئی بات ہے تو اس کی تاویل ہے، صلحاء اور اولیاء پر طعن اور اہل سنت پر تمسخر بلکہ ان سے حقارت کا اظہار بھی ہے

سورۃ الفاتحہ کی تفسیر کا نمونہ یہ ہے:-

toobaafoundation.com

سورۃ الناس کی مکمل تفسیر اس طرح ہے:-

toobaafoundation.com

تمت بعون الله تعالى وحسن توفيقه وهو على الكمال من حقايق الجلال
المطلع على دقايق المبتدة مراحة الطالبين المكنة ولطايف نكتة المتقرين من فقره وجهله الكثير
بالقوايد الغيبية وتوجهاته الربانية بالملايكة المقربين مجامع الفاظه ومعانيه جميع الايمان الى الوفي
عرجب المسكين الضعيف الذليل ولو لم يكن مذهونة الايراد كل شئ على فاته لكفى بضاعة لا يعتد بها لقلة
بضيعته بفتح السطور عليها فاتحة الابرار باشرف بيته ومجده واقتضى بكرامته وتوجهه من ارتقاء
على بيت المقدس بضبط بضاعته وبذره ومنزل آياته وسوره من البلد الامين بين ظهراني الحرم
وبين يدي البيت المحرم حتى وقع النداء وبل حيث وجد التنزيل ان يهب لي خانة الجود وبقيني
ايسر وجهاز وزمن قوطلي يوم التناد ولا يفضحني بها على رؤس الاشهاد وجنابي دار المقامة من
فضله جوامع له وسابغ نعمائه الجواد الكريم الرؤف الرحيم فالف المصنف فرغت
يد الصنع بجاه الكعبة وجاوره السلفية على باب احياء الموسومة بدرست العلامة
يوم الاثنين الثالث والعشرين من ربيع الآخر سنة ثمان وعشرين وخمسمائة وهو حامد الله
ما هو اهله مصليا على محمد وعبده ورسوله وقد وقع الفراغ من كتبة هذا الكتاب الشريف في علم
اسرار التنزيل المسمى بالكشاف على يد احقر العباد جمال الدين
تحريره في التاريخ بيست وچهارم شهر محرم الحرام
سنه ١١٣

هر جا بود ماه تمام كتاب — كرخطائي رفته باشد در كتاب
آن خطائي رفته را اصلح كنن — وذكرم والله اعلم بالصواب
عرض اقتيت كرنمايا دماند — كه هستي را نميم بقائي
كرم ما عبد اي روزگار برحمت — كند بركار سكنان دعائي
فقير بقي رحمت يزدان كتابدار
كه كاتب را بالخير كند ياد

toobaafoundation.com

تفسیر مدارک التنزیل

(قلمی) مدارک التنزیل وحقائق التاویل- مملوکہ میاں غوث محمد صاحب، کوٹری کبیر

از عبداللہ بن احمد بن محمود- کنیت ابوالبرکات- نسبت نسفی ہے متوفی سنہ ۷۰۱ھ- مقام اَیذَج (کردستان) میں دفن ہوئے، اس کتاب کے جو پہلے مالک تھے انھوں نے آخر میں اپنا نام اس طرح دیا ہے:- حقیر پرتقصیر خاک پاے عالمان بدرالدین ابن استاذی میاں خیرالدین ابن حافظ الحفاظ میاں یعقوب عرف سمہ- ساکن موضع گڈیجی-

سائز $\frac{1}{2}$ ۱۰ × ۶ $\frac{1}{2}$ سطریں فی صفحہ ۱۸- الفاظ فی سطر ۱۰- آخر کے پندرہ پارے ہیں- شروع کے پندرہ پارے نہیں ہیں

مولانا غلام احمد حریری نے تاریخ تفسیر ومفسرین (فیصل آباد سنہ ۱۹۸۹ع کے صفحہ ۲۷۳ میں ان کے بارے میں لکھا ہے:-

"امام نسفی نے اس کتاب کو تفسیر بیضاوی اور کشاف سے اخذ کیا ہے، البتہ کشاف میں جو معتزلہ عقائد مرقوم تھے، ان سے احتراز کیا ہے اور مسلک اہل السنت پر گامزن رہے (یہ تفسیر) نہ بہت طویل ہے اور نہ زیادہ مختصر- مؤلف نے اس میں وجوہ اعراب اور مختلف قسم کی قراتوں کو یکجا کر دیا ہے- تفسیر کشاف میں جو بلاغی نکات اور محسنات بدیعیہ تھے ان کو اس تفسیر میں سمولیا ہے، سورتون کے فضائل کے سلسلے میں جو احادیث موضوعہ، کشاف میں مذکور ہیں وہ اس میں مندرج نہیں۔"

toobaafoundation.com

تفسیر الاکلیل

(قلمی) تفسیر الاکلیل علیٰ مدارک التنزیل - مملوکہ مولانا کریم بخش مگسی صاحب میہڑ

سائز کاغذ ۱۰ ½ × ۹ متن ۸ × ۴ ½ سطریں ۱۶ - الفاظ فی سطر ۹

آخری صفحے پر ترقیمہ یہ ہے :-

تمت بکرم اللہ سبحانہ عز اسمہ جل ذکرہ وعم انعامہ - لہ الحمد والمجد فی کل حال فی حین حین وقت صلواۃ العصر یوم الجمعہ بتاریخ الرابع من شہر شعبان المعظم سنہ ۱۲ ھ فی جناب المقدس المطہر حضرت مخدوم صاحب فیض مواہب مخدومی مشفقی مدظلہ دام اقبالہ حضرت مخدوم صاحب جیو سلمہ اللہ سبحانہ فی شرایع نبیہ (یہاں نیچے "صلی اللہ علیہ وسلم" لکھا ہوا ہے) ودین متینہ آمین الي یوم الدین آمین- ثم آمین

ترقیمے میں صرف سنہ ۱۲ ھ لکھا ہوا ہے وہ سنہ ۱۲۱۲ھ ہوگا، کیونکہ اسی سال جمعہ کو ۴ شعبان تھی- اس آخری صفحے کے اوپر والے حاشیے میں ایک الٹی مہر عبدالوالی کی ہے اور اس میں سنہ ۱۲۶۱ھ بھی لکھا ہوا ہے - ممکن ہے کہ تکملہ مقالات الشعراء کے صفحہ ۲۴۶ میں جس "میاں عبدالولی برادر عبدالباقی واعظ آگہی" کا ذکر ہے وہ دراصل عبدالوالی ہی ہوں اور حضرت مخدومی سے مراد حضرت ابوالقاسم نقشبندی قدس سرہ (م سنہ ۱۱۳۸ھ) ہوں اور عبدالوالی نے لمبی عمر پائی ہو۔

مدارک التنزیل، عبداللہ بن احمد بن محمود رح نسفی (م سنہ ۷۰۱ھ) نے لکھی تھی اور اس کا حاشیہ حضرت مولانا حافظ شاہ محمد عبدالحق الہ آبادی "شیخ الدلائل" مہاجر مکی علیہ الرحمۃ (م ۱۳۳۳ھ) نے لکھا تھا- یہ حاشیہ سات جلدوں میں (مدارک التنزیل کے ساتھ) مکتبہ اکلیل المطابع، بھرائچ (۱) سے شائع ہوا تھا،

الاکلیل کا مذکورہ بالا مخطوطہ سورۃ مریم سے شروع ہوتا ہے :-

---

(۱) اکلیل المطابع بھی اسی تفسیری حاشیے کے نام پر قائم کیا ہوگا- مولانا محمد عبدالحق، مکہ معظمہ میں باب عبدالعزیز کے باہر سے جو راستہ داہنی طرف کو جاتا ہے اس میں ۵۰-۶۰ گز پر بائیں طرف اور اندر کے حصے میں ان کا مکان تھا- ان کے پوتے مولانا محمد برکات اور پرپوتے محمد زبیر سنہ ۱۹۷۴ع تک وہیں تھے بعد میں مکانات دور ہوگئے تھے-

toobaafoundation.com

كٓهٰيٰعٓصٓ- قال السدى هو اسم الله الاعظم وقيل هو اسم السورة قرا على ويحيىٰ بكسر الهاء والياء ونافع بين الفتح والكسر والى الفتح اقرب وابوعمرو بكسر الهاء وفتح الياء وحمزه بعكسه وغيرهم بفتحها- (ذكر رحمة ربك) خبر مبتدا اى هذا ذكر (عبده) مفعول الرحمة (زكريا) بالقصر- حمزة وعلى وحفص بدل من عبده (اذ) ظرف للرحمة (نادىٰ ربه نداء خفيا) دعاه دعاء سرا كما هو المامور به وهو ابعد عن الرياء واقرب الى الصفاء او اخفا لئلا يلام علىٰ طلب الولد فى اوان اكبر لانه كان ابن خمس وسبعين او ثمانين سنة (قال رب) هذا التفسير الدعا، واصله يا ربى مخذف حرف النداء والمضاف اليه اختصارا (انى وهن العظم منى) ضعف وحض العظم لانه عمود البدن وبه قوامه فاذا وهن تداعى وتساقطة قوته ولانه اشد ما فيه واصليه فاذا وهن كان ما وراءهٗ اوهن ووحده لان الواحد هو الدال علىٰ معنى الجنسية والمراد ان هذا الجنس الذى هو العمود والقوام واشد ما تركب منه الجسد قد اصابه الوهن (واشتعل الراس شيبا) تميز اى فشا فى راسى الشيب واشتعلت النار اذا تفرقت فى التهابها وصارت شعلا فشبه اشيب بشواظ النار فى بياضه وانتشاره فى الشعر واخذه منه كل مأخذ كاشتعال النار ولا ترىٰ كلاما افصح من هذا الا ترىٰ ان اصل الكلام

toobaafoundation.com

تمت بكرمه الله سبحانه بمنه اسمه جل ذكره
وعم انعامه له الحمد والمجد في كل حال
في حين حسين وقت صلوة العصر
يوم الجمعة بتاريخ الرابع من شهر شعبان
١٢ في جناب
المعظم
المقدس المطهر حضرت مخدوم صاحب
فيض مواهب محمدي شفقتي مد ظله
دام اقبال حضرت مخدوم صاحب
سلمه الله سبحانه في شرايع
نبيه و دين متين آمين ١٢

فسميت الطامة صاخة واه وقعت في وقت اعز وتول عنهم حتى حين
وابصر فسوف يبصرون وانما شتي ليكون تسلية على تسلية وتاكيد لوقوع
البعاد الى تاكيد وفيه فايدة زايدة وهي اطلاق الفصلين معا عن التقييد
بالمفعول ابصر وهم يبصرون ما لا يحيط به الذكر من صنوف المسرة وانواع
المساءة وقيل اريد باحدهما عذاب الدنيا وبالاخرة عذاب الاخرة سبحان
ربك رب العزة اضيف الرب الى العزة لاختصاصه بها كما انه قيل ذو العزة
كما نقول صاحب صدق لاختصاصه بالصدق ويجوز ان يراد انه ما من
عزة لاحد الا وهو ربها ومالكها كقوله تعز من تشاء مما يصفون من
الولد والصاحبة والشريك وسلام على المرسلين عمم الرسل بالسلام
بعد ما خص البعض في السورة لانه في تخصيص كل بالذكر تطويلا
والحمد لله رب العالمين على هلاك الاعداء ونصرة الانبياء اشتملت
السورة على ذكر ما قاله المشركون في الله ونسبوا اليه مما هو منزه عنه
وما اتاه المرسلون من جهتهم وما خولوه في العاقبة من النعمة عليهم
فختمها بجوامع ذلك من تنزيه ذاته عما وصفه المشركون والتسليم على المرسلين
والحمد لله رب العالمين على ما قبض لهم من حسن العواقب والمراد
تعليم المؤمنين ان يقولوا ذلك ولا يخلوا به ولا يغفلوا عن مضمنات كتابه الكريم

toobaafoundation.com

تفسیر مجمع البحار از حضرت شیخ طاہر محمد قدس سرہ

پات (پاتری) سندھ کے مشہور عالم حضرت شیخ طاہر محمد قدس سرہ (م سنہ۱۰۰۴ھ) برہان پور تشریف لے گئے تھے۔ (ان کے مفصل حالات مولانا سید مطیع اللہ راشد برہان پوری نے اپنی کتاب "برہان پور کے سندھی اولیاء حیدرآباد سنہ۱۹۵۷ع صفحہ۱۱ میں لکھے ہیں) ان کی عربی تفسیر مجمع البحار کے چند صفحات ملا غوثی گجراتی نے اپنی کتاب گلزار ابرار (صفحہ۴۲۷-۴۳۲) میں اس طرح نقل کیے ہیں:

فی تفسیر قولہ تعالیٰ فی قلوبھم مرض الخ المرض حقیقۃ ما یعرض للبدن فیخرجہ عن الاعتدال الخاص ویوجب الخلل فی افعالہ ومجازاً فی الاعراض نفسانیۃ التی یخل بکما لھا کالجھل وسوء العقیدۃ والزیغۃ وحب المعاصی لانھا ما نعۃ عن نیلالفضائل ومودیۃ الی زوال الحقیقۃ الابدیۃ والایۃ تحتملھا فان قلوبھم کانت متالمۃ تحزنا علی ما فات عنھم من الریاسۃ وحدا علیٰ ما یرون من اثبات امر الرسول واستعلاء شانہ یوما فیوما فزادالله عنھم بما زاد فی اعلاء امرہ واسادتہ ذکرہ ونفومھم کانت ماؤفۃ بالکفر وسوء الاعتقاد ومعادۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ونحوھا فزادالله ذالک

toobaafoundation.com

بالطبع او باوزياد التكاليف وتكرير الوحى وتضاعيف النصر

وفى الرحمانى- فى قلوبهم مرض- هو تفريطهم فى القوة الحكمية وافراطهم فى الشهوية

فى الاحياء اعلم ان جندى الغضب والشهوة قد ينقادان للقلب انقيادا تاما فيعيناه على طريقة الذى يسلكه وقد يستعصيان عليه استعصاء بغى وتمرد حقى يملكاه ويستعبداه وفيه هلاكه وانقطاعه عن سفره الذى به وصوله الى سعادة الابد وللقلب جند آخر وهو العلم والحكمة والتفكر وحقه ان يستعين بهذا الجند فانه حزب الله تعالىٰ على الجندين الاخرين فانهما قد يلحقان بحزب الشيطن فانه من ترك الاستعانة وتسلط على نفسه جندى الغضب والشهوة هلك هلاكا يقينا وخسر خسرانا مبينا- وذالک حال اكثر الخلق فان عقولهم صارت مسخرة لشهواتهم فى استنباط الحيل لقضاء الشهوة وكان ينبغى ان يكون الشهوة مسخرة لعقولهم

اما بيان علامات مرض القلب فكما ان كل عضو من اعضاء البدن خلق لفعل خاص به ومرضه ان يتعذر فعله الذى خلق لاجله كذالک مرض القلب ان يتعذر عليه فعله الذى خلق لاجله وهو العلم والحكمة والمعرفة وحب الله تعالىٰ وعبادته والتلذ ذبه وايثار ذالک على شهوة سواء وخاصية النفس التى للادمى ما يتميز به عن البهائم ولم يتميز بها بقوة الا كل والوقاع بل بمعرفة الاشياء على ما هى عليه واصل الاشياء موجدها ومخترعها الذى جعلها شيأً هو الله تعالىٰ فاوعرف كل شيء ولم يعرف الله تعالى فكانه لم يعرف شيئا فان الناس كلهم قد هجروا هذه العلوم واندرست فى هذا

toobaafoundation.com

الاعصار واشتغلوا بتوسيط الخلق فى الخصومات الثائرة من اتباع الشهوات وقالوا هواء الفقه واحوا جوا هذه العلم الذى هو فقه الدين من جملت العلوم وتجرد الفقة الدنيا الذى ما قصد به الارفع الشواغل ليتفرغ لفقة الدين فكان فقه الدنيا من فقه الدين بواسطة هذا الفقه-

وفى بعض الكتب- اعلم ان القلب بمنزلة القالب فى الشريعة ولا معول الا على القلب لانه موضع نظر الله تعالىٰ كما قال عليه السلام ان الله تعالىٰ لا ينظر الى صوركم الخ فالقلب علل وامراض مثل امراض الاشخاص فان القلب الانسان حقيقى وله من الاعضاء حقائق فللقلب راس يحيى به كما يحيى البدن براسه فاذا جز راس البدن لا يحىٰ فككذالک القلب وراس القلب ادراكه لطائف الغيب وهذا الادراک بنقسم مثل انقسام حواس الرس واقسامه البصيرة والتذكر والمراقبة والتميز والتفكر فالبصيرة عين القلب والتذكر لسان القلب والمراقبه سمع القلب والتفكر خيال القلب والتميز تجار به وفعله فاذا اراد الله تعالىٰ بعبد خيرا فتح عينى قلبه وشرح لسانه واسمع اذنه واذا ارادالله تعالىٰ بعبد شرا ختم علىٰ سمعه وبصره ومنعه عن ادرا كاته وذالک المنع مرض روحانى يكون صداء القلب منه ومهما زاد المنع تولدت الغفله والغفلة القلب بمنزلة الصرع وغلبة الظنون الفاسدة مثل الماليخوليا للراس فان الراس اذا يبتلى به يتخبط اعماله والقلب اذا انفعل بالظنون الفاسدة تظهر فيه تخبطات كثيرة ويصير كالمجنون المتحير الممنوع من معرفة الله تعالىٰ وحسن الظن به وامتلاء القلب الفضول الطمع والطمع به يورث الاستسقاء

toobaafoundation.com

فى القلب حتى انه لا يروى من سالمال والجاه والدخان الغفلة يورث عمى البصيرة فان البصيره تظلم ويقل نورها بدخان الهوى كما يظلم البصر ببخارا الهوى فى عالم الدنيا.

toobaafoundation.com

انوار الاسرار

(قلمی) عربی تفسیر "انوار الاسرار" از شیخ عیسیٰ سندھی- مملوکہ پیر بدیع الدین شاہ راشدی صاحب- نیوسعیدآباد (سندھ)

صرف سورۃ الطور سے سورۃ الحدید تک ھے صفحات ۱۳۰- سطریں فی صفحہ ۱۷- الفاظ فی سطر ۱۰- سائز $۷ + ۹\frac{۱}{۲}$

تفسیر انوار الاسرار کا ایک قلمی نسخہ اکاؤنٹ نمبر۲۶۵۸۳ سے سندہ یونیو رسٹی لائبریری میں موجود ھے یہ تفسیر سنہ۱۰۰۳ میں تحریر کی گئی.

شیخ عیسیٰ جنداللہ سندھی ثم برھان پوری نے یہ عربی تفسیر چار جلدوں میں لکھی تھی- اپنے والد شیخ محمد قاسم اور چچا شیخ محمد طاھر سے تحصیل علوم کی اور شاہ لشکر محمد عارف باللہ سے بیعت ھوئے،

دیدہ زیب پاکیزہ خط نسخ یہ مسیح الاولیا کی وہ معرکۃ الاراء مسجع ومرصع تفسیر ھے جسکو دیکھ کر آپکے چچا شیخ طاھر محدث سندھی صاحب تفسیر مجمع البحار نےفرط مسرت سے بے اختیار آپکو گلے لگالیا تھا. عربی تفسیر تصوف کے باریک حقیقتوں سے بھری ھوئی ھے .

مسیح الاولیاء حضرت شیخ عیسیٰ جند اللہ پاٹائی ثم برھانپوری، قصبہ پاٹ شریف (ضلع دادو) سے اپنے چچا شیخ طاھر محدث رح اور فرزند شیخ عبدالستار کے ھمراہ گجرات وغیرہ سے ھوتے ھوئے برھانپور پھنچے- آپکے فرزند شیخ شھر اللہ رمضان پاٹائی آپ کی زندگی میں ھی مالک حقیقی سے جا ملے- دوسرے فرزند شیخ عبدالستار برھانپور میں مسند نشین ھوئے - تیسرے فرزند بابا فتح محمد جن کی کتاب مفتاح الصلوات اس وقت دیار سندھ کی علمی درسگاھوں میں نصاب میں شامل تھی. دوسری اولاد میں شیخ طٰہٰ اور شیخ ھاشم کے نام گرامی ملتے ھیں.

کتاب گلزار ابرار (مطبوعہ لاھور) کے مصنف ملا حسن غوثی لکھتے ھیں کہ مسیح الاولیاء ومسیح القلوب مخدوم عباس ھنگورجائی (جس کا ذکر تاریخ معصومی میں ملتا ھے) کی وفات ک بعد ان کے مدرسے اور مسجد میں حصےدار تھےاس سے اندازہ ھوتا ھے کہ شیخ عیسیٰ برھانپور میں مقیم ھونے کے بعد بھی اپنے اصل وطن سندہ آتے رھے .

ملا حسن غوثی جس کو شیخ سے ملاقات کا شرف بھی حاصل رھا ھے

toobaafoundation.com

شیخ عیسیٰ کی کل تیرہ تصانیف کا ذکر کیا ہے۔

تذکرہ علماء ہند از مولانا رحمان علی (مترجم پروفیسر محمد ایوب قادری کراچی سنہ ۱۹۶۱ع) صفحہ ۳۶۰ پر تحریر فرماتے ہیں کہ "شیخ عیسیٰ جند اللہ سندھی (پاٹائی) ثم برھانپوری نے یہ عربی تفسیر چار جلدوں میں لکھی تھی اپنے والد شیخ محمد قاسم اور چچا شیخ محمد طاہر سے تحصیل علوم کی اور شاہ لشکر محمد عارف باللہ سے بیعت ہوئے ، تفسیر انوار الاسرار کے علاوہ مجمع البحرین عین المعانی، روضہ الحسنیٰ، رسالہ حواس خمسہ، حاشیہ بر اشارہ غریبہ کتاب انسان کامل، شرح قصیدہ بردہ، حاشیہ بر شرح ضیائیہ فتح محمدی، تتیم وشرح مائۃ عامل رسالہ عقود، ترجمہ اسرار الوحی کے مصنف تھے سنہ ۱۰۳۱ھ میں انتقال ہوا۔

تفسیر انوار الاسرار عربی زبان میں تفسیر ہے، جو قلمی صورت میں موجود ہے، حال ہی میں ادارہ پاک ہائوس اینڈ پبلشر حیدرآباد نے اسے سندھی ترجمہ کے ساتھ شائع کرنے کا اہتمام کیا ہے۔ اس تفسیر کی خاصیت یہ ہے کہ اس میں قرآن پاک کی تشریح تصوف و احسان کے رنگ میں کی گئی ہے۔

حبیب اللہ سیوستانی نے اپنی کتاب المکتوب الحبیب قلمی (جس کا ایک نسخہ سلیم اللہ صدیقی پاٹائی کے پاس موجود ہے) المکتوب الحبیب قلمی کتاب میں لکھا ہے کہ حضرت مجدد الف ثانی جب شیخ عیسیٰ کا ذکر سنتے یا کرتے تو ادب سے مسیح الاولیاء کے لقب سے یاد فرماتے۔

سورۃ الرحمان کی تفسیر کا ایک حوالہ:

"جهات الوجودات وتلخص وجوهها وجدها با سرها فانية فی حد ذاتها الا وجه الله الذی يلي جهته بجهتها ووجه بوجهها وذالک لان الوجود اما واجب او ممکن او ممتنع الممتنع لا کلام فيه واما الممکن فله بهتان جهة الی الواجب وجهة الی الممتنع لفما به الذی يلی الممتنع وما به الذی يلی الواجب فلک ان تحر هذه الميله من الفواد الثلث باي عبارة شئت ثم اعلم ان الفناء فی اصطلاح اهلا لله غير ما هو عليه اهل اللغة والكلام ياذن الفنا عندهم عبارة عن استيلاء وجود الحق عند من طلبه علی وجود ما سواه وفناء الفناء اشارة الی عدم شعور هذا لا فناء عنده وهو عبارة عن تبديد العلم الذی به فعلم الفناء يعلم الحق تعالیٰ والبقاء عبارة وعن ان يعلم السالک ان وجوده وصفاته تعالیٰ ظهر به وبما سواه وبقاء البقاء اشارة الی ان العلم الذی به يعلم ان وجد الاشياء مضمحل فی وجود ه تعالیٰ هو ايضا منسوب الی الحق بل مضحل يعلمه تعالیٰ وهذا الوجه ثلث وجوه التخلف والتحقق والتحقيق.

toobaafoundation.com

النظر علیٰ تفسیر البیضاوی

(قلمی) النظر علیٰ تفسیر البیضاوی- خیرپور سچل لائبریری

صفحات ۱۵۰- سائز ۱۱ × ۶ ۱/۲ سطریں فی صفحہ ۳۰- الفاظ فی صفحہ عموماً ۱۸- کیٹلاگ میں اس کے متعلق یہ نوٹ ہے:-

تفسیر بیضاوی پر مولانا احمد بن محمود ہروی مشہور بمولانا زادہ کے یہ ملاحظات ہیں- مولانا زادہ عہد سلطنت امیر تیمور کے مشہور آفاق عالم تھے- سنہ ۸۳۸ھ میں وفات پائی- ہدایۃ الحکمۃ کے وہ شارح ہیں- بیضاوی پر بہت سے شروح وحواشی لکھے گئے- مگر اس کی عجیب ترین خصوصیت یہ ہے کہ عقل ونقل اور فلسفہ کو شریعت سے امتزاج دینے کی ایسی حکیمانہ کوشش کی ہے جس کی بہت کم مثالیں ملیں گی کہ اعتصام بالاسلام رکھتے ہوئے حق سے بھی نہیں ہٹے اور معرکہ آرا مسائل کی علمی تحلیل بھی کردی۔"

(یہ اس تفسیر کی دو جلدیں ہیں- تیسری جلد لکھنے کا ارادہ دوسری کے بالکل آخر میں ظاہر کیا ہے)

toobaafoundation.com

تفسیر بیضاوی

تفسیر بیضاوی کے حواشی (قلمی) عربی میں ہیں- مصنف کا نام معلوم نہیں- ۱۵- ۱۵ پاروں کی دو جلدیں- دوسری جلد کے آخر میں کاتب کا نام رحمت اللہ ولد علی محمد درج ہے، سال کتابت ۱۰۸۳ھ سائز ۸×۱۲، سطریں فی صفحہ ۲۱- الفاظ فی سطر ۲۰- آخری صفحے پر دو مہریں "عبداللہ ۱۱۵۳ھ" کی ہیں- بعد کی ایک مہر مکتبہ قادری کھوسکی کی ہے

(مملوکہ مولانا عبدالوہاب چاچڑ- مدیر رسالہ شریعت- روہڑی)

ان حواشی میں حسب ذیل نام آتے ہیں:-

(۱) مولوی عبدالحکیم سیالکوٹی (۲) مخدوم حسام الدین (۳) شیخ بہاءالدین عاملی (۴) مخدوم وجیہہ الدین (۵) خطیب (٦) خطیبی (۷) طیبی (۸) علامہ شیروانی (۹) علامہ حسن چلپی (۱۰) تمیم حاشیہ کشاف (۱۱) کشاف (۱۲) پہلوان حاشیہ کشاف (۱۳) سعدی (۱۴) سعد الدین تفتازانی (۱۵) سعدیہ (۱٦) علامہ قطب الدین (۱۷) مظہر (۱۸) قاضی نورمحمد (۱۹) شیخ زکریا (۲۰) تفسیر حسینی (۲۱) درمنثور (۲۲) ابن تمجید حاشیہ بیضاوی (۲۳) کواشی (۲۴) عمادی (۲۵) اللہ دادیہ وغیر ذالک



toobaafoundation.com



toobaafoundation.com

عبد الرحمٰن

حاشیہ پر تفسیر بیضاوی از مولانا محمد عبدالرحمان رح
(سورۃ البقرہ تک)

شائع کردہ محمد سعید اینڈ سنز - قرآن محل - کراچی - صفحات ۱۷۹ سطور متن ۲۱، الفاظ سطر عموماً ۱۸ سائز ۱۳ × ۸ (حواشی الگ ہیں)

مولانا عبدالحی نے نزھۃ الخواطر (جلد ۸ - صفحہ ۲۶۰ - ۱۶۱ - رائے بریلی سن ۱۹۹۳ع) میں لکھا ہے کہ حافظ عبدالرحمان امروھوی ابن عنایت اللہ صدیقی، بمبئی میں پیدا ہوئے. مکہ معظمہ میں قرآن حفظ کیا. پھر اپنے والد سے اور مولانا محمد قاسم نانوتوی رح، علامہ احمد حسن امروھوی رح، مولانا رشید احمد گنگوھی رح سے پھر علامہ حسین بن محمد انصاری یمانی رح سے علوم حاصل کئے، بمبئی. امروھہ اور ڈابھیل میں پڑھاتے رہے - امروھہ میں سن ۱۳۶۷ھ میں انتقال ہوا،لیکن مکہ معظمہ میں علامہ احمد حسن امرھوي رح کے قریب دفن ہوئے. تفسیر بیضاوی، مطول اور مختصر المعانی وغیرہ کے حواشی لکھے.

شروع میں سولہ صفحات میں حضرت مفتی رشید احمد لدھیانوی صاحب (دارالعلوم رشیدیہ کراچی) نے عربی میں مقدمہ لکھا ہے. اس میں دس فصلیں ہیں: (۱) تفسیر وتاویل کے معنی، اس کی ضرورت اور اھمیت (۲) تفسیر کے آداب اور شرطیں (۳) تفسیر کی اقسام وغیرہ (۴) نزول القرآن علیٰ سبعۃ احرف کی تشریح (۵) جمع القرآن اور ترتیب (٦) طبقات المفسرین من الصحابہ رح، طبقات المفسرین من التابعین رضہ اور طبقہ اخریٰ- (۷) مسئلہ خلق قرآن (اس سلسلے میں جو مسائل پیدا ہوئے) (۸) وجوہ اعجاز القرآن (۹) اسماء القرآن (۱۰) بیضاوی کے حالات- پھر الفائدۃ الجلیلہ کے ذیل میں تفسیر بیضاوی سے متعلق بعض علماء کی آراء پھر تفسیر بیضاوی اور اس کا حاشیہ شروع ہوتا ہے.

toobaafoundation.com

ذالت النعم وجودها والقدرة على ايصالها والداعية الباعثة عليه والتمكن من الانتفاع بها والقوى التي بها يحصل الانتفاع
الى غير ذالك من خلقه لا يقدر عليها احد غيره اولان الرحمن لما دل على جلائل النعم اصولها ذكر الرحيم ليتناول ما خرج
منها فيكون كالتتمة والرديف له او للمحافظة على الرؤس الاربع والاظهر انه غير منصرف ان حظ اختصاصه بادنى
ان يكون له مؤنث على فعلى او فعلانة الحاقا له بما هو الغالب بابه وانما خص التسمية بهذه الاسماء ليعلم العارف ان
المستحق لان يستعان به في جامع الامور هو المعبود الحقيق الذي هو مولى النعم كلها عاجلها واجلها جليلها وحقيرها
فيتوجه بشراشره الى جنابه القدس ويتمسك بجميل المتوقى ويشغل بحمده بذكره والاستمداد به عن غيره الحمد هو الثناء
هو الثناء على الجميل الاختياري من نعمة او غيرها او المدح هو الثناء على الجميل مطلقا تقول حمدت زيدا على كرمه ولا
تقول حمدته على حسن ابله ومدحته وقبلهما الشكر والشكر في مقابلة النعمة قولا وعملا واعتقادا قال اشكروا لي ولوالديكم
منفسلة بحركتي ولساني وتصغيرها تحبباه وهو اعم منهما من جهة ومن حيث ان الحمد لما كان اكثر ما يحمد من شعب الشكر عم النعم
واذل على مكانها لحفا الاعتقاد وفي الاداب الجوارح من الاعمال جعل اسم الشكر والحمد كليهما في قوله عليه الصلوة
والسلام الحمد رأس الشكر ما شكر الله من لم يحمده والذم يقتضي الحمد الكفران نقيض الشكر ورفعه الايذاء وغيره
لله واصله النصب وقد قرئ به وانما عدل عنه الى الرفع ليدل على عموم الحمد وثباته له دون تجدده وحدوثه
وهو من المصادر التي تنتصب بافعال مضمرة لا تكاد تستعمل معها لوفور التعريف فيه للجنس مع قصد الاشارة الى ما يعرفه
كل احد ان الحمد هو وقيل الاستغراق اذ الحمد في الحقيقة كله له اذ ما من خير الا وهو مولده بوسط او غيره كما قال
الله ثم وما بكم من نعمة فمن الله وفيه اشعار بانه تعالى حقيق بان يحمد لذاته مع قطع النظر عن نعمه اذ الحمد لا يستحق الا من كان هذا شانه
وقرئ الحمد لله باتباع الدال اللام وبالعكس تنزيلا لاحدهما منزلة كلمة واحدة وكثرت
العالمين الرب في الاصل بمعنى التربية وهي تبليغ الشيء الى كماله شيئا فشيئا ثم وصف به للمبالغة كالصوم
والعدل وقيل هو نعت من ربه يربه كقولك نمر ينمر فهو رب كقولك نمر ونمر ثم سمي به المالك لانه يحفظ ما يملكه ويربيه
ولا يطلق على غيره تم الا مقيدا كقوله تعالى ارجع الى ربك والعالم اسم لما يعلم به كالخاتم والقالب غلب فيما
يعلم به الصانع وهو كل ما سواه من الجواهر والاعراض فانها امكانها وافتقارها الى مؤثر واجب لذاته تدل على
وجوده وانما جمع ليشتمل ما تحته من الانواع المختلفة وغلب العقلاء منهم فجمعه بالياء والنون كسائر

toobaafoundation.com

٧

اوصافهم وقيل اسم وضع لذوي العلم من الملئكة والثقلين وتناوله لغيرهم على سبيل الاستتباع وقيل عني به
الناس ههنا فان كل واحد منهم عالم من حيث انه يشتمل على نظائر ما في العالم الكبير من الجواهر والاعراض يعلم بها الصانع
كما يعلم بما ابدعه في العالم ولذلك سوى بين النظر فيهما وقال الله تعالى وفي انفسكم افلا تبصرون وقرئ رب العالمين
بالنصب على المدح او النداء او بالفعل الذي دل عليه الحمد وفيه دليل على ان الممكنات كما هي مفتقرة الى المحدث
حال حدوثها فهي مفتقرة الى المبقي حال بقائها الرحمن الرحيم كرره للتعليل على ما سنذكره مالك يوم الدين
قرأه عاصم والكسائي ويعقوب ويعضده قوله تعالى يوم لا تملك نفس لنفس شيئا والامر يومئذ لله وقرأ الباقون ملك و
هو المختار لانه قراءة اهل الحرمين ولقوله تعالى لمن الملك اليوم ولما فيه من التعظيم والمالك هو المتصرف في الاعيان
المملوكة كيف شاء من الملك والملك هو المتصرف بالامر والنهي في المامورين من الملك وقرئ ملك بالتخفيف و
ملك بلفظ الفعل ومالكا بالنصب على المدح او الحال ومالك بالرفع منونا ومضافا على انه خبر مبتدأ محذوف و
ملك مضافا بالرفع والنصب ويوم الدين يوم الجزاء ومنه كما تدين تدان وبيت الحماسة ولم يبق سوى العدوان
دناهم كما دانوا اضاف اسم الفاعل الى الظرف اجراء له مجرى المفعول به على الاتساع كقولهم يا سارق الليلة
اهل الدار ومعناه مالك الامور يوم الدين على طريقة ونادى اصحاب الجنة او له الملك في هذا اليوم على وجه الاستمرار
لتكون الاضافة حقيقية معدا لوقوعه صفة للمعرفة وقيل الدين الشريعة وقيل الطاعة والمعنى يوم جزاء الدين
وتخصيص اليوم بالاضافة اما لتعظيمه او لتفرده تعالى بنفوذ الامر فيه واجراء هذه الاوصاف على الله تعالى من كونه
موجدا للعالمين ربا لهم منعما عليهم بالنعم كلها ظاهرها وباطنها عاجلها وآجلها مالكا لامورهم يوم
الثواب والعقاب للدلالة على انه الحقيق بالحمد لا احد احق به منه بل لا يستحقه على الحقيقة سواه
فان ترتب الحكم على الوصف يشعر بعليته له وللاشعار من طريق المفهوم على ان من لم يتصف بتلك
الصفات لا يستاهل لان يحمد فضلا عن ان يعبد ليكون دليلا على ما بعده فالوصف الاول لبيان
ما هو الموجب للحمد وهو الايجاد والتربية والثاني والثالث للدلالة على انه متفضل بذلك مختار فيه
ليس يصدر منه لايجاب بالذات او وجوب عليه قضية لسوابق الاعمال حتى يستحق به الحمد والرابع
لتحقيق الاختصاص فانه مما لا يقبل الشركة فيه وتضمين الوعد للحامدين والوعيد للمعرضين و
اياك نعبد واياك نستعين ثم انه لما ذكر الحقيق بالحمد ووصف بصفات عظام تميز بها عن

toobaafoundation.com

حاشیہ پر تفسیر بیضاوی از علامہ عبدالکریم کورائی (سورۃ البقرہ تک)

شائع کردہ میر محمد کتب خانہ آرام باغ ، کراچی سنہ ۱۳۸۵ھ- صفحات ۱۷۹- سطور متن ۲۱- الفاظ سطر عموما ۱۸- سائز ۱۲ x $8\frac{1}{4}$ (حواشی الگ ہیں)

حالات مفسر:-

آپ قریہ پاگارا پٹ، رتوڈیرو میں سنہ ۱۳۰۵ھ میں پیدا ہوئے- پانچ سال کی عمر میں مولوی محمد صالح قریشی سے ناظرہ سے لیکر سکندر نامہ تک تعلیم حاصل کی- انشا پردازی بھی ان سے سیکھی. پھر بنگل دیرو میں مولوی عبداللہ سے کتب صرف اور مولانا میر محمد نورنگی سے کتب نحو پڑھیں- اور مدرسہ سومرانی میں مولاناعبدالقادر ابن مولانا عبداللہ سے کتب فقہ اور رسائل منطق شروع کیے اور چار سال تک اسی مدرسہ میں دوسری کتابیں بھی پڑھیں، پھر ملتان- ڈیرہ غازی خان اور قصبہ فقیر شمس الدین اندھر (پنو عاقل کے قریب) کتب متداولہ کی تعلیم حاصل کی. اسی دوران بہت سے مشہور علماء نے ان سے فیض حاصل کیا، سنہ ۱۳۲۹ھ میں آپ کی دستاربندی ہوئی. اس کے بعد مدرسہ محراب پور (علاقہ جھٹ پٹ) میں مدرس مقرر ہوئے، سنہ ۱۳۳۴ھ میں آپکو گھوٹکی کے مدرسہ میں بلوا لیا گیا، وہاں بھی آپ نے سخت محنت کی اور صبح شام تک تعلیم دیتے رہے، سنہ ۱۳۳۸ھ میں حج کے لئے گئے- محرم سنہ ۱۳۳۸ھ میں واپسی ہوئی، اسی زمانے میں مسئلہ خلافت کا زور ہوا، ہندو مسلم اتحاد- انگریز حکومت سے قطع تعلقات اور ترک موالات کی تحریکیں شروع تھیں، انگریز حکومت سے گرانٹ لینے کے بجائے پیر تراب علی شاہ اور مولانا نورنگی نے چندہ کر کے کور سلیمان قصبہ میں مدرسہ قائم کیا. سنہ ۱۳۵۸ھ میں نواب نبی بخش خان بھٹو کے اصرار پر آپ میرپور بھٹو میں تعلیم دینے لگے، دو سال

toobaafoundation.com

کے بعد آپ کو ذیابیطس کا مرض لاحق ہوگیا، نواب صاحب نے لاڑکانہ کے ایک ڈاکٹر سے علاج کرایا اور بہت پیسہ صرف کیا، اس علاج سے فائدہ ہوا، لیکن ضعف قلب ہوگیا اور آپ نے شب جمعہ ۳ جمادی الاخریٰ سنہ ۱۳۶۲ھ کو وفات پائی، مولانا محمد ابراہیم خلیل کارڑوی نے ان کے انتقال پر دو تاریخیں لکھیں ایک یہ ہے:

فاضلِ کورِ سلیمان صاحب خلق عظیم- او ستاد کل علامہ زمان عبدالکریم
کردہ چون رحلت ازین دنیا بہ ملک جاودان- شدندا در خلد " مغفور الہ" از بانہال ۱۳۶۲

تفسیر بیضاوی جس کا اصل نام انوار التنزیل واسرار التاویل ہے قاضی ناصرالدین ابو سعد عبداللہ بن عمر بیضاوی نے لکھی تھی (۱) تبریز میں سنہ ۶۸۲ھ یا سنہ ۶۸۵ھ میں وفات پائی، اس تفسیر کو اس قدر قبول عام حاصل ہوا کہ اس کی بہت سی شرحیں اور حواشی لکھے گئے، ان میں سے اکثر کا ذکر اس مطبوعہ جلد کے مقدمہ میں بھی ہے، اس جلد کے حواشی علامہ عبدالکریم کورائی رح کے مرتب کردہ ہیں جس کی خصوصیات یہ بتائی گئی ہیں کہ (۱) کوئی بھی مشکل مقام ایسا نہیں چھوڑا گیا جس کی تشریح نہ کی گئی ہو (۲) قدیم حواشی میں جو اغلاط تھیں ان کی تصحیح کی کوشش بلیغ کی گئی ہے اور ان پر مفید اضافے بھی کیے گئے ہیں (۳) احناف اور دیگر مذاہب کے درمیاں جو اختلافی مسائل ہیں، انصاف کے ساتھ ان دلائل کا جائزہ لیا گیا ہے اور (۴) اس امر کا التزام کیا گیا ہے کہ ماخذون کا حوالہ چھوٹنے نہ پائے تاکہ ان کی طرف رجوع کرنے میں سہولت ہو- مختصر یہ کہ علامہ عبدالکریم کورائی علیہ الرحمۃ کا یہ حاشیہ جو سورۃ البقرہ کی تفسیر تک ہے معلمین اور متعلمین سبھی کے لیے بہت مفید ہے۔

اس مطبوعہ نسخے میں پانچ صفحات سے کچھ زائد میں عربی میں مقدمہ ہے،

---

(۱) مولانا محمد ابراہیم خلیل کارڑوی نے علامہ عبدالکریم کورائی رح کے متعلق ایک کتابچہ سنہ ۱۹۸۱ع میں شائع کیا تھا اس میں سے یہ حالات لیے گئے ہیں۔

toobaafoundation.com

پھر مولانا عتیق الرحمن کے صاحبزادے مولانا اشفاق الرحمن کاندھلوی (استاد دارالعلوم اشرف آباد یعنی ٹنڈو الله یار- حیدرآباد) کا فارسی میں مقدمہ ہے جو دراصل نواب صدیق حسن خان قنوجی ثم بھوپالی (م سنہ ۱۳۰۷ھ) کی اکسیر فی اصول التفسیر کا چربہ ہے. عربی میں جو مقدمہ ہے اس کے مباحث یہ ہیں (۱) تفسیر وتاویل کے معنی اور ضرورت (۲) تفسیر لکھنے کے لے کونسے علوم ضروری ہیں اور تفسیر الرای کیا ہے؟ (۳) اس معنی کی تحقیق میں کہ کلام الله غیر مخلوق ہے، (۴) متشابہات کی بحث (۵) طبقات المفسرین صحابہ رضہ، تابعین رضہ اور طبقہ اخریٰ (٦) بیضاوی رح کے حالات اور ان کی کتاب پر بحث ہے (۱)

---

(۱) روہڑی میں مولانا عبدالوہاب چاچڑ نے راقم الحروف سے فرمایا کہ مولانا عبدالرحمن نے جو حاشیہ بیضاوی لکھا تھا (اور جو محمد سعید اینڈ سنز- قرآن محل کراچی نے شائع کیا تھا) اس کے بعض مقامات حل طلب تھے، ان کی تشریح علامہ عبدالکریم کورائی رح نے کی تھی اور مزید تشریح ان کے فاضل شاگرد مولانا غلام مصطفیٰ قاسمی صاحب نے شامل کردی ہے.

toobaafoundation.com

النعم وجنوها والقدرة على ايصالها والداعية الباعثة عليه والتمكن من الانتفاع بها والقوى التي بها يحصل الانتفاع
الى غاية ذلك من خلق لا يقدر عليها احد غيره اولان الرحمن لما دل على جلائل النعم اصولها ذكر الرحيم ليتناول ما
خرج عنها فيكون كالتتمة والرديفة او للهما فضل على ورد في الاظهر انه غير مصروف وان حظ اختصاصه بالله ان
يكون له مثنى على فعلى او فعلانة كما قاله بها هو الغالب في بابه انما اختص التسمية بهذه الاسماء لعلم العارف
المستحق لان يستعان به في جميع الامور هو المعبود الحقيقي الذي هو مولى النعم كلها جليلها وجليلها جليلها
حقيرها فيتوجه بشراشره الى جناب القدس ويمسك بحبل التوفيق ويشغل سره بذكره والاستمداد به عن غيره
الحمد لغة هو الثناء على الجميل الاختياري من نعمة او غيرها والمدح هو الثناء على الجميل مطلقا تقول حمدت زيدا
على علمه وكرمه ولا تقول حمدته على حسنه بل مدحته وقيل هما مترادفان والشكر في مقابلة النعمة قولا وعملا و
اعتقادا اقال الفاضل اكثر النحاة على ثلثة يد ولسان والضمير المجرور فيها للمنعم فانها امر وجب واخص من الحمد ولما كان الحمد
مرشعب الشكر اشيع للنعم ودل على مكانها لخفاء الاعتقاد وفي اداء الجوارح من الاحتمال جعل اس الشكر و
العمدة فيه في قوله عليه وآله الصلوة والسلام الحمد راس الشكر ما شكر الله من لم يحمده والذم نقيض الحمد و
الكفران نقيض الشكر ورفعه بالابتداء وخبره لله واصله النصب وقد قرئ به وانما عدل عنه الى الرفع ليدل
على ثبوت الحمد وثباته له دون تجدده وحدوثه وهو من المصادر التي تنصب بافعال مضمرة لا تكاد تستعمل
بها والتعريف فيه للجنس بمعنى الاشارة الى ما يعرف في كل احد ان الحمد ما هو وقيل للاستغراق اذ الحمد في
الحقيقة كله له اذ ما من خير الا وهو مولية بوسط او غير وسط لهذا قال الله تعالى وما بكم من نعمة فمن الله وفيه
اشعار بانه تعالى قادر مريد عالم اذ الحمد لا يستحقه الا من كان هذا شانه وقرئ الحمد لله باتباع الدال اللام
وبالعكس تنزيلا لها من حيث انهما يستعملان معا منزلة كلمة واحدة رب العلمين الرب في الاصل بمعنى
التربية وهي تبليغ الشيء الى كماله شيئا فشيئا ثم وصف به للمبالغة كالصوم والعدل وقيل هو نعت
من ربه يربه فهو رب كقولك نمّ ينمّ فهو نمّ ثم سمي به المالك لانه يحفظ ما يملكه ويربيه ولا يطلق على
غيره تعم الا مقيدا كقوله تعالى ارجع الى ربك والعالم اسم لما يعلم به كالخاتم والقالب غلب فيما يعلم
به الصانع وهو كل ما سواه من الجواهر والاعراض فانها لامكانها وافتقارها الى مؤثر واجب لذاته تدل على
وجوده وانما جمعه ليشمل باقيه من الاجناس المختلفة وغلب العقلاء منهم فجمعه بالياء والنون كسائر

٦

اوصافهم وقيل اسم وضع لذات ذي العلم من الملائكة والثقلين وتناوله لغيرهم على سبيل الاستتباع وقيل علم
الناس هنا فان كل احد منهم عالم من حيث انه يستدل على نظائره في العالم الكبير من الجواهر والاعراض ويعلم بها الصانع
كما يعلم هو نفسه بذلك وذلك سوى بين النظر فيهما وقال الله تعالى وفي انفسكم افلا تبصرون وقرئ رب العالمين
بالنصب على المدح او النداء او بالفعل الذي دل عليه الحمد وفيه دليل على ان الممكنات كما هي مفتقرة الى المحدث حادثة فهي
فهي مفتقرة الى البقاء قال بقاها الرحمن الرحيم كرره للتعليل على ما سنذكره مالك يوم الدين قرأه عاصم والكسائي وبخلف
ويعضده قوله تعالى يوم لا تملك نفس لنفس شيئا والامر يومئذ لله وقرأ الباقون ملك وهو المختار لانه قراءة اهل الحرمين
ولقوله تعالى لمن الملك اليوم ولما فيه من التعظيم والمالك هو المتصرف في الاعيان المملوكة كيف شاء من الملك
والملك هو المتصرف بالامر والنهي في المليونين من الملك وقرئ ملك بالتخفيف وذلك بلفظ الفعل والكاف بالنصب على
المدح او النداء والمالك بالرفع مرتبا او مصاقبا على انه خبر مبتدا محذوف او مبتدا خبره محذوف قبل الرفع والنصب يوم الدين
يوم الجزاء ومنه كما تدين تدان وليت شعري وليس بمستبعد ان يدنا هم كما دانوا اضاف اسم الفاعل الى الظرف
اجراء له مجرى المفعول به على الاتساع كقولهم يا سارق الليلة اهل الدار ومعناه ملك الامور يوم الدين على
طريقة قولنا اصحاب الجنة اولوه الملك في هذا اليوم على وجه الاستمرار لتكون الاضافة حقيقية مفيدة لتوقت
صفة للمعرفة وقيل الدين الشريعة وقيل الطاعة والمعنى يوم جزاء الدين وتخصيص اليوم بالاضافة
اما للتعظيم لوقوع ثم مغفوة الامر فيه واجراء هذه الاوصاف على الله تعالى من كونه موجدا للعالمين ورب العالم
منعما عليهم بالنعم كلها ظاهرها وباطنها عاجلها وآجلها واما كالامر بهم يوم الثواب والعقاب الذي لا يدعي فيه احد
بالحق الا احد حقا منه بل لا يدعي فيه احد الا حقا تنزيها له عن الترتيب الحكمي على الوصف يشعر بعلية له والاشعار
من طريق المفهوم على ان من لم يتصف بتلك الصفات لا يستاهل لان يحمد فضلا عن ان يعبد فيكون
دليلا على ما بعده فالوصف الاول لبيان ما هو الموجب للحمد هو الايجاد والتربية والثاني والثالث للدلالة
على انه متفضل بذلك مختار فيه فليس يصدر عنه لا يجاب بالذات او وجوب عليه قضية لسوابق الاجرام
حقه يستحق به الحمد والرابع للتحقيق والاختصاص فانه مما لا يقبل الشركة فيه وتضمين الوعد للحامدين
والوعيد للمعرضين اياك نعبد واياك نستعين ثم انه لما ذكر الحق بالحمد ووصف بصفات

٥٤ قوله قرئ ملك لو بامكان اللام اجدان كان
كمسوا فان الفعل كما سوه يجوز فيه ذلك فيقال ملك ومالك
بالنصب على المدح الى آخر ما مدح قوله ملك بحذف
الفعل الى آخر ما قيل قوله و
في نسخ الجزري قوله آخر السبعة الى آخر صفحة رحمه الله تعالى و
قدم بآيات الكتاب لما ذكر وقد ما يكفي لمن له ادنى مسكة من هداية
العلماء وبرفع العباد والعقل العشرين الاقوال في توجيهها و
ابو حنيفة رضي الله عنه بصري منها انتهى قال ابو حيان
والجلد اي ملك الجهم الدين لا موضع لها من الاعراب
ويجوز ان تكون حالا انتهى ٥٥ قوله قيل بين الدين
والجزاء فرق فان الدين كان بعد فصل الجزاء فيهم اهم
والدين معان شتى كالعبادة والملة فيهم اهم انتهى
٥٩ قوله ليست الحماسة الا الحماسة الثانية و
الشجاعة اسم كتاب لابي تمام الطائي جمع فيه اشعارا
اختارها من كلام العرب قوله الهيثم واوراد فلما صرح
الشراح بصحة ذلك فيتعين ان الكشف فتحريف من الطبع
بحيث لا يستوثق ولم يبق سوى العجب من الفطن العربي
جاريا مجرى المثل ٥٨ قوله اضاف
بهم الفاعل علم انه تعرض لاضافة مالك مع ان
الجزاء عنده ملك يوم الدين لانه لما كان الاشكال فيه اهون
منه في ملك اضافه معنوية فيوصف
بالمعرفة وفي اضافة بهم الفاعل تعرض لتصحيح القول باضافة الوصف الى
الظرف اما متصرف وهو الذي لا يلزم الظرفية كيوم و
ليلة فلك ان تتوسع فيه بان تزيح الجر المنصب من
قولك زيد في الدار فيجري مجرى المفعول به تارة
في عدم تقدير في فيها ولا يخرج بذلك عن معنى الظرفية
ولا يتعدى اليه الفعل اللازم ولا يظهر في الضمير لانك
اذا اضمرت في قلت سرت فيه الا قلت سرته
قوله ومنه ملك الخ وايضا ان الاسم لفاعل انما يعمل
اذا كان بمعنى الحال او الاستقبال فتكون الاضافة
معنوية قوله وصفة التعريف وهو لفظ الجلالة ليخرج
العلم نحو ٥٩ قوله يا سارق الليلة وهو الاستشهاد
بدار جعل الليلة مسروقة وانما هي مسروق فيها او الاسناد المجازي

toobaafoundation.com

تفسیر جلالین

(قلمی) تفسیر جلالین مملوکہ مولانا احسان اللہ جوکھیو- دولت پور- صفحات ۹۰۰- سورۃ الفاتحہ آخر میں ہے البقرہ کی ابتدائی پانچ آیتوں کی تفسیر نہیں ہے سائز $9\frac{1}{2} \times 6\frac{1}{2}$ سطریں فی صفحہ ۱۸- الفاظ فی سطر ۱۱- سورتوں کے نام سرخ روشنائی سے ہیں اور آیتوں پر سرخ خط ہیں- (کہیں کہیں بیضاوی سے حاشیوں پر وضاحت ہے)

مولانا غلام احمد حریری نے تاریخ تفسیر ومفسرین (فیصل آباد سنہ ۱۹۸۹ع) کے صفحہ ۲۸۹ میں لکھا ہے کہ جلال الدین محلی (م سنہ ۸۶۴ھ) نے یہ تفسیر آغاز سورۃ الکھف سے سورۃ الناس تک تحریر کی- پھر سورۃ الفاتحہ سے آغاز کیا اور ابھی یہ سورۃ ختم ہی کر پائے تھے کہ خالق حقیقی سے جا ملے. لیکن کشف الظنون (ج۱- صفحہ ۲۳۶) میں ہے کہ جلال الدین محلی نے شروع سے سورۃ الاسرا تک تفسیر لکھی تھی بقیہ جلال الدین سیوطی رح (سنہ ۹۱۱ھ) نے لکھی- اور انھی نے سورۃ الفاتحہ کی تفسیر لکھی (محلی نے نہیں)

یہ نسخہ پانچ آیتوں کے بعد یہاں سے شروع ہوتا ہے:-

وابدال الثانیۃ الفاً وتسھیلھا وادخال الف بین المسھلۃ والاخری وترکہ (ام لم تنذرھم لا یؤمنون) لعلم اللہ منھم ذالک فلا تطمع فی ایمانھم والانذار اعلام مع تخویف (ختم اللہ علیٰ قلوبھم) طبع علیھا واستوثق فلا یدخلھا خیر (وعلیٰ سمعھم) ای مواضعہ فلا ینتفعون بما یسمعونہ من الحق (وعلیٰ ابصارھم غشاوۃ) غطاء فلا یبصرون الحق (ولھم عذاب عظیم) قوی دائم ونزل فی المنافقین (ومن الناس من یقول آمنا باللہ وبالیوم الاخر) ای یوم القیامۃ لانہ آخر الایام (وماھم بمؤمنین) روعی فیہ معنی من وفی ضمیر یقول لفظھا (یخادعون اللہ والذین آمنوا) باظھار خلاف ما ابطنوہ من الکفر لیدفعوا عنھم احکام الدنیوۃ (وما یخدعون الا انفسھم) لآن وبال خداعھم راجع الیھم فیفتتحون فی الدنیا باطلاع اللہ نبیہ علیٰ ما ابطنوہ ویعاقبون فی الآخرۃ (وما یشعرون) یعلمون ان خداعھم لانفسھم. والمخادعۃ ھنا من واحد کعاقبت اللص وذکراللہ فیھاتحسین وفی قراءۃ وما یخدعون (فی قلوبھم مرض) شک ونفاق فھو یمرض قلوبھم ای یضعفھا (فزادھم اللہ مرضاً) بما انزلہ من القران لکفرھم بہ (ولھم عذاب الیم) مولم- (بما کانوا یکذبون) بالتشدید ای نبی اللہ وبالتخفیف ای فی قولھم آمنا (واذا قیل لھم) ای ھؤلاء (لا تفسدوا فی الارض) بالکفر والتعویق عن الایمان (قالوا انما نحن مصلحون)

toobaafoundation.com

وليس ما نحن فيه بفساد- قال الله تعالىٰ ردا عليهم (الا) للتنبيه (انهم هم المفسدون ولٰكن لا يشعرون) بذالک (واذا قيل لهم آمنوا كما آمن الناس) اصحاب النبى (قالوا انؤمن كما آمن السفهاء) الجهال اى لا نفعل كفعلهم قال تعالىٰ -

آخرى صفحہ مين سورة الفاتحہ كى تفسير ہے

(الحمدلله) جملة خبرية قصد بها الثناء على الله بمضمونها من انه تعالىٰ مالک لجميع الحمد من الخلق، او مستحق لان يحمدوه والله علم على المعبود بحق (رب العلمين) اى مالک جميع الخلق من الانس والجن والملائكة والدواب وغيرهم، وكل منها يطلق عليه عالم، يقال: عالم الانس، وعالم الجن، الىٰ غير ذالک وغلب فى جمعه بالياء والنون اولى العلم علىٰ غيرهم، وهو من العلامة لانه علامة علىٰ موجده (الرحمٰن الرحيم) اى ذى الرحمة وهى ارادة الخير لاهله (مٰلک يوم الدين) اى الجزاء وهو يوم القيامة، وخص بالذكر لانه لا ملک ظاهرا فيه لاحد الا الله تعالىٰ، بدليل "لمن الملک اليوم لله" ومن قرأ "مالک"فمعنا، مالک الامر كله فى يوم القيامة: اى هو موصوف بذالک دائما كـ "غافرالذنب" فصح وقوعه صفة لمعرفة (اياک نعبد واياک نستعين) اى نخصک بالعبادة من توحيد وغيره ونطلب المعونة على العباد وغيرها (اهدنا الصراط المستقيم) اى ارشدنا اليه، ويبدل منه (صراط الذين انعمت عليهم) بالهداية، ويبدل من "الذين" بصلته (غيرالمغضوب عليهم) وهم اليهود (ولا) وغير (الضالين) وهم النصارىٰ، ونكتة البدل افادة ان المهتدين ليسوا يهودا ولا نصارىٰ

والله اعلم وحكمه احكم

toobaafoundation.com

تفسیر جلالین

(قلمی) عربی تفسیر جلالین- خیرپور سچل لائبریری (جلال الدین المحلی المتوفی سنہ ۸۶۴ھ اور جلال الدین سیوطی المتوفی سنہ ۹۱۱ھ) سائز ۸ × ۱۰½ سطرین فی سطر ۱۴- الفاظ فی سطر ۶-۷- صفحات ۳۸۶

یہ تفسیر سورۃ البقرہ سے سورۃ بنی اسرائیل تک ہے اس کے آخر کے چودہ پارے نہیں ہیں- پھر آخری پارہ مکمل ہے- متن سرخ روشنائی سے اور تفسیر سیاہ روشنائی سے ہے رکوع کا ع سیاہ روشنائی سے اور آیات کے دائرے سرخ روشنائی سے ہیں،

پہلا صفحہ اس طرح ہے- بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الم- اللہ اعلم بمرادہ بذالک-

ذالک- ای ھذا الکتاب

الذی- یقرؤہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

لاریب- لاشک

فیہ- انہ من عنداللہ وجملۃ النفی خبر مبتدہ ذالک والاشارۃ بہ للتعظیم

ھدی- خبر ثان ای ھاد

للمتقین- الصائرین الی التقویٰ بامتثال الاوامر واجتناب النواھی لاتقاءھم بذالک النار (ثم وقفھم بما ھو شاھر بقولہ)-

toobaafoundation.com

تفسیر جلالین

(قلمی) تفسیر جلالین مملوکہ مولانا عبدالباری صاحب - ٹھٹہ

سائز ۹ x ۱/۲ ۵ متن کا سائز ۵ x ۱/۲ ۲ مکمل ہے لیکن شروع کے اوراق جڑے ہوئے ہیں- اور آخر کے بھی جڑے ہوئے ہیں بالکل آخر میں سبعین وثمان مائة لکھا ہے یعنی سنہ ۸۷۰ھ- ممکن ہے کہ یہ تفسیر اسی سنہ کی لکھی ہوئی ہو یا اس سنہ کی لکھی ہوئی تفسیر کی نقل ہو- متن سرخ روشنائی سے اور تفسیر سیاہ روشنائی سے ہے- حاشیوں میں بیضاوی سے استفادہ ہے

بقول مولانا غلام احمد حریری (تاریخ تفسیر ومفسرین- فیصل آباد سنہ ۱۹۸۹ع- صفحہ ۲۸۹) جلال الدین محلی رح (م سنہ ۸۶۴ھ) نے یہ تفسیر آغاز سورة الکھف سے الناس تک (اور سورة الفاتحہ) کی تفسیر لکھی تھی اور بقیہ جلال الدین سیوطی (م سنہ ۹۱۱ھ) نے لکھی تھی

جڑے ہوئے صفحات کے بعد پارہ سیقول سے یہ تفسیر مقروء ہے یعنی:-

ما یتقی به سوال الناس وغیره (واتقون یا اولی الالباب) ذوی العقول (لیس علیکم جناح) فی (ان تبتغوا) تطلبوا (فضلا) رزقا (من ربکم) بالتجارة فی الحج نزل ردا لکراهتهم ذالک (فاذا افضتم) دفعتم (من عرفات) بعدالوقوف بها (فاذکروا الله) بعد المبیت بمزدلفة بالتلبیة والتهلیل والدعاء (عند المشعر الحرام) هو جبل فی آخر المزدلفة یقال له قزح وفی الحدیث "انه صلی الله علیه وسلم وقف به یذکر الله ویدعوا حتی اسفر جدا" رواه مسلم (واذکروه کما هداکم) لمعالم دینه ومناسک حجه والکاف للتعلیل (وان) مخففه (کنتم من قبله) قبل هداه (لمن الضالین ثم افیضوا) یا قریش (من حدیث افاض الناس) ای من عرفه بان تقفوا بها معهم وکانوا یقفون بالمزدلفة ترفعا عن الوقوف معهم وثم للترتیب فی الذکر (واستغفروا الله) من ذنوبکم (ان الله غفور) للمومنین (رحیم) بهم (فاذا قضیتم) ادیتم (مناسککم) عبادات حجکم بان رمیتم جمرة العقبة وطفتم واستقررتم بمنی (فاذکرو الله) بالتکبیر والثناء (کذکرکم آباءکم) کما کنتم تذکرونهم عند فراغ حجکم بالمفاخرة (او اشد ذکرا) من ذکرکم ایاهم، ونصب اشد علی الحال من ذکر المنصوب باذکرو اذ لو تاخر عنه لکان صفة له

toobaafoundation.com

toobaafoundation.com

تفسیر عربی

(قلمی) تفسیر عربی- خیرپور سچل لائبریری، سائز $8\frac{1}{2} \times 6\frac{1}{2}$ صفحات ۶۱۴- سطریں فی صفحہ ۲۴- الفاظ فی سطر عموماً ۱۳- مصنف کا نام اور سال تصنیف کہیں درج نہیں- متن سرخ روشنائی سے اور تفسیر سیاہ روشنائی سے ہے

شروع کے صفحات موجود نہیں- سورۃ البقرہ کی آیت ۱۸۶ سے یہ تفسیر ملتی ہے اور سورۃ لھب تک ہے یعنی آخری تین سورتوں کی تفسیر نہیں ہے نمونے پیش کیے جاتے ہیں:- (سورۃ البقرہ کی آیت ۱۸۶ کے متعلق)

toobaafoundation.com

الہام الرحمٰن

الہام الرحمٰن فی تفسیر القرآن از مولانا عبیداللہ سندھی رح (سنہ ۱۳۶۲ھ م۱۹۴۴ع)
(۱) اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل ہے کہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ علیہ اور ان کے مذکورہ بالا صاحبزادوں کے ترجمے سب سے زیادہ مقبول ہوئے- نور محمد تاجر کتب، دہلی سن ۱۳۵۳ھ سن ۱۹۳۴ع میں ۸۴۲ صفحات (سائز ۱۲×۹۱/۲) میں بہت جلی قلم کا قرآن مجید شائع کیا- اس میں شاہ رفیع الدین رح اور مولانا اشرف علی تھانوی رح کے ترجمے تحت السطر ہیں- شاہ عبدالقادر رح کا ترجمہ بھی بارہا شائع ہوا- مفتی محمد شفیع رح نے اپنی تفسیر معارف القرآن (جلد اول صفحہ ۹۸- دوسرا ایڈیشن) میں لکھا ہے کہ "اول الذکر (شاہ رفیع الدین رح) کے ترجمے میں بالکل تحت اللفظ ترجمے کو اختیار کیا گیا ہے، اردو محاورہ سے بھی زیادہ رعایت نہیں رکھی گئی اور بڑے کمال کے ساتھ قرآن کے الفاظ کو اردو میں منتقل فرمایا ہے اور دوسرے ترجمے میں (یعنی شاہ عبدالقادر رح کے ترجمے میں) تحت اللفظ کے ساتھ اردو محاورہ کی رعایت بھی ہے جس کو شاہ عبدالقادر نے چالیس سال مسجد میں معتکف رہ کر پورا کیا ہے، یہاں تک کہ آپ کا جنازہ مسجد ہی سے نکلا ہے-

toobaafoundation.com

ترجمہ اس طرح شروع ہوتا ہے۔

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ، بخشش کرنے والے مہربان کے۔

سب تعریف واسطے اللہ کے پروردگار عالموں کا۔ بخشش کرنے والا مہربان۔ خداوند روز جزا کا۔ تجھی کو عبادت کرتے ہیں ہم اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں ہم۔ دکھا ہم کو راہ سیدھی، راہ ان لوگوں کی کہ نعمت کی ہے تو نے اوپر ان کے، سوائے اون کے کہ غضب کیا ہے اوپر اون کے اور نہ گمراہوں کی۔

سورۃ الناس کا ترجمہ یہ ہے۔

شروع ساتھ نام اللہ کے، بخشش کرنے والا مہربان

کہہ پناہ پکڑتا ہوں میں ساتھ پروردگار لوگوں کے، بادشاہ لوگوں کے، معبود لوگوں کے، برای وسوسہ ڈالنے والی، پیچھے ہٹ جانے والی کے سے (۱) وہ جو وسوسہ ڈالتا ہے بیچ سینوں لوگوں کی، جنوں میں سی یا آدمیوں میں سی (۲)

---

(۱) شیطان گناہ پر سنکارے اور آپ نظر نہ آوے۔

(۲) حدیث میں فرمایا، ان سور تون برابر کوئی دعا نہین پناہ کیواسطے۔

toobaafoundation.com

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رب العالمين الرحمن الرحيم

مالك يوم الدين اياك نعبد واياك

نستعين اهدنا الصراط المستقيم

صراط الذين انعمت عليهم غير المغضوب

عليهم ولا الضالين

بسم الله الرحمن الرحيم

الم ذلك الكتب لا ريب فيه

هدى للمتقين الذين يؤمنون

بالغيب ويقيمون الصلوة ومما

رزقنهم ينفقون والذين يؤمنون

بما انزل اليك وما انزل

بسم الله الرحمن الرحيم

قل اعوذ برب الفلق من شر ما خلق ومن

شر غاسق اذا وقب ومن شر النفثت في

العقد ومن شر حاسد اذا حسد

بسم الله الرحمن الرحيم

قل اعوذ برب الناس ملك الناس اله الناس

من شر الوسواس الخناس الذي يوسوس في

صدور الناس من الجنة والناس

انت مولنا فانصرنا على القوم الكفرين

بسم الله الرحمن الرحيم

الم الله لا اله الا هو الحي القيوم نزل عليك

الكتب بالحق مصدقا لما بين يديه وانزل التورىة

والانجيل من قبل هدى للناس وانزل الفرقان

ان الذين كفروا بايت الله لهم عذاب شديد

القرآن الحکیم

القرآن الحکیم از حضرت شاہ رفیع الدین دہلوی رح (م ۱۲۳۳ھ) شائع کردہ تاج کمپنی کراچی (سال اشاعت درج نہیں) صفحات ۱۰۶۷- ہر صفحے پر متن اور ترجمے کی سولہ سولہ سطریں لیکن متن اور ترجمہ بندی کی خاطر دو دو طرح لکھا ہوا ہے-

ہر سطر میں عموماً دس یا گیارہ الفاظ ہیں- سائز ساڑھے ۹×۷

متن اور ترجمے کو سریع الفہم بنانے کے لیے (اس ایڈیشن میں) اجزا کی ترتیب اس طرح ہے-

الحمد شریف:- ب اسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والا مہربان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

الحمد ل اللہ رب العٰلمین الرحمٰن الرحیم ملک

سب تعریف واسطے اللہ پروردگار عالموں بخشش کرنے والا مہربان، خداوند

الحمدللہ رب العٰلمین الرحمٰن الرحیم ملک

سب تعریف واسطے اللہ کے پروردگار عالموں کا بخشش کرنے والا مہربان، خداوند

یوم الدین ایا ک نعبد و ایاک نستعین اھدنا الصراط

دن جزا تجھ ہی کو عبادت کرتے ہیں ہم اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں ہم دکھا ہم کو راہ

یوم الدین ایاک نعبد وایاک نستعین اھدنا الصراط

دن جزا کا تجھ ہی کو عبادت کرتے ہیں ہم اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں ہم دکھا ہم کو راہ

المستقیم صراط الذین انعمت علیھم غیر

سیدھی راہ ان لوگوں کی کہ نعمت کی ہے تو نے اوپر ان کے سوائے

toobaafoundation.com

المغضوب علی هم ولا الضآلین

جو غصہ کیا گیا اوپر ان کے اور نہ گمراہوں

المغضوب علیهم ولا الضآلین

ان کے جو غصہ کیا گیا ہے اوپر ان کے اور نہ گمراہوں کے۔

پورے قرآن پاک کا ترجمہ اسی طرح ہے۔ یعنی شاہ رفیع الدین نے جو رسم الخط اور ترجمہ اختیار کیا تھا اس کو آج کے لوگوں کی زبان کے مطابق کر دیا گیا ہے۔ اگر یہ ترمیم بھی نہ ہوتی تب بھی شاہ صاحب کا ترجمہ آسانی سے سمجھ میں آسکتا تھا۔ آخری سورۃ الناس کا ترجمہ جو شاہ صاحب نے کیا تھا (بغیر ترمیم شدہ ترجمے کے) وہ اس طرح ہے۔

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

کہہ پناہ پکڑتا ہوں میں ساتھ پروردگار لوگوں بادشاہ لوگوں معبود لوگوں سے برائی وسوسہ ڈالنے والا پیچھے ہٹ جانے والا وہ جو وسوسہ ڈالتا ہے بیچ سینے لوگوں سے جنوں اور انسانوں۔

toobaafoundation.com

تفسیر اعجاز القرآن واسرار البیان

تفسیر اعجاز القرآن واسرار البیان- از مولانا سعد حسن خان یوسفی ٹونکی- مطبوعہ پاکیزہ دارالمصنفین- ہیر آباد حیدر آباد (سندھ)

صفحات ۳۲۸- سائز ۷ × ۴ ۳/۴

مولانا سعد حسن خان، ٹونک کے مشہور علمی خاندان سے تعلق رکھتے تھے- ان کے والد مولانا حیدر حسن خان رح، ندوۃ العلماء لکھنؤ میں معلم تھے اور چچا مولانا محمد حسن، معجم المصنفین (۹ جلدیں- مطبوعہ بیروت سنہ ۱۳۴۲ھ) مشہور مصنف تھے- مولانا سعد حسن خان، پاکستان بننے پر حیدر آباد (سندھ) آگئے تھے- مختلف مدرسوں میں رہے- پھر پبلک اسکول حیدر آباد میں مدرس ہوئے- وہیں ۲۴ محرم سن ۱۳۶۲ھ (۲۷ جنوری سن ۱۹۷۶ع) کو انتقال ہوا اور وہیں تدفین ہوئی-

(۱) ترجمہ مقدمہ ابن خلدون (۲) شرح مسند امام اعظم رح (۳) ترجمہ المنجد اردو (۴) دنیا کا مسافر (۵) اسلامی اخلاق (۶) یہ عجیب دنیا (۷) نبوی ﷺ لیل ونہار آپ کی تصانیف ہیں-

ان کے علاوہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رح کی حجۃ اللہ البالغہ کا اردو ترجمہ اور شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رح کے تحفۂ اثنا عشریہ کا اردو ترجمہ بھی شائع کیا تھا-

تفسیر اعجاز القرآن کا پہلا پارہ سن ۱۹۷۲ع میں شائع کیا تھا- اس کے "پیش لفظ" میں آپ نے قرآن پاک کے اعجاز پر بحث کی ہے کہ سکاکی کے نزدیک قرآن کا اعجاز سمجھا جاسکتا ہے- بیان میں نہیں آسکتا- بعض کہتے ہیں کہ اس میں گذشتہ حالات بیان کیے گئے ہیں- انسان کی کیا طاقت کہ وہ صحیح صحیح پچھلے واقعات بیان کرسکے- بعض کا خیال ہے کہ اس میں مستقبل کے واقعات بیان کیے گئے ہیں جو کوئی شخص بیان نہیں کرسکتا- کوئی کہتا ہے کہ اس میں بے شمار علوم ومعارف ہیں- کسی کے نزدیک اس میں بے پناہ اثر ہے جو انسان کو بے تاب کردیتا ہے- بعض نے کہا ہے کہ قرآن کا معجزہ اس کی بے مثال عبارت، بے نظیر

toobaafoundation.com

اسلوب بیان یا اس کے جملوں کی ترتیب، الفاظ کی فصاحت اور ان کی مناسب ترتیب ہے۔

مولانا کا خیال ہے کہ قرآنی اعجاز کے جوہر اردو کی تفسیروں میں نہ ہونے کے برابر ہیں اس لیے ان کی تفسیر کی ضرورت تھی۔

پھر انھوں نے سورۃ الفاتحہ کا ترجمہ اس طرح کیا ہے: (شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے)

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو پالنے والا سارے جہاں کا ہے۔ بہت مہربان نہایت رحم والا ہے۔ جو مالک ہے روز جزا کا۔ تیری ہی ہم بندگی کرتے ہیں اور تجھی سے ہم مدد چاہتے ہیں۔ بتلا ہم کو راہ سیدھی، راہ ان لوگوں کی جن پر تو نے فضل فرمایا، جن پر نہ تیرا غصہ ہوا اور نہ وہ گمراہ ہوئے۔

پھر مولانا الحمد۔ رب۔ الرحمٰن الرحیم وغیرہ کے عبارتی رموز اور اوصاف پر تفصیل سے بحث کرتے ہیں۔ ربوبیت، رحمت اور مالکیت کی ترتیب کے اسرار بیان کرتے ہیں۔ اور ۵۰ صفحات میں اس سورۃ مبارکہ کے فضائل پر عالمانہ دلائل پیش کرتے ہیں۔

ایاک کے خطاب کا نکتہ بیان کرتے ہیں کہ "الحمد للہ سے لے کر یہاں تک بندہ اپنے خالق، مولیٰ اور مربی کی خصوصی صفات سے شناخت کر رہا تھا، اس کی معرفت کی دھن میں لگا ہوا تھا، اس کی وہ خوبیاں ٹٹول رہا تھا جو اس کی ذات کو آشکارا کردیں۔ دل سے صرف نہ سمجھائیں بلکہ آنکھوں سے بھی دکھائیں۔ غرض ماسوی اللہ سے پورا پورا ممتاز کر کے بتائیں۔ اب جب چار بڑی بڑی صفات سے اللہ تعالیٰ کی شناخت کرلی تو وہ بجائے غائب کے حاضر سمجھ لیا گیا جس کو دلیل سے سمجھا تھا وہ مشاہدہ میں آگیا۔ جس کو عقل سے مانا تھا، آنکھ سے اوجھل تھا، اب وہ گویا نظر کے سامنے آگیا اور یوں غائب، حاضر سے بدل گیا۔ یا یوں کہیے کہ عارف و ذاکر کے اول و آخر حال کی خوب تشریح فرمائی ہے، کیونکہ وہ آغاز معرفت میں حمد الٰہی میں لگتا ہے، اس کے اسماء و صفات میں سوچ بچار کرتا ہے، اس کی مختلف کاریگریوں سے اس کی حقیقت کا سراغ لگاتا ہے۔ جب معرفت کے درجے پر فائز ہوتا ہے، تو حق تعالیٰ کو مشاہدہ میں پاتا ہے۔ اس کی ذات سے وصال حاصل کر کے اس سے دوبدو بات چیت کرتا ہے اور غائب کو گویا حاضر کے بھیس میں دیکھتا ہے۔ اس بحث کے

toobaafoundation.com

بعد مولانا عرب کے ایک نہج کو بیان کرتے ہیں کہ "عرب ایک نہج عبارت کو پسند نہیں کرتے۔ غیبت کو خطاب یا تکلم سے بدلتے رہتے ہیں تاکہ سننے والا ایک طریق کلام سے اکتا نہ جائے اور طرح طرح کے اسلوب بیان سے اس کی دلچسپی کا سلسلہ نہ ٹوٹنے پائے (صفحہ ۳۳-۳۴)

غرض کہ مولانا نے اس تفسیر میں اسی طرح کے نکات و رموز بیان کیے ہیں اور فصاحت و بلاغت کی خوبیوں کو بہت دلچسپ انداز میں پیش کیا ہے۔

toobaafoundation.com

تفسیر بیان القرآن

از مولانا اشرف علی تھانوی (سن ۱۲۸۰ھ - ۱۳۶۲ھ) دو جلدوں میں - پہلی جلد میں سولھویں پارے کی سورۃ الکھف ختم ہوتی ہے اور دوسری جلد میں سورۃ مریم سے آخر قرآن تک کی تفسیر ہے - پہلی جلد میں ۶۰۴ صفحات ہیں اور دوسری جلد میں صفحہ ۶۰۵ سے صفحہ ۱۱۶۰ تک صفحات ہیں - سائز ۸×۱۰½ ہے - متن اور ترجمہ دس دس سطروں میں ہے اور ہر سطر میں عموماً ۷-۸/ الفاظ ہیں - مولانا نے یہ تفسیر ربیع الاول سن ۱۳۲۰ھ میں شروع کی تھی اور سن ۱۳۲۵ھ میں مکمل کی - تاج کمپنی نے سن ۱۹۵۹ع میں اسے شائع کیا - تفسیر کے شروع میں مولانا نے اپنے ترجمہ اور تفسیر کی کیفیت کا ذکر کیا ہے کہ (۱) قرآن مجید کا آسان ترجمہ کیا ہے جس میں قابل فہم ہونے کے ساتھ تحت لفظی کی بھی رعایت ہے (۲) ----- اردو ترجمہ کم از کم ایسا تو ہو کہ قریب قریب ہندوستان کے سب حصے اس کو سمجھ جائیں اس لئے کتابی زبان لی ہے --- (۳) نفس ترجمہ کے علاوہ جس مضمون کو بہت ضروری دیکھا کہ اس پر توضیح ترجمہ کی موقوف ہے یا کوئی شبہ خود قرآن کے مضمون سے ظاہراً پیدا ہوتا تھا اس کا جواب یا مضمون قرآنی کسی مشہور تحقیقات کے خلاف معلوم ہوتا تھا، اس کی تحقیق یا اسی قسم کی کوئی ضروری بات ہوئی اس کو ف بنا کر بڑھا دیا --- (۴) جس آیت کی تفسیر میں بہت سے اقوال مفسرین کے ہیں ان میں جس کو ترجیح معلوم ہوئی صرف اس کو لے لیا - بقیہ سے تعرض نہیں کیا - (۵) مطلب قرآنی کی تفسیر کہیں تو اس طرح کی ہے کہ مضمون کا ارتباط خود ظاہر ہوجاوے اور کہیں ایک سرخی ربط کی لکھ کر اس کی تقریر کردی گئی ہے - (۶) اختلافیات کی تفسیر میں صرف مذہب حنفی لیا گیا ہے اور دوسرے مذاہب بشرط ضرورت، حاشیے میں دیے گئے ہیں (۷) چونکہ نفع عوام کے ساتھ افادۂ خواص کا بھی خیال آگیا اسی لئے ان کے فائدے کے واسطے ایک حاشیہ بڑھایا ہے جس میں مکیت و مدنیت سور و آیات و غیر مشہور لغات و ضروری وجوہ بلاغت و مغلق ترکیب و خفی الاستنباط فقہیات و کلامیات و اسباب نزول و روایات و اختلاف قراءت، مغیرہ ترکیب یا حکم و توجیہ ترجمہ و تفسیر ایجاز کے

toobaafoundation.com

ساتھ مذکور ہیں جس کو متوسط درجے کا طالب علم بے تکلف سمجھ سکتا ہے۔ (تاج کمپنی نے فی الحال اس شق کو اشاعت میں شامل نہیں کیا)

پھر مولانا نے دوسرے بیس امور کا ذکر کیا ہے جو ان کے تفسیر میں ملحوظ ہیں۔ (مسائل السلوک پر جو کتاب مولانا نے لکھی ہے، اس کے مضامین بھی تفسیر میں شامل کر لیے گئے ہیں)۔ پھر قرآن مجید کی سورتوں کی فہرست اور تفسیر کے مضامین کی بہت مفصل فہرست بھی ہے۔

سورۃ الفاتحہ کا ترجمہ اس طرح ہے:۔ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان، نہایت رحم والے ہیں۔

سب تعریفیں اللہ کو لائق ہیں جو مربی ہیں ہر ہر عالم کے۔ جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔ جو مالک ہیں روز جزا کے۔ ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور آپ ہی سے درخواست، اعانت کی کرتے ہیں۔ بتلا دیجئے ہم کو رستہ سیدھا۔ رستہ ان لوگوں کا جن پر آپ نے انعام فرمایا ہے۔ نہ رستہ ان لوگوں کا جن پر آپ کا غضب کیا گیا۔ اور نہ ان لوگوں کا جو رستہ سے گم ہو گئے (۱)

---

(۱) یہاں اور ہر جگہ مولانا نے ذات باری کے لئے جمع کا صیغہ استعمال کیا ہے اور ربط ہر جگہ قائم کیا ہے۔ مولانا ثناء اللہ امرتسری نے اپنی تفسیر کے مقدمے میں مولانا اشرف علی کے ربط کی تعریف کی ہے کہ انھی نے ایسا کیا ہے دوسروں نے نہیں کیا۔ یہاں ایک دو ترجمے والے قرآن مجید کا ذکر بے محل نہ ہوگا۔

مرج البحرین کے نام سے رومی اکیڈمی کراچی نے حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن رح اور ان کے شاگرد مولانا اشرف علی تھانوی رح کے اردو ترجموں کو یکجا کر کے دو جلدوں میں شائع کیا ہے۔ یہ کام مولانا سلیم الدین شمسی نے کیا ہے اور سورتوں کے ہر رکوع کا علیحدہ علیحدہ خلاصہ بھی شروع میں شامل کر دیا ہے۔

دراصل شاہ عبدالقادر رح نے قرآن پاک کا جو ترجمہ (مع مختصر تفسیر موضح قرآن) کیا تھا اسی کا تحت اللفظ ترجمہ شیخ الہند رح نے کیا جزوی ترمیمات بھی کی ہیں۔ مولانا سلیم الدین شمسی نے شیخ الہند اور مولانا اشرف علی رح کے ترجموں کو اس طرح یکجا کیا ہے کہ الفاظ و معانی ان دونوں ترجموں کے ہوں، البتہ زبان اور محاوروں کے سلاست قائم رکھنے کے لئے کہیں کہیں ایک کا لفظ دوسرے میں اور دوسرے کا پہلے میں کھپانے کی کوشش کی ہے تاکہ ترجموں کی تعبیر، وقتی محاورات کے مطابق ہو جائے اور ان دونوں کی افادیت بڑھ جائے۔

toobaafoundation.com

اس ترجمے کے حاشیہ میں ہے کہ "اس سورت کی آیات میں ربط ظاہر بھی ہے، نیز تفسیر لکھتے وقت ابتدا ۔ میں تقریر ربط کا التزام بھی ذہن میں نہ تھا جیسے دیگر التزامات بھی نہ تھے۔ جوں جوں تفسیر لکھتا گیا ضرورتیں محسوس ہوتی گئیں، التزامات بڑھتے گئے۔ چنانچہ تقریباً تمام التزامات کا اہتمام سورہ مائدہ سے شروع ہوا۔"

اس کے بعد مسائل سلوک ہیں کہ سالکین کا مقام ایاک نعبد پر تمام ہوجاتا ہے۔ اس کے بعد ایاک نستعین سے تمکین کا طالب ہوتا ہے۔ بیان اس کا یہ ہے کہ مرید کی ابتدائی حرکت حمد ہے، کیونکہ جب سالک کا نفس مزکی اس کا قلب مجلیٰ ہوجاتا ہے، پھر اس میں انوار عنایت جو کہ مقام ولایت کا موجب ہیں درخشاں ہوتے ہیں تو یہ نفس مزکی طلب (مقصود) کے لیے خالص ہوجاتا ہے، پس اپنے اوپر انعامات الٰہیہ کے آثار کو کامل اور اس کی الطاف کو غیر متناہی دیکھتا ہے۔ سو اس پر وہ حمد کرتا ہے اور ذکر کو اختیار کرتا ہے۔

سورۃ الناس کا ترجمہ اس طرح ہے:

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان، نہایت رحم والے ہیں۔

آپ کہیے کہ میں آدمیوں کے مالک، آدمیوں کے بادشاہ، آدمیوں کے معبود کی پناہ لیتا ہوں۔ وسوسہ ڈالنے والے، پیچھے ہٹ جانے والے کے شر سے۔ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے، خواہ وہ جن ہو، یا آدمی۔

اس کے حاشیے میں ہے (ف) مراد اس سے وہ وسوسہ ہے جو مفضی الی المعصیت ہوجاوے اور اس کا مضرت دینیہ ہونا ظاہر ہے۔ اور ایک عجیب لطیفہ اس سورت میں جس سے قرآن کا حسن آغاز و انجام بھی ظاہر ہوتا ہے، یہ ہے کہ اس کے اور فاتحہ کے مضامین میں غایت درجہ کا تقارب کہ حکم اتحاد میں ہے محقق ہے، چنانچہ رب الناس کے مناسب رب العلمین اور ملک الناس کے مناسب مالک یوم الدین اور الٰہ الناس کے مناسب ایاک نعبد اور استعاذہ کے مناسب ایاک نستعین اور الوسواس الخناس کے مناسب اھدنا الخ ہے۔

toobaafoundation.com

المقام المحمود

المقام المحمود- تفسیر از مولانا عبید اللہ سندھی (م سنہ ۱۳۶۳ھ سنہ ۱۹۴۴ع) پارہ عم- صفحہ ۲۲۷-
سائز ۹× ۷ ½ ½

شائع کردہ انٹرنیشنل بک کارپوریشن- ہیر آباد حیدر آباد- مطبوعہ سندھ یونیورسٹی پریس- سنہ ۱۳۷۹ھ
سنہ ۱۹۵۹ع

مولانا عبید اللہ ضلع سیالکوٹ کے ایک گاؤں میں ایک سکھ گھرانے میں ۱۲ محرم سنہ ۱۲۸۹ھ کو پیدا ہوئے-ایک نومسلم عبداللہ کی کتاب تحفۃ الہند پڑھ کر مسلمان ہوئے- سندھ آکر کچھ عربی کتابیں پڑھیں- پھر دیوبند میں مولانا محمود حسن سے دورہ حدیث کی نعمت حاصل کی- ابوداؤد آپ نے مولانا رشید احمد گنگوہی سے پڑھی- سنہ ۱۳۲۷ھ میں مولانا محمود حسن رح کے ارشاد پر جمیعۃ الانصار میں شامل ہوگئے- سنہ ۱۳۳۳ھ میں کابل گئے اور آزادی وطن کے لیے بہت خدمات انجام دیں- خان پور کے قریب دین پور میں سنہ ۱۳۶۳ھ، ۱۹۴۴ع میں انتقال ہوا اور وہیں دفن ہوئے- آپ کے شاگرد مولانا غلام مصطفیٰ قاسمی صاحب نے بھی آپ کی تفسیر کو مرتب کیا ہے-

محترم ڈاکٹر عبدالواحد ہالیپوتہ صاحب نے اس تفسیر (پارہ عم) کے شروع میں "پیش لفظ" لکھا ہے- اس میں فرماتے ہیں کہ: یہ (پوری) تفسیر مولانا عبید اللہ سندھی، مکہ معظمہ کے پرانوار ماحول میں اپنے تلامذہ اور محبین قرآن کے سامنے پیش کرتے تھے اور ان کے (خاص) تلمیذ اور سفر کابل کے رفیق مولانا عبداللہ لغاری صاحب (م سنہ ۱۳۷۸ھ سنہ ۱۹۵۸ع) روزانہ قلمبند کرتے تھے- حتیٰ کہ دو سال کی مسلسل محنت اور جفاکشی سے یہ ساری تفسیر قلمبند ہوگئی- اس کی نقلیں دہلی، لاہور، کراچی وغیرہ میں بھی موجود ہیں لیکن اس کا اصل نسخہ جو خود مولانا لغاری صاحب کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے، سندھ یونی ورسٹی میں موجود ہے-

اس کے بعد ڈاکٹر صاحب تفسیر کی اہمیت بیان کرتے ہوئے مولانا کے علم و فضل اور سیاسی مقام کا ذکر

toobaafoundation.com

کرتے ہوئے یہ بھی تحریر فرماتے ہیں کہ وہ "قطب زماں حافظ محمد صدیق صاحب بھرچونڈوی رح اور عارف باللہ حضرت غلام محمد صاحب خانپوری رح جیسے بزرگوں کی صحبت اور ارشاد سے بھی مستفیض ہوئے۔ یہ بھی لکھا ہے کہ انھوں نے قیام دہلی کے زمانے میں ابتدائی تفسیر بھی (عالمی جنگ سے پہلے) مرتب کی تھی۔ لیکن موجودہ تفسیر ان کے وسیع تجربہ، بلند معیار اور اعلیٰ سیاسی نقطہ نظر کی بھی عکاسی کرتی ہے۔ پھر اس کی خصوصیت اس طرح تحریر فرماتے ہیں کہ طبیعات اور جدید سائنس اور علوم کو بھی قرآنی مسائل کے سمجھنے کا ذریعہ بتایا گیا ہے اور ساتھ ہی ساتھ قرآنی نقطۂ نظر سے ان کی اصلیت کا اندازہ لگانے کے راستے بھی دکھائے گئے ہیں۔

بعض افکار اور دقیق مسائل جو شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رح کی حکمت سے متاثر ہیں اس تفسیر میں موجود ہیں۔ روح اعظم یا روح اکبر، ابداع، خلق، تدبیر، عرش، ملاء الاعلیٰ، حظیرۃ القدس، تجلی، بہیمیت، ملکیت وغیرہ اصطلاحات بھی موجود ہیں۔ مولانا نے اس تفسیر میں سورۃ نبا سے سورۃ اعلیٰ تک معاد اور مستقبل کی زندگی کی وضاحت کی ہے۔ اعلیٰ کے بعد سورۃ قدر تک انسانیت کی فطرت کے متعلق ارشادات کی تعیین کی ہے اور اس کے بعد سے آخر تک قرآن شریف میں جو تعلیمات ہیں ان کا ذکر کیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں کہ قوموں کے عروج و زوال کے اصول، انقلاب کے نظریے ارتقا، اور ترقی کے مسائل، دنیا اور کائنات میں اعلیٰ اور ادنیٰ طبعی اور اصولی قوانین، اللہ کی اور غیر اللہ کی پرستش کی نفسیات، روز محشر، کتابت اعمال، سلسلہ حیات، شرائع، ملل کے تعلقات وغیرہ وغیرہ مسائل کے بارے میں فہم و بصیرت حاصل ہو سکتی ہے۔ غرض کہ بہت عمدہ تجزیہ کیا گیا ہے۔

محترم ڈاکٹر ہالیپوتہ صاحب کے "پیش لفظ" کے بعد ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان نے اس تفسیر اور اس کی ترتیب کی تفصیل دی ہے۔ پھر مولانا عبید اللہ سندھی رح کے حالات زندگی بیان کیے ہیں۔ اور بعد میں حافظ محمد صاحب (اسسٹنٹ لائبریرین۔ سندھ یونیورسٹی) سے معلوم کر کے اس تفسیر کے جامع مولانا عبداللہ لغاری مرحوم کے حالات بھی شامل کر دیے ہیں۔

toobaafoundation.com

مولانا عبداللہ لغاری مرحوم نے جو کچھ مولانا عبیداللہ سندھی رح سے تفسیر کے متعلق سنا تھا وہ عجلت میں اپنی زبان اور اپنے انداز میں قلمبند کرلیا تھا۔ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان نے اس کی زبان کو آسان طریقے پر پیش کرنے کی کوشش کی ہے تاکہ قارئین کو سہولت ہوسکے۔ اس تفسیر میں پارہ عم کے بعد (غالباً برکت کے خیال سے) سورۃ الفاتحہ کا ترجمہ اور تفسیر بھی شامل ہے۔

مولانا عبیداللہ سندھی نے سورۃ النبا کی تفسیر کے آخر میں فرمایا ہے:

دنیا میں انسانی نظام قائم کرنے کے لیے حکومت بنانا ضروری ہے اور ایک حقیقت جو مدرسہ میں پڑھائی جاتی ہے اس کی زبان اور ہوتی ہے اور وہی حقیقت اگر حکومت کی زبان سے سمجھائی جائے تو اس کی شکل بدل جاتی ہے۔ بعض انسانوں کو حکومت کی زبان سے بات سننا ناگوار معلوم ہوتا ہے، کیونکہ حکومت کا لہجہ سخت ہوتا ہے۔ ان کو یہ باتیں ناگوار معلوم ہوتی ہیں۔ مثلاً جب کہا جائے کہ دیکھو، اگر تم نے چوری کی تو تمہارا ہاتھ کاٹ دیا جائے گا، تو حکومت کی زبان و لہجہ سے تو ناگوار معلوم ہوتا ہے۔ مگر جو کچھ کہا گیا ہے وہ حقیقت کا اظہار تھا۔ مدرسہ میں وہی بات پڑھی تھی، اس کو ناگوار معلوم نہیں ہوتی۔ اور حاکم سے سنی تو وہ ناگوار معلوم ہوئی۔ یعنی جب اس نے چوری کی تو حاکم نے حکم دیا کہ اس کا ہاتھ کاٹ دو۔ تو اب اس کو ناگوار معلوم ہوا کہ یہ سخت لہجہ میں تھا، حالانکہ حقیقت میں یہ اس کے عمل کی حقیقت کا اظہار ہورہا ہے۔ جیسے ایک شخص نے زہر کھالیا اور اس کا لازمی نتیجہ ظاہر ہونے لگا تو اس کو اب نفرت آنے لگی ہے، حالانکہ اب زہر کی حقیقت منکشف ہورہی ہے۔ جب وہ اعمال مخالف انسانیت کے کرتا رہا ہے تو اس کو ناگوار معلوم نہ ہوا اور جب اس کے نتیجے کا وقت آیا اور حاکم نے کہا کہ اس کی یہ سزا ہے، اس کو جیل خانے میں لے جاؤ تو اس کو ناگوار معلوم ہوتا ہے، حالانکہ یہ نتیجہ لازمی تھا۔ اب فقط حقیقت کا اظہار حاکم کی زبان سے ہوا ہے اور کچھ بھی نہیں ہے۔

سورۃ النازعات کی آیت یوم ترجف الراجفہ کے ذیل میں مولانا لکھتے ہیں کہ "قیامت میں بھی واقعہ ہوگا کہ استعدادات جو نیچے چلی گئی تھیں ان کو اوپر لانے کے لئے جھٹکے آئیں گے اور بہت جھٹکے آئیں گے تب جاکر

toobaafoundation.com

وہ استعداد ظاہر ہوگی- تو جب تمام قوت اور استعداد اور ہر چیز کا منہ ان جھنکوں سے باہر نکل آئے گا، تب اس سے قلوب یومئذ واجفہ اس وقت تمام چیزیں نظر آنے لگ جائیں گی-

الٰہی حکیم اس بات کو مانتا ہے کہ کوئی چیز فنا نہیں ہوتی- اور نہ ضایع ہوتی ہے- تو جب استعداد مخفی ہو جائیں گی ان کا ظاہر ہونا ضروری ہے-

باطن الوجود کو ظاہر الوجود سے ربط دینے کا نام ہے ربط الحادث بالقدیم اور یہ مشکل مسئلہ ہے اس کے حل کرنے والے فقط حکمائے الٰہی ہیں- اس کو شاہ اسماعیل شہید رحمہ اللہ علیہ نے اپنی مشہور کتاب "عبقات" میں وحدت وجود کے اثبات سے ثابت کیا ہے اور مولانا مولوی محمد قاسم رحمہ اللہ علیہ نے جو ہندوستان کے ایک مجدد اعظم ہیں اس مسئلہ کو اپنی کتاب "تقریر دلپذیر" میں واضح کیا ہے- تو قیامت کا واقعہ فقط اس استعداد کو ظاہر کرتا ہے جو تہ نشین ہو گئی تھی- اور وہ کوئی نئی چیز نہیں ہے-

اللہ تعالیٰ کے چار اوصاف بالترتیب مانے جاتے ہیں- ۱- ابداع ۲- خلق ۳- تدبیر ۴- تدلی یعنی تجلی- بغیر مادہ کے عالم امر سے یعنی حکم سے ایک چیز پیدا ہو گئی جس کو صوفیاء کرام شخص اکبر کہتے ہیں اور چونکہ ابداع کے تجلی کے خدام اور روحانیات کو اس شخص اکبر کی ترقی کے لیے اور اس کو ظاہر کرنے کے لیے بہت بڑی مشقت کرنی پڑے گی اس لیے اس کو والنازعات غرقا کہا گیا- ابداع والی تجلی کے رموز و نکات اور قوائے کامنہ کو حالت بروز میں لانے والے ملائکہ اور روحانیت کو والنازعات غرقاً (اور جب ان کے قوائے کامنہ بارز ہوگئے) تو صفت خلق پیدا ہو گئی- ایک چیز سے دوسری چیز ہونے کا نام خلق ہے- اور خلق کی صفت کے خدام کو والناشطات نشطا یعنی قوائے کامنہ، شخص اکبر کے جب بارز ہوگئے تو آگے سرحد خلق آجاتی ہے- وہاں اس سے کم مشقت ہوتی ہے تو ان ملائکہ کو والناشطات سے تعبیر کیا ہے اور بحر خلق اپنی موجوں سے نمودار ہو گیا اور یہ وہ صفت ہے جس کو ماء سے تعبیر کیا ہے (وکان عرشہ علی الماء) تو وہ خدام اس صفت مذکور میں تیرنے اور شناوری کرنے لگے یعنی اس بات کو انواع اور اقسام کی صورت دینے والے فرشتوں اور خدام سے اور روحانیات کو والسابحات سبحاً سے تعبیر کیا گیا تاکہ اس دنیا میں تیریں اور

toobaafoundation.com

صدف انواع پیدا ہوں جیسے آسمان اور زمین اور اقسام عنصریات اور روحانیات اور عالم مثال پیدا ہو جائے۔ پھر جب عالم کے انواع، علویات اور سفلیات کے انواع بن گئے اور اس میں مشقت کم ہے تو اس درجہ کو والسابحات سے تعبیر کیا جاتا ہے اور جب یہ مدارج نمودار ہو گئے تو آگے ان کو درجہ تکمیل تک پہنچانا نہایت آسان ہے۔ یہ جماعت نہایت تیزی سے ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کے لیے دوڑتی ہے تاکہ جو کام اس کے سپرد ہے وہ جلد سرانجام ہو جائے تو اس درجے کو کہا گیا ہے والسابقات سبقاً (حکمت کے ایسے موتی جگہ جگہ بکھرے ہوئے ہیں)

toobaafoundation.com

تعلیم الکتاب

تعلیم الکتاب (پارۂ عم کا ترجمہ) از جناب سید محمد اویس- شائع کردہ احمدی بیگم تعلیم الکتاب ٹرسٹ کراچی- سنہ ۱۳۹۱ھ ۱۹۷۱ع

صفحات ۲۴۰- سائز ۷ × ۴½- سطریں فی صفحہ عموماً ۱۳- الفاظ فی سطر عموماً ۸-

جناب مترجم نے شروع میں (۱) پارۂ عم کی تعلیم ہماری روزمرہ زندگی میں (۲) فہرست مفردات ولغات ضروری بلحاظ عنوان (۳) فہرست مفردات ولغات ضروری بلحاظ حروف تہجی (۴) فہرست وخلاصۂ مضامین سورۃ ہای پارۂ عم اور (۵) ابتدائیہ کے ذیل میں منتخب آیات قرآنی سے متعلق بحث کی ہے-

پارۂ عم میں متن قرآنی مع ترجمہ شاہ رفیع الدین رح اور تعلیم الکتاب کے ذیل میں جناب نے اپنا ترجمہ اور تشریحات پیش کی ہیں- بالکل شروع میں انھوں نے فرمایا ہے کہ سرخ رنگ، آغاز سورہ یا دیگر کلمات کی لیے ہے اور سبز رنگ، متن قرآنی میں مرکب تحریر کے انفرادی اجزاء کو ممتاز کرنے کے لیے ہے-

قرآن کی شان اور اس کی فضیلت بیان کرنے کے بعد انھوں نے سورۃ الفاتحہ اور اس کے ترجمے اور تشریح کے بعد سورۃ البقرہ کی ابتدائی چار آیتوں کا ترجمہ اور تشریح بھی دیدی ہے- پھر صفحہ ۶۰ سے صفحہ ۱۹۱ تک پارۂ عم کا ترجمہ اور تشریح ہے- اس کے بعد رموز اوقاف کی تفصیل ہے، پھر ضمیمۂ تشریحات ہے اور محرکات وواردات کا بیان ہے جو ایک قاری کے لیے بھی مفید ہوسکتے ہیں اور صفحہ ۲۲۱ سے صفحہ ۲۳۶ تک مبادیات عربی ہیں، جو عربی زبان کے مبتدی کے لیے بہت مفید ہیں- آخر میں بعض علماء کرام کی گراں قدر آراء بھی ہیں- جناب سید محمد اویس نے اس ترجمہ میں کوشش کی ہے کہ یہ ترجمہ لفظی اور لغوی پابندیوں کے ساتھ ہو اور حتی الوسع وہی ترتیب ہو جو عبارت قرآنی کی ترتیب ہے- حواشی میں مزید تشریح بھی ہے-

شروع میں حضرت مفتی محمد شفیع رح کی تقریظ میں مترجم کی کوشش کو سراہا گیا ہے کہ بزرگان سلف کی عظمت

toobaafoundation.com

اور ان مقبول عالم مستند، معتبر تراجم کے دائرے میں رہتے ہوئے ترجمہ کو بالکل تحت اللفظ رکھنے اور زبان کو زیادہ آسان اور شگفتہ بنانے کی کوشش کی ہے۔ اسی لئے انھوں نے شاہ رفیع الدین علیہ الرحمہ کے ترجمہ کو اپنے ترجمہ کی زمین بنایا ہے۔ اس حیثیت سے یہ ترجمہ گویا حضرت شاہ رفیع الدین رحمہ اللہ علیہ کے ترجمہ کی ایک مفید خدمت ہے"

اب چند نمونے ملاحظہ ہوں۔ سورہ نبا کی چند آیتوں کا ترجمہ یہ ہے: نام سے اللہ کے، وہ رحمٰن، وہ رحیم!

کس واسطے یہ لوگ کرتے ہیں آپس میں سوال؟
اس بڑی خبر کی نسبت
جس کے بارے میں ہیں یہ جدا جدا
مگر سنو! اب یہ جلدی جانیں گے
ہاں پھر مگر سنو، اب یہ جلدی جانیں گے!
کیا نہ بنایا ہم نے زمین کو اک فرش؟
اور پہاڑوں کو میخیں؟
اور ہم نے کیا ہے پیدا تم کو جوڑے جوڑے!
اور ہم نے تمہاری نیند بنائی چین آرام!
اور بنائی ہم نے رات اک پردہ،
اور بنایا ہم نے دن روزی حاصل کرنے کو!

آخری سورۃ الناس کا ترجمہ ملاحظہ ہو:-

نام سے اللہ کے وہ رحمٰن وہ رحیم
بولو پناہ اس کی رب ہے جو انسانوں کا!
شاہنشاہ جو ہے انسانوں کا
معبود جو ہے انسانوں کا

toobaafoundation.com

پناہ بدی سے شک و شبہ وسوسہ ڈالنے والے کی

وہ جو ہے چھپنے والا ہٹنے والا

وہ جو ڈالے شک، شبے، وسوسے

سینوں میں انسانوں کے

خواہ وہ ہو جناتوں سے، خواہ وہ انسانوں سے!

toobaafoundation.com

تفسیر معارف القرآن

از حضرت مفتی محمد شفیع رح (م سن ۱۳۹۶ھ سن ۱۹۷۶ع) (۱) شائع کردہ ادارۃ المعارف - کراچی - آٹھ جلدیں-

پہلی جلد کے شروع میں قرآن پاک کے متعلق ضروری معلومات درج ہیں- یعنی وحی اور اس کی حقیقت- حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر نزول وحی کے طریقے تاریخ نزول قرآن- مکی اور مدنی آیات اور ان کی خصوصیات- قرآن کریم کا تدریجی نزول- قرآن کریم کے سات حروف اور قراءتیں- سات قراء- تاریخ حفاظت قرآن- تلاوت میں آسانی پیدا کرنے کے اقدامات ـــــ علم تفسیر اسرائیلیات کا حکم- مشہور تفسیریں-

پھر مفتی صاحب نے "مختصر سرگذشت مصنف" کے ذیل میں اپنی تمہید کے اختتام پر لکھا ہے کہ:

"یہاں تک کی تمہید ماہ صفر سن ۱۳۸۳ھ میں اس وقت لکھی گئی جب کہ تفسیر معارف القرآن کو کتابی صورت میں لانے کا ارادہ ہوا تھا- پھر سن ۱۳۸۸ھ تک یہ سلسلہ ملتوی رہا- سن ۱۳۸۸ھ سے اس پر کام شروع ہوا جو سن ۱۳۹۳ھ تک پانچ سال میں بحمداللہ مکمل ہوگیا- اس تمہید کا آگے آنے والا حصہ تکمیل تفسیر کے بعد سن ۱۳۹۲ھ میں لکھا گیا- (اس حصے میں آپ نے اپنی مختلف بیماریوں کا ذکر کیا ہے کہ بڑا پھوڑا نکل آیا- نقرس کا درد اور دوسری معذوریاں پیدا ہوگئیں- لیکن ان تکلیفوں کی وجہ سے بیٹھ کر کام کرنے کی توفیق حاصل ہوئی)

پھر معارف القرآن کی خصوصیات والتزامات اس طرح بیان کیے ہیں-

(۱) حضرت مولانا محمود حسن رح نے اپنے وقت میں جب یہ دیکھا کہ اب بہت سے محاورات بدل جانے کی وجہ سے بعض مقامات میں ترمیم کی ضرورت ہے تو انھوں نے اس ترجمہ (شاہ عبدالقادر رح کے ترجمے) کی یہ

---

(۱) آپ کے حالات رسالہ بینات (کراچی - جون سن ۱۹۷۷ع) میں تفصیل سے ہیں-

toobaafoundation.com

خدمت (ترمیم کی) انجام دی۔ احقر نے قرآن کریم کے زیر متن اسی ترجمے کو بعینہ لیا ہے۔

(۲) مجھے چونکہ (مولانا تھانوی رح کی) بیان القرآن کی تسہیل کا کام پہلے سے پیش نظر تھا اس وقت سے احقر نے حضرت رح کی اس تفسیر کو بنام "خلاصہ تفسیر" شروع میں بعینہ صرف ایک تصرف کے ساتھ نقل کردیا ہے۔ وہ یہ کہ اس تفسیر میں جس جگہ خاص اصطلاحی اور مشکل الفاظ آئے تھے وہاں ان کو آسان لفظوں میں منتقل کردیا اور اس کا نام خلاصہ تفسیر رکھنا اس لیے موزوں ہوا کہ خود حضرت رح نے خطبۂ بیان القرآن میں اس کے متعلق فرمایا ہے کہ اس کو تفسیر مختصر یا ترجمہ مطول کہا جاسکتا ہے۔

(۳) تیسرا کام جو احقر کی طرف منسوب ہے وہ "معارف و مسائل" کا عنوان ہے اس کے مضامین سب علماء سلف کی تفسیر سے لیے ہوئے ہیں۔

(۴) علماء کے لیے تفسیر قرآن میں سب سے پہلا اور اہم کام لغات کی تحقیق، نحوی ترکیب، فن بلاغت کے نکات اور اختلافات قراءت کی بحثیں ہیں جو بلاشبہ اہل علم کے لیے فہم قرآن میں سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اسی کے ذریعے قرآن کے صحیح مفہوم کو پایا جاسکتا ہے۔ (اس لیے) ائمہ تفسیر کے اقوال میں جس کو جمہور نے رجح قرار دیا ہے اس کے مطابق تفسیر لے لی گئی ہے اور کہیں کہیں بضرورت یہ بحث بھی لی گئی ہے تو وہاں بھی اس کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ خالص علمی اصطلاحات اور مشکل الفاظ نہ آئیں۔

سورۃ الفاتحہ کے معارف و مسائل کے ذیل میں مفتی صاحب لکھتے ہیں کہ:

"صحیح مسلم میں بروایت حضرت ابوہریرہؓ منقول ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حق تعالیٰ نے فرمایا کہ نماز (یعنی سورۃ فاتحہ) میرے اور میرے بندے کے درمیان دو حصوں میں تقسیم کی گئی ہے۔ نصف میرے لیے ہے اور نصف میرے بندے کے لیے۔ اور جو کچھ میرا بندہ مانگتا ہے وہ اس کو دیا جائے گا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب بندہ کہتا ہے الحمد للہ رب العلمین، تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرے بندے کے لیے میری حمد ہے۔ اور جب وہ کہتا ہے الرحمٰن الرحیم، تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرے بندے نے میری تعریف وثنا بیان کی ہے اور جب بندہ کہتا ہے ملک یوم الدین، تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرے بندے نے میری بزرگی بیان کی ہے اور جب بندہ کہتا ہے ایاک نعبد

toobaafoundation.com

وایاک نستعین، تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ آیت میرے اور میرے بندے کے درمیان مشترک ہے، کیونکہ اس میں ایک پہلو حق تعالیٰ کی حمد و ثنا کا ہے اور دوسرا پہلو بندے کی دعاء و درخواست کا۔ اس کے ساتھ یہ بھی ارشاد ہوا کہ میرے بندے کو وہ چیز ملے گی جو اس نے مانگی۔ پھر جب بندہ کہتا ہے اھدنا الصراط المستقیم (آخر تک) تو حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ سب میرے بندے کے لیے ہے اور اس کو وہ چیز ملے گی جو اس نے مانگی (مظہری)

جلد اول - سورۃ الفاتحہ - سورۃ البقرہ صفحات ۶۹۸

جلد دوم - آل عمران - نساء - صفحات ۶۲۸

جلد سوم - الانعام - الاعراف - صفحات ۶۳۱

جلد چہارم - الاعراف - الانفال - توبہ - یونس - ھود صفحات ۶۸۰

جلد پنجم - یوسف، رعد - ابراہیم - نحل - بنی اسرائیل - کہف - صفحات ۶۵۲

جلد ششم - مریم - طٰہٰ - انبیاء - حج - مومنون - نور - فرقان - شعراء - نمل - قصص - عنکبوت - روم - صفحات ۷۶۸

جلد ہفتم - لقمان - الم سجدہ - احزاب - سبا - فاطر - یٰس - صٰفٰت - ص - زمر - مومن - حٰم سجدہ - شوریٰ - زخرف - دخان - جاثیہ - احقاف - صفحات ۸۱۶

جلد ہشتم سورۃ محمد سے آخر قرآن تک - صفحات ۸۵۶

آخری جلد کے آخر میں معوذتین کے سلسلے میں فرماتے ہیں کہ: "اوپر قرآنی تعلیمات میں انسانی دشمن کا دفاع اول احسان اور صبر جمیل سے بتلایا گیا ہے۔ اگر اس میں کامیابی نہ ہو تو جہاد و قتال سے اور دونوں صورتوں میں مقابلہ کرنے والا مومن کامیاب ہی کامیاب ہے۔ بالکل ناکامی، مومن کے لیے ممکن نہیں، کیونکہ دشمن سے مقابلے میں یہ غالب آگیا تب تو اس کی کامیابی کھلی ہوئی ہے اور اگر شکست کھا گیا یا مقتول بھی ہو گیا تو آخرت کا اجر و ثواب اور شہادت کے فضائل اس کو اتنے بڑے ملیں گے جو دنیا کی کامیابی سے کہیں زیادہ ہوں گے۔ غرض انسانی دشمن کے مقابلے میں ہار جانا بھی مومن کے لیے کوئی مضرت نہیں، بخلاف شیطان

toobaafoundation.com

کے کہ اس کی خوشامد اور اس کو راضی کرنا بھی گناہ ہے اور اس کے مقابلے میں ہار جانا تو آخرت کو تباہ کر لینا ہے۔ یہی وجہ ہے جس کے لیے دشمن شیطانی کی مدافعت کے لیے حق تعالیٰ ہی کی پناہ لینا علاج ہے۔ اس کی پناہ کے سامنے شیطان کی ہر تدبیر ضعیف اور بے اثر ہے۔

قرآن کریم کو حق تعالیٰ نے سورت فاتحہ سے شروع فرمایا ہے جس کا خلاصہ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد اس کی مدد حاصل کرنا اور اس سے صراط مستقیم کی توفیق مانگنا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی مدد اور صراط مستقیم یہی دو چیزیں ہیں جن میں انسان کی دنیا و دین کے سب مقاصد کی کامیابی مضمر ہے۔ لیکن ان دونوں چیزوں کے حصول میں اور حصول کے بعد اس کے استعمال میں ہر ہر قدم پر شیطانِ لعین کے مکر و فریب اور وسوسوں کا جال بچھا رہتا ہے اس لیے اس جال کو پاش پاش کرنے کی مؤثر تدبیر، استعاذہ پر قرآن کو ختم کیا گیا۔

toobaafoundation.com

کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن

کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن از مولانا احمد رضا خان بریلوی رح - مکتبہ رضویہ - آرام باغ - کراچی سن ۱۹۷۶ع صفحات ۷۱۶ (مع تفسیر نعیمی) سائز ۱۰×۷ - ہر صفحے پر متن اور ترجمے کی بارہ بارہ سطریں متن کی ہر سطر میں عموماً ۸-۹- الفاظ-

مولانا احمد رضا خان بریلوی رح نے قرآن پاک کا یہ ترجمہ سنہ ۱۳۳۰ھ سنہ ۱۹۱۲ع میں مکمل کیا تھا- یہ تاریخی نام ہے- اس کے دس سال بعد سنہ ۱۳۴۰ھ میں آپ نے وفات پائی- سورۃ فاتحہ کا ترجمہ اس طرح ہے:

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان، رحمت والا

سب خوبیاں اللہ کو جو مالک سارے جہان والوں کا- بہت مہربان، رحمت والا روز جزا کا مالک- ہم تجھی کو پوجیں اور تجھی سے مدد چاہیں- ہم کو سیدھا راستہ چلا- راستہ ان کا جن پر تو نے احسان کیا- نہ ان کا جن پر غضب ہوا اور نہ بہکے ہوؤں کا-

سورۃ الناس کا ترجمہ اس طرح ہے:

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان، رحمت والا

تم کہو میں اس کی پناہ میں آیا جو سب لوگوں کا رب- سب لوگوں کا بادشاہ- سب لوگوں کا خدا- اس کے شر سے جو دل میں بُرے خطرے ڈالے- اور دبک رہے وہ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتے ہیں جن اور آدمی-

زبان بہت سادہ ہے- مثلاً (پہلے پارے کے پہلے رکوع کے بعض مقامات)

الحمد (سب خوشیاں) للمتقین (ڈر والوں کو) مفلحون (مراد کو پہنچنے والے) غشاوۃ (گھنا ٹوپ) مفلحون (سنوارنے والے) ویمدھم فی طغیانھم (اور انہیں ڈھیل دیتا ہے کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں) ولو شاء اللہ لذھب (اور اللہ چاہتا تو ان کے کان اور آنکھیں لے جاتا) فاتوا بسورۃ من مثلہ (تو اس جیسی ایک سورۃ تو لے آؤ) واما الذین کفروا (رہے کافر) کیف تکفرون باللہ (بھلا تم کیونکر خدا کے منکر ہو گے) ثم استوی الی السماء (پھر آسمان کی

toobaafoundation.com

طرف استوی "قصد" فرمایا) نحن بحمدک (ہم تجھے سراہتے ہوئے تیری تسبیح کرتے اور تیری ثنا بولتے ہیں) وکلا منها رغدا حیث شئتما (اور کھاؤ اس میں سے بے روک ٹوک جہاں تمہارا جی چاہے) ولکم فی الارض مستقر ومتاع الی حین (اور تمہیں ایک وقت تک زمین میں ٹھہرنا اور برتنا ہے) وایای فارهبون (اور خاص میرا ہی ڈر رکھو) وانها لکبیرة (اور بے شک نماز بھاری ضرور ہے مگر ان پر جو دل سے میری طرف جھکتے ہیں)

چند متفرق مقامات بھی ملاحظہ ہوں: (۱) سانبئک بتاویل (الکھف ۷۸) اب میں آپ کو ان باتوں کا بھید بتاؤں گا جن پر آپ سے صبر نہ ہوسکا (۲) قال رب انی وهن العظم (مریم ۴) (عرض کی اے میرے رب میری ہڈی کمزور ہوگئی اور سر سے بڑھاپے کا بھبوکا پھٹا) (۳) فهب لی من لدنک ولیا (مریم ۵) (تو مجھے اپنے پاس سے کوئی ایسا دے ڈال جو میرا کام اٹھالے) اور (۴) آپ نے سورۃ القلم (۴۲) کے لفظ ساق کے معنی کے لیے لکھا ہے "جس کے معنی اللہ ہی جانتا ہے" یعنی معنی میں احتیاط برتی ہے۔ بعض علماء نے ساق کی تجلی لکھا ہے۔ (۵) یٰس والقرآن الحکیم انک لمن المرسلین (حکمت والے قرآن کی قسم۔ بے شک تم سیدھی راہ پر بھیجے گئے ہو) (۶) سورۃ محمد ۴-- (تو جب کافروں سے تمہارا سامنا ہو تو گردنیں مارنا ہے یہاں تک کہ جب انھیں خوب قتل کرلو تو مضبوط باندھو۔ پھر اس کے بعد چاہے احسان کرکے چھوڑ دو، چاہے فدیہ لے لو، یہاں تک کہ لڑائی اپنا بوجھ رکھ دے)

سورۃ النجم کی ابتدائی ۱۵ آیات کا ترجمہ جو خاص ہے:

اس پیارے چمکتے تارے محمد کی قسم۔ جب یہ معراج سے اترے۔ تمہارے صاحب نہ بہکے، نہ بے راہ چلے، اور وہ کوئی بات اپنی خواہش سے نہیں کرتے۔ وہ تو نہیں مگر وحی جو انھیں کی جاتی ہے۔ انھیں سکھایا سخت قوتوں والے طاقتور نے۔ پھر اس جلوہ نے قصد فرمایا اور وہ آسمان بریں کے سب سے بلند کنارہ تھا۔ پھر وہ جلوہ نزدیک ہوا۔ پھر خوب اتر آیا۔ تو اس جلوے اور اس محبوب میں دو ہاتھ کا فاصلہ رہا بلکہ اس سے بھی کم۔ اب وحی فرمائی اپنے بندے کو جو وحی فرمائی۔ دل نے جھوٹ نہ کہا جو دیکھا۔ تو کیا تم ان سے ان کے دیکھے ہوئے پر جھگڑتے ہو؟ اور انھوں نے تو وہ جلوہ دوبارہ دیکھا سدرة المنتهی کے پاس۔ اس کے پاس جنت الماویٰ ہے۔

toobaafoundation.com

سورۃ التکویر (۲۲-۲۴) اور تمہارے صاحب، مجنون نہیں اور بے شک انھوں نے اسے روشن کنارے پر دیکھا۔

سورۃ ضحیٰ (۷) اور تمھیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی راہ دی۔

سورۃ الکوثر (۳) بے شک جو تمہارا دشمن ہے وہی ہر خیر سے محروم ہے۔

سورۃ التکویر (۲۲-۲۴) اور تمہارے صاحب، مجنون نہیں اور بے شک انھوں نے اسے روشن کنارے پر دیکھا۔

سورۃ ضحیٰ (۷) اور تمھیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی راہ دی۔

سورۃ الکوثر (۳) بے شک جو تمہارا دشمن ہے وہی ہر خیر سے محروم ہے۔

سورۃ الفتح کی ابتدائی تین آیات: بے شک ہم نے تمہارے لیے روشن فتح فرمادی - تاکہ اللہ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے اور تمہارے پچھلوں کے اور اپنی نعمتیں تم پر تمام کردے اور تمھیں سیدھی راہ دکھادے اور اللہ تمہاری زبردست مدد فرمائے۔

آپ نے ہر جگہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی کو نہایت ادب واحترام کے ساتھ پیش کیا ہے اور نبی کے معنیٰ ہر جگہ "غیب کی خبریں بتانے والے" لکھے ہیں۔

کنز الایمان کا انگریزی ترجمہ پروفیسر فرید الحق نے کیا ہے جو دار العلوم امجدیہ کراچی سے سن ۱۹۸۹ء میں شائع ہوا ہے۔

toobaafoundation.com

تفسیر مظہری

تفسیر مظہری از حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی علیہ الرحمۃ (سنہ ۱۲۲۵ھ) عربی سے اردو میں ترجمہ از مولانا سید عبد الدائم جلالی رح دہلی سے ندوۃ المصنفین (اردو بازار جامع مسجد) سے تیسری بار سنہ ۱۹۸۱ع میں (۱۳ جلدوں میں) شائع ہوئی- کراچی میں ایچ ایم سعید کمپنی (ادب منزل- پاکستان چوک) نے بارہ جلدوں میں جون سنہ ۱۹۷۹ع شائع کیا- سائز: ۱۰×۷- ہر صفحے میں پچیس سطریں- ہر سطر میں عموماً الفاظ ۲۵ ہیں- قاضی صاحب کے متعلق صرف اتنا کہنا کافی ہے کہ ان کے پیر حضرت مظہر جان جانان شہید رح (م سن ۱۱۹۵ھ) جن کے نام سے یہ تفسیر منسوب ہے، ان کو علم الہدیٰ کے لقب سے یاد فرماتے تھے اور حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رح (م ۱۲۳۹ھ) ان کو بیہقی وقت کہا کرتے تھے (۱)

قاضی صاحب نے اس تفسیر میں حدیث، فقہ، کلام، تجوید، قراءت، تصوف وغیرہ کے مسائل نہایت محققانہ طریقے سے بیان کئے ہیں- صرف سورۃ الفاتحہ کی تفسیر میں یہ مضامین ہیں- وجہ تسمیہ واسماء و آیات سورۃ فاتحہ- وہ کہاں اور کب اور کہاں سے نازل ہوئی اور یہ بیماری کے لئے شفا ہے- بسم اللہ اور اس کو لکھنے کا قاعدہ- ہر بڑا کام بسم اللہ پڑھ کر شروع کیا جائے- اللہ الرحمن الرحیم کی تحقیق اور یہ کہ بسم اللہ کسی سورت یا قرآن کریم کا جزو ہے یا نہیں؟ نماز میں بسم اللہ کو بلند آواز سے نہ پڑھنا- ذکر الحمد و بیان رب و تحقیق عالم- قواعد قراءت- بیان اتباع سنت- غیر المغضوب علیہم الخ سے کون لوگ مراد ہیں؟ (اور قاضی صاحب کی تحقیق) فضائل سورۃ فاتحہ- (یہ تمام مباحث ۱۵ بڑے سائز کے صفحات میں ہیں) سورۃ البقرہ کے چند مباحث (آیت نمبر سات تک) ملاحظہ ہوں-

ذکر نزول سورۃ البقرہ- اس کی آیات، کلمات، حروف کی تعداد- تحقیق مقطعات کی روایات- اقسام حروف اور یہ کہ حروف مقطعات اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے درمیان راز کی باتیں ہیں-

---

(۱) دیکھیں تذکرہ علمائے ہند از مولانا رحمن علی، مترجم محمد ایوب قادری کراچی ۱۹۶۱ صفحہ ۱۴۲

toobaafoundation.com

حضرت مجدد صاحب رح کا ارشاد کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر قرآنی مقطعات اور اس کے اسرار کی تاویل ظاہر فرمائی ہے- دعا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- متقی کی تعریف اور تقویٰ کے درجے- حدیث حلال بھی ظاہر ہے اور حرام بھی ظاہر ہے-ایمان کے لغوی اور شرعی معنیٰ- حدیث جبریل علیہ السلام وذکر اسلام وزکوٰۃ وروزہ رمضان وحج واحسان وعلامات قیامت- ذکر غیوبات خمسہ یعنی پانچ اشیاء کا علم بجز خدا تعالیٰ کے کسی کو نہیں- اسلام کی تعریف- نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھ کر اولاً بلا دیکھے ایمان لانے کا ذکر- کن تین اشخاص کو دہرا اجر ملتا ہے- مسئلہ مدِ منفصل و متصل ولازم- دنیا و آخرت و یقین کی تحقیق- شکل و مقام قلب وذکر حواس خمسہ- حدیث تمام بنی آدم کے دل اللہ تعالیٰ کی دو انگلیوں میں ہیں- حدیث جب مومن گناہ کرتا ہے تو ایک چھوٹا سا سیاہ نقطہ اس کے دل میں پیدا ہو جاتا ہے-

صرف ان مباحث سے قاضی صاحب کے تبحر علمی کا اندازہ کیا جاسکتا ہے- آپ نے آیات کے ایک ایک دو دو یا کچھ زیادہ الفاظ (ضرورت کے مطابق) لے کر ان کی تفسیر و تشریح کی ہے- مثلاً بسم اللہ (شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ کے) میں لفظ اسم کا الف کثرت استعمال کے باعث ساقط ہو گیا ہے اور اس کے بدلے ب لمبی لکھی جاتی ہے- بغوی نے عمر بن عبدالعزیز رضہ کا قول نقل کیا ہے کہ لوگو! ب کو دراز لکھو اور اس کو اچھی طرح ظاہر کرو اور میم کو گول لکھا کرو- اس میں کتاب اللہ کی تعظیم ہے- اسم، سمو سے مشتق ہے، نہ کہ وسم سے، کیونکہ سُمَیٌّ اور سُمَیَّۃ اس کی دلیل ہیں- اور حرف ب مصاحبت یا استعانت یا تبرک کے لئے ہے- اور استعانت اللہ تعالیٰ کے ذکر سے ہوا کرتی ہے اور یہ ب اس فعل سے متعلق ہے جو الرحیم کے بعد مقدر ہے (یعنی اقرا) جیسے بسم اللہ مجرٖھا و مرسٰھا میں- اور یہ بات محقق ہے کہ ابتدا بسم اللہ ہی سے ہونی چاہیے- عبدالقادر رح نے ہادی اربعین میں حضرت ابوہریرہ رضہ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو بڑا کام بسم اللہ سے شروع نہ ہو، وہ ناتمام رہے گا- (بسم اللہ کا خلاصہ مطلب یہ ہے کہ میں اللہ کے نام سے پڑھنا شروع کرتا ہوں) لفظ اللہ بعض قول کے مطابق اسم جامد ہے اور حق یہ ہے کہ الٰہ (بمعنیٰ معبود) سے مشتق ہے- ہمزہ حذف کر کے الف لام اس کی عوض لایا گیا ہے اور چونکہ یہ عوض بطور لزوم ہے، اس لئے یا اللہ کہنا جائز ہو گیا، کیونکہ اشتقاق کے معنیٰ ہی یہ ہیں کہ دو لفظ معنیٰ اور

toobaafoundation.com

ترکیب میں مشترک ہوں- پھر یہ لفظ اس ذات واجب الوجود کا علم ہوگیا جو مجتمع کمالات اور رذائل سے پاک ہے اور اسی لئے یہ لفظ خود موصوف ہوا کرتا ہے، کسی اور لفظ کی صفت واقع نہیں ہوتا اور (اظہار) توحید کے وقت لا الہ الا اللہ کہا جاتا ہے- کبھی اس کا اطلاق اصل معنی پر ہوتا ہے- فرمایا وھو اللہ فی السموٰت وفی الارض (آسمانوں اور زمین میں صرف وہی معبود ہے) آگے چل کر آپ نے ادغام پر اس تفصیل سے بحث کی ہے (صفحہ ۵-۱۰) کہ بڑی بڑی کتابوں میں بھی یکجا نہیں ملتی-

قاضی صاحب نے ہر موقع پر علوم کے دریا بہا دیے ہیں، مثلاً سورۃ الروم کی تفسیر میں الم غلبت الروم کے سلسلے میں اس قدر روایات جمع کی ہیں کہ حیرت ہوتی ہے- فرماتے ہیں کہ: ابن ابی حاتم نے ابن شہاب زہری کی روایت سے اور ابن جریر نے عکرمہ اور یحیٰ بن یعمر اور قتادہ کی روایت سے بیان کیا کہ مسلمان جب مکہ میں تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت نہیں کی تھی-" پھر ترمذی اور حاکم نے ابن عباسؓ کا جو قول نقل کیا ہے، اس کی تفصیل ہے- تفسیر میں بغوی اور شعبی کے حوالے سے اہل فارس اور رومیوں کی جنگ کے متعلق تاریخ لکھی ہے- اختلاف قراءت کا بھی ذکر ہے اور اس سورت کی ابتدائی چار آیتوں کے متعلق بڑے بڑے چار صفحات میں ایسی معلومات بہم پہنچائی ہیں کہ حیرت ہوتی ہے-

سورۃ الاحزاب کی آیت نمبر ۲۷ کے ذیل میں غزوہ بنی قریظہ کا واقعہ اور اس کے متعلق اکیس صفحات دیے ہیں کہ ایک چھوٹی کتاب ہو سکتی ہے- سورۃ المنافقون کی تفسیر کے لیے دس صفحات میں تمہید ہے اور اس کی آیت نمبر ۹ میں ایجاز و اختصار کے ساتھ منافقوں کی بداعمالیوں کا ذکر کیا ہے، یعنی ان کا مال و اولاد کے مشغلے میں پھنسے رہنا اور نماز ترک کر دینا اور زکوٰۃ کو ادا نہ کرنا اور تاخیر موت کی تمنا کرنا اور درازیٔ اجل کا امیدوار ہونا (موجودہ دور میں مسلمانوں نے بھی اسی قسم کی بداعمالیوں کو اختیار کر لیا ہے اور ساتھ ہی جنت کے امیدوار ہیں)

قرآن مجید کی آخری سورۃ کی آخری آیت میں انسانی وسوسوں کا خوب تجزیہ فرمایا ہے کہ:-
آدمی بھی وسوسہ ڈالتے ہیں، لیکن ان کی وسوسہ اندازی کا طریقہ انھی کے مناسب ہے- آدمی آدمی سے ایسی بات کہتا ہے جو اس کے دل میں جم جاتی ہے، اس سے وسوسہ پیدا ہوتا ہے- یا من الجنۃ والناس کا تعلق

toobaafoundation.com

یُوَسْوِسُ سے ہے، یعنی لوگوں کے سینوں کے اندر جنات اور انسانوں کے معاملات کے متعلق (خناس) وسوسہ پیدا کرتا ہے۔ کلبی نے کہا کہ صدور الناس میں جو الناس ہے، مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اسی کا بیان ہے۔ گویا انسان دونوں کو شامل ہے، جن کو بھی اور آدمی کو بھی (یعنی انسان جن بھی ہوتا ہے اور آدمی بھی) جن پر انسان کا اطلاق اسی طرح کیا گیا جس طرح وانہ کان رجال من الانس یعوذون برجال من الجن میں رجال کا اطلاق جن پر کیا گیا ہے۔ بغوی نے لکھا ہے کہ ایک عربی شخص کے متعلق بیان کیا گیا ہے کہ دوران گفتگو میں اس نے کہا کہ جنات کی ایک جماعت آکر کھڑی ہو گئی، پوچھا گیا کہ تم کون ہو؟ انھوں نے کہا کہ جنات کے آدمی۔ فراء کے قول کا بھی یہی معنیٰ ہے۔ یہ بھی جائز ہے کہ من الجنة الوسواس کا بیان ہو اور الناس کا عطف الوسواس پر ہو۔ اس صورت میں مطلب اس طرح ہوگا کہ میں پناہ مانگتا ہوں وسوسہ ڈالنے والے یعنی شیطان کے شر سے اور انسانوں کے شر سے۔

بالکل آخر میں فضائل قرآن مجید بھی بیان فرمائے ہیں۔ اور مولانا عبدالدائم جلالی صاحب کا یہ کرم ہے کہ انھوں نے یہ ترجمہ رواں دواں کیا ہے کہ وہ ترجمہ معلوم نہیں ہوتا۔ ایک ترجمہ کی خوبی بھی یہی ہوتی ہے۔

toobaafoundation.com

ترجمہ قرآن مجید

ترجمہ قرآن مجید (چار زبانوں میں) شائع کردہ مکتبہ اسحاقیہ - جونا مارکیٹ - کراچی

سائز کاغذ $9\frac{3}{4} \times 7\frac{1}{2}$ - سائیز متن $8\frac{1}{2} \times 6\frac{1}{2}$ (لفظ بہ لفظ ترجمہ)

مرتبہ غلام اصغر صاحب بی اے (علیگ) بہ اہتمام مولانا منظور حسین صاحب سندھی ثم مدنی

اب تک دو جلدیں شائع ہوئی ہیں - پہلی جلد سورۃ الفاتحہ سے سورۃ مائدہ تک (صفحات ۶۸۰) سنہ ۱۳۷۹ھ

دوسری جلد سورۃ انعام سے سورۃ حجر تک (صفحات ۷۳۹) سنہ ۱۴۰۲ھ سنہ ۱۹۸۲ع

دونوں جلدوں کے شروع میں غلام اصغر صاحب نے "ضروری گذارش" کے ذیل میں اس ترجمے کی خصوصیات بیان کی ہیں:

"انگریزی اور فارسی زبانوں کا ترجمہ جن کے صرفی و نحوی قواعد میں کافی مشابہت پائی جاتی ہے، قرآن مجید کے عربی متن کے ساتھ ساتھ رکھا گیا ہے تاکہ مبتدی کو ہر لفظ کے معنی اور مفہوم سمجھنے میں زیادہ سہولت ہو۔ اسی طرح اردو اور سندھی کے ترجمے جن کے صرفی اور نحوی قوانین ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں متصل رکھے گئے ہیں۔ لفظ بہ لفظ ترجمے میں ہر زبان کے عدد کے قوانین اور تذکیر و تانیث میں جو فرق پایا جاتا ہے اس کا بھی پوری طرح خیال رکھا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ہر زبان میں صفت اور موصوف میں جو مقدم اور مؤخر کا فرق ہے ترجمے میں اسے ہر جگہ اشاروں سے واضح کیا گیا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(and I begin)		(ابتدا می کنم)	(اور شروع کرتا ہوں)	(ءِ شروع کریان ٿو)
In the name	بسم	بنام	نام سے	سائ نالي
of Allah	اللہ	خدائے	خدا تعالیٰ کے	الله جي (جيڪو)
The Beneficent	الرحمن	بخشندہ	جو بہت مہربان	ٻاجهارو (ءِ)
The Merciful	الرحیم	مہربان	اور بڑا رحم کرنے والا ہے	رحم وارو آهي

toobaafoundation.com

پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے بعد سورۃ الفاتحہ کا ترجمہ اس طرح ہے:

(All) Praise	الحمد	ستایش	سب تعریفیں	تعريف
is due to God	لله	خدارااست	اللہ کے لیے ہیں	خدا تعالیٰ کي جگائي
the lord (the cherisher & the Sustainer)	رب	پروردگار	جو پروردگار ہے	(جيكو) پالٹهار (آهي)
of the worlds	العلمين	عالمها	(کل) جہانوں کا	سڀني جهانن جو
Master	ملک	خداوند	مالک	مالڪ
(of) the Day	يوم	روز	روز	ڏينهن
(of) Requital	الدين	جزا	جزا کا	بدلي (واري) جو
(oh our lord) you alone	ایاک	خاص ترا	تیری ہی	خاص تنهنجي ئي
do we worship	نعبد	می پرستیم	عبادت کرتے ہیں	عبادت ٿا كريون
and	و	و	اور	۽
you alone	ایاک	خاص از تو	تجھی سے	۽ خاص توكان ئي
do we beseach for help	نستعين	مدد می طلبیم	مدد چاہتے ہیں	مدد گهرون ٿا
Show us	اهدنا	رہنما مارا	چلا ہم کو	هلاءِ اسان كي
the straight	الصراط	راه	راه	واٽ
Path	المستقيم	راست	سیدھی	سڌي
the Path	صراط	راه	راه	واٽ
of those upon whom	الذين	آنانکه	ان لوگوں کی	انهن جي
you have	انعمت	انعام کرده	جن پر	توفضل كيو (آهي)
bestowed your grace	عليهم	برایشان	فضل فرمایا تو نے	جن تي
Not (the path of those)	غير	نه (راه آنانکه)	نه (راه ان کی)	نه (واٽ انهن جي)

toobaafoundation.com

upon whom	المغضوب	خشم گرفتہ شد	جن پر	جن تي
wrath is brought down	عليهم	برآنہا	غضب کیا گیا	ڏمر ٽيل (آهي)
nor those	ولا	ونہ (راہ)	اور نہ (راہ ان کی)	۽ نہ (واٽ انهن جي)
who go astray	الضالين	گمراہان	(جو) گمراہ ہوئے	(جيڪي) گمراهه (ٿي چڪا) آهن
Amen	آمين	آمين		

دوسری جلد میں سورۃ الحجر اس طرح مکمل ہوتی ہے

and worship	واعبد	وپرستش کن	اور عبادت کیے جاؤ	۽ عبادت كندو رهه
your lord	ربک	پروردگار خود را	اپنے پروردگار کی	پنهنجي پالڻهار جي
Till	حتی	تاوقتے کہ	یہاں تک کہ آئے	جيستائين
There comes to'you	یاتیک	آید بتو	آپ کے پاس	اچي پهچي توکي
the certainty (i.e. death)	الیقین	مرگ	یقینی بات (یعنی موت)	يقين واري گهڙي (يعني موت)

اس چار زبانوں والے ترجمے سے یہ بھی فائدہ ملحوظ ہے کہ چاروں زبانوں سے بیک وقت واقفیت بھی ہو سکتی ہے۔ الحمدللہ۔

toobaafoundation.com

تفسیر تذکیر القرآن

تفسیر تذکیر القرآن از مولانا وحید الدین خان - شائع کردہ فضلی سنز، اردو بازار- کراچی سنہ ۱۴۰۶ھ سنہ ۱۹۸۶ع

پہلی جلد میں سورۃ الفاتحہ تا سورۃ بنی اسرائیل، دوسری جلد میں سورۃ الکہف تا سورۃ الناس - سائز ۱۱×۷- متن ۸½×۵½ (صفحات ۸۰۰+۸۰۴)

مولانا وحید الدین خان نے دیباچہ میں لکھا ہے:

یہ ایک طالب علمانہ ضرورت ہے کہ قرآن کا مطالعہ کرتے ہوئے ایک آدمی کو قرآن کے بیانات کی علمی تفصیلات اور اس کے فنی پہلوؤں کو جاننا چاہیے، ایسی حالت میں یہ سوال ہے کہ قرآن کی تفسیر کے لیے کیا انداز اختیار کیا جائے۔ قرآن کی تفسیر اگر اس کے اپنے سادہ دعوتی اسلوب میں کی جائے تو اس کا یہ فائدہ ہوگا کہ تفسیر میں نصیحت اور تذکیر کی فضا باقی رہے گی جو قرآن کا اصل مقصود ہے، مگر ایسی صورت میں خالص علمی تقاضوں کی رعایت نہ ہو سکے گی------ تذکیر القرآن کو ہم نے اصل مطالب قرآن کی یاد دہانی تک محدود رکھا ہے جہاں تک دیگر علمی و فنی معلومات کا تعلق ہے وہ انشاء اللہ علیحدہ کتاب کی صورت میں مرتب کر کے شائع کی جائیں گی۔

سورۃ الفاتحہ کا ترجمہ اور تفسیر اس طرح ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سب تعریف اللہ کے لئے ہے جو سارے جہان کا مالک ہے، بہت مہربان نہایت رحم والا ہے۔ انصاف کے دن کا مالک ہے۔ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں۔ ہم کو سیدھا راستہ دکھا۔ ان

toobaafoundation.com

لوگوں کا راستہ جن پر تو نے فضل کیا۔ ان کا راستہ نہیں جن پر تیرا غضب ہوا اور نہ ان لوگوں کا راستہ جو راستہ سے بھٹک گئے۔

بندے کے لئے کسی کام کا سب سے بہتر آغاز یہ ہے کہ وہ اپنے کام کو اپنے رب کے نام سے شروع کرے، وہ ہستی جو تمام رحمتوں کا خزانہ ہے اور جس کی رحمتیں ہر وقت ابلتی رہتی ہیں، اس کے نام سے کسی کام کا آغاز کرنا گویا اس سے یہ دعا کرنا ہے کہ تو اپنی بے پایاں رحمتوں کے ساتھ میری مدد پر آجا اور میرے کام کو خیر و خوبی کے ساتھ مکمل کردے۔ یہ بندے کی طرف سے اپنی بندگی کا اعتراف ہے اور اسی کے ساتھ اس کی کامیابی کی الٰہی ضمانت بھی۔

قرآن کی یہ خصوصیت ہے کہ وہ مومن کے قلبی احساسات کے لئے صحیح ترین الفاظ مہیا کرتا ہے۔ بسم اللہ اور سورہ فاتحہ اسی نوعیت کے دعائیہ کلام ہیں، سچائی کو پالنے کے بعد فطری طور پر آدمی کے اندر جو جذبہ ابھرتا ہے، اسی جذبہ کو ان الفاظ میں مجسم کردیا گیا ہے۔

آدمی کا وجود اس کے لئے اللہ کا ایک عظیم عطیہ ہے۔ اس کی عظمت کا اندازہ اس سے کیا جاسکتا ہے کہ اگر کسی آدمی سے کہا جائے کہ تم اپنی دونوں آنکھوں کو نکلوادو یا دونوں پیروں کو کٹوادو، اس کے بعد تم کو ملک کی بادشاہی دے دی جائے گی تو کوئی بھی شخص اس کے لئے تیار نہ ہوگا۔ گویا کہ یہ ابتدائی قدرتی عطیے بھی بادشاہ کی بادشاہی سے زیادہ قیمتی ہیں۔ اسی طرح آدمی جب اپنے گردوپیش کی دنیا کو دیکھتا ہے تو یہاں ہر طرف خدا کی مالکیت اور رحمیت ابلتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ اس کو ہر طرف غیر معمولی اہتمام نظر آتا ہے۔ اس کو دکھائی دیتا ہے کہ دنیا کی تمام چیزیں حیرت انگیز طور پر انسانی زندگی کے موافق بنادی گئی ہیں۔ یہ مشاہدہ اس کو بتاتا ہے کہ کائنات کا یہ عظیم کارخانہ بے مقصد نہیں ہوسکتا۔ لازمی طور پر ایسا دن آنا چاہئے جب ناشکروں سے ان کی ناشکر گزار زندگی کی باز پرس کی جائے اور شکر گذاروں کو ان کی شکر گزار زندگی کا انعام دیا جائے۔ وہ بے اختیار کہہ اٹھتا ہے کہ خدایا! تو فیصلہ کے دن کا مالک ہے، میں اپنے آپ کو

toobaafoundation.com

تیرے آگے ڈالتا ہوں اور تجھ سے مدد چاہتا ہوں، تو مجھ کو اپنے سایہ میں لے لے۔ خدایا! ہم کو وہ راستہ دکھا جو تیرے نزدیک سچا راستہ ہے۔ ہم کو اس راستہ پر چلنے کی توفیق دے جو تیرے مقبول بندوں کا راستہ ہے۔ ہم کو اس راستہ سے بچا جو بھٹکے ہوئے لوگوں کا راستہ ہے یا ان لوگوں کا جو اپنی ڈھٹائی کی وجہ سے تیرے غضب کا شکار ہو جاتے ہیں۔

اللہ کا مطلوب بندہ وہ ہے جو ان احساسات و کیفیات کے ساتھ دنیا میں جی رہا ہو۔ سورۂ فاتحہ اس بندۂ مومن کی چھوٹی تصویر ہے اور بقیہ قرآن اس بندۂ مومن کی بڑی تصویر۔

سورۃ الناس کا ترجمہ اور تفسیر اس طرح ہے:

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے

کہو، میں پناہ مانگتا ہوں لوگوں کے رب سے، لوگوں کے بادشاہ کی، لوگوں کے معبود کی، اس کے شر سے جو وسوسہ ڈالے اور چھپ جائے۔ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ جن میں سے اور انسان میں سے۔

انسان ایک عاجز مخلوق ہے۔ اس کو لازمی طور پر پناہ کی ضرورت ہے۔ یہ پناہ اس کو خدا کے سوا کوئی اور نہیں دے سکتا۔ خدا ہی تمام انسانوں کا رب ہے وہی لوگوں کا بادشاہ ہے، وہی لوگوں کا معبود ہے، پھر اس کے سوا کون ہے جو شر اور فتنے کے مقابلے میں لوگوں کا سہارا بنے۔

سب سے زیادہ خطرناک فتنہ جس سے انسان کو خدا کی پناہ مانگنی چاہیے وہ شیطان ہے۔ وہ سب سے زیادہ خطرناک اس لیے ہے کہ وہ ہمیشہ اپنی اصل حیثیت کو چھپاتا ہے اور پُرفریب تدبیروں سے انسان کو بہکاتا ہے۔ اس لیے شیطان کے فتنوں سے وہی شخص بچ سکتا ہے جو بہت زیادہ باہوش ہو، جس کو اللہ نے وہ سمجھ دی ہو جس کے ذریعے وہ حق اور ناحق میں تمیز کر سکے۔ وہ سمجھ سکے کہ کون سی بات حقیقی بات ہے اور کون سی بات وہ ہے جو حقیقی نہیں۔ یہ وسوسہ اندازی کرنے والے صرف معروف شیاطین ہی نہیں ہیں انسانوں میں بھی ایسے شیطان نما لوگ ہیں جو مصنوعی روپ میں سامنے آتے ہیں اور پُرفریب الفاظ کے

toobaafoundation.com

ذریعے آدمی کے ذہن کو پھیر کر اس کو گمراہی کے راستے پر ڈال دیتے ہیں۔

حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ آپ اس وقت مسجد میں تھے۔ میں بیٹھ گیا۔ آپ نے فرمایا، کیا تم نے نماز پڑھی میں نے کہا کہ نہیں، آپ نے فرمایا (اے ابوذر) اٹھو اور نماز پڑھو۔ وہ کہتے ہیں کہ میں اٹھا اور نماز پڑھی اور پھر میں آکر بیٹھ گیا۔ آپ نے فرمایا کہ اے ابوذر جن وانس کے شیطانوں کے شر سے اللہ کی پناہ مانگو، میں نے کہا کہ اے خدا کے رسول، کیا انسانوں میں بھی شیطان ہوتے ہیں؟ آپ نے فرمایا ہاں۔

فتنوں سے خدا کی پناہ مانگنا دو طرفہ عمل ہے۔ ایک طرف وہ خدا کی عنایت کو اپنے ساتھ شامل کرتا ہے اور دوسری طرف اس کا مقصد یہ ہے کہ فتنوں کے مقابلے میں اپنے شعور کو بیدار کیا جائے تاکہ آدمی زیادہ باہوش طریقے پر اس کا مقابلہ کرنے کے قابل ہو سکے۔

toobaafoundation.com

فیوض القرآن

فیوض القرآن - از ڈاکٹر سید حامد حسن بلگرامی - شائع کردہ سعید کمپنی - ادب منزل - پاکستان چوک کراچی - پانچواں ایڈیشن سنہ ۱۹۸۷ء - سائز ۱۱× ۸ ½

آپ سنہ ۱۹۰۸ میں بلگرام میں پیدا ہوئے - الہ آباد میں بی اے سے پی ایچ ڈی تک کی تعلیم حاصل کی - سنہ ۱۹۳۷ء سے ۱۹۴۸ء تک ڈیرہ دون میں ماسٹر رہے - پھر لندن یونیورسٹی میں افریقن اسٹیڈیز کے استاد ہوئے - بعد میں سیلون میں استاد رہے - سنہ ۱۹۵۳ء میں حکومت پاکستان کے پلاننگ کمیشن کے ڈپٹی چیف آف ایجوکیشن رہے - پھر اس کے سربراہ ہوئے - کوئٹہ میں اکیڈمی آف اسلامک اسٹیڈیز کا کام سنبھالا - ۱۹۶۳ء سے سنہ ۱۹۶۹ء تک بہاولپور یونیورسٹی کے وائس چانسلر رہے - پھر بہت سے اداروں میں چیف رہے - مکہ معظمہ اور جدہ میں بھی پروفیسر رہے - اخلاقی شان بھی ان کی بہت بلند ہے -

ڈاکٹر بلگرامی انتہائی رقیق القلب "عاشق رسول" (صلی اللہ علیہ وسلم) ہیں - اسی لیے اس ترجمے میں (اور ساتھ ہی مختصر تفسیر میں) عجیب کیف و سرمستی پائی جاتی ہے -

ڈاکٹر صاحب نے بکثرت تراجم و تفاسیر کا مطالعہ کر کے فیوض القرآن کو مرتب کرنے کی سعادت حاصل کی ہے اور اللہ تعالیٰ کا بے حد احسان ہے کہ اس نے ڈاکٹر صاحب کی ہر موقع پر بے پایاں مدد فرمائی -

ڈاکٹر صاحب نے سلف صالحین کے مسلک کو شروع سے آخر تک قائم رکھا ہے - وہ "تحدیث نعمت" (مقدمہ) میں لکھتے ہیں کہ: "ترجمہ میں قرآن مجید کی تاثیر، اس کی معنویت و مقصد سے قریب لانے کے لیے قدیم مفسرین کے انداز پر ترجمہ کے دوران، جا بجا چھوٹے چھوٹے مختصر مگر قرآنی مقصود کو نہایت وضاحت سے پیش کرنے والے جملے قوسین میں لکھے گئے ہیں - جگہ جگہ اس کی مختصر اور پر اثر تشریح بھی ہے جو مستند تفاسیر پر مبنی ہے - تاکہ ربط کلام باقی رہے - پڑھنے والے کی توجہ، قرآن کے مطالب پر مرکوز رہے - اور کلام پاک کی ترتیب و تسلسل واضح ہوتا جائے - اس طرح ایک آیت اور دوسری آیت کے ربط کو بھی دو

toobaafoundation.com

آیتوں کے درمیان واضح کیا گیا ہے- ساتھ ہی ہر رکوع کے شروع میں اس کی خصوصی اہمیت اور گذشتہ رکوع سے اس کے ربط کی بھی نشان دہی کی گئی ہے- ہر سورۃ کے شروع میں، ترتیب قرآنی میں اس سورت کی اہمیت کو واضح کرنے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ ایک سورۃ کا ربط دوسری سورۃ سے واضح ہو جائے اور اس طرح الحمد سے الناس تک آیات کی ترتیب سے لے کر منازل کی ترتیب تک عیاں ہوتی جائے-

الحمد کا ترجمہ اور تفسیر اس طرح ہے:

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان، نہایت رحم والا ہے-

سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا (ہے)- (تمام تعریفیں، قولی فعلی، حالی اللہ ہی کے لیے ہیں کہ جو کچھ ہے وہ اس کی شان ربوبیت کا مظہر ہیں- ہر نعمت اور ہر چیز اور ہر کیفیت کا عطا کرنے والا وہی ہے- خواہ بلاواسطہ عطا فرمائے یا بالواسطہ)

بے حد مہربان، نہایت رحم والا (جو تعلق خالق کو مخلوق سے ہے وہ رحمٰن میں، اور جو مخصوص محبت کرنے والوں سے ہے وہ رحیم میں مضمر ہے، رحمٰن دنیا میں اور رحیم آخرت میں ہر دو صیغے مبالغے پر دال ہیں- ہر دو جگہ اس کی رحمت کارفرما ہے- اس کی رحمت سے مایوس ہونا کفر ہے)

(وہی) روز جزا کا مالک ہے (تجلیات کے دن کا مالک ہے- لمن الملک الیوم للہ الواحد القھار اسی دن کے لیے ہے- وہاں اللہ ہی اللہ ہے)

(اے اللہ) ہم تیری ہی بندگی کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں (تو ہمارا رب ہے، ہم تیرے بندے ہیں، تیرے فرمانبردار ہیں، تیری مدد کے خواستگار ہیں- اللہ کی رحمانیت و رحیمیت دیکھو کہ بندے کو سکھا رہا ہے کہ تو جتلا کہ ہم تیری عبادت کرتے ہیں- اپنی قابلیت ایمان کو بتلا- اسی کو تقویت دے- دونوں نعبد اور نستعین کا کیا صلہ مانگ؟ یہ مانگ)----

سورۃ الناس کا ترجمہ اس طرح ہے:

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے-

آپ فرمادیجیے کہ میں پناہ لیتا ہوں تمام لوگوں کے پروردگار کی (سب کے پالنے والے کی، سب کی حاجت،

toobaafoundation.com

سب کی ضرورت پورا کرنے والے کی) وہ صرف رزق وروزی ہی نہیں دیتا بلکہ وہ تو سب کا مالک، سب کا آقا، سب کا بادشاہ ہے۔

(آپ فرمادیجیے کہ میں) تمام لوگوں کے بادشاہ کی (پناہ لیتا ہوں) وہ حاکم اور بادشاہ ہی نہیں، معبود حقیقی بھی وہی ہے۔

تمام لوگوں کے معبود کی (میں پناہ میں آیا۔ اس سے پناہ چاہتا ہوں) کس سے؟

اس (شیطان) کے شر سے جو بکاتا ہے (اور اللہ کا نام سنتے ہی) چھپ جاتا ہے۔

جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے۔

خواہ وہ جنات میں سے (ہو) یا (بھول میں پڑے ہوئے) انسانوں میں سے۔

سورۃ الناس پر ختم ہوا قرآن، لوگوں کی ہدایت کے لیے آیا۔ انبیاء علیہم السلام، لوگوں ہی کو راہ ہدایت دکھانے آئے۔ غفلت سے بچنے والے، قرآن ہی کا ورد کرتے ہیں، پھر سورۃ فاتحہ پڑھتے ہیں اور قرآن شروع کرتے ہیں۔ انسان کی تین قسمیں بیان ہوئی ہیں۔ مومن، کافر، منافق۔ اور یہ دوران کو پھر آخر تک لاتا ہے اور ایک سلسلہ قائم رہتا ہے جو مومن کے عروج کا ضامن ہے۔ اور اس کو اللہ تعالیٰ اپنے دامن رحمت سے وابستہ کردیتا ہے۔ رحمۃ للعالمین (صلی اللہ علیہ وسلم) کے خلق میں ڈھالتا ہے اور بندہ مومن، محمدی بنتا ہے۔ تمت بالخیر۔

toobaafoundation.com

تفسیر سورہ فاتحہ

تفسیر سورہ فاتحہ: از مولانا نذیر الحق میر ٹھی - شائع کردہ - فضلی سنز اردو بازار کراچی سنہ ۱۴۰۸ھ/۱۹۸۷ع

صفحات ۲۷۹ - سائز ۸½ × ۵½ .

جلد کے آخری صفحہ پر ناشر نے لکھا ہے کہ "مرحوم نے مضمون نگاری کی ابتدا رسالہ "مولوی" (دہلی) سے کی - تقسیم سے قبل ابتدائی تصانیف میں وعظ نذیر، وعظ بشیر، قرآن و حدیث کی دعائیں، تاریخ القرآن، خطبات حیات، سیرت غوث الاعظم، نماز کی سب سے بڑی کتاب اور کتاب الاسلام وغیرہ ہندوستان متحدہ میں مشہور و مقبول ہوئیں - تراجم میں مشکواۃ شریف - طبقات ابن سعد حصہ ششم، ایک جامع اور معلوماتی مقدمہ کے ساتھ شائع ہو چکے ہیں - تصنیف و تالیف کے ساتھ ساتھ خطابت اور وعظ و تبلیغ کا اہم فریضہ بھی انجام دیتے رہے - پہلے پنجاب اور بعد میں سندھ میں ایک عرصے تک محراب و منبر کی زینت بنے رہے -"

تفسیر سورۃ فاتحہ کے آخر میں (صفحہ ۲۷۹) مرحوم نے اس طرح ختم کیا ہے:-

بندہ ناچیز - نذیر الحق میر ٹھی - خطیب و امام مسجد میکینیکل کالونی "جام شورو (دادو)

مؤرخہ ۶ رمضان المبارک سنہ ۱۳۹۹ھ - مطابق یکم اگست سنہ ۱۹۷۹ع

ظاہر ہے کہ مولانا اس تاریخ کے بعد فوت ہوئے ہوں گے -

تفسیر میں مقدمہ جسے انھوں نے "نگاہ اولین" سے تعبیر کیا ہے، ۱۷ صفحات پر مشتمل ہے آخر میں (مسلمانوں کی کمزوریوں کا ذکر کرنے کے بعد) فرماتے ہیں کہ مذکورہ بالا خرابیوں، کمزوریوں اور گمراہیوں کی روک تھام کے لیے اسلام نے نماز کو سب سے بڑا فرض، سب سے بڑی عبادت قرار دیا تھا، دین کا ستون اور معراج المؤمنین بتلایا تھا، اجتماعیت و مرکزیت اور امامت کا عملی سبق دیا تھا، اخوت و مساوات کا نمونہ دکھایا تھا اور اس کی روح سورہ فاتحہ کو بنایا تھا، مگر ہم نے نماز کی اس حقیقت، اہمیت اور افادیت ہی کو گم کر دیا -"

toobaafoundation.com

تفسیر میں سات ابواب ہیں:- نزول فاتحہ- بندہ براہ راست اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہوتا ہے- عبادت کے لغوی اور شرعی معنیٰ صراط مستقیم - اللہ کا بندوں پر اور بندوں کا اللہ پر کیا حق ہے؟ سیدھے راستے کی تعریف- ہم نے اللہ کی راہ میں مرنا چھوڑ دیا- ان ابواب میں متعدد ذیلی بحثیں ہیں- مولانا نے علامہ اقبال، اور اکبر الہ آبادی کے اشعار اکثر مقامات پر نقل کیے ہیں- مولانا مودودی کی تفہیم القرآن- علامہ مشرقی کا تذکرہ- حافظ ابو محمد عبدالستار محدث دہلوی، مولانا امین احسن اصلاحی، مولانا ابوالکلام آزاد وغیرہ کے حوالے دیے ہیں-

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی تفسیر میں (صفحہ ۴۹) لکھتے ہیں:-

وہ شخص جو اللہ، اللہ کے رسول ﷺ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے، اس کے لیے اسلامی زندگی کا پہلا قدم یہ ہے کہ ہر کام کی ابتدا اللہ کے نام سے کرے، زندگی کے ہر معاملے، ہر مسئلے، ہر مرحلے میں احکام الٰہی کی پیروی کرے- قرآن و حدیث نے جس کام کے کرنے کا حکم دیا ہے، اس پر عمل کرے- وہ آسان ہو یا مشکل، اس میں فائدہ نظر آتا ہو یا نقصان، انفرادی ہو یا اجتماعی، اس کی حکمت سمجھ میں آتی ہو یا نہ آتی ہو، بہر حال حکم الٰہی پر عمل کرے اور جس کام سے روکا ہے، اس سے رک جائے- اور اس بات پر یقین و ایمان رکھے کہ اللہ کا حکم ماننے اور اس پر عمل کرنے سے خود میرا ہی فائدہ ہے اور اس کی نافرمانی سے خود میرا ہی نقصان ہے- اللہ میری عبادت و فرمانبرداری سے بے نیاز ہے اور میری بغاوت و معصیت سے بھی- اس کی اطاعت و فرمانبرداری میرا فرض ہے- یہی دینداری اور اسلامی زندگی ہے اور اسی کا نام اسلام ہے---

صفحہ ۲۱۹ میں مشکوٰۃ کی ایک حدیث (باب الاعتصام بالکتاب والسنہ) نقل کی ہے کہ:- رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ایک نماز پڑھائی- پھر اپنا چہرہ مبارک ہماری طرف پھیرا اور ایک ایسی دلنشین نصیحت فرمائی کہ ہماری آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے اور دل لرز گئے- ایک شخص نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! ہمیں اس نصیحت و ہدایت سے کچھ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ شاید آپ ہم سے رخصت ہونے والے ہیں اور یہ آخری وصیت فرما رہے ہیں (آپ نے اس کا تو کوئی جواب نہیں دیا اور) فرمایا کہ میں تمہیں چار باتوں کی

toobaafoundation.com

وصیت کرتا ہوں: ایک تو یہ کہ تقویٰ اختیار کرو، یعنی اللہ سے ڈرتے رہو، حتی الامکان احکام الٰہی کی تعمیل کرتے رہو اور ان کی خلاف ورزی سے بچتے رہو- دوسرے یہ کہ جو بھی کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کے مطابق حکم دے، اس کو سنو اور اس کی تعمیل کرو، اگرچہ وہ حکم دینے والا تمہارا امیر حبشی غلام ہی کیوں نہ ہو- تم میں سے میرے بعد جو زندہ رہے گا، وہ میری امت میں بہت بڑا اختلاف دیکھے گا- - - پس تم پر لازم ہے کہ تم میری اور میرے ہدایت پائے ہوئے خلفاء کی سنت کو دانتوں سے پکڑلو، مضبوطی کے ساتھ اس پر جمے رہو- اور دین میں نئی نئی باتیں ایجاد کرنے سے بچتے رہو، اس لئے کہ ہر نئی بات بدعت اور ہر بدعت گمراہی ہے"-

بہرحال یہ تفسیر گو کہ صرف سورۃ الفاتحہ تک محدود ہے، تاہم بہت مفید ہے اور مصنف کی اعلیٰ خطیبانہ صلاحیتوں کی شاہد ہے-

toobaafoundation.com

درس قرآن

درس قرآن: از مولانا محمد احمد صاحب- شائع کردہ ادارۂ اشاعت القرآن- اے ۷۴۲- بلاک ایچ- شمالی ناظم آباد- کراچی جلد اول کی پہلی اشاعت- ذی الحجہ سنہ ۱۳۹۷ھ (دسمبر سنہ ۱۹۷۷ع) میں ہوئی- اس کی پانچویں اشاعت (سنہ ۱۴۰۸ھ سنہ ۱۹۸۸ع کی) نظر افروز ہے- سائیز ۱۰ × ۶½ اس کے شروع میں (صفحہ ۱۳) محمد احمد صاحب لکھتے ہیں:

سنہ ۱۹۶۲ع میں درس قرآن کے نام سے چند رسائل میری نظر سے گزرے جو ادارۂ تبلیغ و اصلاح، لاہور نے شائع کیے تھے- ان رسائل کو دیکھ کر پھر اپنا پرانا شوق (درسِ قرآن کا) بیدار ہوا اور میں نے اس درس قرآن مذکورہ کی پہلی جلد لاہور سے حاصل کی، جس کے پیش لفظ میں اس درسِ قرآن کی اشاعت کا مقصد اس طرح تحریر تھا:- درس قرآن کی اشاعت سے ہمارا ایک مقصد تو یہ ہے کہ کلام اللہ کو سمجھنے کی اجتماعی کوشش کی جائے- مزید براں ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہر گھر قرآنی اسکول بن جائے- اس کی عملی صورت یہ ہے کہ ہر روز کوئی خواندہ فرد، باقی افراد خانہ کو مطبوعہ درس کا ایک صفحہ ان کی مادری زبان میں صرف پانچ منٹ کے اندر پڑھ کر باقاعدگی سے سنادیا کرے- ہر کارخانے، فیکٹری، دفتر، مدرسہ، کالج، مسجد اور ادارہ میں کارکنوں اور طلبہ کو مطبوعہ درس مستقل طور پر سنانے کا اہتمام کیا جائے- ہر فردِ ملت، قرآن مجید کا متعلم- معلم اور مبلغ بن جائے کہ قرآن کریم کا درس ان کے ہاتھ میں ہو- - - - - (پھر محمد احمد صاحب لکھتے ہیں کہ) میں تو اسی حصولِ مقصد کا متمنی تھا- چنانچہ اپنے محلے کی جامع مسجد میں- - - - روزانہ ایک درس اس مذکورہ درس قرآن سے سنانے کا سلسلہ ۱۲ شعبان سنہ ۱۳۸۲ھ سے شروع کردیا (لیکن درس کو زیادہ مفید بنانے کے لیے خود بھی ایک درس روزانہ تیار کرنے لگے اور مختلف مستند کتابوں سے استفادہ کرنے لگے- اور یہ موجودہ درس قرآن اسی طرح تیار ہوگیا)

جلد اول- تفسیر سورۃ الفاتحہ و سورۃ البقرہ- ۸۲۲ صفحات

toobaafoundation.com

جلد دوم- تفسیر سورۃ آل عمران و سورۃ النساء- ۹۰۱ صفحات

جلد سوم- تفسیر سورۃ المائدہ و سورۃ الانعام ۶۱۷ صفحات

جلد چہارم- تفسیر سورۃ اعراف، سورۃ الانفال، سورۃ التوبہ ۸۷۸ صفحات

جلد پنجم- تفسیر سورۃ یونس، سورۃ ہود سورۃ یوسف- ۷۰۶ صفحات

جلد ششم- تفسیر سورۃ الحجر، سورۃ النحل، سورۃ بنی اسرائیل، سورۃ الکہف، سورۃ مریم، سورۃ طٰہٰ- ۸۱۴ صفحات

جلد ہفتم- تفسیر سورۃ الانبیاء، سورۃ الحج، سورۃ المومنون، سورۃ النور، سورۃ الفرقان، سورۃ الشعراء، سورۃ النمل- ۸۶۸ صفحات

جلد ہشتم- تفسیر سورۃ القصص، سورۃ العنکبوت، سورۃ الروم، سورۃ لقمان، سورۃ السجدہ، سورۃ الاحزاب، سورۃ سبا، سورۃ فاطر، سورۃ یس- ۸۸۷ صفحات

جلد نہم- سورۃ والصّٰفّٰت، سورۃ ص، سورۃ الزمر، سورۃ المومن، سورۃ حم السجدہ، سورۃ الشوریٰ، سورۃ الزخرف، سورۃ الدخان، سورۃ الجاثیہ، سورۃ الاحقاف، سورۃ محمد، سورۃ الفتح، سورۃ الحجرات- ۹۸۹ صفحات

جلد دہم- سورۃ ق (پارہ ۲۶) تا سورۃ التحریم (پارہ ۲۸) ۷۲۸ صفحات

جلد یازدہم- سورۃ تبارک الذی تا سورۃ المرسلت (پارہ ۲۹) سورۃ النبا تا سورۃ الناس (پارہ ۳۰) ۹۴۹ صفحات

ان تمام جلدوں کے سنہ ۱۹۷۷ء سے سنہ ۱۹۸۹ء تک کئی کئی ایڈیشن شائع ہوئے- اور محیر حضرات نے ان اشاعتوں میں تعاون فرمایا- پہلی جلد کے شروع میں بعض مشہور علماء کے تعریفی کلمات کا ذکر ہے- پھر فضائل قرآن مجید میں چالیس احادیث درج ہیں- پھر بعض سورتوں کے فضائل میں بھی چالیس احادیث ہیں- آداب تلاوت بھی بیان کیے ہیں، قرآن شریف کی ۶۰ بابرکت دعائیں بھی ایک باب میں ہیں- منزلیں اور مقامات سجدہ بھی لکھ دیے ہیں- جلد اول کے درسوں کی فہرست (اسی طرح ہر جلد میں یہ فہرست ہے) اور مضامین تفسیریہ (ہر جلد میں) بھی درج ہیں، الاستعاذہ کی تفصیل و تفسیر ۶ بڑے صفحات میں ہے- تسمیہ کے لیے ۵ صفحات ہیں- الاستعاذہ اور تسمیہ کا ایک ایک درس ہے- پھر سورۃ الفاتحہ کا متن اور اس کا ترجمہ ہے- ترجمہ مولانا اشرف علی تھانوی رح کے ترجمے سے ماخوذ ہے- اور سورۃ الفاتحہ کا بھی ایک

toobaafoundation.com

مستقل درس ہے جو چار حصوں میں منقسم ہے۔

اس سورۃ الفاتحہ کے ترجمے کے بعد تشریح ہے کہ اس میں ایک رکوع - سات آیات، پچیس کلمات اور ایک سو چھبیس حروف ہیں۔ پھر اس سورۃ کے مختلف نام (۲۵) بتائے ہیں۔ تشریح اور تفسیر چار صفحات میں ہے۔

(ہر درس کے بعد لازمی طور پر دعاء ہے جو بہت بڑی سعادت ہے)

سورۃ الفاتحہ کے متعلق خلاصہ کے طور پر آپ لکھتے ہیں کہ:

سورۃ الفاتحہ ہر پہلو سے بندہ کی ایک عرضی اور درخواست ہے جو وہ اللہ کی بارگاہ میں پیش کرتا ہے۔ اب پرشوکت، باعظمت شاہی القاب سے عرضی کو شروع کرتا ہے اور اپنی نیازمندی اور در کریم سے وابستگی اور اپنی وفا شعاری کا اظہار کرتا ہے۔ پھر مقصد درخواست کا پیش کرتا ہے اور پھر احکم الحاکمین کی بارگاہ میں معروضہ پیش کیا جارہا ہے، اس کے سچے وفادار حامیوں سے اپنے تعاون و دوستی کا اظہار کرتا ہے اور احکم الحاکمین کے مخالفین اور باغیوں کے ساتھ اپنی مکمل بیزاری اور ان سے علیحدگی اور دوری کا اعلان کر کے عرضی کو ختم کرتا ہے۔

اس کے بعد جناب محمد احمد نے سورۃ الفاتحہ کی ہر آیت کی تشریح اور تفسیر نہایت آسان الفاظ میں کی ہے۔ اور الاستعاذہ سے لے کر سورۃ الفاتحہ کے اختتام تک ۶ درس ہیں۔ گویا ہر روز قریب ۱۵ منٹ میں ایک ایک درس آسانی سے دیا جاسکتا ہے۔

اسی طرح انھوں نے پورے قرآن پاک کے ۱۶۸۳ درس بنائے ہیں جو آسانی سے پڑھے اور سمجھے جاسکتے ہیں۔

بالکل آخر میں محمد احمد صاحب نے ایسی دعاء کی ہے جو محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے امید ہے کہ ضرور قبول ہوگی۔ وہ دعاء بہت طویل ہے اس کے چند جملے نقل کرنا بے محل نہ ہوگا۔

یامولائے کریم! میں کس زبان سے اور کس دل سے آپ کا شکر ادا کروں۔ بس دل کی گہرائیوں سے نکلے ہوئے یہ چند آنسو ہیں جو آپ کی بارگاہ میں شکرانہ میں پیش کرتا ہوں۔ میرے ان آنسوؤں کو قبول فرمالیجیے اور میرے اس دنیا سے کوچ کرجانے کے بعد بھی اس درس کی اشاعت کا سلسلہ اپنی رحمت سے قائم

toobaafoundation.com

کیجیے۔

اے میرے پروردگار، میں اپنی کوتاہیوں، تقصیرات اور عیوب پر نادم و شرمندہ ہوں۔ آپ کے کلام پاک کی تفسیر و تشریح کا خاطر خواہ حق ادا کرنے سے عاجز رہا۔ قرآن کریم کے ظاہری و باطنی آداب و حقوق میں مجھ سے جو کوتاہیاں اور تقصیرات سرزد ہوئی ہوں ان کو اپنے کرم سے معاف فرما دیجیے۔

ان کے علاوہ بھی بہت سی عاجزانہ دعائیں ہیں اور آخر میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی دعاء بھی ہے کہ:

اللّٰھم ارزقنی شھادۃ فی سبیلک واجعل موتی ببلد رسولک (صلی اللہ علیہ وسلم)

اس کے بعد بھی دعائیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ قبول فرما کر ان کے درجات دونوں جہانوں میں خوب خوب بلند فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

toobaafoundation.com

القرآن الکریم

القرآن الکریم: ترجمہ از شیخ الہند مولانا محمود حسن رح (م سن ۱۳۳۹ھ) مع تفسیر از شیخ الاسلام مولانا شبیر احمد عثمانی (م سن ۱۳۶۹ھ) صفحات ۸۱۰ - سائز ساڑھے ۱۱ × ۸ - متن اور ترجمے کی گیارہ گیارہ سطریں - متن میں عموماً دس الفاظ فی سطر حاشیوں میں تفسیر - یہ ترجمہ اور تفسیر بارہا ہندوستان اور پاکستان کی تاج کمپنی سے شائع ہو چکی ہے - سعودی حکومت نے شاہ فہد کے حکم سے خوبصورت سبز کاغذ پر سن ۱۴۰۹ھ سن ۱۹۸۹ع میں مدینہ منورہ سے اسے پھر شائع کیا اور حجاج کو مفت تقسیم کرنے کا اہتمام کیا ہے -

شیخ الہند نے مقدمہ میں لکھا ہے کہ ہر چند ترجمہ تحت لفظی میں بعض خاص فائدے ہیں - مگر ترجمے سے جو اصلی فائدہ اور بڑی غرض یہ ہے کہ ہندوستانیوں کو قرآن شریف کا سمجھنا آسان ہو جائے - یہ غرض جس قدر بامحاورہ ترجمے سے حاصل ہو سکتی ہے، تحت لفظی ترجمے سے کسی طرح ممکن نہیں - چنانچہ شاہ عبدالقادر رحمہ اللہ (م سن ۱۲۳۰ھ) جو بامحاورہ ترجمے کے بانی اور امام ہیں انہوں نے بامحاورہ ترجمہ کو اختیار فرمانے کی یہی وجہ بیان کی ہے اور یہی وجہ ہے جو اسلاف ممدوحین کے بعد اس زمانے میں جس نے اس میدان میں قدم رکھا اس نے جناب شاہ صاحب ممدوح کا اتباع کیا اور بامحاورہ ترجمہ کرنے کو اختیار کیا، جس پر کسی کا شعر یاد آتا ہے:

ہر مرغ کہ پرزد بہ تمنائے اسیری - اول بشگوں کرد طواف قفس ما

اور یہ امر بھی خوب معلوم ہو گیا کہ جیسے شاہ رفیع الدین رحمہ اللہ (م سن ۱۲۳۳ھ) کا یہ کمال ہے کہ تحت لفظی ترجمے کا التزام کر کے ایک ضروری حد تک سہولت اور مطلب خیزی کو بھی ہاتھ سے نہیں جانے دیا، ایسے ہی حضرت مولانا عبدالقادر رحمہ اللہ علیہ کا یہ کمال ہے کہ بامحاورہ ترجمے کا پورا پابند ہو کر پھر نظم و ترتیب کلمات قرآنی اور معانی لغویہ کو اس حد تک نباہا ہے کہ زیادہ کہتے ہوئے تو ڈرتا ہوں مگر اتنا ضرور کہتا ہوں کی ہم جیسوں کا ہرگز کام نہیں (۱)

---

(۱) اس مقدمے کے شروع میں شیخ الہند رح نے یہ بھی لکھا ہے کہ مولوی عاشق الٰہی میرٹھی (۱۳۱۹ھ میں) اور مولانا اشرف علی تھانوی (سن ۱۳۲۰ میں) مجھ سے پہلے قرآن پاک کا ترجمہ کر چکے ہیں -

toobaafoundation.com

اسی ترجمے میں حضرت شیخ الہند رح نے خود ہی اپنے ترجمے کی تاریخ اس طرح لکھی ہے:

یادگار شہ عبدالقادر - ترجمہ موضح القرآن مجید
وہ کہ آں معدن صد خوبی را- کرد ترمیم اقل العبید
بے شش وپنج بگفتہ محمود - سال او موضح فرقان حمید

۱۳۳۶ھ

یعنی اس ترجمے کا تاریخی نام "موضح فرقان حمید" (۱۱ کے تخرجے کے ساتھ) ہے-

اس ترجمے کے ساتھ مولانا شبیر احمد عثمانی رح کی جو تفسیر (حاشیوں میں) ہے اس کی تکمیل کی تاریخ خود انہوں نے ۹ ذی الحج سن ۱۳۵۰ھ لکھی ہے(۱)

انہوں نے بالکل آخر میں شیخ الہند رح کی ایک ضروری یادداشت (ترجمے سے متعلق) شامل کردی ہے جو ترجمہ یا تفسیر لکھنے والے کے لیے بہت مفید ہے اور ڈپٹی نذیر احمد کے ترجمے کی بعض غلطیوں کی نشان دہی بھی کی ہے کہ بے احتیاطی کی وجہ سے ایسی غلطیاں ہوجاتی ہیں-

شیخ الہند نے سورۃ الفاتحہ کا ترجمہ اس طرح کیا ہے:

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان، نہایت رحم والا ہے

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو پالنے والا سارے جہان کا- بے حد مہربان، نہایت رحم والا- مالک روز جزا کا- تیری ہی ہم بندگی کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں- بتلا ہم کو راہ سیدھی- راہ ان لوگوں کی جن پر

---

(۱) مولانا شبیر احمد عثمانی بجنور میں ۱۰ محرم سن ۱۳۰۵ھ کو پیدا ہوئے- پوری تعلیم دیوبند میں حاصل کی- سن ۱۳۲۵ھ میں شیخ الہند رح سے دورہ حدیث کی تکمیل کا شرف حاصل کیا- کچھ عرصے تک مدرسہ فتحپوری میں رہے- پھر سن ۱۳۲۸ھ سے سن ۱۳۴۶ھ تک دیوبند میں اعلیٰ مدرس رہے- اس کے بعد جامعہ اسلامیہ ڈابھیل (سورت) میں (علامہ انور شاہ کشمیری رح کے انتقال کے بعد) سن ۱۳۵۱ھ میں صدر مدرس اور شیخ الحدیث ہوئے- تین سال کے بعد پھر دیوبند آکر صدر مہتمم ہوئے- پھر تحریک پاکستان کے لیے قائدانہ خدمات انجام دیں- ۱۹۴۷ء میں جشن آزادی میں شرکت کے لیے کراچی گئے- وہیں ۲۲ صفر سن ۱۳۶۹ھ (۱۳ دسمبر ۱۹۴۹ء) کو انتقال ہوا-

toobaafoundation.com

تو نے فضل فرمایا- جن پر نہ تیرا غصہ ہوا اور نہ وہ گمراہ ہوئے-

سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۱۵ کے سلسلے میں (شیخ الہند کی مذکورہ بالا یادداشت کے مطابق بھی) یہ حاشیہ ہے:
جاننا چاہیے کہ آیت میں فی طغیانہم، فعل یمدھم کے متعلق ہے- مگر تراجم دہلویہ جدیدہ میں اس کو یعمھون کے متعلق کردیا (جس سے معنیٰ بگڑ کر معتزلہ کے موافق اور اہل سنت کے خلاف اور استعمال اہل عرب کے مخالف ہوگئے جو غلط ہے)

آخری سورۃ (الناس) کا ترجمہ اس طرح ہے:- شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان، نہایت رحم والا ہے-

تو کہہ میں پناہ میں آیا لوگوں کے رب کی- لوگوں کے بادشاہ کی- لوگوں کے معبود کی- بدی سے اس کی جو پھسلائے اور چھپ جائے- وہ جو خیال ڈالتا ہے لوگوں کے دل میں، جنوں میں اور آدمیوں میں-

یہاں مولانا شبیر احمد عثمانی رح تفسیری حاشیے میں لکھتے ہیں: "اگرچہ اللہ تعالیٰ کی شان ربوبیت اور بادشاہت وغیرہ تمام مخلوقات کو شامل ہیں لیکن ان صفات کا جیسا کامل ظہور انسانوں میں ہوا کسی دوسری مخلوق میں نہیں ہوا- اس لیے رب اور ملک وغیرہ کی اضافت ان ہی کی طرف کی گئی، نیز وسواس میں مبتلا ہونا بجز انسان کے دوسری مخلوق کی شان بھی نہیں- شیطان نظروں سے غائب رہ کر آدمی کو بہلاتا پھسلاتا ہے- جب تک آدمی غفلت میں رہا اس کا تسلط بڑھتا رہا- جہاں بیدار ہو کر اللہ کو یاد کیا، یہ فوراً پیچھے کو کھسکا-

پھر مولانا شبیر احمد عثمانی نے معوذتین سے متعلق اس قدر تفصیل سے بحث کی ہے کہ یہاں اس مقالے کی بساط سے باہر ہے- البتہ یہاں سورۃ النجم کی ابتدائی اٹھارہ آیات کا ترجمہ شیخ الہند رح اس لیے پیش کیا جارہا ہے کہ کسی عالم نے یہاں مختلف ترجمہ کیا ہے- ترجمہ یہ ہے: قسم ہے تارے کی جب گرے- بہکا نہیں تمہارا رفیق- اور نہ بے راہ چلا- اور نہیں بولتا اپنے نفس کی خواہش سے یہ تو حکم ہے بھیجا ہوا- اس کو سکھلایا ہے سخت قوتوں والے نے- زور آور نے- پھر سیدھا بیٹھا اور وہ تھا اونچے کنارے پر آسمان کے- پھر نزدیک ہوا اور لٹک آیا- پھر رہ گیا فرق دو کمانوں کے برابر یا اس سے بھی نزدیک، پھر حکم بھیجا اللہ نے اپنے بندہ پر جو بھیجا- جھوٹ نہیں کہا رسول کے دل نے جو دیکھا- اب کیا تم جھگڑتے ہو اس پر جو اس نے

toobaafoundation.com

دیکھا اور اس کو اس نے دیکھا ہے اترتے ہوئے ایک بار اور بھی سدرۃ المنتہیٰ کے پاس- اس کے پاس ہے بہشت آرام سے رہنے کی- جب چھا رہا تھا اس بیری پر جو کچھ چھا رہا تھا- بہکی نہیں نگاہ اور نہ حد سے بڑھی- بے شک دیکھے اس نے اپنے رب کے بڑے نمونے-

سورۃ التکویر (آیات ۱۹- ۲۴) میں بھی ہے:

مقرر یہ کہا ہے ایک بھیجے ہوئے عزت والے کا- قوت والا عرش کے پاس درجہ پانے والا سب کا مانا ہوا وہاں کا معتبر ہے- اور یہ تمہارا رفیق کچھ دیوانہ نہیں اور اس نے دیکھا ہے اس فرشتے کو آسمان کے کھلے کنارے کے پاس- اور یہ غیب کی بات بتانے میں بخیل نہیں (۱)

---

(۱) مولانا احمد رضا خان رح نے مذکورہ بالا آیات کا ترجمہ مختلف کیا ہے، گو کہ سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۱۵ کا ترجمہ (جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہے) "تراجم دہلویہ جدیدہ" کے مطابق ہے-

toobaafoundation.com

تفسیر تعارف القرآن

تفسیر تعارف القرآن (عالمی فلسفہ ومذہب کے تناظر میں) از جناب حمید نسیم- شائع کردہ فضلی سنز اردو بازار- کراچی سائز ۴/۳-۹ متن ۸-۶ پہلی جلد سورۃ الفاتحہ تا سورۃ النساء صفحات ۵۶۷ (سال طبع درج نہیں) دوسری جلد سورہ مائدہ تا سورہ یونس صفحات ۵۴۵- سال طبع ۱۹۸۸ء تیسری جلد سورہ ہود سے سورۃ الانبیاء تک صفحات ۵۴۷ (سال طبع ۱۹۸۹ء) چوتھی جلد سورہ حج سے سورہ زمر تک صفحات ۷۸۹ (سال طبع ۱۹۹۱)

المنہ للہ کے ذیل میں جناب حمید نسیم لکھتے ہیں:

"سنہ ۱۹۳۶ء میں ترقی پسند مصنفین کی انجمن قائم ہوئی امرتسر کے مسلم اینگلو اورینٹل کالج میں کئی نوجوان اساتذہ مارکسزم کے دلدادہ تھے- صاحبزادہ محمود الظفر (بھوپال کے ایک نواب) اور ان کی بیگم ڈاکٹر رشید جہاں (علی گڑھ گرلز کالج کے بانی شیخ عبداللہ کی صاحبزادی) کمیونسٹ پارٹی ہند کے رکن تھے- پروفیسر محب الحسن بھی کارڈ ہولڈر اشتراکی تھے- ڈاکٹر (محمد دین) تاثیر جن کی شاگردی کا مجھے فخر حاصل ہے، کالج کی پرنسپل ہو کر آ گئے- فیض احمد فیض بھی انگریزی کے معلم کی حیثیت سے کچھ دن پہلے آ چکے تھے- صاحبزادہ صاحب اور ڈاکٹر رشید جہاں نے اساتذہ میں سے فیض صاحب کو اور طالب علموں میں سے مجھے تربیت کے لئے منتخب فرمالیا اور نہایت مؤثر انداز میں مظلوم انسانیت کی نجات (۱) کے لئے مارکسزم

(۱) محترمہ نے "مظلوم انسانیت" کی انسانی کمزوریوں کو اجاگر کرنے کے لئے "حقائق نگاری" کے خیال سے اپنے اور اپنے ہم خیال لوگوں کے مضامین "انگارے" کے نام سے شائع کئے تھے اور محترمہ کی بعض عزیز لڑکیوں نے "مظلوم انسانیت" کا دل بہلانے کے لئے فلم ایکٹرس بننے کی خدمت انجام دی تھے- علی گڑھ شہر سے اس مجموعۂ مضامین کے خلاف خشماف رسالہ شائع ہوا تھا اور مسلم یونیورسٹی کے استاد فلسفہ جناب ڈاکٹر ظفر الحسن نے (Realim) کے نام کی کتاب لکھی تھی، جو کیمبرج یونیورسٹی پریس سے شائع ہوئی تھی، بلکہ وہاں کے اصنافی مطالعے کے نصاب میں داخل کرلی گئی تھی-

toobaafoundation.com

کی ضرورت ذہن نشین کرانا شروع کی۔ لیکن کچھ دنوں بعد انہیں پارٹی نے لکھنؤ بلالیا۔ ان کی کمی ڈاکٹر تاثیر نے پوری کی۔ وہ ان دنوں ترقی پسند تحریک کے روح ورواں تھے۔ پاکستانی ادب کی تحریک انہوں نے قیام پاکستان کے بعد شروع کی تھی، لیکن کمیونزم ایک باطل نقش نکلا، جلد دماغ سے دھل گیا۔

پھر اللہ تبارک وتعالیٰ نے برصغیر کی امت مسلمہ کو ایک آزاد اور خود مختار مملکت کی نعمت عطا فرمائی۔ لیکن ساتھ ہی تاریخ انسانی کی سب سے بڑی اور سب سے دردناک ہجرت بھی شروع ہوگئی۔ لاکھوں مسلمان لٹ پٹ کر اپنے عزیزوں کو اپنی آنکھوں کے سامنے خاک وخون میں تڑپتا ہوا چھوڑ کر دارالاسلام پاکستان میں داخل ہونے لگے۔ ایک نیا غریب اور بے سروسامان ملک اور لاکھوں بچے، بوڑھے اور عورتیں، بھوکے ننگے کلمہ گو۔ کوئی قوم اس سے پہلے اتنی بڑی آزمائش سے نہیں گذری تھی۔ ریڈیو پاکستان نے جو ابھی خود ایک بے سروسامان ادارہ تھا، ایثار و قربانی، مروت وہمدردی اور دکھ درد میں شراکت کی اسلامی قدروں کو ہمہ وقت قوم کے دل ودماغ میں کارفرما رکھنے کے لئے ایک خصوصی پروگرام "پاکستان ہمارا ہے" شروع کیا۔ دین کامل کے اقتدار مطلقہ کے بارے میں جو کچھ پڑھا اور سیکھا تھا، اسے لکھنے اور سنانے کا موقعہ ملا۔۔۔۔۔ ۔" پھر جناب حمید نسیم نے مختلف ممالک کی سیر کا ذکر کیا ہے۔ ایک جگہ لکھتے ہیں کہ: "تاشقند سے لینن گراڈ اور ریگا تک ایک زائر کی حیثیت سے سفر کیا۔ پرولتاری آمریت نے جو معاشی اور معاشرتی انقلاب برپا کیا ہے، اسے کشادہ دلی سے دیکھنے اور پرکھنے کی کوشش کی۔ تمام مخلوق کو شہد کی مکھیوں کی طرح کام کرتے دیکھا، پچاس برس کی شبانہ روز کی محنت کے بعد حاصل یہ ہے کہ عوام کے پیٹ بھرنے کا بھی پوری طرح انتظام نہیں ہوسکا۔ دلوں کی ویرانی اس کے سوا ہے۔۔۔۔

جناب حمید نسیم نے اپنے وسیع مطالعے اور تجربے کے پیش نظر اس تفسیر کے لئے اپنے اس قول کو ملحوظ رکھا ہے:

"اسلام، کامل ذمہ داری اور کلی وابستگی کا دین ہے۔ قرآن کا مقصود دعوت، انسان کو

toobaafoundation.com

قومی سطح پر خلافت فی الارض کے منصب کا اہل بنانا ہے۔ انفرادی اور اجتماعی رویوں کو خیر کے سانچوں میں ڈھالنا ہے۔ ذاتی نجات (Personal Salvation) کی کوشش، اجتماعی صلاح و فلاح جد سے کٹ جائے تو قرآن حکیم کی رو سے زندیقی ہے۔"

جی چاہتا ہے کہ اس فاضل گرامی کی تفسیر سورۃ الفاتحہ کو من و عن یہاں پیش کردیا جائے تاکہ ان کا مطمح نظر پوری طرح واضح ہوجائے:-

الفاتحہ

مکی رکوع ۱ آیت ۷

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم○

آغاز کلام: اللہ کے نام سے جو بیکراں اور ابدی رحمت والا ہے۔

سورہ فاتحہ قرآن مجید کی پہلی سورت ہے۔ فاتحہ کے معنی کھولنے والی، آغاز یا ابتدا۔ چونکہ اللہ کی کتاب برحق قرآن حکیم کا آغاز اس سورت سے ہوتا ہے، اس مناسبت سے اس کا نام فاتحہ رکھا گیا۔ یہ سورت سات آیتوں پر مشتمل ہے اور اسے نماز کی ہر سورت میں پڑھنا واجب ہے۔ اس کی تعریف میں کہا گیا ہے کہ یہ سبع مثانی ہے: ولقد آتیناک سبعا من المثانی. اس سورت کو اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ نے اتنی فضیلت دی کہ اسے ام القران اور ام الکتاب کا لقب دیا۔ حضرت عبداللہ بن عباس جو حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے مطابق پہلے ترجمان القرآن ہیں۔ سورۂ فاتحہ کو اساس القرآن کہتے تھے۔ اس کے دوسرے نام الصلواۃ - الرقیہ اور الکنز ہیں۔ بعض بزرگان سلف نے اسے واقیہ اور کافیہ بھی کہا ہے۔ کافیہ اس لئے کہ یہ باقی سب سورتوں کو کافی ہے، لیکن دوسری کوئی سورت اسے کافی نہیں۔

یہ سورت فاتحۃ الکتاب ہے، کتاب ہدایت کا پیش لفظ یا تعارف بھی ہے اور خلاصہ بھی۔ یہ قرآن حکیم کی تمام تعلیمات، اس کی حکمت اور اس کے سارے رموز و معارف کو جامع ہے۔ امام بخاری، ابوداؤد،

toobaafoundation.com

نسائی اور ابن ماجہ کی روایت کے مطابق رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابو سعید انصاری اور مؤطا مالک رح اور مسند احمد کی روایت کے مطابق حضرت ابی بن کعب سے ارشاد کیا۔ کیا تم چاہتے ہو کہ میں تم کو ایک ایسی سورت کے متعلق بتادوں کہ اس جیسی کوئی سورت تورات، زبور اور انجیل میں نہیں؟ مخاطب کے اشتیاق ظاہر کرنے پر آپ ﷺ نے فرمایا" یہ سورۂ فاتحہ ہے جو تم ہر نماز میں پڑھتے ہو، خدا کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، کسی صحیفۂ الٰہی میں اس جیسی کوئی سورت نہیں۔" نسائی کی روایت میں ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ: "یہ سورت اللہ اور بندے کے درمیان تقسیم کردی گئی ہے"

ارشاد ختمی مرتبت ﷺ نے کمال بلاغت سے سورۂ فاتحہ کی دو خاص صفات کی توضیح کی ہے۔

یہودیت، نصرانیت اور اسلام دنیا کے پانچ بڑے مذاہب میں شامل ہیں۔ یہودیت اور نصرانیت دین حنیف کے ارتقائی مدارج اور سنگ میل ہیں۔ اسلام اس دین کی تکمیل اور منزل آخر ہے۔ تورات حضرت موسیٰ کلیم اللہ پر، زبور حضرت داؤد پر، انجیل کلمۃ الحق جناب مسیح ابن مریم پر نازل ہوئی۔ اللہ کے دین کامل اور نعمت تامہ کی حامل کتاب قرآن حکیم ختم الرسل محمد مصطفیٰ ﷺ کو عطا کی گئی۔ تورات، زبور اور عہد نامۂ عتیق کی کتب انبیاء اور انجیل میں ان گنت دعائیں، مناجاتیں اور حمد و تمجید کے کلام ہیں۔ دوسری کتابیں جنہیں انسانوں کا ایک خاصا بڑا طبقہ مقدس جانتا ہے اور جن کی تعلیمات کو تطہیر ذات اور حقیقت مطلق سے تقرب کا وسیلہ مانتا ہے۔ اویستا، وید، اپنشد اور بگھوت گیتا ہیں۔ مہاتما بدھ کے اپدیش بھی ہیں۔ جو ان کے چیلوں نے جمع کر لئے تھے، لیکن مہاتما بدھ اور مہاویر جین کے مت خالص اخلاقی ہیں۔ ان کی تعلیمات کا تعلق اس ارضی زندگی سے ہے اور بس۔ اویستا دستیاب نہ ہوسکی، لیکن زرتشی مابعد الطبیعات کا مربوط علم محققوں نے فراہم کردیا ہے۔ ویدوں میں رگ وید عظیم تر اور اہم تر کتاب ہے اور دیوتاؤں کی مناجاتوں اور حمد و ثناء پر مشتمل ہے۔ ہندو فکر اپنی معراج کمال تک اپنشدوں میں پہنچی۔ رگ وید، بھگوت گیتا اور اپنشد میں جو ہندومت کی سب سے اہم اور متبرک کتب ہیں، کئی اعلیٰ وارفع مناجاتیں

toobaafoundation.com

ہیں۔ جن کے مطالعہ سے قدیم ہندو رشیوں کے فراواں جذبۂ عبودیت و بندگی اور ان کے تخیل کی آفاق گیری کا پوری طرح اندازہ ہو جاتا ہے۔

پرانے عہد نامے کی پہلی پانچ کتابوں میں جنہیں یہودی اور نصرانی اصلاح میں PENTA TEUCH (خمسہ) کہا جاتا ہے اور جو جناب موسیٰ علیہ السلام سے منسوب ہیں، متعدد گراں قدر حمدیں اور مناجاتیں ہیں۔ ان کتابوں میں کئی جگہ اللہ کے مقرب بندے دعائیہ نغمے الاپتے اور حمدیں تلاوت کرتے نظر آتے ہیں، جو ان کتابوں کے مولفوں کے مطابق انہیں اللہ تبارک و تعالیٰ نے سکھائی تھیں۔ پرانے عہد نامے کی زبور پانچ کتابوں ـــــ پر مشتمل ہے اور حمدوں اور مناجاتوں کا مجموعہ ہے۔ انگریزی نام PSALMS ہے۔ اس میں حضرت داؤد علیہ السلام، حضرت سلیمان علیہ السلام، ان کے پیش رو انبیاء قضاۃ اور سلاطین کی حمدوں کے علاوہ بعد کو آنے والے برگزیدہ بندوں اور کاہنوں، قبائلی قائدوں کے نغمے حمد و ستائش کے کلام اور بابل کی قدیم دیومالائی مناجاتوں سے متاثر دعائیں حمدیں اور بندگی کے والہانہ اظہار شامل ہیں، پرانے عہد نامے کی بعض دوسری کتابوں میں بھی چند الہامی مناجاتیں ملتیں ہیں، رگ وید میں دو ایک مناجاتیں بڑے ارفع اور عظیم اسلوب رکھتی ہیں۔ بیشتر مناجاتیں دیوی دیوتاؤں کی بارگاہوں میں نذرانۂ شوق ہیں۔ دو ایک میں بتلائے تشکیک شعراء نے دیوی دیوتاؤں کی ہجو بھی کی ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۵۰۰ برس قبل مسیح بعض آریہ مفکر رائج دیومالا سے بیزار ہو چکے تھے۔ اپنشد میں انسانی فکر اس بلندی پر ہے، جس کے آگے انسانی ذہن آج تک نہیں گیا۔ ان میں برہمن (جو خدائے مطلق کا مقام احدیت ہے۔ تنزیہی مقام ذات) کی شان میں آفاقی عظمت کے حامل خراج عقیدت جا بجا انمول نگینوں کی طرح دمکتے دکھائی دیتے ہیں، بھگوت گیتا میں مہاراج کرشن نے جو ایشور کے اوتار ہیں گویا انسانی روپ یعنی مجاز میں برہمن کا نزول ہیں۔ اپنی شان میں کئی قطعے ارشاد فرمائے ہیں۔ ان سب مقدس کتابوں میں ایسی مناجاتیں اور حمدیں ہیں جو ادب عالیہ کے زندہ جاوداں اور لازوال شاہکار ہیں، اپنی اپنی جگہ پر ان میں سے

toobaafoundation.com

اکثر و بیشتر قاری کے دل میں عبودیت کا جذبہ پیدا کرنے میں پوری طرح اثر آفرین ہیں۔ لیکن سچے، بےلاگ معروضی تقابلی جائزے سے یہ بات دل پر ایک لاریب صداقت کی طرح نقش ہوجاتی ہے کہ سبع مثانی، دنیا کی عظیم ترین حمد، مناجات، اقرار عبدیت اور دعا ہے۔ یہ اللہ تبارک وتعالیٰ اور بندے کے ربط خاص کا مکمل ترین بیان ہے۔ ہر طرح سے کامل بلکہ اکمل کلام ہے، حرف کا مطلق معجزہ ہے۔ زبور کا کوئی نغمہ والہانہ، رگ وید کی کوئی من ترنگ، اپنشد کی کوئی ثناء اور ستائش، بگھوت گیتا میں ایشور کی کوئی خود نمائی اور خود ستائی، پرانے عہد نامے کی کتاب امثال سے آخری قبل مسیح نبی کی کتاب تک سب حمدوں میں سے کوئی حمد، انجیل کا کوئی اظہار سپاس کسی کیش، کسی مذہب کی کوئی دعا، کوئی پرارتھنا، کوئی کوتا اتنی قائم بالذات، اتنی مربوط نہیں، زمان ومکان کا موجود لاموجود کو خدا اور انسان کے رشتے کی ہر صورت، ہر نوعیت کو یوں محیط نہیں جیسے سورۂ فاتحہ ہے۔ کئی مفسرین کرام کا کہنا ہے کہ جملہ اول بسم اللہ الرحمن الرحیم سورۂ فاتحہ کا لازمی وداخلی جزو نہیں۔ لیکن دل یہ گواہی دیتا ہے کہ کتاب الٰہی کا آغاز ہورہا ہے اور یہ آغاز جس جملے سے ہورہا ہے وہ لازماً اپنے بعد آنے والے حصے کے ساتھ مربوط ہے۔ یہاں حصہ سورت ہے۔ بعد کو خود اپنی جگہ قائم ہوگا اسے ادا کرکے ہی اصل کلام کی طرف رجوع کیا جاتا ہے۔ اس سورت کے چند مختصر کلمات میں اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کا ذکر اور انسانی زندگی کے ظاہری وباطنی تمام احوال بیان ہوگئے ہیں، فرد اور نوع دونوں کی تمام تمنائیں، نیک وبد تمام سود وزیان، سارا سفر حیات، سارے خوف، ساری امیدیں ازازل تا ابد، سارے مراحل خود شناسی وگمراہی، عرفان حق اور جہل مبرم کی سب کیفیتیں اس میں سمودی گئی ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم آغاز کتاب اللہ کے نام سے جو غیب وشہود پر خلاء وملاء پر دائماً محیط رحمت والا ہے۔

toobaafoundation.com

قرآن حکیم کا آغاز ایک جملہ سے ہورہا ہے جس میں تین لفظ ہیں۔ ایک اس میں ذات، دو اسماء صفات اللہ اور رحمٰن و رحیم۔ یہ مختصر سا جملہ فکر و احساس کے ان گنت مفاہیم کا حامل ہے۔ ایک سمندر ہے جب اس میں غواصی کرو، نئے انمول موتی ہاتھ آئیں گے۔ اس کے مضمرات کو دل میں بسالو، اپنے وجود پر محیط کرلو تو وہ جمال الٰہی کا آئینہ بن جائے گا۔

ابتداء اللہ کے نام سے کی گئی۔ اللہ خداوند مطلق کا اسم معرفہ یا ذاتی نام ہے۔ سارے کلام الٰہی کی سارے دین کی اساس یہ نام ہے۔ بس یہی اسم اعظم ہے۔ اس سلسلے میں پہلی بات جو ذہن نشین کرنے کی ہے، وہ یہ ہے کہ تمام علمائے اسلام اس امر پر متفق ہیں کہ اطلاق کے اعتبار سے یہ نام صرف اس معبود برحق سے مختص ہے، جس نے کائنات وجود کو پیدا کیا۔ جو خداوند مطلق ہے، واحد ولاشریک جو اپنی ذات میں تمام حقیقی اور دائمی صفات سے ان کے مقام کمال پر متصف ہے، جو ہر عیب، ہر نقص سے کلیتہً مبرا اور منزہ ہے، یہ نام اس ذات بے ہمتا اور یگانہ و یکتا کے سوا کسی اور کو دینا صریح شرک ہے اور طاغوت کی انتہا ہے۔ جہاں تک اس لفظ کا لفظ کی حیثیت سے تعلق ہے ان بزرگوں کا جو علم پیمبر کے وارث ہیں، اس بارے میں اختلاف ہے کہ یہ اپنی وضع کے لحاظ سے اسم علم ہے جو کسی دوسرے لفظ سے مشتق نہیں یا یہ کہ یہ صفت کا صیغہ ہے اور دوسرے لفظ سے مشتق ہے۔ ایک معتدر طبقہ یہ کہتا ہے کہ لفظ اللہ ذات مطلق کا علم ہے۔ کسی دوسرے لفظ سے مشتق صفت کا صیغہ نہیں، اس دعوے کی دلیل وہ یہ پیش فرماتے ہیں کہ قرآن مجید میں یہ لفظ ہر جگہ موصوف کے طور پر استعمال ہوا ہے۔ دوسرے کسی اسم کے ساتھ بطور صفت کہیں استعمال نہیں ہوا۔ پس ثابت ہوا کہ یہ اسم ذات اور علم ہے۔ صفت نہیں دوسری دلیل اس مکتب فکر کی یہ ہے کہ کلمۂ توحید میں "اللہ" کے لفظ کا ذکر اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ یہ لفظ اپنی اصل وضع اور ساخت کے لحاظ سے صرف ذات الٰہی کے لئے مخصوص بطور علم ہے کسی لحاظ سے دوسرا کوئی اس میں شریک نہیں۔ ورنہ لاالٰہ الااللہ سے توحید کا مقصد حاصل نہیں ہوسکتا، خلیل نحوی اور دوسرے بہت سے علمائے

toobaafoundation.com

سلف کے مطابق اللہ اسم علم ہے جو غیر مشتق ہے۔ یاد رہے کہ جاہلیت کے عرب بھی غیر اللہ کو "اللہ" کبھی نہیں کہتے تھے۔

اس کے برعکس ایک مکتب تحقیق کا یہ خیال ہے کہ ال اوعلاہ کا مشتق ہے۔ سیبویہ نے کہا ہے کہ یہاں الف لام حذف شدہ ہمزہ کے عوض میں اس بنا پر آیا ہے کہ اللہ کی اصل الٰہ تھی، اس پر الف لام داخل کیا تو ہمزہ کی حرکت نقل کر کے ماقبل لام کو دی اور لام کو لام میں مدغم کر دیا۔ بعض دوسرے علماء کا ارشاد ہے کہ یہ الف لام تفخیم اور تعظیم کی غرض سے داخل کیا گیا ہے۔ جس سے مقصد تعریف میں مبالغہ کرنا ہے، کیونکہ الٰہ کی اصل اولاہ تھی۔ الٰہ کے لغوی معنیٰ معبود ہیں۔ چنانچہ قرآن حکیم میں الٰہ باطل معبودوں کے لئے بھی آتا ہے۔ لیکن ال سے تخصیص ہوجاتی ہے۔ وہ جو یگانہ اور لاشریک معبود ہے۔ بعض مفکروں کے نزدیک یہ لفظ سریانی لفظ لاہ (بمعنیٰ احتجب اور ارتفع) سے بنا ہے۔ اس صورت میں جس کے معنیٰ ہوئے وہ جو بلند ہوا اور حجاب میں چھپ گیا۔ لیکن اس گروہ کے پاس کوئی قابل قبول دلیل اس دعوے کے لئے نہیں، یہ لفظ سریانی سے اخذ نہیں کیا گیا۔ زمانہ قبل از تاریخ سے عربی زبان اور ادب میں خداوند مطلق کے لئے استعمال ہوتا آیا ہے۔ بہر حال اس ساری بحث سے ہمارے لئے حاصل کلام یہ ہے کہ اللہ خداوند واحد ولاشریک کا معبود حقیقی کا ذاتی نام ہے۔ اسم معرفہ ہے، تمام ذات اور صفات کو کاملاً جامع ہے۔ جب مومن اللہ کہتا ہے تو وہ معبود مطلق کو اس کی ذات وصفات کے ساتھ پکارتا ہے۔ وقت ومکان کی دنیا میں رہنے والے کم مایہ، فانی بشر کو مقامات ذات (تنزیہ وتشبیہ) کے تجسس میں نہیں پڑنا چاہیئے۔ اس ضمن میں یہ قرآنی ہدایت ہمیشہ سامنے رہنی چاہیئے کہ تمام اسمائے حسنہ اللہ ہی کو زیبا ہیں اور ہم اسے صرف اس کی صفات سے جان سکتے ہیں۔

تو جب آدمی بسم اللہ کہتا ہے تو وہ دل سے عرض گذار ہوتا ہے کہ میں ابتدا کرتا ہوں اس کے نام سے جو میرا مالک ہے۔ معبود مطلق ہے۔ یہ نام صرف اس کتاب برحق کی تلاوت سے پہلے ہی نہیں لے رہا

toobaafoundation.com

ہوں۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ زندگی کے ہر اچھے کام کی ابتدا یہی نام لے کر کروں گا۔ جیساکہ حضور سرور کائنات ﷺ نے فرمایا کل امر ذی بال لم یبدا ببسم اللہ فھو اقطع واجزم، ہر اہم اور اچھا کام جس کی ابتدا اللہ کے نام سے نہ ہوئی ہو، ناقص اور بے برکت رہتا ہے۔ لازماً یہ تلازمات بھی اس اقرار میں شامل ہیں کہ بڑے کام کا خیال دل میں آئے تو یہ پاک نام اس کا دافع ہوگا۔ جتنا میں اس نام کا ورد کروں گا یہ مقدس نام دماغ کو بُری بات سوچنے، ہاتھ پاؤں کو بُرے کام کیلئے حرکت میں آنے اور زبان کو بُرا کلام کہنے سے روک دے گا۔ میں ابتدا کر رہا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن اور رحیم ہے۔ یہ دونوں لفظ رحمت سے مشتق ہیں۔ جن کے معنیٰ ہیں رحمت والا۔ بندہ یہ اسمائے صفات ادا کر کے دل کی سچائی کے ساتھ گواہی دیتا ہے کہ مجھ عبد کے دل و دماغ پر، شعور وادراک پر، جس صفت کا نقش سب سے پہلے مرتسم ہوا اور جس کی اس بزم شہود کی ہر شے نے زبان حال سے تصدیق کی وہ اس ذات بے ہمتا کی رحمت مطلق ہے۔ رحمٰن اور رحیم دونوں لفظ تفضیل کلی کی سطح پر ہیں۔ رحمت کی صفت کے تمام امکانات اور مضمرات کے حامل ہیں، دونوں مل کر خداوند تعالیٰ کی رحمت کا احاطہ کرتے ہیں۔ رحمٰن رحمت کی بیکرانی کا مظہر ہے۔ اس کی رحمت تمام بے انتہا ہے۔ اتنی بے حد وحساب ہے کہ تمام کائنات پر محیط ہے۔ تمام خلاء وملاء کو تمام عالموں کو اپنے دامن میں لئے ہوئے ہے۔ اس کی رحمت کی کوئی انتہا نہیں۔ یہ کائنات وجود اپنی ساری وسعت کے باوصف محدود ہے اور اس بادشاہ مطلق کی رحمت اتنی زیادہ ہے کہ اس کا ایک چھوٹا سا حصہ اس کائنات کے لئے بہ تمام وکمال کافی ہے۔ رحیم صفت رحمت کے استمرار کی علامت ہے۔ خداوند دوجہاں کی رحمت کا نہ کوئی آغاز ہے، نہ کوئی نقطہ آخر، وہ باقی ہے، ابدی ہے، اسے زوال نہیں، فنا نہیں، تو رحمت کی بیکرانی اور دوام دونوں کے لئے ایک لفظ چاہو تو کہو کہ اس کی رحمت، رحمت مطلق ہے۔ رحمٰن اور رحیم کا ایک اور تلازمہ بھی ہے، جس کے شعور ووقوف کے بغیر انسان باری تعالیٰ کی رحمت کے مضمرات کو کلیتہً نہیں جان سکتا۔

toobaafoundation.com

رحمٰن رحمت عمومی ہے۔ اللہ تعالیٰ کافر و مومن، دام ودد، موذی اور معصوم سب کا رب اور رازق ہے۔ رحمت کا یہ خصوصی اظہار ساری کائنات کے لئے یکساں ہے۔ یوں جیسے ابر رحمت برستا ہے۔ تو سبزہ و گل اور گھورے میں فرق نہیں کرتا۔ رحیم کا تعلق صرف اہل ایمان، متقی اور نیکوکار بندوں سے ہے اور یہ سلسلہ اس دنیا کے بعد یعنی آخرت میں بھی جاری رہیگا اور اللہ اپنی رحمت کو اپنے صابر و شاکر بندوں کے لئے انواع واقسام کی ان گنت نعمتوں میں ظاہر فرمائے گا۔ چنانچہ اس جملے کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ کی رحمت کا صحیح اظہار بے انتہا، اتھاہ اور لامحدود ہے، جو ہر لمحہ زمان و مکان کی کائنات میں ظاہر ہوتے رہتے ہیں۔ کوئی متنبین نگاہ سے دیکھے تو اسے زمین سے آفاق کی انتہائی بلندیوں تک اللہ کی رحمت تمام کے ان گنت مظاہر نظر آئیں گے۔ طلوع فجر کا حسن، سورج کی پہلی شوخ کرن کا لمس، نرم، خنک ہوا کے ہلکورے، کلیوں کا چٹکنا، پھولوں کا شاداب شاخوں پر لہکنا، پرندوں کا چہچہانا، نرم ندیوں کے خرام کی دلنواز نغمگی، ذرہ ذرہ کا اپنے اندر ممکنات کا جہاں لئے ہونا، یہ مدوجزر، یہ موسموں کے تغیر، یہ بارش سے مردہ زمین میں جان پڑنا اور اس سے نوع در نوع ثمرات اور حیات بخش رزق کا حاصل ہونا، یہ تاروں بھری رات جو سکون بخش ہے، ایک ننھی سی چیونٹی، ایک مخملیں بدن والی بہر بہوٹی سے انسان تک نوع نوع کا زندگی کی نعمت سے سرفراز ہونا، ہر وجود کا ایک عظیم کارگاہ ہونا، یہ حواس کا عطیہ، چشم و گوش کی ضیافت کا یہ تازہ بہ تازہ اہتمام، زندگی کا جمال، رحمت کے مظاہر کا شمار کرنے لگو تو عمر دوام لمحے سے کم تر لگے گی۔ ذہن شمار کر سکتا ہے، نہ زبان گن سکتی ہے۔ یہ لطف و کرم، یہ عنایت بے نہایت، اللہ کے، جو حقیقت مطلق ہے، رحمٰن و رحیم ہونے کے ثبوت ہیں۔ اللہ کی کتاب کا پہلا جملہ دل کو اس صداقت کی طرف متوجہ کرتا ہے کہ اس ساری کائنات وجود پر بالعموم اور انسان پر بالخصوص اس کی بے پایاں اور بے کراں رحمت کا سایہ ہے، بشارت دیتا ہے کہ نظام فطرت کی اساس اللہ کا جود و کرم ہے، اس کی رحمت تمام ہے۔ نعمتوں سے مالامال اس کائنات میں انسان کو تمام موجودات کا سلطان بنانا، اس کی رحمت کی روشن دلیل ہے۔ اور پھر یہ رحمت سب پر سوا

toobaafoundation.com

ہے کہ اس نوع کو جسے اس نے تمام مخلوق پر فضیلت مرحمت فرمائی۔ خیر اور سعادت، حق اور راستی کا راستہ دکھانے کے لئے وہ اپنے برگزیدہ بندوں کو مسلسل مامور کرتا رہا ہے اور عند الضرورت کتابیں نازل فرماتا رہا ہے۔ اس کی رحمت، اس کی شان کریمی اب اپنی روشن ترین شکل میں وہ حرف حق بن کر سامنے آرہی ہے جو وہ اپنے آخری رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کو عطا فرمارہا ہے۔

اللہ کا جو رحمٰن اور رحیم ہے، نام لے کر اب کلام کا آغاز کیا جارہا ہے۔

۲- اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ○

تمام تعریف، ستائش، حمد وثناء کے لائق صرف وہ ذات اقدس ہے جو عالموں کا رب ہے۔

ذات باری تعالیٰ کا اقرار اور اس کی ان دو بڑی صفات کا اعتراف کر کے جو اس کائنات وجود کی اساس ہیں عبد سراپا سپاس، سراپا شکر بن جاتا ہے۔ چشم نگراں سے ادھر ادھر دیکھا، پھر رک کر اپنے اندر جھانکا۔ ہر طرف اس کی رحمت کی کارفرمائی دیکھی تو دل عقیدت میں ڈوب گیا اور وہاں سے آواز آئی تمام تعریف، تمام ستائش، تمام حمد وثناء کے لائق صرف وہ ذات ہے جو عالموں کا رب ہے۔ رب بڑا بلیغ لفظ ہے۔ رب وہ ہے جو پیدا کرتا ہے، وجود بخشتا ہے، پھر اس وجود کو قائم رکھنے کے سامان فراہم کرتا ہے۔ جو پالنے والا ہے۔ ہر چیز کی پرورش، بڑھنا، بیج کا درخت بننا، بچے کا انسان بننا اس کی ربوبیت سے ہے۔ زندگی دینے والا، زندگی کے لوازم مہیا کرنے والا، ان سے تمتع اور استفادے کی توفیق بخشنے والا، جس میں یہ سب صفات ہیں، وہ رب ہے اور یہ مطلق رب فرش سے عرش تک حجر و شجر، چرند و پرند، نباتات، حیوانات سب انواع کو وجود بخشنے والا، وجود میں جان ڈالنے والا اور اس جان کو قوت دینے والا، رب ہے، رب کائنات! رب وجود، یہ رب عالموں کا رب ہے۔ جتنا وسیع اور بلیغ اور تہ در تہ معانی اور تلازمات کا حامل لفظ رب ہے، اتنا ہی بلیغ یہ لفظ عالمین ہے۔ عالموں کا رب۔ عالم مکانی بھی ہیں، زمانی بھی، عالم ظاہر، عالم باطن، عالم حاضر بھی ہیں اور مخفی بھی۔ یہ رب تمام عالموں کا رب ہے۔ عالم مکانی میں ان گنت عالم موجود اور لاموجود،

toobaafoundation.com

واقعی اور امکانی، وہ جو تھے اور نہ رہے۔ وہ جو ہیں، مکاں در مکاں، چرخ در چرخ، آسماں در آسماں، کائنات در کائنات اربوں نوری برسوں کی مسافت پر پھیلے ہوئے عالم اور وہ جو آئیں گے، ان سب کا قائم رکھنے والا، پالنے والا کردگار، واحد و لاشریک ہے۔ ارض و سمٰوت کے سارے مظاہر، عالم شہود کی تمام اشیاء اس کی حاکمیت اعلیٰ اور اس کی ربوبیت کا ثبوت جاریہ ہیں۔ جو کچھ ہے، شہادت دے رہا ہے کہ اللہ رب العالمین رحمٰن ورحیم ہے۔ یہ سب مکانی عالم تھے۔ جو عدم سے ہست اور ہست سے نیست ہوتے رہتے ہیں، اور نئے عالم وجود میں آتے رہتے ہیں، پھر زمانی عالم ہیں، شاعر کہتا ہے۔ ع "جو تھا نہیں ہے، جو ہے نہ ہوگا یہی ہے اک حرف محرمانہ۔" یہ آدمی کو علائق سے بے نیاز کرنے کے لئے دنیا کی بے ثباتی کی تصویر کشی تھی، مگر یہ بھی حقیقت ہے کہ:

عشق کی تقویم میں عصر رواں کے سوا اور زمانے بھی ہیں جن کا نہیں کوئی نام

کُن سے پہلے وقت خالص تھا جو وقتِ مکانی نہیں تھا، جوہرِ ذات تھا، پھر مکانی وقت وجود میں آیا جس کا ہر لمحہ صد حشر آرزو لئے ہوئے ہے۔ ایسے عالم ہیں جن کا ادراک ممکن نہیں، ایسے عالم بھی ہوں گے۔ جن کا کوئی انسان شعور حاصل نہیں کرسکے گا کہ یک خطی وقت میں گزران کرنے والا دوام کے محیط کو نہیں جان سکتا۔ اللہ اُن اَن دیکھے ان جانے زمانی عالموں اور وقت خالص کا رب ہے۔ لیکن "عالمین" کی دنیا ان مکانی اور زمانی عالموں تک محدود نہیں، شاعر کہتا ہے۔ ع عالم عالم عشق بھی تنہا۔ تنہا حسن بھی عالم عالم۔ ہر آدمی اپنی جگہ ایک کائنات ہے، محشر خیال ہے، ایسا کہ خلوت میں انجمن آفریں ہے اور عین محفل میں خلوت گزین ہے۔ ہر دل کے ہزاروں عالم ہیں، عالم جدائی، عالم وصل، عالم دوری، عالم قربت، اضطراب واضطرار کا عالم، ذوق و شوق کا عالم، بیچارگی و جبر محض کا عالم۔ وہ عالم کہ اس وقت تو بادشاہ ہیں ہم۔ خواب میں بیداری اور بیداری میں خواب کا عالم، نشاط وانبساط کا، حسرت و غم کا، لذت کا، خستگی کا، بے کسی کا، بے نیازی کا عالم۔ وہ عالم کہ ایک لمحہ صدیوں سے زیادہ طویل معلوم ہوتا ہے۔ وہ عالم

toobaafoundation.com

بھی کہ صدیاں لمحے میں سمٹ آتی ہیں، جدائی کی رات کا عالم کہ کٹتی ہی نہیں۔ ختم ہی نہیں ہوتی اور وصل کی رات کہ پلک جھپکتے میں کٹ جاتی ہے۔ جدائیوں کی شکایات کا عالم، حضوری کے نوبہ نو احساسات کی حکایات کا عالم، ہر جہان کے ہزاروں عالم، ہر عالم میں بے شمار دنیائیں۔ اللہ تعالیٰ ان سب عالموں کو ان کے سارے امکانات عطا کرنے والا رب ہے، تو وہ اللہ جو واحد و لاشریک ہے۔ رحمٰن و رحیم ہے وہ اپنی رحمت کی صفت کے اظہار میں رب ہے مختلف النوع عالموں کا۔ ایک معنی اس کلمہ رب العالمین کے یہ ہیں کہ اللہ زمانی مکانی عالموں کو قائم رکھنے والا رب ہے وہ ان کے قائم رہنے۔ ان کے استمرار کے لیے قانون وضع فرماتا ہے۔ فطرت کے سب قانون اسی کے بنائے ہوئے ہیں، یہ اس کی ربوبیت کا ایک پہلو ہے، ان عالموں کو قائم رکھنے کے لیے جو فطری قوانین ناگزیر ہیں، رب العالمین ہی انہیں وضع کرتا ہے اور چونکہ وہ مخلوق ہیں اور رب العالمین خالق ہے، اس لیے یہ قوانین فطرت اس کے تابع فرمان ہیں، یہ قوانین جن پر مدار کائنات ہے اس کی سنت ہیں، وہی ان کا نافذ کرنے والا ہے۔ یہ اس کے پابند ہیں۔ وہ ان کا پابند نہیں۔ وہ جب چاہے ان میں تغیر و تبدل کر سکتا ہے۔ ایک لمحہ کے لئے، ایک یوم کے لیے یا ہمیشہ کے لیے، ان قوانین میں جو معمولاً اٹل ہیں۔ لحاتی تغیر اس وقت پیدا ہوتا ہے جب رب العالمین کے حکم سے اس کی عطا کی ہوئی توفیق اور قوت Grace سے اس کے رسول، اس کے انبیاء معجزے برپا کرتے ہیں۔ حق کے ثبوت اور غلبے کے لئے، ایک یوم یعنی کائناتی یوم Cosmic Day کا تغیر وہ ہنگام ہے جب کوئی نظام شمسی ہست سے نیست یا عدم سے وجود بن جاتا ہے۔ یہ کائناتی تغیر ایک عمل جاریہ ہے اور ربوبیت کا ایک مقام۔

یہ کائنات ابھی ناتمام ہے شاید　　کہ آرہی ہے دمادم صدائے کن فیکون

ہمیشہ کے لیے رب العالمین کے وضع کیے ہوئے قوانین فطرت اس وقت ساقط ہو جائیں گے جب قرآن حکیم میں بیان کی ہوئی نشانیاں ظاہر ہوں گی اور اس کائنات وجود کے بکھرنے کا ہنگام آجائے گا۔ وہ

toobaafoundation.com

ہنگام کائناتی لاکالمحہ اور یوم الدین کا پیش خیمہ ہوگا۔ بسم اللہ سے رب العالمین تک صرف حمد و ثنا ہے۔ ذات وصفات کی توصیف و تمجید ہے۔ اگلی آیت میں پھر اللہ تعالیٰ کی ان صفات کا ذکر ہے۔ جو اس کائنات میں اس کی کارفرمائی کا غالب عنصر ہیں۔ یہ وہ صفات ہیں جن کا نقش قرآن حکیم ہمارے دلوں کے گوشے گوشے پر مرتسم کرنا چاہتا ہے، الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

۳. الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اس کی ربوبیت کا ذکر کرکے ان صفات کا جن سے آغاز کلام ہوا تھا، روشن ثبوت پیش کیا اور وہ ثبوت پیش کرنے کے بعد انہیں دہرایا جارہا ہے کہ یہ نقش تہ در تہ ثبت ہوتا چلا جائے۔ اس سے اگلی آیت بھی تمجیدی نوعیت کی ہے، لیکن اس میں بالواسطہ انسان کی شرکت بھی بکھر جاتی ہے۔ چنانچہ موضوعاتی اعتبار سے یہ ایک عبوری یا انتقالی آیت بھی ہے۔

۴. مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ○

اللہ جو رحمٰن الرحیم ہے، عالموں کا رب ہے۔ وہ یوم الدین کا مالک بھی ہے، سزا جزا کی تقسیم کے دن کا مالک، قاضی مطلق، داور۔ اللہ عالموں کا رب جس نے یہ کائنات تخلیق کی اور اس میں انسان کو صاحب علم و اختیار بنایا، وہ عادل مطلق بھی ہے۔ اس آیت میں آدھا حصہ اللہ کی حمد ہے۔ آدھا حصہ یوم الدین، انسان کی سرگزشت پر مبنی ہے۔ وہ دن انسان ہی کی جواب دہی کے لیے منعقد کیا جائے گا۔ اب اس آدھے حصے سے شروع کی ہوئی بات اگلی آیتوں میں جاری رکھی گئی ہے۔ آئندہ آیتیں آقا سے عبد کے رشتے کا تعین کرتی ہیں، رحمٰن و رحیم اور عادل ذات مطلق کے حضور متقی بندے کے دل سے نکلی ہوئی دعا اور التجا پر مشتمل ہیں۔ اللہ کی صفت عدل اور اس کے سامنے ایک خاص دن حاضر ہونے کا خیال دل پر طاری ہوجائے تو بندہ ہمہ عجز و ہمہ سپردگی ہو کر اپنے مالک سے کہتا ہے۔

۵- اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ○

toobaafoundation.com

ہم صرف تیری عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھی سے امداد و اعانت کی التجا کرتے ہیں۔

یہ ایک جملہ تو بہ تو مفاہیم لیے ہوئے ہے۔ یہ اقرار ہے اس حقیقت عظمیٰ کہ اللہ وحدہ لاشریک ہے، وہ مالک مطلق ہے۔ وہی معبود حقیقی ہے، دنیا میں اس کے سوا کوئی اس لائق نہیں کہ اسے اللہ کے مددگار، مشکل کشا اور کارساز کا مرتبہ دیا جائے۔ یہ آیت اس ایمان و یقین کا اظہار ہے کہ اللہ خالق کل ہے، قادر مطلق ہے۔ رب العالمین ہے، رحمٰن و رحیم ہے۔ عادل ہے، علیم و خبیر ہے۔ جب ظاہر و پنہاں کا جاننے والا صرف وہی ہے، جب عذاب میں مبتلا کرنا اور عطا فرمانا صرف اسی کا اختیار اور حق ہے تو صرف وہی اس لائق ہے کہ اس کی عبادت کی جائے۔ معبود ہونا اسی محمود کی شان ہے اور کوئی اس لائق نہیں کہ اس کے آگے سر بندگی جھکایا جائے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کی بندگی ہی میں انسان کی فلاح ہے اور صرف وہی ہے جو دین میں بھی اور دنیا میں بھی انسان کی اعانت فرما سکتا ہے۔ یہ آیت اللہ کے حضور بندے کا پیمان بندگی ہے۔ میثاق ہے، جس کے بعد وہ صرف اپنے رحمان و رحیم رب العالمین علیم و عادل اللہ کا ہو کر رہ جاتا ہے یہ عہد کر کے وہ یہ بھی تسلیم کرتا ہے کہ جس نے غیر اللہ کو معبود بنایا اور اس باطل خدا سے اعانت اور دستگیری کی آس رکھی، اس نے خود کو ہمیشہ کے لیے تباہ کر لیا۔ اس آیت سے انسانی عرضداشت کی ابتدا ہوتی ہے۔ اس آیت کی بلاغت اور جامعیت بے مثال ہے۔ یہ بیک وقت عبد کا اقرار عبدیت اور توحید پرستی کا انفرادی میثاق بھی ہے اور نوعی میثاق بھی، ساری امت، ساری انسانیت اللہ سے اپنی بندگی کی رشتہ استوار کر رہی ہے۔ ایک ہی فقرے میں تمام جھوٹے خداؤں کو، تمام علائق کے تسلط کو رد کر کے انسانیت کے سارے مظاہر جہل سے لاتعلقی کا اعلان کر کے تمام اوہام کو باطل قرار دے کر خدائے واحد و لاشریک کی غلامی کو اپنا ایمان بنا لینے کا اقرار کر رہی ہے۔ چنانچہ نور و ظلمت کی یہ بزم خشک و تر کی کائنات، نزدیک و دور کا یہ جہان، رنگ و خوشبو کی، تلخ و شیریں کی، محنت و آرام کی، حیات و موت کی یہ دنیا، زمین کے شجر و حجر کی، چرند و پرند کی، زشت و خوب کی، آسمان کے ستاروں اور سیاروں، چاند اور سورج کی یہ محفل

toobaafoundation.com

سجا کر، زمین کو ہمارا مستقر بنا کر، زمان و مکان کی اس کائنات کو ہماری دسترس میں دے کر، اپنی رحمت اور ربوبیت کا مظاہرہ فرمایا۔ ہمیں بے شمار نعمتیں عطا کیں، ہم پر ان گنت احسانات فرمائے تاکہ ہم اس کے شکر گزار بندے بن کر رہیں۔ اپنی توفیق و استطاعت کے مطابق حق نعمت ادا کریں، شکر نعمت بجالائیں وہ رحمٰن و رحیم رب عادل بھی ہے، وہ مالک یوم الدین ہے، یہ اس کا مقام عدل ہے۔ عدل رحمت کی توسیعی صفت ہے، رحمت کی معاون ہے۔ ظالم سے حساب نہ مانگا جائے۔ اسے یہ ڈر نہ ہو کہ ظلم کی زیادتی کی سزا مل کر رہے گی۔ مظلوم کو انصاف میسر نہ ہو، اس کی فریاد کی شنوائی نہ ہو تو ظلم پھیلے گا۔ اور ظلم کا پھیلنا، فساد کا قائم ہوجانا رحمت کا بطلان ہے۔ بسم اللہ سے یوم الدین تک ذات باری تعالیٰ کی صفات کا بیان ہے۔ یہ سورت یہاں تک خالص حمد ہے۔ آخری کلمہ میں توصیف و ثناء کے ساتھ ساتھ اس حقیقت کو بھی آشکار کردیا گیا کہ ایک خاص دن انسان کو اپنی نامۂ اعمال کے ساتھ باری تعالیٰ کے سامنے پیش ہونا ہے۔ اس دن اسے اپنے اعمال کا حساب دینا ہوگا۔ اسے ایک ایک عمل کے لیے جواب دینا ہوگا۔ اس اعلان میں یہ حقیقت مضمر ہے کہ اللہ تعالیٰ انسان کے عمل کو دیکھتا ہے۔ انسان کے ہر عمل، وہ ظاہر ہو یا پنہاں اس کی خواہشات، اس کی نیت سے باخبر ہے۔ پوری واقفیت اور مکمل علم رکھتا ہے۔ علم صفت مع الذات ہے۔ وہ ہمارے باہر اور اندر کے سب حالات جانتا ہے۔ ہم اس سے کوئی بات چھپا کر نہیں رکھ سکتے۔ وہ رب عادل جب چاہے ہمارا مواخذہ کرسکتا ہے۔ آخری حساب کتاب تو یوم الدین پر اٹھا رکھا گیا ہے۔ جب کوئی کسی کی سفارش نہیں کرسکے گا۔ کوئی کسی کی مدد کو نہیں پہنچ پائے گا۔ جب ہر آدمی اپنا ذمہ دار خود ہوگا۔ اپنی اچھائی کا اجر پائے گا، برائی کی سزا کا مستحق ہوگا۔ جس کے اعمال میزان میں نیکی کی طرف جھکیں گے اسے اجر نعیم ملے گا۔ جس کا دفتر اعمال سیاہ ہوگا۔ وہ سب کے سامنے شرمسار اور رسوا ہوگا اور پھر دائمی کرب اور عقوبت اس کی سزا ہوگی، یہ سب تو یوم الدین کو پیش آنے والا ہے، لیکن کچھ نہ کچھ پرسش یہاں بھی ہوگی۔ اس آیت میں یہ بات بھی پنہاں ہے کہ وہ جو یوم الدین کا مالک ہے یہ اس کی سنت کے خلاف

toobaafoundation.com

ہے کہ یہاں اس دنیا میں ہمیں کھلی چھٹی دیدے۔ کچھ نہ کچھ احتساب یہاں بھی ہوتا رہے گا۔

یہ آیت مالک یوم الدین سورۂ فاتحہ کے مناجات کے حصہ سے دعا کیطرف صفات باری تعالیٰ کے بیان سے انسان کی عبدیت کے اظہار کی طرف پیش قدمی ہے۔ اس اعتبار سے یہ آیت عبوری حیثیت رکھتی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جو ارشاد فرمایا تھا کہ یہ سورت اللہ اور بندے پر تقسیم کردی گئی ہے، یہاں سے آخری لفظ تک یہ سورت انسان کا حصہ ہے۔ ایک فرد کا اس کی اپنی ذات کی حد تک، پوری امت کا من حیث الامت عہد بندگی ہے اور پوری نوع انسانی کے جادۂ جہل سے ہٹ کر عقل سلیم اور خیر و سعادت کی روشن راہ کی طرف واپسی کی نوید بھی ہے۔

٦- اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ ہمیں سیدھا راستہ دکھا۔

سراپا بندگی ہو کر عاجزانہ التجا کی جارہی ہے۔ دل کی گہرائی سے نکلی ہوئے دعا ہے۔ نوعی ضمیر کی پکار ہے۔ اے رحمٰن ورحیم رب کائنات! اے علیم وعادل خداوند مطلق! ہمیں سیدھی راہ دکھا، سوچ اور عمل کی، شائستہ گفتار و کردار کی، سچائی اور بھلائی کی اور صلاح وفلاح کی راہ، وہ راہ جس پر چل کر آدمی حیوان سے انسان بنتا ہے۔ اس کا اخلاق اور اس کے عادات واطوار خیر کے سانچے میں ڈھل جاتے ہیں۔ وہ راہ جس میں کوئی کجی نہیں۔ جو پاؤں کو ادھر ادھر بھٹکنے سے روکتی ہے، سچائی پر ثابت قدم رہنے کی توفیق عطا کرتی ہے۔ راہ خیر پر چلنے کی توفیق کی دعا میں استقامت کی دعا بھی مضمر ہے۔ قرآن حکیم میں یہ بات متعدد مقامات پر وضاحت سے بیان کی گئی ہے کہ سیدھی راہ وہ سچا دین ہے جس کی ابتدا حضرت آدم علیہ السلام سے ہوئی۔ جسے عہد بہ عہد تفصیلات میں ضرور تبدیلیوں کے ساتھ اللہ کے نبی اور رسول نوع انسانی کے سامنے پیش کرتے رہے، جو ازل سے ابد تک کا جادۂ خیر ہے۔ جو دین حنیف ہے جس کی تکمیل اس کتاب میں ہوئی، جو اللہ کی آخری اور مکمل کتاب ہے اور ختم المرسلین محمد رسول اللہ ﷺ پر اتاری گئی ہے یہ آیت التجا ہے کہ اے اللہ! ہمیں دین حنیف پر استقامت سے قائم رہنے کی توفیق عطا فرما۔ یہ نہ ہو کہ ہم گذشتہ ادوار کی

toobaafoundation.com

گمراہ قوموں اور افراد کی طرح راہ راست پر آنے کے بعد پھر بھٹک جائیں اور گمراہی میں مبتلا ہو جائیں۔ اگلی آیت اس بات کی وضاحت کرتی ہے۔

۷۔ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

ان لوگوں کی راہ جن پر تو نے اپنی نعمتیں نازل فرمائیں ان کی راہ نہیں جن پر غضب کیا گیا اور نہ گمراہوں کی۔

یہ چھوٹی سی آیت اپنے مفاہیم میں ساری تاریخ انسانی کا احاطہ کرتی ہے۔ نوع انسانی کرۂ ارضی پر وارد ہوئی تو۔ خیر اور شر دونوں صلاحیتوں سے آراستہ تھی اور یہ ناگزیر حقیقت الامری نوع انسانی کو جنت سے اخراج کے وقت بتادی گئی تھی کہ تم میں بعض بعض کے دشمن ہوں گے۔ یعنی نوع انسانی میں ہمیشہ نیک متقی اور حق پرست لوگ بھی ہوں گے اور بد قماش، کافر اور حق دشمن بھی، تاریخ انسانی قوموں کے عروج وزوال کی داستان ہے۔ جن لوگوں اور قوموں نے اپنی فطرت خیر کے مطابق انفرادی اور اجتماعی زندگی کی تشکیل کی۔ وہی آخری تجزیئے میں کامیاب اور سرخ رو قومیں تھیں۔ عارضی ہزیمتوں اور قدرتی آفات کے باوصف وہ قومیں بامراد قومیں تھی۔ نعمت پانے والی قومیں تھیں لیکن وہ جو دین فطرت سے نوعی جوہر خیر سے منحرف ہو گئیں۔ آخر تباہ و برباد ہو کر رہ گئیں۔ وقتی عروج، غلبے اور مال و ثروت کے باوجود بد چلن اور صراط مستقیم سے بھٹکی ہوئی قومیں صفحۂ ہستی سے مٹ گئیں۔ کتاب الٰہی کی آئندہ سورتوں میں ان فلاح یافتہ اور ملعون قوموں کے احوال کا تفصیلی ذکر آئے گا۔ یہاں یہ ساری سرگزشت ایک آیت میں اشارۃً بیان کردی گئی ہے۔ نوعی سطح پر مشیت الٰہی یعنی رضائے الٰہی اور قہر الٰہی کا اظہار ہی تاریخ ہے۔ God's will expressed in time is history. تو اس آیت میں فرد یہ دعا مانگتا ہے کہ اے مالک اپنے رسولوں، صدیقوں، شہیدوں اور صالح بندوں کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق دے اور نوعی دعا یہ ہے کہ ہمیں ان امتوں کی مثل بنا جو تیری پسندیدہ امتیں تھیں، جنہیں تو نے دنیوی اور اخروی ہر دو سطح پر انعام سے

toobaafoundation.com

سرفراز فرمایا اور اے الٰہ العالمین! ہمیں ان لوگوں کے انجام زبوں سے محفوظ رکھنا جو تیرے غضب کا شکار ہوئے، افراد میں نمرود و شداد، فرعون و ہامان، قارون اور پسرِ نوح وغیرہم اور اقوام میں نوح اور لوط کی اقوام، عاد و ثمود کی اقوام، آل فرعون اور وہ آل اسرائیل جو مقہور ہوئی۔

یہ سورت اپنے اختصار اور اپنی جامعیت کے باعث حرف و بیان کا ایک زندہ جاوداں معجزہ ہے۔

toobaafoundation.com

قرآن حکیم مع تفسیر ثنائی

قرآن حکیم (مع تفسیر ثنائی) از مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ امر تسری- بلال گروپ- کراچی- لاہور- اشاعت سن ۱۴۱۴ھ/۱۹۹۴ء صفحات ۷۳۲- سائز ۱۱×۸- کاغذ عمدہ دبیز- ہر صفحے پر متن اور ترجمہ تیرہ سطروں میں- ہر سطر میں عموماً دس الفاظ- تفسیر حاشیے میں-

ان صفحات سے پہلے ۸ صفحات میں "التماس مصنف" اور "عرض ناشر" کے بعد حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے آنتظام ملکی- تعلیم سے نبوت کا ثبوت- عملی طریق سے نبوت کا ثبوت- پھر حضور کی نبوت کی دلیل بائبل سے اور آخر میں اپنی تفسیر کی خصوصیات درج ہیں- قرآن شریف کے حروف، حرکات، نقاط، کلمات، آیات وغیرہ کی تعداد بھی دے دی ہے-

۷۳۲ صفحات کی تفسیر کے بعد (اور شروع صفحات والی بائبل کی دلیل دو صفحوں میں مکمل کرنے کے بعد) مولانا نے مسئلہ تقدیر- سر سید کا انکار معجزات- فلسفہ جہاد- (معترضین کا دعویٰ) عدم ضرورت قرآن- ولادت عیسیٰ- رفع عیسیٰ (سر سید اور مرزا قادیانی کی تردید)- الوہیت مسیح علیہ السلام- تعدد ازواج کا مسئلہ- مسئلہ تناسخ- حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات- حضرت موسیٰ علیہ السلام کے معجزات- سابقہ پیشینگوئیاں اور عیسائی- قراءۃ خلف الامام- حقیقت جہاد (حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے) غزوات- تعبیر خواب- معراج النبی (بیرونی مباحث بھی) پھر قادیانی نبوت- ابطال نبوت مرزا پر مختلف دلائل ہیں-

صفحہ ۸۳۳ سے ۸۴۳ تک مولانا ثناء اللہ کے سوانح ہیں، جن میں عیسائیوں سے مقابلے- سیاسیات- ہندوؤں سے اور قادیانوں سے مقابلے وغیرہ درج ہیں- ان کی صحافت، درس و تدریس، مرزا قادیانی سے مباہلہ- ۴ نومبر سنہ ۱۹۳۷ء کو ان پر قاتلانہ حملہ- سنہ ۱۹۴۷ء میں ان کے صاحبزادے کی شہادت اور ۱۵ مارچ ۱۹۴۸ء کو مولانا کی وفات وغیرہ کی تفصیل ہے- ظاہر ہے کہ یہ سوانح ان کے کسی معتقد نے لکھے ہوں گے (نام درج نہیں)

toobaafoundation.com

الحمد شریف کا ترجمہ یہ ہے: شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے- سب تعریفیں اللہ کے لیے جو سب جہاں والوں کی پرورش کرنے والا ہے- بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے- قیامت کے دن کا مالک - تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں- ہمیں سیدھی راہ پر پہنچا- ان کی جن پر تو نے انعام کیا- نہ ان لوگوں کی جن پر غضب کیا گیا اور نہ ان کی جو گمراہ ہیں-

سورۃ الناس کا ترجمہ یہ ہے: شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے-

اے رسول! کہہ، میں سب انسانوں کے پروردگار، حقیقی بادشاہ، سب انسانوں کے حقیقی معبود سے اس کی پناہ لیتا ہوں، چھپ چھپا کر وسوسے ڈالنے والوں کے شر سے، خواہ جنوں سے ہوں یا انسانوں سے، ان سے بھی میں پناہ مانگتا ہوں-

مولانا کے ترجمے کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ انہوں نے تمام حروف مقطعات کا ترجمہ بھی دیا ہے مثلاً:

الٓمٓ = میں ہوں اللہ بڑے علم والا-

الٓمٓصٓ = میں ہوں اللہ بڑا جاننے والا، صادق القول-

الٓرٰا = میں ہوں اللہ دیکھتا-

الٓمٓرٰا = میں ہوں اللہ سب کچھ جانتا اور دیکھتا

کٓهٰیٰعٓصٓ = میں اللہ ہی سب کو کافی، سب کا ہادی-

طٰهٰ = اے بندۂ خدا!

طٰسٓمٓ = میں ہوں بڑی پاکی والا، سلامتی والا مالک (سورۃ القصص میں اس کا ترجمہ یہ ہے: میں ہوں اللہ بڑی تونگری والا، پاک سلامتی والا)

طٰسٓ = میں اللہ بڑا وسعت والا پاک ہوں

یٰسٓ = اے کامل انسان!

صٓ = میں اللہ بڑا صادق ہوں-

toobaafoundation.com

حٰمٓ = اللہ بڑا رحم کرنے والا مہربان ہے۔

حٰمٓ عٓسٓقٓ = میں ہوں اللہ رحمٰن رحیم، علیم کل، ستار عیوب، قادر مطلق۔

نٓ = میں رحمٰن ہوں۔

مولانا نے عربی میں "تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن" (ایک جلد میں) بھی لکھی ہے، جو شائع ہو چکی ہے۔

toobaafoundation.com

تفسیر قرآن عزیز

تفسیر قرآن عزیز- از مسعود احمد امیر جماعت المسلمین- کراچی

حصہ اول سورہ فاتحہ اور سورہ بقرہ صفحات ۱۵۷۴ (۱۹۸۶ع) حصہ دوم سورہ آل عمران سے سورہ مائدہ تک صفحات ۱۲۶۶ (۱۹۹۰ع) حصہ سوم حصہ چہارم سورۃ الانعام سے سورہ توبہ تک- صفحات ۱۱۷۴ (۱۹۹۱ع) حصہ پنجم سورہ یونس سے سورہ نحل تک صفحات ۱۰۱۳ (۱۹۹۲ع) حصہ ششم سورہ بنی اسرائیل سے سورہ المومنون تک صفحات ۱۱۵۳ (۱۹۹۳ع) حصہ ہفتم سورۃ النور سے سورۃ الأحزاب تک صفحات ۱۱۷۸ (۱۹۹۴ع) حصہ ہشتم سورہ سبا سے سورۃ الاحقاف تک- صفحات ۱۰۲۱ (۱۹۹۵ع) باقی حصے ابھی شایع نہیں ہوئے۔

مقدمہ میں لکھا ہے کہ تفاسیر میں علوم کے دریا بہائے گئے ہیں (صفحہ ۱۰) لیکن عمل کم ہوتا چلا گیا ہے- پھر مفسر صاحب نے اپنی تفسیر کے امتیازی اوصاف بیان کیے ہیں کہ (۱) اس تفسیر میں خاص طور پر (۱) عمل پر زور دیا گیا ہے (صفحہ ۱۰) (۲) اللہ تعالیٰ کے حکم کی تشریح اللہ تعالیٰ ہی کی نازل کردہ تشریح سے کی ہے (صفحہ ۱۰) (۳) جو حدیث بیان کی گئی ہے وہ ضعیف تو کجا، حسن سے بھی مبرأ ہے (صفحہ ۱۰)

(۴) ہر جگہ نہیں تو کسی ایک خاص مناسب مقام پر کسی خاص مسئلے کی پوری عملی تفصیلات بیان کردی ہیں (صفحہ ۱۱) (۵) تلمیحات کا جو پہلو عبرت انگیز تھا اس کو بیان کیا ہے- "بے فائدہ باتوں کو کلیہ نظر انداز کردیا ہے-" (صفحہ ۱۱) پھر فرمایا ہے کہ یہ امتیازی اوصاف ہمارے علم کی حد تک کسی تفسیر میں نہیں تھے (صفحہ ۱۱)

---

(۱) مسعود احمد صاحب نے تفاسیر میں عمل کی تبلیغ نہ ہونے کا ذکر کیا ہے- لیکن علوم کے دریا عمل ہی کے لیے بہائے گئے ہوں گے، اپنی قابلیت جتانے کے لیے نہ ہوں گے- حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ نے (مکتوبات ۳۶/۱ میں لکھا ہے کہ شریعت کے تین جزء ہیں: علم- عمل- اخلاص- جب تک یہ تینوں اجزاء متحقق نہ ہوں، شریعت متحقق نہیں ہوتی- یعنی علم بغیر عمل کے اور عمل بغیر اخلاص کے مکمل نہیں- یا یوں سمجھیے کہ اخلاص بغیر عمل کے اور عمل بغیر علم کے لایعنی اور بے کار ہے، یعنی وہ علم بے کار ہے، جس پر عمل نہ ہو- اور وہ عمل فضول ہے جس میں اخلاص نہ ہو-

toobaafoundation.com

اس کے بعد قرآن پاک کا متن شروع ہوتا ہے- بہت جلی قلم سے ہے اور کتابت اپنے خیال کے مطابق کی گئی ہے- صفحہ ۱۵ اور صفحہ ۹۱ میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہی لکھا گیا ہے، لیکن رب العلمین اور ملک یوم الدین کو (جو عموماً عربی اور عجمی نسخوں کی کتابت ہے) بدل کر رب العالمین اور مالک یوم الدین لکھا ہے- قرآن مجید کے رموز اوقاف جو مروجہ ہیں، ان کو بالکل ترک کر دیا ہے- کہیں کہیں ان رموز کے بجائے "الثا کاما"، "استعمال کیا ہے- مثلاً صفحات ۹۲۵-۹۴۰-۹۶۵-۹۶۹-۹۷۶-۹۸۰-۱۰۱۰-۱۰۲۳-

شروع میں جہاں الحمد شریف کی تشریح شروع کی گئی ہے، پہلے شان نزول بیان کی گئی ہے- پھر سورۃ فاتحہ کی فضیلت، سورہ فاتحہ کے نام- پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ذیل میں ترجمہ- معانی و مصادر، شان نزول، اللہ، رحمٰن رحیم کے معنی بیان کیے ہیں، بسم اللہ پڑھنے کے مواقع بتائے ہیں-

الحمد للہ رب العلمین (انہوں نے العالمین لکھا ہے) کی تفسیر میں ترجمہ اس طرح لکھا ہے:-

ہر قسم کی تعریف اللہ رب العالمین کے لیے زیبا و سزاوار ہے-

معانی و مصادر اس طرح ہیں:- حمد- یحمد- حمد (س) تعریف کرنا-

رب- یرب، رب (ن) تربیت کرنا- پالنا- تدریجاً نشوونما کر کے حد کمال کو پہنچانا- زیادہ کرنا- اصلاح کرنا- مالک ہونا-

رب اگرچہ مصدر ہے لیکن عموماً اسم فاعل کی حیثیت سے استعمال ہوتا ہے-

علم- یعلم- علم (س) جاننا- علم حاصل کرنا- پہچان لینا-

عالم- کل مخلوق- جہان- عالم، فاعل کے وزن پر ہے- یہ وزن اسم آلہ کے لیے استعمال ہوتا ہے- یعنی عالم کے معنی ہیں ما یعلم بہ- یعنی وہ چیز جس کے ذریعے کسی چیز کا علم حاصل کیا جائے، چونکہ دنیا کے ذریعے خالق کائنات کا علم حاصل ہوتا ہے، لہذا دنیا کو عالم کہا جاتا ہے-

اس کے بعد تفسیر اس طرح شروع ہوتی ہے:

ہر قسم کی تعریف اللہ تبارک و تعالیٰ کے لیے ہے جو تمام مخلوقات کا مالک، پالنے والا اور تربیت و نشوونما دینے والا ہے- اللہ تبارک و تعالیٰ کے علاوہ نہ کوئی مخلوق کا مالک ہے اور نہ کوئی پالنے والا اور تربیت کرنے

toobaafoundation.com

والا- اللہ تعالیٰ میں ہر اچھی صفت ہے اور ہر صفت لامحدود و غیر مشروط ہے- اللہ تبارک و تعالیٰ عالم الغیب، قادر مطلق اور اپنے ارادے پر قادر ہے- اللہ تعالیٰ دونوں جہانوں کا واحد مالک و مختار ہے- آسمانوں اور زمین میں صرف اس کی بادشاہت ہے- اللہ تعالیٰ سب کا پیدا کرنے والا ہے- اللہ تعالیٰ کے علاوہ انسان و حیوان، جنات و فرشتے، جمادات و نباتات سب مخلوق ہیں- اللہ تعالیٰ عجز و بے بسی اور دوسرے تمام نقائص سے پاک و منزہ ہے- اللہ تعالیٰ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا- اسے کبھی فنا نہیں-

toobaafoundation.com

تفسیر ابن عباسؓ

تفسیر ابن عباسؓ مع لباب النقول فی اسباب النزول و ترجمہ قرآن مجید از مولانا اشرف علی تھانوی رحمتہ اللہ (سال طباعت درج نہیں)

(۱) (تفسیر عبداللہ بن عباس القرشی الھاشمیؓ المتوفی سنہ ۶۸ھ)

(۲) (لباب النقول از جلال الدین عبدالرحمن بن ابی بکر السیوطی رح - المتوفی سنہ ۹۱۱ھ)

مترجم مولانا عابد الرحمن کاندھلوی

(۳) (ترجمہ قرآن مجید از مولانا اشرف علی تھانوی رح)

یہ تین مبارک کتابیں ایک ساتھ ہیں۔ شائع کردہ محمد سعید اینڈ سنز۔ قرآن منزل۔ کراچی۔ سائز ۹½×۷ کل صفحات ۴۶۱

یہاں صرف سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الناس کا ترجمہ، تفسیر اور متعلقات عرض ہیں۔

سورۃ الفاتحہ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں

سب تعریفیں اللہ کو لائق ہیں جو مربی ہیں ہر ہر عالم کے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔ جو مالک ہیں روز جزا کے۔ ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور آپ ہی سے درخواست کی اعانت کرتے ہیں۔ بتلا دیجئے ہم کو رستہ سیدھا۔ رستہ ان لوگوں کا جن پر آپ نے انعام فرمایا ہے۔ نہ رستہ ان لوگوں کا جن پر آپ کا غضب کیا گیا اور نہ ان لوگوں کا جو رستہ سے گم ہو گئے۔

سورۃ فاتحہ یہ مدنی ہے یا مکی

ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ ہر قسم کے شکر اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں یعنی حق تعالیٰ اپنی مخلوق پر احسانات کرتا ہے مخلوق اس کی حمد و ثنا کرتی ہے اور کہا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ان عظیم الشان نعمتوں پر شکر ہے جو اس نے اپنے مومن بندوں پر ان کو ایمان کی ہدایت عطا فرما کر انعامات کئے ہیں اور کہا گیا ہے کہ

toobaafoundation.com

شکر وحدانیت اور الوہیت اس ذات وحدہ لاشریک کے لئے ہے جس کا کوئی مددگار اور وزیر نہیں ہے، اور وہ ہر اس ذی روح کا پروردگار ہے، جو کہ روئے زمین اور آسمان پر ہے اور کہا گیا ہے، کہ وہ جن وانس کا مالک اور سردار ہے، اور یہ بھی تفسیر کی گئی ہے کہ وہ مخلوق کو پیدا کرنے والا اور ان کو روزی دینے والا اور ایک حالت سے دوسری حالت کے ساتھ تبدیل فرمانے والا ہے۔

لفظ رحمٰن میں رقیق یعنی رحیم سے زائد رقت ورحمت ہے، اور رحیم بمعنیٰ رقیق ہے یوم الدین کا وہ قاضی ہے اور وہ روز جزا ہے جس میں مخلوقات کے درمیان فیصلہ کیا جائے گا یعنی لوگوں کو ان کے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا۔ اس دن اس کے علاوہ اور کوئی قاضی نہیں ہوگا۔

تیری ہی ہم وحدانیت بیان کرتے اور تیری ہی عبادت کرتے ہیں، اور تجھ ہی سے تیری عبادت پر، اور تیرے ان احسانات کے جن کی وجہ سے ہم تیری اطاعت وفرمانبرداری پر مستقیم رہیں طلبگار ہیں، اس دین مستقیم یعنی دین اسلام کی جانب ہماری رہبری فرما۔ اور کتاب اللہ کے ساتھ بھی اس کی تفسیر کی گئی ہے یعنی ہمیں اس کتاب کے حلال وحرام اور اس کے معانی سمجھنے کی توفیق عطا فرما۔ جس سے تو راضی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ہمیں اس دین پر ثابت قدمی عطا فرما، ان لوگوں کا دین جن پر تو نے دین عطا کر کے احسان کیا ہے اور وہ موسیٰ علیہ السلام کی قوم ہے، اور ان کا وہ وقت ہے جب تک حق تعالیٰ نے ان سے اپنی نعمتوں کو تبدیل نہیں فرمایا تھا، کہ ان پر وادی تیہ میں بادل نے سایہ کیا اور ان حضرات پر من وسلویٰ آسمان سے نازل کیا گیا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ انعام شدہ جماعت سے انبیاء کرام کی جماعت مراد ہے۔ ان یہودیوں کے دین کے طالب نہیں جن پر تو نے اپنا غصہ نازل کیا اور ان کو ذلیل ورسوا کیا اور ان کے قلوب کو مضبوط نہیں کیا تا آنکہ وہ یہودی بن گئے اور نہ ان انصاریٰ کے دین کے طلبگار ہیں جو اسلام سے بے راہ ہو گئے، اسی طرح ہماری یہ امیدیں بر آتی رہیں، اور اسی طرح ہوتا رہے یا یہ کہ ہمارے پروردگار ہم نے جو تجھ سے سوال ودرخواست کی ہے، وہ ہی ہم کو عطا فرما۔

سورۃ الناس

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں

toobaafoundation.com

آپ کہئے جس طرح کہ فلق میں گذرا کہ میں آدمیوں کے مالک آدمیوں کے بادشاہ آدمیوں کے معبود کی پناہ لیتا ہوں- وسوسہ ڈالنے پیچھے ہٹ جانے والے (شیطان) کے شر سے جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے خواہ وہ (وسوسہ ڈالنے والا جن ہو یا آدمی ہو)

سورہ الناس مکی ہے اس میں چھ آیتیں بیس کلمات ہیں- بسم اللہ الرحمن الرحیم- محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ فرمادیجئے کہ میں جن وانس کے خدا جن وانس کے مالک اور جن وانس کے خالق کی پناہ لیتا ہوں-

شیطان کے شر سے جو کہ جب انسان حق تعالیٰ کا نام لیتا ہے تو وہ اس کے دل پر غلبہ کر کے اسے چھپادیتا ہے اور جب حق تعالیٰ کو یاد نہیں کرتا تو وسوسہ ڈالتا ہے خواہ وہ انسانوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالے یا جنات کے دلوں میں-

یہ دونوں سورتیں لبید بن اعصم یہودی کے بارے میں نازل ہوئی ہیں جس نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کردیا تھا آپ نے جادو پر ان سورتوں کو پڑھا تو وہ اس طرح زائل ہوگیا جیسا کہ رسی کی گرہ کھل جاتی ہے-

(لباب النقول فی اسباب النزول)

تو ایک ایک گرہ کھل گئی-

اس کی اصلیت کے لئے بغیر سبب نزول کے ذکر کئے ہوئے صحیح میں شاھد موجود ہے اور نیز ان سورتوں کے نزول کے تذکرہ کے ساتھ شاہد موجود ہے-

اور ابو نعیم نے دلائل میں بواسطۂ ابو جعفر رازی، ربیع بن انس- حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے کہ یہودیوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا پہنچانے کے لئے کچھ حرکت کی جس سے آپ سخت علیل ہوگئے صحابہ کرام آپ کے پاس حاضر ہوئے تو سمجھے کہ آپ بیمار ہیں چنانچہ جبریل امین معوذتین لے کر آپ کے پاس آئے اور آپ نے یہ سورتیں پڑھ کر جھاڑا جس سے آپ صحیح وتندرست ہوکر اپنے صحابہ کے پاس تشریف لے آئے-

toobaafoundation.com

القرآن الحکیم

القرآن الحکیم (ترجمہ اور تفسیر) از مولانا حافظ فرمان علی۔ شائع کردہ پیر محمد ابراہیم ٹرسٹ۔ کراچی ۵ (سال اشاعت درج نہیں) سائز ساڑھے سات $\frac{1}{2}$ × ۵ صفحات ۱۰۸۹ شروع میں چند علماء کی تقریظیں ہیں اور مولانا صنفی مرحوم کی ایک نظم بھی ہے۔ پھر قرآن پاک کے مضامین کی فہرست اور سورتوں کی فہرست بھی ہے۔ ترجمہ بامحاورہ ہے۔ تفسیر مختصر لیکن جامع ہے۔ یہاں سورۃ الفاتحہ، سورۃ البقرہ (چار آیات) اور آخری دو سورتوں کا ترجمہ اور تفسیر عرض ہے۔

سورۃ الفاتحہ مکہ میں نازل ہوئی

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان رحم والا ہے

سب تعریف خدا ہی کے لئے (سزاوار) ہے جو سارے جہاں کا پالنے والا۔ بڑا مہربان رحم والا۔ (اور) روز جزا کا حاکم ہے۔ خدایا ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں۔ تو ہم کو سیدھی راہ پر ثابت قدم رکھ۔ ان کی راہ جنہیں تو نے (اپنی) نعمت عطا کی ہے۔ نہ ان کی راہ جن پر تیرا غضب ڈھایا گیا ہے اور نہ گمراہوں کی۔

سورۃ بقرہ مدینہ میں نازل ہوئی

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان رحم والا ہے

الم۔ یہ وہی کتاب (خدا) ہے (جس کا تمہیں علم ہے) اس میں (کسی قسم کے) شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔ یہ پرہیزگاروں کی رہنما ہے۔ جو غیب پر ایمان لاتے ہیں اور (پابندی سے) نماز ادا کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے راہ خدا میں خرچ کرتے ہیں۔ اور جو کچھ تم پر (اے رسول ﷺ) اور تم سے پہلے نازل کیا گیا ہے اس پر ایمان لاتے ہیں اور وہی آخرت کا بھی یقین رکھتے ہیں۔

سورۃ فلق مدینہ میں نازل ہوئی

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

toobaafoundation.com

(اے رسول) تم کہدو کہ میں صبح کے مالک کی ہر چیز کی برائی سے جو اس نے پیدا کی پناہ مانگتا ہوں اور اندھیری رات کی برائی سے جب اس کا اندھیرا چھا جائے اور گنڈوں پر پھونکنے والیوں کی برائی سے (جب پھونکے) اور حسد کرنے والے کی برائی سے جب حسد کرے

سورۃ الناس مکہ میں نازل ہوئی

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

(اے رسول) تم کہو میں لوگوں کے پروردگار، لوگوں کے بادشاہ لوگوں کے معبود کے (شیطانی) وسوسہ کی برائی سے پناہ مانگتا ہوں جو (خدا کے نام سے) پیچھے ہٹ جاتا ہے جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالا کرتا ہے جنات میں سے ہو خواہ آدمیوں میں سے۔

toobaafoundation.com

کشف الرحمٰن

ترجمہ القرآن المسمیٰ بہ کشف الرحمٰن مع تیسیر القرآن و تسہیل القرآن۔ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ۔ پاکستان چوک کراچی (سال اشاعت درج نہیں)

سائز ۱۱×۷ پہلی جلد میں ۴۸۰ صفحات ہیں۔ دوسری میں ۴۸۱ سے ۹۶۸ صفحات ہیں۔

اوپر والے صفحے میں درج ہے کہ: بین السطور ترجمہ جس کا نام کشف الرحمٰن ہے۔ سحبان الہند حضرت الحاج الحافظ مولانا احمد سعید صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے علماء کی ایک مؤقر جماعت کے مشورے سے کیا ہے اور جس کو مفتی اعظم حضرت علامہ مولانا محمد کفایت اللہ صاحب کی سرپرستی اور نگرانی حاصل ہے۔ قرآن شریف کے ترجمے اور تیسیر القرآن و تسہیل القرآن کی ترتیب وتالیف حضرت سحبان الہند کی اٹھارہ سالہ محنت اور عرق ریزی کا نتیجہ ہے۔

یہاں سورۃ الفاتحہ، سورۃ البقرۃ (چار آیات) اور سورۃ الناس کا ترجمہ اور تفسیر پیش ہے۔

سورۃ الفاتحہ

شروع اللہ کے نام سے جو بے انتہا مہربان نہایت رحم والا ہے

سب تعریفیں اس خدا کو لائق ہیں جو تمام عالموں کا رب ہے۔ جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔ جو روز جزا کا مالک ہے۔ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور ہم تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔ ہم کو سیدھی راہ چلا۔ راہ ان لوگوں کی جن پر تو نے اپنا فضل کیا ہے۔ وہ لوگ وہ ہیں جن پر نہ غضب نازل کیا گیا اور نہ وہ راہ سے بے راہ ہوئے۔

سورۃ البقرہ

شروع اللہ کے نام سے جو بے انتہا مہربان نہایت رحم والا ہے

الم۔ یہ کتاب ایسی ہے جس میں ذرا شک نہیں خدا سے ڈرنے والوں کی رہنمائی کرتی ہے۔ وہ ڈرنے والے وہ

toobaafoundation.com

ہیں جو غیب کی باتوں پر یقین لاتے ہیں اور نماز کو قائم رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں یعنی نیک کاموں میں۔ اور وہ لوگ ایسے ہیں جو اس کتاب پر جو آپ کی طرف نازل کی گئی ہے یقین رکھتے ہیں اور ان کتابوں پر بھی جو آپ سے پہلے نازل ہو چکی ہیں اور وہ لوگ آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں۔

سورۃ الناس

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اے نبی آپ یوں کہئے میں انسانوں کے مالک کی۔ انسانوں کے بادشاہ کی۔ انسانوں کے معبود کی پناہ لیتا ہوں۔ اس وسوسہ ڈالنے والے پیچھے ہٹ جانے والے کے شر سے۔ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ وہ وسوسہ انداز۔ خواہ جنوں میں سے ہو یا آدمیوں میں سے۔

toobaafoundation.com

قرآن عظیم

قرآن عظیم مع التوضیح العجیب از مولانا ابوالقاسم محمد عتیق (فرنگی محلی لکھنوی) شائع کردہ ادارہ بحر العلوم اشاعۃ القرآن کراچی سنہ ۱۹۷۰ء

سائز ۱۱×۹ کل صفحات ۶۱۶- ترجمہ بھی ہے اور مختصر تفسیر بھی ہے- زبان بہت آسان ہے- شروع میں مختلف حضرات کے تبصرے ہیں- پھر مترجم کے کوائف ہیں اور خود مترجم کا دیباچہ بھی ہے- ماشاء اللہ سرورق پر کئی نام تاریخی ہیں جن سے سنہ ۱۳۷۱ھ برآمد ہوتا ہے-

یہاں سورۃ الفاتحہ سورۃ البقرہ (۵ آیات) کا ترجمہ اور تفسیر عرض ہے-

سورۃ فاتحہ مکہ معظمہ میں نازل ہوئی اس میں سات آیتیں ہیں

شروع خدا کے نام سے جو بیحد رحم والا نہایت مہربان ہے

ساری تعریفیں خدا کے لئے (ثابت) ہیں جو جہانوں کا پالنے والا ہے- جو بیحد رحم والا نہایت مہربان ہے- جو روز جزا کا مالک ہے- تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے ہم مدد مانگتے ہیں- تو ہم کو سیدھا راستہ دکھا- ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے نعمتیں اتاری ہیں- نہ ان لوگوں کا (راستہ) جن پر غضب کیا گیا ہے اور نہ گمراہوں کا-

سورۃ بقرہ مدینہ منورہ میں نازل ہوئی اور اس میں دو سو چھیاسی آیتیں اور ۴۰ رکوع ہیں-

شروع خدا کے نام سے جو بیحد رحم والا نہایت مہربان ہے

(اس کے معنی حقیقی اللہ و رسول ہی بہتر جانتے ہیں) یہ کتاب (ایسی) ہے جس میں کوئی شک نہیں ان پرہیزگاروں کے لئے ہدایت ہے- جو بے دیکھی چیزوں پر ایمان لاتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور اس روزی میں سے جو ہم نے انہیں دی ہے خرچ کرتے ہیں- اور جو لوگ اس (کتاب) پر ایمان لاتے ہیں جو آپ کی طرف اتاری گئی اور جو آپ سے پہلے نازل کی گئی اور آخرت (کے دن) پر بھی وہ یقین رکھتے ہیں- یہی لوگ اپنے پروردگار کی جانب سے ہدایت پر ہیں اور یہی لوگ مراد پانے والے ہیں-

toobaafoundation.com

تفسیر ایّوبی

تفسیر ایّوبی (اردو مطبوعہ) از مولانا حافظ محمد ایوب دہلوی- شائع کردہ مکتبہ رازی کراچی (سال طباعت درج نہیں)

سائز: ۷×۴$\frac{۳}{۴}$-متن ۵$\frac{۳}{۴}$× ۴$\frac{۱}{۲}$- صفحات ۲۶۱-

یہ صرف اعوذ باللہ- بسم اللہ اور سورۃ الفاتحہ کی تفسیر ہے-

اعوذ باللہ کے ذیل میں لکھتے ہیں کہ: اکثر علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ الفاتحہ کی قراء سے پہلے اعوذ باللہ پڑھنا چاہیے- اس کے برعکس بعض علماء کا خیال ہے کہ پوری سورۃ الفاتحہ اور آمین پڑھنے کے بعد اعوذ پڑھنا بہتر ہے- جو علماء شروع میں اعوذ پڑھنے کے قائل ہیں ان کی دلیل یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرتے تھے تو اللہ اکبر کبیرا والحمد للہ کثیرا وسبحان اللہ بکرۃ واصیلا- تین مرتبہ پڑھتے تھے- پھر اعوذ پڑھتے تھے اور جو علماً اس کے مخالف ہیں ان کا استدلال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: فاذا قرأت القرآن فاستعذ باللہ من الشیطین الرجیم.....

اور سورۃ الفاتحہ کی تفسیر ۱۳۰ صفحات میں ہے- آخر میں آمین کے متعلق لکھتے ہیں-

آمین یا اسم فعل ہے- اللھم استجب کے معنیٰ میں یعنی اے اللہ تعالیٰ ہماری دعا قبول فرما-

یا اسم الٰہی ہے یعنی شروع اور ابتدا بھی اللہ کے نام سے ہے اور آخر بھی اللہ ہی کا نام ہے جیسا کہ فرمایا: ھوالاول والاخر.

toobaafoundation.com

تفسیر حقانی

تفسیر حقانی (مطبوعہ) از علامہ ابو محمد عبدالحق حقانی دہلوی رح

شائع کردہ نور محمد کارخانۂ تجارت کتب، آرام باغ، کراچی (سال درج نہیں) سائز ۱۰×۷ صفحات (بغیر مقدمہ) ۳۴۶۔ علامہ نے اس تفسیر کے دو بڑے فاضلانہ مقدمے بھی لکھے ہیں جو مقبول و مشہور ہیں۔

سرورق پر اس طرح تعارف ہے: "اس تفسیر میں جُملہ مذاہب کے حالات، مخالفینِ اسلام کے اعتراضات کے مُدلل جوابات، مصطلحات و نکاتِ قرآنی، فقہی مسائل کا استنباط، ترکیب نحوی و شان نزول، قصص و واقعات اُممِ سابقہ وغیرہ جُملہ فوائد ضروریہ پر علمی و تحقیقی مباحث ہیں۔"

یہاں سورۃ الفاتحہ اور پھر سورۃ الناس کی تفسیر اور فوائد عرض ہیں:

سورۂ فاتحہ

یہ سورۃ مکیہ ہے یعنی آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام پر مکہ میں سورۂ اقرأ، نون، مزمل اور مدثر کے بعد نازل ہوئی تھی۔ نزول میں گو موخر ہے مگر قرآن مجید میں سب سے اوّل یہ سورۃ ہے اور اسی سے قرآن شروع ہوتا ہے۔ اور اسی لئے اس کو فاتحہ کہتے ہیں۔ اس کا نام بھی آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے روبرو قرار پاکر صحابہؓ میں مشہور و معروف تھا۔ گو اس کے اور بھی نام ہیں جیسا کہ سورہ شفاء کہ اس کی تاثیر سے روحانی اور جسمانی شفاء حاصل ہوتی ہے۔ اور ام القرآن کہ یہ تمام قرآن کی اصل ہے اور سب علوم قرآن اس میں جمع ہیں اور تعلیم المسئلہ کہ اس میں خدا تعالیٰ نے بندوں کو سوال کرنا سکھایا اور آداب دعاء کو بتلایا ہے۔ اور سبع المثانی کہ اس کی سات آیات ہیں اور ہر نماز میں دو بار پڑھی جاتی ہے۔ لیکن الحمد تو اس کا (اس لیے کہ اس میں خدا تعالیٰ کی حمد ہے) مشہور نام بین العوام ہے اور اسی طرح کافیہ اور کنز اور اساس وغیرہ بلحاظ صفات اور بھی نام ہیں کہ جن سے اس سورۃ کی فضیلت اور عظمت ثابت ہوتی ہے۔

شان نزول

کتاب دلائل میں بیہقی نے اور واحدی نے (بطریقِ یونس بن بکیر عن یونس بن عمرو عن ابی میسرۃ

toobaafoundation.com

عمرو بن شرحبیل) یہ روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا کہ جب میں تخلیہ میں ہوتا ہوں تو غیب سے آواز سنتا ہوں جس سے مجھ کو ایک دہشت معلوم ہوتی ہے۔ حضرت خدیجہؓ نے سن کر عرض کیا کہ آپ ابوبکرؓ کو ساتھ لے کر ورقہ کے پاس جائیے اور اس واقعہ کو بیان کیجئے۔ چنانچہ حضرت ان کے پاس تشریف لے گئے۔ انہوں نے عرض کیا کہ یا حضرت جب وہ ہاتف غیب آپ ﷺ کو پھر اسی طرح سے یا محمد ﷺ یا محمد ﷺ کہہ کے پکارے تو آپ ﷺ ٹھہر کر اس کی بات سنیے وہ کیا کہتا ہے؟ پس آپ ﷺ نے ایسا ہی کیا کہ جب آواز آئی تو آپ ﷺ نے کہا لبیک۔ اس نے کہا کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الحمد للہ رب العلمین الخ اتقان، اور اسی کے قریب قریب مولانا یعقوب چرخی نے حضرت علیؓ، وابن عباسؓ سے روایت کیا ہے۔ اگرچہ روایات خبر احاد ہیں، مگر بر تقدیر ثبوت یہاں ایک بات قابلِ غور ہے وہ یہ کہ جب اقرا، مزمل، اور مدثر نازل ہو چکی تھی تو پھر آپ ﷺ کو آوازِ جبریل علیہ السلام سے دہشت کیوں معلوم ہوئی؟ اور آپ ﷺ اس واقعہ کو ورقہ کے پاس کیوں لے گئے کیا خود نہ جان سکے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ گو آپ ﷺ نبی تھے اور تزکیہ نفس میں تمام نفوسِ قدسیہ کے سرتاج۔ مگر انسانیت کے جامہ میں تھے جس کا ایک جزو بہیمیت ہے اور جب بہیمیت پر ملکیت کا اثر قوی ہوتا ہے تو اس پر اس فعل وانفعال سے ایک تشویش پیدا ہوتی ہے کہ جس کو گھبراہٹ یا خوف کہتے ہیں اور اسی لیے ایک بار یا دو بار یہ بات آپ ﷺ کو ابتدائے نزول وحی میں بھی پیش آئی پھر نہیں۔ اور ایسی حالت میں انسان کا مقتضیٰ طبعی یہ ہوتا ہے کہ کسی دانشمند ہمجنس سے مل کر اُنس پیدا کرے۔ سو ورقہ چونکہ اہل کتاب اور ذی علم اور صاحب شعور تھے اس لیے ان کے پاس جانے کا اتفاق ہوا کچھ تعلیم و تعلم کے طور پر نہ گئے تھے۔ اور نہ مرید ہو کر تلقین پانے اور فیض اٹھانے کے لئے جیسا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام حضرت یوحنا کے پاس مرید ہونے اور اصطباغ پانے گئے تھے جیسا کہ انجیل متی کے ۳ باب میں ہے اور اس یہودہ وسواس کا جواب کہ (جبرئیل علیہ السلام کوئی چیز نہیں ہے اور یہ آواز خیالی مجنون کے تخیلات کے مشابہ تھی) ہم مقدمہ کتاب میں دے چکے ہیں۔

toobaafoundation.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم شروع اللہ تعالیٰ کے نام سے کہ جو نہایت رحم والا بڑا مہربان ہے۔ یہ تو سب علماء کے نزدیک متفق علیہ ہے کہ اس سورۂ فاتحہ کی سات آیتیں (جملے) ہیں، مگر اس میں اختلاف ہے کہ آیا بسم اللہ بھی ان میں داخل ہے کہ مجموعہ کا نام سورۂ فاتحہ رکھا جائے یا بسم اللہ کو (کہ قرآن مجید کا جزو اور بلاشبہ کلام الٰہی ہے) اس سورۃ کے اول بلکہ سب سورتوں کے اول میں اس لیے لکھ دیا ہے کہ اس سے دوسری سورۃ میں فرق ہوجائے اور اس سے سورۃ کا ابتداء کرنا باعث تبرک سمجھا جائے۔ پس مدینہ اور بصرہ اور شام کے قاریوں اور فقہاء کا یہی قول ہے اور امام ابوحنیفہ کا بھی یہی مذہب ہے کہ بسم اللہ جزو سورۃ نہیں۔ محض فضل اور تبرک کے لیے لکھی گئی ہے۔ اور یہی بات قوی ہے۔ کیونکہ بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکرؓ و عمرؓ نماز کو الحمد للہ رب العالمین سے شروع کرتے تھے۔ اور اسی طرح طبرانی اور ابن خزیمہ اور ابوداؤد وغیرھم محدثین کی روایات سے ثابت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں بسم اللہ کو آہستہ پڑھتے تھے اور الحمد للہ رب العالمین کو پکار کر پس جب یہ ہے تو بسم اللہ الحمد کا جزو نہیں ہے کیونکہ سورۃ میں سے ایک جزو کا خفیہ پڑھنا کوئی وجہ نہیں رکھتا۔ اگر یہ جزو ہوتی تو اس کو بھی پکار کر پڑھتے اور مکہ کے اور کوفہ کے قاری اس کو جزو الحمد سمجھتے ہیں اور امام شافعی رح اور امام عبداللہ بن مبارک رح کا بھی یہی مذہب ہے۔ اور اسی لیے یہ لوگ اس کو نماز میں پکار کر پڑھتے ہیں اور ان کے پاس بھی دلائل ہیں مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے اربعہؓ نے اس بارے میں کسی بات کی صراحت نہیں کی۔ دونوں فریق اپنی اپنی رائے سے اپنے مذاہب کو احادیث سے ثابت کرتے ہیں پھر جو اس کو جزو الحمد کہتے ہیں اُن کے دو قول ہیں۔ بعض کی یہ رائے ہے کہ یہ آیت پوری ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ آیت کا ٹکڑا ہے بلکہ اگلا جملہ مل کر ایک آیت ہوتی ہے۔ پس جن کے نزدیک بسم اللہ بھی ایک آیت پوری ہے تو ان کے نزدیک صراط الذین انعمت علیھم غیرالمغضوب علیھم ولا الضالین ایک آیت ہے اور جن کے نزدیک نہیں تو وہ صراط الذین انعمت علیھم کو ایک آیت اور غیرالمغضوب علیھم ولا الضالین کو دوسری آیت کہتے ہیں۔ واللہ اعلم

toobaafoundation.com

سورۃ ناس مدینہ میں نازل ہوئی، اس میں چھے آیات ہیں

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اے نبی یوں کہا کرو کہ میں پناہ مانگتا ہوں لوگوں کے رب کی۔ لوگوں کے بادشاہ کی۔ لوگوں کے معبود کی۔ اس خطرہ ڈالنے والے پیچھے ہٹ جانے والے کی بدی سے۔ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ وہ جنوں میں سے ہو یا آدمیوں میں سے ہو۔

ترکیب

قل اعوذ قرء الجمهور بالهمزة وقرئ بحذفها و نقل حركتها الى للام برب الناس متعلق باعوذ ملک الناس عطف بيان لرب الناس قرا الجمهور ملک الناس باسقاط الالف فی ملک والملک بكسر للام السلطان القاهر اله الناس ايضًا عطف بيان من شرالوسواس متعلق باعوذ وهو المستعاذ منه. الوسواس بفتح الواؤ عندالفراء اسم بمعنیٰ الموسوس وبكسر ها مصدر ای الوسوسة كالزلزال بمعنیٰ الزلزلة والوسوسة حديث النفس يقال وسوست اليه نفسه وسوسة ای حدثته حديثا واصلها الصوت الخفی ومنه الوسواس للصوت الجلی. الخناس نعت له مبالغة من الخنس وهو التاخر خنس يخنس اذا تأخر ومنه قوله تعالیٰ فلا اقسم بالخنس. قال مجاهد اذا ذكرالله خنس ای تأخر الشيطان واذا لم يذكر تقدم الذی الخ . الجملة فی محل الجهر على الصفة للخناس اوفی محل الرفع بتقدير هو اوفی محل النصب علیٰ الذم من الجنة والناس بيان للخناس او الوسواس وقيل متعلق بيوسوس فی صدورهم من جهة الجن والانس وقيل بدل من شرها عادة الجار وقيل حال من الضمير فی يوسوس ای يوسوس وهو من الجن والناس والجنة والجن بالكسر بمعنیٰ واحد. فی الصراح جن بالكسر پری. وهو خلاف الانس. الواحد منه جنی بكسرتين جنة بالكسر پریاں. قوله تعالیٰ من الجنة

toobaafoundation.com

والناس وديوانگی قوله تعالیٰ ام به جنة فالاسم والمصدر على صورة واحدة. انتهى ملخصا والناس اصله عند سيبويه اناس فحذفت فاؤه، وعند غيره لم يحذف منه شئ واصله نوس اذا لتصغير نويس والواحد منه الناسی.

تفسیر

مقام نزول وشان نزول: یہ سورت بھی جمہور کے نزدیک مدینہ میں نازل ہوئی۔ مگر بعض کہتے ہیں کہ یہ مکہ میں نازل ہوئی اس میں وہی گفتگو ہے جو سورۃ فلق میں تھی۔ اس کا شان نزول اور ربط وہی ہے جو سورۃ قل اعوذ برب الفلق میں بیان کر آئے ہیں۔ اس میں چھے آیات ہیں۔

ربط: خلاصہ اس ربط کا یہ ہے کہ اس سورت میں ان شروں سے پناہ مانگنے کا ذکر ہے جو خاص انسان کے قلب پر پہنچتے ہیں اور ایمان کے زائل کرنے میں ان کو بڑا دخل ہے۔ خصوصاً عام ایمان داروں کے لیے جس کی تفصیل یہ ہے کہ انسان کی تین حالت ہیں۔

اول طفولیت کا زمانہ جس کو عقل ہیولانی کا وقت کہتے ہیں۔ اس وقت تو حضرت انسان کو اعضائے جسمانی کے کمزور ہونے کے سبب بدیہیات بھی معلوم نہیں ہوتے۔ ماں باپ کو بھی نہیں پہچان سکتے۔ وہاں تو محض تربیت ہی تربیت ہوتی ہے جس کا متکفل وہ خداوند تعالیٰ ہے اور وہ اپنی شان ربوبیت کا کس کس طرح سے جلوہ دکھاتا ہے۔ ماں کی چھاتیوں میں دودھ پیدا کرتا ہے اور اس نادان محض کی جبلت میں دودھ کو چوسنا القاء کرتا ہے، ایسے زمانہ کے لحاظ سے قل اعوذ برب الناس ارشاد فرمایا اور پناہ مانگنے میں اپنی اس قدیم ربوبیت کو یاد دلایا جس سے کوئی آدمی بھی محروم نہیں۔

پھر اس کے بعد نشوونما شروع ہوتے ہوتے اس مرتبہ پر پہنچتا ہے کہ بدیہیات کا علم حاصل ہوجاتا ہے اور بدیہیات کو ترتیب دے کر نامعلوم چیزوں کو فکر و نظر سے حاصل کرنے لگتا ہے۔ اب ایک تو یہ علمی زور حاصل ہوا، دوسرے بدن کا زور، اٹھتی جوانی کا نشوونما، لذات و شہوات کی رغبت، اس کے اوپر بادشاہی کا رنگ جمادیتی ہے، اپنی ترنگ میں کسی کو خاطر میں ہی نہیں لاتا، شاہانہ مزاج پیدا ہوگیا، نہ آخرت

toobaafoundation.com

کی فکر، نہ کوئی مال اندیشی اس زمانہ کی آفات اور شر بھی ایسے ہیں کہ الٰہی توبہ۔ اس زمانہ کے لحاظ سے پناہ مانگنے میں ملک الناس ارشاد فرمایا کہ تو کیا ہے اور تیرا زور و علم کیا ہے، شاہنشاہ مطلق ہم ہیں۔ ہمارے دیے ہوئے قویٰ کے لشکروں پر تو کیا غرور کرتا ہے، ہم جب چاہیں اپنے لشکروں کو تجھ سے لے سکتے ہیں اور دوسرے لشکر بھیج کر تجھے پامال کر سکتے ہیں، تو اپنے زور پر گھمنڈ نہ کر بلکہ تمام انسانوں کے بادشاہ سے جو بڑا زور آور ہے پناہ مانگ۔

پھر اس کے بعد جب جوانی کا خمار ٹوٹتا ہے تو اس کو اِدھر اُدھر کی بھی سوجھتی ہے، جیسا کہ سورۃ احقاف میں فطرت انسانی کے اس زمانے کا نقشہ کھینچا ہے، وبلغ اربعین سنة قال رب اوزعنی ان اشکر نعمتک التی انعمت علی وعلیٰ والدی وان اعمل صالحا ترضه واصلح لی فی ذریتی انی تبت الیک وانی من المسلمین کہ جب وہ چالیس برس کو پہنچتا ہے تو کہنے لگتا ہے کہ اے میرے رب مجھے توفیق دے کہ میں تیری ان نعمتوں کا جو مجھ پر اور میرے ماں باپ پر مبذول ہوئی ہیں شکر کروں اور وہ عمدہ کام کروں جو تجھے پسند آئیں، میں نے تیری طرف رجوع کیا اور میں تیرے فرماں برداروں میں سے ہوں۔ اور معلومات کا بھی ایک بڑا ذخیرہ اس کے سینہ میں جمع ہوا اور جو کمال اس میں ودیعت رکھے تھے اور جن کا تخم اس کی استعداد کی زمین میں ڈالا گیا تھا اب وہ سب باہر آگیا اور اس کو حکماء کے نزدیک عقل بالفعل کا مرتبہ اور کمال کا مرتبہ کہتے ہیں۔ اب اس پر شان الوہیت آشکارا ہوئی۔ اس مرتبہ کمال کے لحاظ سے یہ جملہ ارشاد فرمایا الہ الناس کہ لوگوں کے معبود سے جس میں جملہ کمالات اور تمام صفات کاملہ موجود ہیں اور تیرا یہ کمال اس کے کمال کے آگے کچھ بھی نہیں، پناہ مانگ۔

اب اپنے ان تینوں اوصاف کاملہ کو (جو انسان کی عمر کے تینوں حصوں کے مناسب تھے اور اسی لیے ربوبیت، ملکیت، الوھیت کو الناس کی طرف مضاف کیا ہے) بیان فرما کر یہ ارشاد فرماتا ہے کہ ہم کس سے پناہ مانگنے کو کہتے ہیں اور وہ کیا ہے جن سے پناہ مانگنی چاہیے وہ کون سا شر ہے؟ پھر آپ ہی بتلاتا ہے من شر الوسواس کہ وسوسہ ڈالنے والے کی برائی سے۔ وسواس بفتح واؤ کے معنیٰ ہیں وسوسہ اور خطرہ (خیال) ڈالنے والا اور بکسرہ واؤ کے معنیٰ ہیں خطرہ (خیال) اور وسوسہ۔

toobaafoundation.com

اثر زبیری لکھنوی نے یہ منظوم ترجمہ لکھنؤ میں سنہ ۱۹۴۳ء میں شروع کیا تھا اور سنہ ۱۹۶۲ء میں مکمل کر لیا تھا۔ لیکن پھر نظر ثانی کی اور اپنی نگرانی میں کراچی میں اس کی کتابت کی تکمیل سنہ ۱۹۷۴ء میں کرائی۔ فیروز سنز کراچی نے اس کی طباعت کرائی اور اعجاز پبلشرز کراچی نے اسے شایع کیا۔ سائز ۱۰×۷ اس میں جملہ صفحات مع مقدمہ وغیرہ ۱۵۵۰ ہیں اور جملہ اشعار ۱۰۱۸۰ ہیں۔ اس پر کئی علماء کی تقریظیں ہیں۔ مولانا سلیم اللہ صاحب (جامع فاروقیہ۔ ڈرگ روڈ کراچی) نے اس ترجمے کی روانی، لطافت اور کمال احتیاط کی بہت تعریف کی ہے۔

سورة الاخلاص

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خدا کے نام سے آغاز کرتا ہوں کہ وہ "آقا" ۔ بڑا ہی مہربان ہے اور نہایت مرحمت والا

قل ھو اللہ احد ① اللہ الصمد ② لم یلد ولم یولد ③

یہ کہ دیجیے کہ یکتا اور بے پرواہ وہ مولا ہے ۔ نہ اولاد اس کے ہے کوئی نہ وہ بیٹا کسی کا ہے

ولم یکن لہ کفوا احد ۴

اور اس کا کوئی ہمسر بھی نہیں ہے "بزم ہستی میں"

سورة الفلق مدنیة

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خدا کے نام سے آغاز کرتا ہوں کہ وہ "آقا" ۔ بڑا ہی مہربان ہے اور نہایت مرحمت والا

قل اعوذ برب الفلق ۱

یہ کہئے مانگتا ہوں میں امان اس "ذات یزداں" کی۔ کہ جو خالق ہے ہنگام سحر کے نور تاباں کی

من شر ما خلق ۲ ومن شر غاسق

مضرت سے ان اشیا کی جنہیں پیدا کیا اس نے ۔ اور اس تاریکیاں پھیلانے والی رات کی شر سے

toobaafoundation.com

اذا وقب ۳

مسلط جب کہ وہ ہوجائے "کل اکناف عالم پر"

ومن شر النفثت فی العقد ۴

اور ان سب سحر کرنی والیوں کی بھی شرارت سے - کہ جو گنڈوں میں منتر پھونکنے والی ہیں پڑھ پڑھ کے

ومن شر حاسد اذا حسد ۵

اور "ان کے ماسوا" اس وقت حاسد کی شرارت سے - وہ مصروف حسد جس وقت ہو "اپنی عداوت سے"

سورة الناس مدنية

بسم الله الرحمٰن الرحيم

خدا کے نام سے آغاز کرتا ہوں کہ وہ "آقا" - بڑا ہی مہربان ہے اور نہایت مرحمت والا

قل اعوذ برب الناس ۱ ملک الناس ۲ اله الناس ۳

یہ کہئے مانگتا ہوں میں امان اس "ذات یزداں" کی - جو رب ہے جو ملک ہے جو کہ ہے معبود انسان کی

من شر الوسواس الخناس ۴ الذی یوسوس فی صدور الناس ۵

بدی سکھلا کے پیچھے ہٹنے والے کی شرارت سے - کیا کرتا ہے پیدا وسوسے جو دل میں انسان کے

من الجنة والناس ۶

وہ شیطان خواہ "قوم" جن سے ہو یا نوعِ انسان سے -

toobaafoundation.com

تفسیر ابن کثیر رح (مترجم)

تفسیر ابن کثیر رح (مطبوعہ۔ اردو ترجمہ) اصل متن از امام حافظ عمادالدین ابن کثیر رح۔ شائع کردہ نور محمد کارخانۂ تجارت۔ کراچی (سالِ طباعت درج نہیں)

سائز ۱۰×۷½۔ متن کا سائز ۶×۸¼۔ چھے چھے پاروں کی پانچ جلدیں ہیں۔

اردو ترجمہ علامہ محمد میمن جوناگڑھی رح۔

پہلی جلد کے شروع میں مولانا عبدالرشید نعمانی کا مقدمہ ۹۰ صفحات میں ہے جس میں حافظ ابن کثیر رح کے حالات اور ان کی تصنیفات کی تفصیل ہے۔ پھر قرآن مجید کی سورتوں کی فہرست ہے۔ ہر پارے کے ترجمے اور تفسیر سے پہلے اس پارے کے اہم مضامین کی فہرست درج ہے۔ کہا جاتا ہے کہ قرآن کریم کو سب سے زیادہ بطریقِ سلفِ صالحین سمجھانے والی یہی تفسیر ہے۔

یہ تفسیر اس طرح (ترجمہ) شروع ہوتی ہے:۔

تمام تعریفیں اس خدا کے لیے ہیں جس نے اپنی کتاب کو حمد کے ساتھ شروع کیا اور فرمایا: الحمدللّٰہ رب العٰلمین الرحمٰن الرحیم ملٰک یوم الدین اور جگہ فرمایا الحمد للّٰہ الذی انزل علیٰ عبدہ الکتٰب الخ - یعنی سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہی ہے جس نے اپنے بندے پر قرآن کریم نازل کیا۔ جس میں کوئی کجی نہیں، جو ہمیشہ دین کو قائم رکھنے والا ہے تاکہ اللہ تعالیٰ کے سخت عذاب سے اللہ کا پیغمبر ﷺ لوگوں کو خبردار کردے اور جو لوگ ایمان لاکر نیک اعمال کرتے ہیں انہیں ان کے بہترین اور ہمیشگی والے بدلے کی خوشخبری سنادے اور جو لوگ اپنے جاہل باپ دادا کی سُنی سُنائی باتوں پر خدا کی اولاد مانتے ہیں انہیں بھی چوکنا کردے کہ یہ بہت بڑی جسارت اور محض جھوٹی بات ہے جو ان کی زبان سے نکل رہی ہے۔ اے نبی ﷺ، تم ان کے پیچھے اپنی جان میں گھن نہ لگاؤ۔۔۔۔۔ اس طرح (لمبی تمہید ہے) پھر سورۃ فاتحہ کی تفسیر کا مقدمہ ہے اور پھر اصل تفسیر (سورۃ فاتحہ کی) شروع کی

toobaafoundation.com

ہے۔اس طرح صرف سورۃ الفاتحہ کے لیے بڑے سائز کے ۱۴ صفحات ہیں۔

قرآن پاک کی آخری سورہ کی تفسیر اس طرح ہے:۔

اس میں اللہ عزوجل کی تین صفتیں بیان ہوئی ہیں، پالنے اور پرورش کرنے کی، مالک اور شہنشاہ ہونے کی، معبود اور لائق عبادت ہونے کی، تمام چیزیں اسی کی پیدا کی ہوئی ہیں اور اسی کی ملکیت میں ہیں اور اسی کی غلامی میں مشغول ہیں، پس وہ حکم دیتا ہے کہ ان پاک اور برتر صفات والے خدا کی پناہ میں آجائے، جو بھی پناہ اور بچاؤ کا طالب ہو۔ شیطان جو انسان پر مقرر ہے اس کے وساوس سے بچانے والا ہے، ہر انسان کے ساتھ یہ ہے۔ برائیوں اور بدکاریوں کو خوب زینت دار کر کے لوگوں کے سامنے وہ پیش کرتا رہتا ہے، اور بہکانے میں، راہ راست سے ہٹا دینے میں کوئی کمی نہیں کرتا، اس کے شر سے وہی محفوظ رہ سکتا ہے جسے خدا بچالے۔ صحیح حدیث شریف میں ہے کہ تم میں سے ہر شخص کے ساتھ ایک شیطان ہے، لوگوں نے عرض کیا کیا آپ ﷺ کی ساتھ بھی؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں، لیکن اللہ تعالیٰ نے اس پر میری مدد فرمائی ہے، اس سے میں سلامت رہتا ہوں، وہ مجھے صرف نیکی اور اچھائی کی بات ہی کہتا ہے۔ بخاری و مسلم کی اور حدیث میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زبانی ایک واقعہ منقول ہے جس میں بیان ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب اعتکاف میں تھے تو ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ ﷺ کے پاس رات کے وقت آئیں، جب واپس جانے لگیں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی پہنچانے کے لیے ساتھ چلے، راستے میں دو انصاری صحابیؓ مل گئے، جو آپ ﷺ کو بی بی صاحبہؓ کے ساتھ دیکھ کر جلدی چل دیئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں آواز دے کر ٹھہرایا اور فرمایا سنو! میرے ساتھ میری بیوی صفیہ بنت حیی (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) ہیں۔ انہوں نے کہا سبحان اللہ یارسول اللہ! اس فرمان کی ضرورت ہی کیا تھی؟ آپ ﷺ نے فرمایا انسان کے خون کے جاری ہونے کی جگہ میں شیطان گھومتا پھرتا رہتا ہے، مجھے خیال ہوا کہ کہیں تمہارے دلوں میں وہ کوئی بدگمانی نہ ڈال دے۔ حافظ ابویعلیٰ موصلی رحمتہ اللہ علیہ نے ایک حدیث وارد کی ہے جس میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ شیطان اپنا ہاتھ انسان کے دل پر

toobaafoundation.com

رکھے ہوئے ہے، اگر یہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے تب تو اس کا ہاتھ ہٹ جاتا ہے، اور اگر یہ ذکر اللہ بھول جاتا ہے تو وہ اس کے دل پر پورا قبضہ کر لیتا ہے، یہی وسواس الخناس ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ مسند احمد میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گدھے پر سوار ہو کر کہیں تشریف لے جا رہے تھے، ایک صحابیؓ آپ ﷺ کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے، گدھے نے ٹھوکر کھائی تو ان کے منہ سے نکلا شیطان برباد ہو۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یوں نہ کہو اس سے شیطان بڑھ جاتا ہے اور کہتا ہے کہ میں نے اپنی قوت سے گرا دیا، اور جب تم بسم اللہ کہو تو وہ گھٹ جاتا ہے، یہاں تک کہ مکھی کے برابر ہو جاتا ہے۔ اس سے ثابت ہوا کہ ذکر اللہ سے شیطان پست اور مغلوب ہو جاتا ہے، اور اس کے چھوڑ دینے سے وہ بڑا ہو جاتا ہے اور غالب آ جاتا ہے۔ مسند احمد میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جب تم میں سے کوئی مسجد میں ہوتا ہے اس کے پاس شیطان آتا ہے اور اسے تھپکتا اور بہلاتا ہے، جیسے کوئی شخص اپنے جانور کو بہلاتا ہو، پھر اگر وہ خاموش رہا تو وہ ناک میں نکیل یا مُنہ میں لگام چڑھا دیتا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ حدیث بیان فرما کر فرمایا کہ تم خود اسے دیکھتے ہو نکیل والا تو وہ ہے جو ایک طرف جھکا کھڑا ہو اور اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کرتا ہو، اور لگام والا وہ ہے جو مُنہ کھولے ہوئے ہو اور اللہ کا ذکر نہ کرتا ہو۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ شیطان ابن آدم کے دل پر چنگل مارے ہوئے ہے، جہاں یہ بھولا اور غفلت کی اس نے وسوسے ڈالنے شروع کئے، اور جہاں اس نے ذکر اللہ کیا اور یہ پیچھے ہٹا۔ سلیمان فرماتے ہیں مجھ سے یہ بیان کیا گیا ہے کہ شیطان راحت و رنج کے وقت انسان کے دل میں سوراخ کرنا چاہتا ہے، یعنی اسے بہکانا چاہتا ہے، اگر یہ خدا کا ذکر کرے تو یہ بھاگ کھڑا ہوتا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ بھی مروی ہے کہ شیطان بُرائی سکھاتا ہے جہاں انسان نے اُس کی مان لی پھر ہٹ جاتا ہے۔ پھر فرمایا جو وسوسے ڈالتا ہے لوگوں کے سینے میں۔ لفظ ناس جو انسان کے معنی میں ہے اس کا اطلاق جنّوں پر بھی بطور غلبہ کے آ جاتا ہے۔ قرآن شریف میں اور جگہ برجال من الجن کہا گیا ہے، تو جنات کو لفظ ناس میں داخل کر لینے میں کوئی قباحت نہیں۔ غرض یہ

toobaafoundation.com

ہے کہ شیطان جنات کے اور انسان کے سینے میں وسوسے ڈالتا رہتا ہے۔ اس کے بعد کے جملے من الجنۃ والناس کا ایک مطلب تو یہ ہے کہ جن کے سینوں میں شیطان وسوسے ڈالتا ہے وہ جن بھی ہیں اور انسان بھی، اور دوسرا مطلب یہ ہے کہ وہ وسواس ڈالنے والا خواہ کوئی جن ہو یا کوئی انسان، جیسے اور جگہ ہے وکذلک جعلنا لکل نبی عدوا شیاطین الانس والجن یوحی بعضھم الی بعض زخرف القول غرورا یعنی اسی طرح ہم نے ہر نبی کے دشمن انسانی اور جناتی شیطان بنائے ہیں، ایک دوسرے کے کان میں دھوکے کی باتیں بنا سنوار کر ڈالتے رہتے ہیں۔ مسند احمد میں ہے کہ حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مسجد میں آیا اور بیٹھ گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا نماز بھی پڑھی؟ میں نے کہا نہیں۔ فرمایا کھڑے ہو جاؤ اور دو رکعتیں ادا کر لو۔ میں اٹھا اور دو رکعتیں پڑھ کر بیٹھ گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اے ابوذر! اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگو انسان شیطانوں اور جن شیطان سے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا انسانی شیطان بھی ہوتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں۔ میں نے کہا یا رسول اللہ! نماز کیسی چیز ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا بہترین چیز ہے، جو چاہے کم کرے جو چاہے زیادتی کرے۔ میں نے عرض کیا روزہ؟ فرمایا کافی ہونے والا فرض ہے اور خدا تعالیٰ کے پاس زیادتی ہے۔ میں نے پوچھا صدقہ؟ حضور (صلی اللہ علیہ سلم) نے فرمایا بہت ہی بڑھا چڑھا کر کئی کئی گنا کر کے بدلہ دیا جائے گا۔ میں نے پھر عرض کی حضور! کونسا صدقہ افضل ہے؟ فرمایا باوجود مال کی کمی کے صدقہ کرنا یا چپکے سے چھپا کر کسی مسکین فقیر کے ساتھ سلوک کرنا۔ میں نے سوال کیا حضور! سب سے پہلے نبی کون تھے؟ آپ نے فرمایا کہ (حضرت آدم علیہ السلام) میں نے کہا کیا وہ نبی تھے؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں نبی اور وہ بھی وہ جن سے خدائے تعالیٰ نے بات چیت کی۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! رسول کتنے ہوئے؟ فرمایا تین سو کچھ اوپر دس بہت بڑی جماعت، اور کبھی فرمایا تین سو پندرہ۔ میں نے کہا یا رسول اللہ! جو کچھ آپ ﷺ پر نازل کیا گیا ان میں سے سب سے بڑی عظمت والی آیت کونسی ہے؟ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) نے ارشاد فرمایا آیتہ الکرسی اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم یہ حدیث

toobaafoundation.com

نسائی میں بھی ہے، اور ابوحاتم ابن حبان کی "صحیح ابن حبان" میں تو دوسری سند سے دوسرے الفاظ کے ساتھ، یہ حدیث بہت بڑی ہے، واللہ اعلم۔ مسند احمد کی ایک اور حدیث شریف میں ہے کہ ایک شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ یارسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) میرے دل میں تو ایسے ایسے خیالات آتے ہیں کہ ان کا زبان سے نکالنا مجھ پر آسمان پر سے گر پڑنے سے بھی زیادہ برا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ اکبر، اللہ اکبر اللہ تعالیٰ ہی کے لیے حمد وثنا ہے، جس نے شیطان کے مکروفریب کو وسوسے میں ہی لوٹا دیا۔ یہ حدیث ابوداؤد اور نسائی میں بھی ہے۔

toobaafoundation.com

قرآن مجید ترجمہ اردو- گجراتی

قرآن مجید (مطبوعہ)- بامحاورہ ترجمہ اردو اور گجراتی زبانوں میں-
اس کا دوسرا نام مرج البحرین ہے- مولانا محمد سلیم الدین شمسی نے ترجمہ کیا ہے- مکتبہ رومی- کراچی سے شایع ہوا-
سائز ۱۱×۹- دو جلدوں میں - پہلی جلد میں ۴۳۱ صفحات ہیں- دوسری جلد میں ۴۳۲ سے ۹۰۸ تک صفحات ہیں- ہر سورۃ کے شروع میں اس کا تعارف ہے- اور ہر رکوع کا اردو میں علحدہ علحدہ خلاصہ بھی ہے- (سال درج نہیں ہے)
سورۃ فاتحہ- البقرہ کی ابتدائی آیات اور آخر کی تین سورتوں (اخلاص- فلق- ناس) کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے:

سورۂ فاتحہ مکی ہے اور اس میں سات آیتیں ہیں

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو سارے جہان کا پالنے والا ① بے حد مہربان، نہایت رحم والا ② روزِ جزا کا مالک ہے ③ ہم تیری ہی بندگی کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں ④ ہم کو سیدھی راہ بتلا ⑤ ان لوگوں کی راہ جن پر تو نے فضل فرمایا نہ ان لوگوں کا راستہ جن پر تیرا غضب ہوا اور نہ ان لوگوں کا جو گمراہ ہوئے ⑦

سورۃ البقرۃ- مدنی- آیات ۲۸۶- رکوع ۴۰

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے ○

الف، لام، میم ① یہ کتاب ایسی ہے جس میں کوئی شک نہیں، خدا سے ڈرنے والوں کو راہ بتلاتی ہے ② (خدا سے ڈرنے والے وہ لوگ ایسے ہیں) جو بے دیکھی چیزوں پر یقین کرتے ہیں اور نماز کو قائم رکھتے ہیں اور جو روزی ہم نے ان کو دی ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں ③ (اور وہ لوگ ایسے ہیں) جو یقین

toobaafoundation.com

رکھتے ہیں اس پر جو آپ کی طرف نازل کیا گیا اور اس پر بھی جو کچھ آپ سے پہلے نازل کیا گیا اور آخرت پر بھی وہ لوگ یقین رکھتے ہیں ④ وہی لوگ اپنے پرودگار کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی لوگ مراد کو پہنچنے والے ہیں ⑤

سورۂ اخلاص، مکی، آیات ۴

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے ○

(اے رسول) آپ کہہ دیجئے وہ اللہ ایک ہے ① اللہ بے نیاز ہے ② وہ نہ کسی کا باپ ہے اور نہ کسی کا بیٹا ③ اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے ④

سورۂ فلق، مدنی، آیات ۵

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے ○

(اے رسول) آپ کہیے کہ میں صبح کے رب کی پناہ لیتا ہوں ① تمام مخلوقات کے شر سے ② اور اندھیری رات کے شر سے جب اس کا اندھیرا چھا جائے ③ اور گرہوں میں پھونک مارنے والیوں کے شر سے ④ اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرنے لگے ⑤

سورۂ ناس، مدنی- آیات ۶

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے ○

(اے رسول) آپ کہیے کہ میں لوگوں کے رب کی پناہ لیتا ہوں ① لوگوں کے حقیقی بادشاہ کی ② لوگوں کے معبود برحق کی ③ وسوسہ ڈالنے والے، پیچھے ہٹ جانے والے کے شر سے ④ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے ⑤ خواہ وہ جنات میں سے ہو یا آدمیوں میں سے ⑥

toobaafoundation.com

مطالب القرآن

مطالب القرآن - از ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان - سندھ یونیورسٹی - حیدر آباد (کراچی، حیدر آباد، لاہور، بمبئی وغیرہ سے کئی بار شائع ہوئی ہے) (۱) صفحات ۲۲۲ ہیں - سائز ۵×۸ ½

اس کے مقدمہ میں ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں کہ "سنہ ۱۳۹۹ھ میں ریڈیو پاکستان (حیدر آباد) کی فرمائش پر مطالب القرآن کے نام سے قرآن پاک کے مضامین کو اختصار کے ساتھ مرتب کرنے کی کوشش کی گئی تھی - یہ مضامین تین ماہ تک نشر ہوتے رہے - پھر کئی سال تک رمضان المبارک میں بھی نشر ہوئے - لوگوں نے اسے قرآن پاک کے تعلق کی وجہ سے پسند کیا - کاش وہ بارگاہ الٰہی میں بھی پسند آجائیں اور مجھ سیاہ کار کی بخشش کا ذریعہ بن جائیں -

قرآن پاک بے شک آسان لیکن فصیح و بلیغ زبان میں ہے - راقم الحروف نے اس کے مطالب پیش کرنے میں معلوم نہیں کتنی غلطیاں کی ہوں گی - بس دعاء ہے کہ خدایا! بر من منگر، بر کرم خویش نگر" -

اس کے ابتدائی صفحے پر علامہ اقبال کا یہ مصرع (عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں ڈوبا ہوا) درج ہے -

ع بے تو بودن نتوان، با تو نبودن نتواں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے بعد سورۃ الفاتحہ کا بیان ہے - پہلے اس سورۃ کے بیس نام دیے ہیں - پھر لکھا ہے کہ:

---

(۱) اللہ تعالیٰ کا بیحد احسان ہے کہ مطالب القرآن کو کئی لوگوں اور اداروں نے اللہ واسطے چھپوا کر مفت تقسیم کیا ہے - اب چلڈرن قرآن سوسائٹی لاہور نے چار ہزار اسی مقصد سے چھپوائی ہے - ڈاکٹر صاحب کا مقالہ "ہمہ قرآن در شان محمد ﷺ" بھی اسی طرح مقبول ہے - اس میں تمام ۱۱۴ سورتوں میں جہاں جہاں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر بالواسطہ یا بلاواسطہ آیا ہے وہ یکجا کر دیا گیا ہے - اس پر حکومت نے انعام بھی دیا ہے -

toobaafoundation.com

یہ سورۃ تمام قرآن کا خلاصہ ہے اور اس کے بغیر کوئی رکعت مکمل اور مقبول نہیں۔ اس سورۃ سے پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھنا اور پڑھنا ضروری ہے۔ بلکہ سوائے سورۃ التوبہ کے۔ ہر سورۃ سے پہلے اسے پڑھنا چاہیے اور ہر مباح کام کی ابتداء بسم اللہ الرحمن الرحیم سے کرنا مستحب اور موجب خیر و برکت ہے۔ اس بسم اللہ الرحمن الرحیم کو خصوصیت کے ساتھ کسی ایک سورۃ کا جزو نہیں سمجھنا چاہیے بلکہ وہ قرآن پاک کی ایک ایسی آیت ہے جو ہر سورۃ کا جزو بن جاتی ہے اور اس کی تلاوت، قرآن کی درمیانی آیات کے شروع میں بھی افضل ہے۔ اس چھوٹی سی آیت میں اللہ کا اسم ذات آتا ہے۔ پھر رحمن ایک صفت آتی ہے جس کے معنی ہیں ایسا مہربان جو ہر شخص پر مہربانی کرتا ہے، خواہ کوئی شخص اس کو مانے یا نہ مانے۔ لیکن پھر رحیم ایسی صفت آتی ہے جو رحمت والے کی ہے اور اس کے معنی علماء نے یوں لکھے ہیں کہ وہ جو نہ مانگنے والوں سے ناخوش ہوتا ہے گویا رحیم کی صفت اس کے ماننے والوں کے لیے ہے۔ جو اس کے ہو کر دوسروں کے آگے ہاتھ پھیلاتے ہوں اور اس سے نہ مانگتے ہوں۔ اللہ پاک ایسے ہی لوگوں سے ناخوش ہوتا ہے۔ (پھر سورۃ الفاتحہ کے مطالب آتے ہیں)

آخر میں معوذتین کے ترجموں سے پہلے ان کی شان نزول کا ذکر ہے۔ پھر ان کا ترجمہ اس طرح ہے:

سورۃ الفلق کا ترجمہ یہ ہے: آپ فرمادیں کہ میں اس اللہ کی پناہ لیتا ہوں جو صبح کا پیدا کرنے والا ہے۔ اس کی سب مخلوق کے شر سے اور اندھیری ڈالنے والے (چاند) کے شر سے جب وہ ڈوبے اور ان عورتوں کے شر سے جو گرہوں میں پھونکتی ہیں اور حسد والے کے شر سے جب وہ حسد کرے۔

اور سورۃ الناس کا ترجمہ یہ ہے: آپ فرمادیں کہ میں اس کی پناہ لیتا ہوں جو سب لوگوں کا رب ہے، سب لوگوں کا بادشاہ ہے، سب لوگوں کا خدا ہے، اس شیطان کے شر سے جو دل میں خطرے ڈالے اور دبک رہے۔ وہ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتے ہیں خواہ وہ جن ہو یا انسان۔

سورۃ التین کے ذیل میں یہ ہے کہ: یہ سورۃ مکی ہے اور اس میں آٹھ آیتیں ہیں۔ اللہ پاک نے اس سورۃ میں چار چیزوں کو گواہ کر کے انسان کی بہترین تخلیق کا ذکر کیا ہے۔ پہلی چیز تین یعنی انجیر ہے جو سریع الہضم اور کثیر النفع ہے۔ دوسری چیز زیتون ہے جو مقوی، ملین اور بہت سے جسمانی عوارض کے لیے مفید ہے۔

toobaafoundation.com

تیسری چیز طور سینا ہے، جہاں موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہونے کا شرف حاصل ہوا تھا، اور چوتھی چیز مکہ معظمہ ہے جو ہر خیر کا مبداء اور منبع ہے- ان چار چیزوں میں سے انجیر اور زیتون، انسان کی جسمانی صحت کے لیے بے حد مفید ہے اور بقیہ دو چیزیں یعنی کوہ طور میں اللہ پاک سے ہم کلامی اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی مکی زندگی، یہ ایسے فضائل ہیں جن سے انسان کی روحانی صحت کو کمال حاصل ہوسکتا ہے- گویا ان چاروں چیزوں کے حصول سے انسان احسن التقویم یعنی بہترین صورت پر قائم رہ سکتا ہے- ورنہ اسفل سافلین (یعنی نیچی سے نیچی حالت) پر پہنچ جاتا ہے-----

toobaafoundation.com

قرآن مجید مترجم بمع حواشی فوائد ستاریہ

قرآن مجید مطبوعہ ادارہ اشاعت القرآن والحدیث محمدی مسجد برنس روڈ کراچی (سال طباعت درج نہیں)
شیخ الحدیث مولانا ابو محمد عبدالستار صاحب نے قرآن پاک کے حواشی موسومہ فوائد ستاریہ مرتب کئے تھے
وہ اس ترجمے کے شروع میں شامل ہیں۔ یعنی صفات الٰہی کا بیان۔ ایمان واسلام کا بیان۔ کفار و مشرکین کا
بیان۔ منافقین کے احوال۔ بنی اسرائیل واہل کتاب۔ انبیاء علیہم السلام کا بیان وغیرہ۔ اس طرح ۲۰
صفحات میں فوائد ہیں۔ کاغذ کاسائز ۱۲×۶ متن کا سائز ۱۰×۴ صفحات ۹۶۴۔

سورۃ الفاتحہ کا ترجمہ اس طرح ہے:۔

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

سب تعریف واسطے اللہ کے پروردگار عالموں کا۔ بخشش کرنے والا مہربان۔ خداوند دن جزا کا۔ تجھی کو
عبادت کرتے ہیں ہم اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں ہم دکھا ہم کو راہ سیدھی۔ راہ ان لوگوں کی کہ نعمت کی ہے
تو نے اوپر ان کے، سوا ان کے جو غصہ کیا گیا ہے اوپر ان کے اور نہ راہ گمراہوں کی

شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

الٓمٓ ۝ یہ کتاب نہیں شک بیچ اس کے۔ راہ دکھاتی ہے واسطے پرہیزگاروں کے وہ جو ایمان لاتے ہیں ساتھ
غیب کے اور قائم رکھتے ہیں نماز کو۔ اور اس چیز سے کہ دی ہے ہم نے ان کو خرچ کرتے ہیں اور جو لوگ
ایمان لاتے ہیں ساتھ اس چیز کے جو اتاری گئی ہے طرف تیری اور جو اتاری گئی ہے پہلے تجھ سے اور ساتھ
آخرت کے وہ یقین رکھتے ہیں۔ یہ لوگ اوپر ہدایت کے ہیں پروردگار اپنے سے اور یہ لوگ وہی ہیں چھٹکارا
پانے والے۔

آخر میں سورۃ الماعون کا ترجمہ یہ ہے:

شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

toobaafoundation.com

کیا دیکھا تو نے اس شخص کو کہ جھٹلاتا ہے دن جزا کو۔ پس یہ وہ شخص ہے جو دھکے دیتا ہے یتیم کو نہیں رغبت دلاتا اوپر کھانا دینے فقیر کو۔ پس وائے ہے واسطے ان نماز پڑھنے والوں کے کہ وہ جو نماز اپنی سے بے خبر ہیں۔ وہ جو دکھلاتے ہیں لوگوں کو اور منع کرتے ہیں برتنے کی چیز کو۔

سورۃ الکوثر۔ شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے تحقیق دی ہم نے تجھ کو کوثر۔ پس نماز پڑھ واسطے پروردگار اپنے کے اور قربانی کر۔ تحقیق دشمن تیرا وہی ہے بے نسل۔

toobaafoundation.com

القرآن الکریم

القرآن الکریم (پارہ الم) مترجم (اردو) مولانا محمد عافی بخش قریشی

شائع کردہ ۱۰۶/۱۸ فیڈرل بی ایریا- کراچی- سائز ۹ × ۷ (صفحات ۹۸)

اس میں تمام افعال، ان کے ابواب، مادے، مصادر، معنی، ماضی و مضارع معروف و مجہول، فاعل و مفعول، امر و نہی، تفضیل کل، تفضیل بعض، وغیرہ مع تشریحات درج ہیں- شروع میں صرف و نحو کے دس اسباق بھی دیدیے ہیں جو بہت مفید ہیں (کمپیوٹر سسٹم بھی علیحدہ کتابچے میں ہے)

سورۃ الفاتحہ کا ترجمہ یہ ہے:

(شروع) اللہ کے نام سے (جو) بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے-

تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں (جو) پالنے والا ہے سب جہانوں کا- بڑا مہربان، نہایت رحم والا- مالک روز جزا کا- (یا اللہ!) صرف اور صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں- ہدایت دے ہمیں سیدھے راستے کی- راستہ ان لوگوں کا کہ انعام کیا تو نے ان پر (اور راستہ) نہ ان لوگوں کا (تیرا) غضب ہوا جن پر اور نہ گمراہوں کا- (بعد میں صرفی نحوی خصوصیات اور کچھ تشریحات ہیں)

الم کا ابتدائی حصہ:

(شروع) اللہ کے نام سے (جو) بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے-

الف- لام- میم- (یہ) وہ کتاب ہے، نہیں کوئی شک جس میں- رہنمائی کرتی ہے اللہ سے ڈرنے والوں کو جو ایمان لاتے ہیں غیب پر اور قائم کرتے ہیں نماز کو اور اس میں سے جو ہم نے دیا ہے انہیں، خرچ کرتے ہیں اور جو ایمان لاتے ہیں اس پر جو کچھ اتارا گیا آپ پر اور جو کچھ اتارا گیا آپ سے پہلے (نبیوں پر) اور

toobaafoundation.com

آخرت پر وہ یقین رکھتے ہیں۔ یہی لوگ ہدایت پر ہیں اپنے رب کی طرف سے اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

آخری آیات (۱۳۸-۱۴۱) کا ترجمہ اس طرح ہے:

رنگ جاؤ اللہ کے رنگ میں اور کس کا رنگ بہتر ہے اللہ کے رنگ سے اور ہم اسی کے عبادت گذار ہیں۔ پوچھیے کیا تم جھگڑتے ہو ہم سے اللہ کے بارے میں، تو وہی ہمارا اور تمھارا رب ہے۔ ہمارے لئے ہمارے اعمال اور تمھارے لیے تمہارے اعمال ہیں اور ہم اسی کے لیے مخلص (عبادت گذار) ہیں۔ کیا تم (یہ) کہتے ہو کہ بے شک ابراہیم علیہ السلام۔ اسماعیل علیہ السلام۔ اسحاق علیہ السلام، اور یعقوب علیہ السلام اور ان کی اولاد (سب کے سب) تھے یہودی یا عیسائی؟ پوچھیے (ان سے) کیا تم زیادہ جانتے ہو یا اللہ؟ اور کون ہے اس سے زیادہ ظالم جو چھپائے گواہی جو ان کے یہاں ہے اللہ کی طرف سے، اور نہیں اللہ بے خبر تمھارے کرتوتوں سے۔ وہ ایک جماعت تھی جو گزر چکی۔ واسطے اس کے ہے جو کمایا اس نے اور تمھارے لیے ہے جو کمایا تم نے اور تم نہیں پوچھے جاؤ گے ان کے اعمال کے بارے میں۔

toobaafoundation.com

باب ششم

منظوم اردو تراجم

مفہوم القرآن

خواجہ محمد ادریس (ولد خواجہ محمد ابراہیم) ۲۰ فروری ۱۹۱۷ء کو بھوپال میں پیدا ہوئے- آبائی وطن لکھنؤ تھا آپ کی والدہ صالحہ خانم بھی شاعرہ تھیں- عاجز تخلص تھا، سراج میر خان سحر سے اصلاح لیتی تھیں- زیادہ تر حمد و نعت سے شغف تھا- کیف صاحب بھوپال میں ۲۴ جولائی ۱۹۹۱ء کو فوت ہوئے-

۱۹۳۴ء سے شاعری شروع کی- پہلے اپنے خالو ذکی وارثی مرحوم سے اصلاح لیتے تھے- جگر کے رنگِ تغزل سے زیادہ متاثر تھے- پھر سن ۱۹۴۰ء سے شعری بھوپالی سے متاثر ہوئے- سن ۱۹۴۵ء میں ترقی پسند تحریک سے تعلق ہوا تو انقلابی رنگ میں کہنے لگے- لیکن سن ۱۹۴۹ء میں معاش کی خاطر بمبئی جا کر فلمی دنیا سے وابستہ ہو گئے اور نظمیں لکھنے لگے- پھول دان - فیصلہ - نوا- ع سر ٹیک دو جہاد فلسطین کے لئے- ع قوم کے ہاتھ میں تلوار دے دیتا ہوں- الیکشن- حسن اور کائنات- حکومت نامہ وغیرہ قابل ذکر نظمیں ہیں، ان کا ایک مجموعہ شعلہ حیات بھی ہے جس میں ہر رنگ کا کلام موجود ہے (۱)

قومی آواز پٹنہ (۲۶ مئی سن ۱۹۸۷ء) میں کیف کا انٹرویو شایع ہوا تھا اس میں ڈاکٹر ریحان غنی لکھتے ہیں کہ "میں نے سب سے پہلے ان سے سوال کیا کہ قرآن شریف کا منظوم ترجمہ کرنے کا خیال آپ کو کیسے پیدا ہوا- انہوں نے بتایا کے سن ۱۹۵۸ء میں وہ شدید بیمار ہو گئے اور ان پر غشی کے دورے پڑنے لگے ایسا لگا کہ زندگی کی ڈور اب ٹوٹنے ہی والی ہے- گھر والوں نے ایسی صورت میں قرآن شریف سینے پر رکھ دیا- اللہ کا کرم ہوا اور اس کی عنایت سے بالکل ٹھیک ہو گئے- اس کے بعد انہوں نے قرآن شریف ترجمہ کے

---

(۱) نئی دہلی سے آہنگ کیف (کیف کا مجموعہ کلام) ۱۹۹۳ء میں شائع ہوا ہے- اس میں کیف کی صاحبزادی پروین نے ان کے فن اور شخصیت پر جو مضمون لیا ہے اس میں سے یہ حالات ماخوذ ہیں، ڈاکٹر سلیم حامد رضوی نے اپنے مقالہ "اردو ادب کی ترقی میں بھوپال کا حصہ" (جنوری سنہ ۱۹۶۵ء - صفحہ ۳۹۴ - ۳۹۹) میں ان کے حالات شائع کئے ہیں وہ بھی مفید ثابت ہوئے-

toobaafoundation.com

ساتھ پڑھا- اس مطالعے سے ان کے طبیعت چاہی کہ وہ اس کا منظوم ترجمہ کریں - چنانچہ انہوں نے سب سے پہلے سورۃ فاتحہ کا منظوم ترجمہ کیا- انہوں نے کہا کہ میں بہت گناہ گار ہوں اور میں نے بہت گناہ کئے ہیں اور یہ کہتے کہتے ان کی آنکھیں بھر آئیں اور وہ رو پڑے- پھر انہوں نے خود کو سنبھالتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ رحمٰن اور رحیم ہے- لیکن پھر بھی یہ اس کی مرضی ہے کہ جس کو چاہے بخشے اور جس کو چاہے سزا دے- ہوسکتا ہے کہ میرا یہ کام (قرآن شریف کا منظوم ترجمہ) اس کی بارگاہ میں قبول ہو-" (۱)

کیف کا یہ ترجمہ (بقول ان کے) اس طرح ہوا: "پارہ عم، پارہ الم، پارہ سیقول کا منظوم ترجمہ کیا- پارہ عم کے تین ایڈیشن بنارس کے ڈاکٹر نعمانی صاحب کی مدد سے شائع ہوئے اور مزید تین ایڈیشن حضرت کیف نے اپنے اخراجات سے شائع کیے- پارہ الم کا منظوم ترجمہ کراچی کے مکتبہ اسحاقیہ نے بھی شائع کیا-" (۲)

نئی دہلی سے مفہوم القرآن کے سولہ پارے سن ۱۹۹۳ع میں شائع ہوئے ہیں- اس کے شروع میں حاجی انیس دہلوی نے "حرف چند" کے ذیل میں لکھا ہے کہ "کہا جاتا ہے کہ کیف صاحب نے سترہ پاروں کا ترجمہ مکمل کرلیا تھا لیکن انتہائی کوشش کے باوجود مرحوم کے ورثاء اور دیگر قدردانوں سے صرف سولہ پارے ہی دستیاب ہوسکے ہیں- ان میں بھی چند آیات کے منظوم حصے فراہم نہیں ہوسکے-" چنانچہ حاجی صاحب نے خود صراحت کی ہے کہ پارہ تیرہ کی سورہ الرعد کی آیت ۱۸ کے بعد کا ترجمہ نہیں مل سکا- پارہ ۱۴ میں سورۃ نحل کی آیت ۸۳ کے بعد کا اور پارہ پندرہ میں سورۃ الکہف کی آیت ۲۴ کے بعد والا ترجمہ موجود نہیں- اس مجموعے میں پندرھویں پارے کے بعد پارہ عم کا ترجمہ شائع ہوا ہے (۳)

پارہ الم کا ترجمہ اس طرح شروع ہوتا ہے:

سبھی خوبی سبھی تعریف ہے اللہ کو زیبا - بزرگی ہے اسی آقائے عالی جاہ کو زیبا

---

(۱) قومی آواز - پٹنہ - ۲۶ مئی سن ۱۹۸۷ع

(۲) سیاست ۱۸ جنوری سن ۱۹۷۱ع - احسن علی مرزا صاحب کا مضمون

(۳) اتفاق ہے کہ اسی زمانے میں ایک باکمال شاعر کیف ٹونکی (سنہ ۱۸۶۰ع سنہ ۱۹۴۰ع) بھی تھے اور ان کے بیٹے سیف (سنہ ۱۹۰۱ع - ۱۹۵۱ع) بھی اچھے شاعر تھے-

toobaafoundation.com

وہ ہے سارے جہانوں کا خدائے برتر و بالا - برابر ساری مخلوقات کا ہے پالنے والا
بہت ہی مہربان ہے وہ، بڑا ہی مہربان ہے وہ - سدا رحمت فشاں، رحمت فشاں، رحمت فشاں ہے وہ

وہی روز قیامت کا اکیلا حکمراں ہوگا
کسی کا مشورہ ہوگا نہ کوئی درمیاں ہوگا

خداوندا، ترے آگے ہم اپنا سر جھکاتے ہیں - تجھی کو پوجتے ہیں بس تجھی سے لو لگاتے ہیں
خداوندا، تجھی سے چاہتے ہیں ہم مدد گاری - تجھے آتی ہے اپنے آرزومندوں کی دل داری
دکھادے ہم کو سیدھی راہ، سیدھی راہ پر لے چل - جنھیں تو نے نوازا ہے انھیں کی راہ پر لے چل
نہ ان کی راہ پر لے چل، خدائی مار ہے جن پر - تری پھٹکار ہے جن پر، تری دھتکار ہے جن پر

نہ ان کی راہ پر لے چل بھٹک کر رہ گئے ہیں جو
ملمع کی طرح چمکے چمک کر رہ گئے ہیں جو

پارہ الم کی آخری دو آیتوں کا ترجمہ اس طرح ہے:

کہو ان سے کہ تم واقف نہیں، اللہ واقف ہے - تمہارا راستہ اپنے بزرگوں سے مخالف ہے
بڑا ظالم ہے وہ جو اس شہادت کو چھپاتا ہے - جسے اللہ کی جانب سے بالاعلان پاتا ہے

خدا غافل نہیں ہرگز بھی تم لوگوں کے کاموں سے
تمہارے شاہکاروں سے، تمہارے کارناموں سے

غرض یہ اک جماعت تھی کہ جو دنیا میں ہو گزری - یہ ماضی کی حقیقت تھی کہ جو دنیا میں ہو گزری

انہیں ان کا، تمہیں اپنا کمایا کام آئے گا
تمہاری ذات سے ان کا عمل پوچھا نہ جائے گا

آخری پارے کی آخری سورۃ کا ترجمہ (شائع کردہ ۱۹۶۶ء - صفحات ۶۰) اس طرح ہے:

یہ کہ دے دشمنوں سے تو، خدا میرا نگہباں ہے - وہی ہر ہر قدم پر ناخدائے موج و طوفاں ہے

وہی تو آدمی کا ہے خدائے برتر و بالا
ہوائیں پھیرنے والا، بلائیں ٹالنے والا

toobaafoundation.com

حقیقت میں اسی کی بادشاہی، یادشاہی ہے۔ اسی کی سلطنت میں آدمی کی داد خواہی ہے

اسی مولا کے آگے سر جھکانا کام آتا ہے

اسی کا در اسی کا آستانہ کام آتا ہے

وہی مجھ کو بچائے گا ہر اک شیطان کے شر سے۔ وجود فتنہ پرور، کینہ پرور، حیلہ پرور سے

جو انسانوں کو بہکاتا ہے، بھٹکاتا ہے چپکے سے۔ گرفتار بلا کر کے سرک جاتا ہے چپکے سے

جو اک بہتے ہوئے پانی پہ کائی ڈال دیتا ہے۔ دلِ انساں میں در آکر برائی ڈال دیتا ہے

جنوں کے بھیس میں یا آدمی کے بھیس میں آئے

وہی شیطان ہے جو بھی بدی کے بھیس میں آئے

toobaafoundation.com

وحی منظوم

وحی منظوم- از سیماب اکبر آبادی- شائع کردہ سیماب اکادمی- ناظم آباد، کراچی- نومبر ۱۹۸۱ع صفحات ۹۷۱- ہر صفحہ میں متن کی ۱۸ سطریں- ہر سطر میں عموماً بارہ الفاظ، متن کے مقابل صفحے پر منظوم اردو ترجمہ، جس میں عموماً بیس سطریں ہیں، سائز: ۹ × ۲۸۶ ۱/۴ ۱/۴ رمضان المبارک سنہ ۱۴۰۱ھ کو صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق مرحوم نے اس منظوم ترجمے پر ہجری ایوارڈ اور نقد انعام دیا-

اس منظوم ترجمے کے متعلق بڑے بڑے علماء کی تقریظیں بھی شامل کردی گئی ہیں- مثلاً: مولانا جمال میاں فرنگی محلی، مولا سعید احمد اکبر آبادی- مولانا عتیق الرحمن عثمانی- مولانا حفظ الرحمن- خواجہ حسن نظامی- مولانا عبدالنعیم صدیقی- مولانا محمد میاں- مولانا احمد علی لاہوری وغیرہ- شروع میں سیماب اکبر آبادی (م سنہ ۱۹۵۱ع) کے صاحبزادے مظہر صدیقی نے اپنے والد مرحوم کے حالات اور ادبی خدمات کی تفصیل دی ہے پھر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان کا مقدمہ ہے جس میں ابتدائی قرآنی تراجم پھر منظوم تراجم کی تفصیل ہے- سیماب مرحوم اردو کے بڑے باکمال شاعر تھے- حضرت داغ دھلوی کے شاگرد تھے- غزل، مثنوی، نظم اور مختلف اصناف سخن میں انہوں نے بہت کچھ طبع آزمائی کی ہے- لیکن پوری مثنوی مولانائے روم رح کا منظوم ترجمہ اور پھر پورے قرآن کا ترجمہ ان کی ایسی عظیم یادگاریں ہیں جو شاید اردو کی رہتی دنیا تک فراموش نہ ہو سکیں گی-

سورۃ فاتحہ کا ترجمہ آپ نے اس طرح کیا ہے:

نام سے اللہ کے کرتا ہوں آغاز (بیاں)
جو بڑا ہی رحم والا ہے، نہایت مہربان
ہیں سزاوار خدائے (پاک) ساری خوبیاں
(جو ہے) رب سارے جہانوں کا- رحیم و مہربان

toobaafoundation.com

ہے وہی انصاف کے دن کا بھی مالک (بے گماں)
(یا الاہی) ہم فقط کرتے ہیں تیری بندگی
اور ہوتے ہیں تجھی سے طالب امداد بھی
(یا الٰہی) ہم کو سیدھے راستے پہ تو چلا
ان کا رستہ جن پہ انعام (وکرم) تیرا ہوا
راستہ ان کا نہیں جن پر غضب (کی) ہو (نگاہ)
اور نہ ان کا راستہ جو ہوگئے گم کردہ راہ

سورۃ ناس کا ترجمہ اس طرح ہے:-

نام سے اللہ کے کرتا ہوں آغاز (بیاں)
جو بڑا ہی رحم والا ہے، نہایت مہربان
(اے پیمبر) کہہ دو میں اس رب کی لیتا ہوں پناہ- جو ہے رب خلق، لوگوں کا حقیقی بادشاہ
اور جو معبود لوگوں کا ہے (عالم کا خدا) - اس کے شر سے جو (دلوں میں) وسوسہ ہے ڈالتا
اور چھپ جاتا ہے دل میں وسوسے جو ڈال کر- خواہ جنات سے ہو یا ہو از نوع بشر

ترجمے کے حاشیوں پر کہیں کہیں مختصر تشریحات بھی ہیں-

toobaafoundation.com

نظمِ مقدّس

(یعنی شاہ عبدالقادر محدث دہلوی رح کے نثری ترجمے کا منظوم ترجمہ از آغا شاعر قزلباش دہلوی)

شائع کردہ قزلباشان - پوسٹ بکس نمبر ۷۸۹ - صدر کراچی نمبر ۳-

سائز کاغذ ۱۰ × ۱۵ - ۵- سائز متن ۷ × ۱۲ - ۴- مطبوعہ سنہ ۱۹۷۶ء-

یہ ابتدائی آٹھ پاروں کا منظوم ترجمہ ہے- پہلی جلد میں پہلے دو پارے (۱۲۰ صفحات)- دوسری میں تیسرے اور چوتھے پارے (۱۱۲ صفحات)- تیسری میں پانچویں اور چھٹے پارے اور چوتھی میں ساتویں اور آٹھوں پارے کا ترجمہ ہے-

آغا شاعر قزلباش کا نام ظفر علی بیگ تھا- سنہ ۱۸۷۱ء میں دہلی میں پیدا ہوئے اور وہیں سنہ ۱۹۴۰ء میں فوت ہوئے- داغ دہلوی کے مایۂ ناز شاگرد تھے- افسر الشعراء ان کو کہا جاتا تھا- تصوف سے بھی تعلق تھا اور گیروا کپڑے پہننے لگے تھے- ان کی تصانیف یہ ہیں:-

تیر و نشتر (دیوان)- خم کدۂ خیام (رباعیاتِ خیام کا برجستہ ترجمہ)- گلگونۂ شہادت (نثر میں واقعاتِ کربلا)- خمارستان (مجموعہ نثر)- بلبلانِ فارس (فارسی شعراء کے کلام کا ترجمہ مع حالات)- حورِ جنت (ڈراما)- روح نغمہ (غزلیات)- (۱)

اور نظم مقدس (یعنی شاہ عبدالقادر محدث دہلوی رح کے نثری ترجمے کا منظم ترجمہ)- اس کا نمونہ یہاں عرض کیا جاتا ہے:

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

ہے نام سے خدا کے آغاز کا (اجالا) جو مہرباں بڑا ہے، بے حد جو رحم والا

سب تعریف اللہ کو ہے، جو صاحب سارے جہان کا، بہت مہربان نہایت رحم والا

تعریف سب خدا کو جو رب ہے، عالموں کا جو مہرباں بڑا ہے، بے حد جو رحم والا

---

(۱) محترم ڈاکٹر جمیل جالبی صاحب نے یہ معلومات بہم پہنچائی ہیں

toobaafoundation.com

مالک انصاف کے دن کا، تجھ ہی کو ہم بندگی کریں اور تجھ ہی سے مدد چاہیں

محشر کے دن کا مالک (روزِ جزا کا والی) تجھ کو ہی پوجتے ہیں، ہم تیرے ہی سوالی

چلا ہم کو راہ سیدھی، راہ ان لوگوں کی جن پر تو نے فضل کیا

سیدھی ڈگر پہ لے چل (ثابت قدم بنادے) نعمت جنہیں عطا کی، ان کی روش سجھادے

نہ وہ جن پر غصہ ہوا اور نہ بہکنے والے۔

نے ان کی راہ جن پر قہر و غضب ہوئے ہیں نے ان کی جو بہک کر گم راہ ہو گئے ہیں

(ایسے حروف اکثر پردے میں ہیں سراپا)
(قرآن کی رمز ہے یہ، اک بھید ہے خدا کا)
ایسی کتاب ہے یہ، جس میں نہیں کوئی شک
ڈرتے ہیں جو خدا سے، ان کے لئے ہے جھک
جو غیب کے ہیں قائل، اور ہیں نماز پڑھتے
کرتے ہیں خرچ بھی جو رب کے دیئے ہوئے سے
اور وہ جو مانتے ہیں جو کچھ بھی تم پہ اترا
ایمان اس پہ بھی ہے، جو تم سے پہلے آیا
اور آخرت پہ بھی ہے جن کو یقین (پورا)
(قائل سزا جزا کے، ہے رات دن کا دھڑکا)
وہ ہی تو راہ پر ہیں، رب کی طرف سے اپنے
پھل پائیں گے وہی تو، وہ ہی فلاح والے
منکر جو ہو چکے ہیں ان کے لئے ہے یکساں
خوف ان کو دو نہ تم، لائیں گے وہ نہ ایماں

toobaafoundation.com

تاج قرآنی

تاج قرآنی- از جناب سید منیر علی جعفری- مطبوعہ مرکز تحقیق وادب اسلامی- ناظم آباد کراچی- سنہ ۱۴۱۰/ ۱۹۹۰ع

سائز ۹×۷- صفحات ۲۵۶- (بلا قیمت تقسیم) بہت پاکیزہ خط- سبز اوراق- دلکش دیدہ زیب طباعت-

یہ منتخب آیات قرآنی کا منظوم اردو ترجمہ ہے- اس سے پہلے جناب منیر علی جعفری نے پانچ سال کی مدت میں تاریخ اسلام کو منظوم ترجمے کے ساتھ پیش کیا تھا- پھر "سراج منیر" کے نام سے منتخب احادیث کا منظوم اردو ترجمہ شائع کیا تھا- اس کے بعد ان کو اللہ تعالیٰ کے قرآن عظیم کی منتخب آیات کا یہ منظوم ترجمہ شائع کرنے کی توفیق حاصل ہوئی-

ترجمے سے پہلے "پیش لفظ" ہے- پھر مولانا ارشاد الحق تھانوی صاحب، پروفیسر ڈاکٹر سید احمد ہاشمی صاحب، مولانا مشہود احمد صاحب اور مولانا سید مسرت علی حسنی الحسینی صاحب کے ارشادات بھی شامل ہیں- صفحہ ۲۵ سے یہ ترجمہ شروع ہوتا ہے (پہلے نثر میں ہے، پھر نظم میں)- سورۃ الفاتحہ کا ترجمہ (بلکہ ترجمانی) اس طرح ہے:-

ثناء حمد و ستائش، ساری تعریفیں اسی کی ہیں- ہیں جتنی خوبیاں اللہ ہی کو زیب دیتی ہیں
وہ رب العلمیں ہے یعنی سب کو پالنے والا- وہ ہے پروردگار اور اس کا بے شک مرتبہ اعلیٰ
وہ ہے رحمت ہی رحمت اور بخشش کرنے والا بھی- نہایت رحم والا ہے صفت ہے یہ بھی اک اس کی
وہ مالک حشر کا ہے نشر کا، یوم قیامت کا- وہ مالک ہے جزا کا، آخرت کا اور عدالت کا
خدایا بندگی ہم بندگی تیری ہی کرتے ہیں- ترے بندے اطاعت ہر گھڑی تیری ہی کرتے ہیں
مدد غیروں سے اے مولا و آقا چاہتے ہیں کب- ہمیشہ صرف تجھ سے مانگتے ہیں ہم مدد یارب
خدایا صاف اور شفاف رستے پر چلا ہم کو- بھٹکنے سے بچا اور راستہ سیدھا دکھا ہم کو
وہ ہم سے کام کروا جن میں شامل ہو رضا تیری- چلا اس راہ پر جس پر ہو حاصل تیری خوشنودی

toobaafoundation.com

ہمیں کر پیروی ان کی عطا اے مالک و آقا- کہ جن لوگوں پہ تو نے اپنا رحم و فضل فرمایا
نہ بتلا راہ ان لوگوں کی جو مغضوب ہیں تیرے- جو ہیں بھٹکے ہوئے گمراہ اور معتوب ہیں تیرے
(صفحہ ۲۶-۲۷)

البقرہ ۱۱۷ کی ترجمانی اس طرح ہے:

وہ موجد ہے زمین کا اور موجد آسمانوں کا- کرشمہ اس کی قدرت کا ہے جو کچھ ہے نظر آتا
وہ جو کچھ چاہتا ہے صرف اس کا حکم دیتا ہے- ادھر تو حکم ہوتا ہے ادھر ہے کام ہو جاتا
(صفحہ ۲۹)

آل عمران ۳۱:

پیغمبر آپ یہ کہہ دیجیے ایمان والوں سے- محبت ہے اگر اس سے کرو تم پیروی میری
اگر تم پیروی میری کرو گے تو یقین کر لو- محبت تم سے رکھے گا خداوند تعالیٰ بھی

اطاعت کار رسول اللہ ﷺ کی یہ اجر پاؤ گے - تمھاری مغفرت ہوگی یقینی بخشے جاؤ گے

الانعام ۱۶۰:

خدا نے یہ رسول اللہ ﷺ سے ارشاد فرمایا- پیمبر ﷺ ایسے لوگوں سے نہ بالکل واسطہ رکھنا
جنھوں نے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ہے دین کو اپنے- تصور ترک کر کے رکھ دیا ہے بھائی بھائی کا
اخوت چھوڑ کر جو بٹ گئے ہیں اب گروہوں میں- تعلق ایسے لوگوں سے ذرا سا بھی نہ تم رکھنا
سبق اللہ خود دے گا انھیں دونوں جہانوں میں- یہاں پر بھی نبٹ لے گا، وہاں پر بھی سمجھ لے گا
(صفحہ ۶۲)

بنی اسرائیل ۷:

بھلائی تم کرو گے گر کسی کے ساتھ اے لوگو- سمجھ لینا کہ اپنے ساتھ ہی تم نے بھلائی کی
کسی کے ساتھ میں بالفرض تم نے کی برائی کچھ- سمجھ لینا کہ اپنے ساتھ ہی تم نے برائی کی
(صفحہ ۲۳۹)

آخر میں سورۃ الرحمٰن اور آیۃ الکرسی کی بھی ترجمانی کی ہے اور بعض دوسرے مقامات پر انھوں نے بحر بھی بدل دی ہے- بہر حال سید منیر علی صاحب کی یہ کاوش بہت قابل قدر ہے۔

toobaafoundation.com

خزینۂ دینِ مبیں

خزینۂ دین مبیں- از شفیع حیدر صدیقی دانش- شائع کردہ مکتبۂ عالمین- شمالی ناظم آباد- کراچی (نومبر سنہ ۱۹۹۳ع)

سائز ۸ ½ × ۵ ½- صفحات ۱۱۰-

شروع میں (۲۲ صفحات تک) ڈاکٹر جاوید اقبال، جاوید منظر اور سید نعیم احمد کے تعارفی مضامین ہیں- پھر صفحہ ۲۳ سے صفحہ ۷۲ تک مختلف سورتوں سے ماخوذ تعلیمات کا ذکر ہے جن کو دانش صاحب نے نظم کیا ہے- صفحہ ۷۳ سے صفحہ ۱۰۰ تک حمد باری تعالیٰ اور اللہ تعالیٰ کی بعض نعمتوں کا ذکر ہے- پھر صفحہ ۱۰۱ سے صفحہ ۱۱۰ تک نعتیں درج ہیں-

خزینۂ دین مبیں کے شروع میں "آئینۂ ذات" کے ذیل میں دانش صاحب نے اپنے زندگی کے مختصر حالات لکھے ہیں- وہیں سے یہ چند باتیں ان کے متعلق عرض ہیں:

آپ یکم اپریل سنہ ۱۹۵۱ع کو ریمونٹ ڈپو (سرگودھا) میں پیدا ہوئے- وہیں تعلیم شروع ہوئی- سنہ ۱۹۶۵ع میں ان کے ایک عزیز دوست سرگودھا سے کراچی جانے لگے تو چند الوداعی اشعار کہے- یہیں سے آپ کی شاعری شروع ہوئی- پھر دسویں جماعت میں داخلہ ہوا- بارھویں جماعت کے امتحان کے دوران، والدہ صاحبہ کا انتقال ہوا- پھر بھی ان کی دعاؤں سے بہت اچھے نمبروں سے کامیابی حاصل کی اور جنوری سنہ ۱۹۷۱ع میں داؤد انجینیرنگ کالج کراچی میں داخلہ مل گیا- وہاں سے کامیابی کے بعد جنوری سنہ ۱۹۷۶ع میں پاکستان اسٹیل (کراچی) میں انجینیر کی حیثیت سے تقرر ہوا اور ماشاءاللہ وہاں اپنی کارگزاری کی بناء پر مقبول ہیں-

آپ کا پہلا شعری مجموعہ "موج ہوائے شام" نومبر سنہ ۱۹۹۰ع میں مکتبۂ عالمین، شمالی ناظم آباد سے شائع ہوا تھا- وہیں سے سنہ ۱۹۹۳ع میں "دریچہ ہائے دیار غیر" (غیر ملکی سفر کے حالات) اور وہیں سے نومبر

toobaafoundation.com

۱۹۹۳ء میں خزینۂ دین مبیں (زیر بحث مجموعہ) شائع ہوا ہے۔ اب چوتھا مجموعہ "میقات سے اس پار" شائع ہو رہا ہے اور جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے حرمین شریفین کے سفر سے متعلق ہے۔ خزینۂ دین مبیں کے صفحات (۲۳-۷۲) میں جن سورتوں سے ماخوذ تعلیمات کو نظم کیا گیا ہے وہ ترجمہ تو نہیں، ترجمانی ضرور ہے۔

سب سے آخر میں سورۃ اخلاص کے مضامین کو اس طرح نظم کیا ہے:

خالق ہر ایک شے کا ہے تو، بے نیاز ہے۔ حاجت روا ہر ایک کا ہے، کارساز ہے
کسی کی مجال جو تجھے اپنا پسر کہے۔ یہ بھی نہیں کہ دہر میں کوئی پدر کہے
پایا نہیں جہاں میں ہمسر ترا کہیں۔ جس کو گماں ہے صاحب ایمان وہ نہیں

یہاں اللہ تعالیٰ کی شان کا ذکر ہے اور سب سے پہلے انسان کے متعلق سورۃ الانبیاء کی ایک آیت کا مضمون آیا ہے:

عجلت امور غیب میں بے سود و بے محل۔ ٹھہرے گا روز حشر کہاں لمحہ اجل
ایماں کی یہ زمین ہے آہستگی سے چل۔ خلق الانسان من عجل

انھوں نے قرآنی آیات کے وزن کے بجائے ان کے مضامین کو ملحوظ رکھا ہے۔ سورۃ الشعراء کے متعلق ایک جگہ ہے:

افشا ہیں تم پہ موسیٰ علیہ السلام و ہارون علیہ السلام کے خیال۔ فرعون کی خدائی و تکذیب کے مآل
عبرت بنی ہے نیل کے اطراف کی زمین۔ وما کان اکثرھم مؤمنین

سورۃ الرحمٰن کی آیات کی ترجمانی پر خاص توجہ ہے:

دے کر ہمیں رحمٰن نے قرآن لازوال۔ یوں زیور گویائی سے کرڈالا مالا مال
بدلے ہے اس کی ذات ہی شمس و قمر کی چال۔ مسجود پر دلیل ہے ساجد کی یہ مثال
کس طرح تو نے تانے ہیں یہ آسماں کے جال۔ انصاف اور سلوک کا رکھا سدا خیال
طشت زمیں پر کر دیے جن و شجر بحال۔ حکم خدا سے برگ و ثمر کے جھکے ہیں ڈال

toobaafoundation.com

روئے زمیں پہ کیسے ہو غلے کا کوئی کال - گلہائے رنگ و بو ہے تو نیرنگی جمال
خالق ہے ایک سب کے لیے رب ذوالجلال - جھٹلائے نعمتوں کو تری کس کی یہ مجال
آدم علیہ السلام ہے جس کو خلق کیا خاک سے تو نے - جنات کو بنایا سدا آگ سے تو نے
عقل و خرد سے جانا عناصر کا اعتدال - جھٹلائے نعمتوں کو تری کس کی یہ مجال

امید ہے کہ انشاءاللہ وہ آئندہ ایڈیشن میں وزن اور سلاست دونوں کا زیادہ خیال رکھیں گے۔

toobaafoundation.com

ضمیمہ

اردو

کتبِ تفسیر (اردو) خیرپور سنچل لائبریری

صفحہ ۲۲۷- نمبر ۱۳۰۷- تفسیر القرآن (از وزیر علی)- ۱۲۹۳ھ میں لکھی گئی۔

صفحہ ۲۲۷- نمبر ۱۳۰۸- تفسیر القرآن (از احمد)- صرف سورۃ یوسف کی تفسیر ہے۔

صفحہ ۲۲۷- نمبر ۱۳۰۹- تفسیر سورۃ یٰسین (مترجم نامعلوم) لفظ بہ لفظ ترجمہ ہے۔

toobaafoundation.com

باب ہفتم:

انگریزی تراجم وتفاسیر

انگریزی ترجمہ Ma'ariful- quran- یعنی مفتی محمد شفیع مرحوم کی تفسیر کا انگریزی ترجمہ۔
سائز کاغذ ۱۱/۳ × ۸/۳ ۵- متن ۶×۷/۴ - جلد اول (صرف سورۃ الفاتحہ اور سورۃ البقرہ کا کچھ حصہ)
اس میں کل ۷۳۴ صفحات ہیں۔ (انگریزی ترجمہ پروفیسر محمد حسن عسکری اور پروفیسر محمد شمیم نے مل کر کیا ہے اور مفتی محمد شفیع مرحوم کے صاحبزادے مفتی محمد تقی عثمانی صاحب نے نظر ثانی کی ہے۔)

پروفیسر محمد حسن عسکری ضلع میرٹھ کے ایک قصبے میں سنہ ۱۹۱۹ء میں پیدا ہوئے۔ میرٹھ میں ایف اے تک تعلیم حاصل کر کے الٰہ آباد یونیورسٹی سے بی اے اور ایم اے (امتیاز کے ساتھ) پاس کیا۔ چند ماہ میرٹھ کالج کے شعبۂ انگریزی سے وابستہ رہے۔ پھر اینگلو عربک کالج دہلی میں انگریزی پڑھاتے رہے، سنہ ۱۹۳۹ء میں افسانہ نگاری شروع کی اور تنقیدی مضامین لکھے۔ سنہ ۱۹۴۳ء سے رسالہ ساقی (دہلی) میں "جھلکیاں" کے عنوان سے ادبی کالم لکھتے رہے۔ مسلم لیگ کے حامی تھے۔ سنہ ۱۹۴۴ء میں پاکستان آ گئے۔ یہاں مادام بواری اور سرخ وسفید تراجم کیے۔ "پاکستانی ادب کیا ہے" کے موضوع پر مضامین لکھے۔ انسان اور آدمی، ستارہ یا بادبان، وقت کی راگنی ان کے تنقیدی مضامین کے مجموعے ہیں۔ جزیرے اور قیامت ہم رکاب آئے نہ آئے ان کے افسانوں کے مجموعے ہیں۔ سنہ ۱۹۵۰ء میں ماہِ نو کے ایڈیٹر مقرر ہوئے۔ پھر اسلامیہ کالج کراچی کے شعبۂ انگریزی سے وابستہ ہو گئے۔ ۱۹ جنوری سنہ ۱۹۷۸ء کو اچانک فوت ہو گئے اور مفتی محمد شفیع رح کے قریب دفن ہوئے۔ (۱)

انہوں نے اردو، ہندی، انگریزی اور فرانسیسی ادب وفلسفہ کے مطالعے میں اپنی زندگی وقف کر دی تھی۔ بعد میں مولانا اشرف علی تھانوی رح (م سنہ ۱۳۶۲ھ) سے بیعت ہو گئے تھے۔ مغربی فلسفے کی فکری کمزوریوں کو دلیری سے بیان کیا ہے۔ آخر عمر میں مفتی محمد شفیع رح (م سنہ ۱۳۹۶ھ) کے تفسیر معارف القرآن کا انگریزی ترجمہ شروع کیا تھا۔ پروفیسر محمد شمیم (جو پہلے امریکی سفارت خانے کے کلچرل شعبہ میں ملازم تھے۔ بعد میں امریکہ چلے گئے تھے) کراچی میں اس انگریزی ترجمے میں شریک تھے۔ (۲)

---

(۱) محترم ڈاکٹر جمیل جالبی صاحب نے یہ معلومات بہم پہنچائی ہیں۔
(۲) مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کی نقوش رفتگان (سنہ ۱۹۹۷ء) میں تفصیل ہے۔

toobaafoundation.com

SURA- I- FATEHA

1. In the name of God, the Beneficent, the Merciful (See Commentary Page No:1)

2. (All) praise is (only) God's, the Lord of the worlds. (See commentary page No:1)

3. The Beneficent, the Merciful (See commentary Page No:2)

4. Master of the Day of Judgement (see commentary Page No:2)

5. You (alone) Worship we and of you (only), we seek help (See commentary Page No:3)

6. Guide us (O' Lord) on the Right path. (See commentary page No:4)

7. The path of those upon whom You have bestowed Your bounties, not (the path) of those inflicted with your wrath, nor (of those) gone astray(See commentary page No:4)

AN-NAS

In the name of God the Beneficent The Merciful

1. Say: " I Seek refuge in the Lord of the People! (See commentary page No: 1084)

2. The king of the people!

3. The God of the people!

4. From the evil of the slinking whisperer, (See commentary Page No: 1084)

5. Who whispers into the breasts (hearts) of the people,

6. (Be he) from among the Jinn and the Men. (see commentary Page No. 1084)

toobaafoundation.com

In the name of Allah,the All- Merciful, the Very- Merciful

Praise belongs to Allah, the Lord of all the worlds, the All- Merciful, the Very- Merciful, the Master of the Day of Judgment. You alone we worship, and from You alone we seek help. Guide us in the straight path, the path of those on whom, You have bestowed Your grace, not of those who have incurred Your wrath, nor of those who have gone astray.

This Surah comprises seven verses. Of these, the first three are in praise of Allah, while the last three contain a request or a prayer on the part of man, which Allah Himself has, in His infinite mercy, taught him. The verse in between the two sets has both the features. There is an aspect of praise, and another of prayer.

The Sahih of Muslim reports from the blessed Companion Abu Hurayrah a hadith (Tradition) of the Holy prophet (Peace be upon him) Allah has said, " The salah (i.e, the Surah Al fatihah) is equally divided between Me and My servant. And My servant shall be given what he prays for" The Holy prophet (Peace be upon him) continued when the servant says

Praise belongs to Allah, the Lord of all the worlds.

Allah says: " My servant has paid his homage to Me" When he says

The All Merciful, the Very- Merciful.

Allah says: "My servant has praised Me" When the servant says:

The Master of the Day of Judgment

Allah says: My servant has proclaimed My greatness" When the servant says:

You alone we worship and to You alone we pray for help.

Allah says," This verse is common to Me and My servant. He shall be given what he has prayed for" When the servant says:

Guide us in the straight path .....

Allah says: " All this is there for My servant. He shall be given what he prays for" (Mazhari)

The Surah begins with the words Al - hamdulillah, signifying that all praise essentially belongs to Allah. whosoever praises anything anywhere in the world is ultimately praising to Allah. The sensible world contains millions of things which compel man's attention and admiration for their beauty and usefulness, but if one tries to look behind the veil of appearances, one would find in each and every thing the manifestation of the same creative power. Admiring anything that exists in the created world is no more that than showing one's admiration

toobaafoundation.com

The Noble Quran

(علامہ شبیر احمد عثمانی رح کی تفسیر کا انگریزی ترجمہ)

از: محمد اشفاق احمد ایم - اے - ایم ایس سی - سائز $7x9\frac{1}{2}$ تین جلدوں میں ہے۔ پہلی جلد ۹۷۱ صفحات پر ختم ہوتی ہے، دوسری میں ۸۷۹ - ۱۷۵۱ صفحات ہیں۔ تیسری میں ۱۷۵۲ - ۲۶۴۳ صفحات ہیں۔ آخری صفحہ ۲۶۴۳ میں مترجم نے اپنا ذکر اس طرح کیا ہے:

The Poorest Servant
Mohammd Ashfaq Ahmad
21 st Zeiquad, 1401 A.H.
Karachi

یعنی مترجم نے ۲۱ ذی قعدہ سنہ ۱۴۰۱ھ میں کراچی میں ترجمہ مکمل کیا، لیکن اس کی اشاعت عالمین پبلیکیشن لاہور سے ہوئی۔ مترجم کی انکساری ہر جگہ ظاہر ہوتی ہے، ان کی انگریزی خاصی اچھی ہے، یہاں سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الناس کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے، انہوں نے بڑا صبر آزما کام کیا ہے اور اپنی پوری صلاحیت اور قابلیت کا ثبوت دیا ہے۔

SURA AL- FATIHA- MECCAN - VERSES-7- SECTIONS 10

1- In the name of Allah, Who is excessively compassionate, Extremely , Merciful (1)

2- All praises are to Allah, (2) (Who is) Lord of the Worlds (3)

3- Owner of the Day of Recompense. (4)

1- Rahman and Rahim (رحمن ورحیم) are both hyperbolic forms. The hyperbolism in Rahman is greater than in Rahim. Most compassionate and Most Merciful are also correct translations.

2- All the praises- present, past and future are entitled to God alone, because He is the Creator of all things and He is the bestower of all blessings, whether He may give them directly or indirectly. For example, the heat or light received from the sunshine is, in fact, a gift of the Sun. Similarly, the original source of all blessings and bounties is Allah though

toobaafoundation.com

they may come through some intermediate agency.

Note: " All kinds of praises" is not correct translation, because there is no limit of God's praises.

3- عالم (World) is a collective noun and comprehends all the creatures of God. This word is not generally used in its plural form. But in this verse عالم denotes all kinds of genera & species as the world of men, the world of animals, the world of angels, the world of jinns, etc. This is why the plural form is used so that it may be clearly understood that each and every individual of the Universe is the creature of God and of no one else.

4- The day of Recompense is really a very significant and extra-ordinary day because very great and important events will take place on that Day and such a horrible day has never happened before, nor will come afterwards. Moreover, the absolute domination of God over all recreated creatures shall be manifest. Even a phantom rule or authority enjoyed in the World will not be seen on that day. God alone will be the Omnipotent Ruler and Authority on that day and all intermediate demonstrations of power shall be extinct.

Whose is the reign on that Day ? It is Allah's, Who is One, the Omnipotent.

4. Thee only we worship, thee alone we ask for help (5)
5. Tell us the path straight:
6. The path of those whom Thou graced (6) on whom neither befell
7. Thy anger and nor were they gone astray

---

5. This verse shows that seeking help in reality from anyone beside God is totally forbidden. Nevertheless, to ask for help from some pious man, regarding him non- independent and a medium of Divine Mercy (in a reflective sense) is not wrong because this help is in fact sought from God Himself.

6. The blessed ones are four groups:

(i) The prophets. (ii) The Righteous (iii) The Martyrs and (iv) The pious (see verse 69, Sura Nisa). The wrathed ones (المغضوب عليهم) are the jews and the deviated ones (ضالين) are the christians. The Quranic verses prove it. Man deviates from the right way either knowingly or

toobaafoundation.com

unknowingly. No section of the human race, past or present, is an exception to this rule. The jews have gone astray knowingly, while the Christians deviated from the right path in ingorance.

7. God revealed this Sura in the direct narration of His servents, meaning thereby that whenever they come in His presence for worship they should beseech God in this way. This is why one of its names is also تعلیم المسئله . At the end of this Sura, the word A'meen is traditionally recited,and this word is not a part of the Quran. It means: "O God! Be it so -" We should follow the blessed people and get away from the betrayed ones.

The first half of this Sura contains the admiration and praise of God and the second half is a prayer for His servants.

Note: غیرالمغضوب الخ is a case in apposition with الذین or its adjective. The translation is done accordingly. Some of the translations, in which غیر المغضوب seems to modify the verb, are against the analysis and against the real sense. There is no guidance to error.

SURA NA'AS, SENT DOWN IN MEDINA, VERSES 6)

In the name of God, Who is Excessively Compassionate, Extremely Merciful.

1. Thou say: " I cam under the shelter of the Lord of men,
2- The King of men,
3- The God of men (1)
4- From the evil of that who misleads and hides (2)
5- The one who casts thought (idea) into the hearts of men.
6- (He) is among jinn and among men (3).

---

1. Though the state of Lordship and Kingship etc of God comprehendes all creatures, but the perfect manifestationof these attributes as has been done in men is not the share of any other creature. Hence the attribution of Lord, King, etc. is singularly made to men. Moreover, to be

toobaafoundation.com

involved in temptations is not the state of any other creature except man.

2. The satan misguides and tempts man remaining out of sight. Until man remains in heedlessness his control over him enhances. When he remembers God becoming vigilent he recedes atonce.

3. The satan is among jinn as well as among men.

May God give shelter from both!

Conclusive Note: In the interpretation of these two suras scholars and Philosophers have reproduced many of the critical points hidden in them . Hafiz Ibne Qayyim, Imam Razi, Ibne Seena, Hazrat Shas Abdul Aziz of Delhi have given elaborate accounts of their Tafsir. It is difficult to reproduce all of them here. Only the substance of the lecture of Ustazual Ustaz Hazrat Maulana Mohammad Qasim of Nanauta, Distt, Saharanpur, the Founder of Darul Uloom, Deoband, is ginve here so that it may prove a good omen for the excellent conclusion of the Noble Quran.

وكذالک جعلنا لكل نبی عدوا شيٰطين الانس والجن يوحی بعضهم الیٰ بعض زخرف القول غرورا (انعام ركوع ۱۴)

"It is a natural and common practice that whenever a new plant comes forth of the seed splitting the earth, the gardner or the owner of the garden harnesses all his efforts and courage in its protection. And he has to toil hard and care much unto that time that it reaches its limit of perfection becoming secure of all earthly and heavenly disasters. Now we should observe that what are those fatal disasters that bereave the owner of the benefits of its fruits, in the repulsion of whose evil and detriment the gardener is always assiduous in order to make his efforts successful? From a trifling reflection it shall be known that such disasters generally come to pass in four different forms, for the prevention whereof the gardener most urgently requires four things.

(1) To keep off the teeth and mouth of those herbivorous animals in whose nature the eating of herb or grass is inherent.

(2) To have full management of all those factors that are necessary for the survival and growth of the plant as the water of well, canal or rain, air, heat of the Sun etc.

(3) The frost or hail should not fall on it that may be the cause

toobaafoundation.com

of the congestion of its natural heat, because this thing hinders its growth and progress.

(4) The enemy of the owner of the garden or some envier should not cut down its branches and leaves etc or uproot it.

If these four things are managed properly then hope from God should be cherished that the plant shall grow, mature and fructify and the people shall benefit from its fruitful branches. Just in the same way we should seek shelter of the Creator of the heavens and the earth the Lord of splitting, the Splitter of the Seed and nucleus, and the Real owner and the Lord Cherisher of the garden of the Universe) from these very four types of disasters as described above, for the tree of our own existence and for the tree of our Eman.

So it should be known that as in the First case the harmfulness of the herbivorous animals was merely due to the demand of their nature, similarly the annexation of evil towards ما خلق also indicates that the evil in that creature is proved by virtue of its own disposition, for the creatures, and in the issuance of that evil no other factor, except their nature and innate urges, has any role to play, as it is a general observation in snake, scorpion and in all other carnivorous animals and beasts. Shaikh S'adi has rightly said.

نیش عقرب نہ از پئے کین است
مقتضائے طبیعتش این است

" The stinging of the scorpion is not out of any envy, it is simply the demand of its nature".

After that, in the second stage instruction is given to take refuge from غاسق اذا وقب which according to the Commentators, means, either the night when it is pitch dark, or the sunset or the eclipse of the moon. Whatever meaning we take, one thing is definite that the generation of evil from the " Ghasiq" depends upon its hiding (Qaqoob). And it is evident that in hiding there is nothing but that its connection with us is cut off, and those benefits which we got at the time of its appearance are gone. But when it is so then this similitude does not apply to any other thing than the law of cause and effect, because the existence of effect depends upon the existence of causes and factors, and unless the relation of causes with their effects is maintained, no effect can be successful in its being. And this is

toobaafoundation.com

that thing which we had described saying that if proper management of water, air, solar heat (in brief all factors of life and development) is not made, then the plant shall fade and wither.

Now after that the third تعوذ (seeking shelter) is made from نفاثات فی العقد " The evil of those women who blow into knots". And it is said before that it means the magic activity. Those who recognize the existence of magic, they accept that by the influence of magic original marks of nature are overshadowed, and some unreal effects predominate the main calls of the inner self of the bewitched person. So this disaster of magic is very similar to that disaster that could be created by the fall of frost etc. and by the congestion of natural heat, hindering the growth of the plant. In the magic story of Labeed Bin A'asam the words:

فقام علیه الصلواة والسلام کانما انشط من عقال

(So Stood the Holy Prophet(be peace upon him) as if he was tightened with shackles) also show clearly that something overcoming him had concealed the demands of his nature, which was dispelled by the leave of God when Hazrat Jibraeel pronounced the words of تعوذ (seeking refuge).

Now of those disasters for which seeking safeguard was made imperative,only one last stage is left i.e some enemy of the owner of the garden on the basis of enemity and malice may uproot the plant or cut down its branches and twigs. This degree of evil is very clearly explicated by the words من شر حاسد اذا حسد.

